تفہیمِ اسماالنبی ﷺ



فہیم اسلم

Aashna publication

تفہیم اسماالنبی ﷺ

فہیم اسلم

Aashna publication



محترم فہیم اسلم کی اس کتاب "تفہیمِ اسماء النبی ﷺ" جو کہ میرے پیش نظر ہے۔ اس میں نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے اسمائے گرامی کا خوبصورت انداز میں تعارف کرایا گیا ہے اور تشریح کی گئی ہے۔ تعارف تو ہم نے کیا کرانا ہے اپنی بساط کے مطابق کوشش کرتے ہیں۔ ورنہ تو یہ اللہ رب العالمین ہیں کہ جس نے وعدہ کیا ہے "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ" "اے حبیب ﷺ ہم نے آپ ﷺ کا ذکر بلند کیا ہے اور بلند تر ہوتا رہے گا۔ اور یہ ان کی خوش قسمتی ہے کہ اللہ رب العالمین نے اس کام کے لیے ان کو چن لیا۔

علامہ میاں سردار احمد قادری

اس کتاب کی ورق گردانی کرتے ہوئے مجھے فہیم اسلم صاحب کی قلم میں فصاحت و بلاغت اور اس کے ساتھ ساتھ سلیس اردو میں ان کی اس کاوش کو پڑھ کے بہت خوشی محسوس ہوئی۔ اس کتاب کے پڑھنے سے جہاں سرکارِ دو عالم ﷺ کے بہت سے مناقب اور احوال کا پتہ چلتا ہے، وہیں آپ ﷺ کی سیرت کے بہت سے روشن پہلو اجاگر ہو کر قارئین کے سامنے آتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نعیم الدین الازہری، بھیرہ شریف

یہ کتاب محض ایک تصنیف نہیں، بلکہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں پیش کی گئی عقیدت کا ایک ایسا گلدستہ ہے جس کی شادابی ان شاء اللہ ہمیشہ قائم رہے گی۔

ڈاکٹر حافظ غلام محی الدین نقشبندی

ISBN 978-627-94809-1-0
9 786279 480910
Aashna publication
غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0300 9187575 / 0317 6756650

فہیم اسلم نے اسمائے مصطفیٰ ﷺ کی تفہیم کیلئے اسمائے مبارکہ کے اندر پوشیدہ مفاہیم کو کھول کر بیان کر دیا جو نہ صرف ذاتِ مصطفیٰ ﷺ سے اُن کی بے پناہ محبت کا ملکہ ہے بلکہ اُن کی دلی خواہش بھی ہے کہ عام لوگ بھی اسمائے مصطفیٰ ﷺ کے معانی و معارف جان کر آقا کریم ﷺ سے محبت کو حرزِ جاں بنالیں۔

اُن کا یہ کام یقیناً اُن کے لئے توشہءِ آخرت بنے گا حتیٰ کہ اُن کی اس کاوش سے اُمّتِ مصطفیٰ ﷺ کو اپنے آقا کریم ﷺ کے اسمائے مبارکہ کے معانی و معارف کو سمجھنے کا موقع بھی ملے گا جو ان کیلئے یقیناً بہت مفید ہوگا اور نتیجتاً ابدالآباد تک اس کا اجر و ثواب اُنہیں ملتا رہے گا۔

اللہ ربّ العزت ہمارے پیارے دوست محترم فہیم اسلم صاحب کی اس خوبصورت کاوش کو درجہءِ قبولیت سے نوازے اور بارگاہِ مصطفوی ﷺ بھی اُنہیں خصوصی توجہات نصیب ہوں۔

آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

دعا گو و نیاز کیش

حافظ محمد عبدالجلیل

فہیم اسلم کا اسلوبِ نگارش سادہ مگر پراثر ہے۔ انہوں نے علمی ثقاہت کو برقرار رکھتے ہوئے محبت کی چاشنی کو کم نہیں ہونے دیا۔ یہ کتاب طلباء، محققین، عاشقانِ رسول سے لے کر عام قارئین تک، سب کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ کیونکہ یہ "نام" سے "صاحبِ نام ﷺ" کی معرفت تک کا سفر طے کرواتی ہے یہ ہمیں سکھاتی ہے کہ نامِ محمد ﷺ صرف زبان پر سجانے کے لیے نہیں، بلکہ ان کے معانی میں ڈوب کر سیرتِ طیبہ ﷺ کے ادراک کے لیے بھی ہیں۔

عصر حاضر میں اسما النبی ﷺ کے فیض کو عام کرنا ایک کارِ عظیم ہے۔

فہیم اسلم کی یہ کاوش "تفہیم اسما النبی ﷺ" کے فیض کو عام کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ حضور ﷺ کے 201 اسما کی تفہیم پر مشتمل یہ کتاب ان کی برسوں کی محنت اور حضور ﷺ سے ان کی والہانہ وابستگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس محنت کو قبول فرمائے اور اسے ان کے لیے توشہ آخرت بنائے۔ بلاشبہ، انہوں نے سرکارِ دو عالم ﷺ سے بے انتہا محبت کا جو خوبصورت اور منفرد اظہار کیا ہے، وہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔

اشفاق احمد غوری

مدینۃ الاولیاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تفہیمِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فہیم اسلم

Aashna publication
غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
0300 9187575 / 0317 6756650

تزئین واہتمام:

اشفاق احمد غوری

ضابطہ

کتاب نام	اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مصنف	فہیم اسلم
سرورق	حمدان خالد
کتابت	خاقان خالد
اشاعت	کتاب بستی لاہور
مطبع	
قیمت	1200 روپے
بیرونِ ملک	10 ڈالر

ISBN 978-627-94809-1-0

9 786279 480910 >

نذرانۂ عقیدت

''تاجدارِ مدینہ، سرورِ کائنات، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ان مُقدس و معطر اسماء کے نام
جن کے ذکرِ جمیل سے میرے قلم کو روشنی اور میری فکر کو زندگی ملی۔ جن کی نسبتِ پاک سے لفظوں
کو معانی اور حرفوں کو توقیر نصیب ہوئی۔
بارگاہِ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ایک امتی کی ادنیٰ سی علمی کاوش، اس دعا کے ساتھ کہ مولائے کریم
اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔''

....

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب
ہنوز نامِ تو گفتن کمال بے ادبی است

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا إِبْرَاهِیمَ وَعَلٰی
آلِ سَیِّدِنَا إِبْرَاهِیمَ
إِنَّكَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ
اللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی آلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَكْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا إِبْرَاهِیمَ وَعَلٰی
آلِ سَیِّدِنَا إِبْرَاهِیمَ
إِنَّكَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ

سفرِ تفہیمِ اسما النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مؤلف

عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تپش جب قلم کی نوک پر ٹھہرتی ہے، تو وہ الفاظ کو انوار میں بدل دیتی ہے۔ زیرِ نظر تالیف **"تفہیمِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"** محض ایک کتاب نہیں، بلکہ ایک امتی کی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں سے جڑی نسبتوں کی ایک عاجزانہ داستان ہے۔ اس کتاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ قاری نہ صرف ناموں کے معنی سمجھے، بلکہ ان کی روحانی اور علمی گہرائی سے بھی فیضیاب ہو سکے۔ کتاب کے مطالعے کو سہل اور بابرکت بنانے کے لیے اسے درج ذیل حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

کتاب کا آغاز **'نسیمِ گلبن'** سے ہوتا ہے، جہاں وقت کی معتبر علمی شخصیات اور صاحبِ طرز اہلِ قلم کی آراء اس تحریر کو سندِ اعتبار عطا کرتی ہیں۔ اس کے بعد **'اذنِ باریابی'** کے دریچے وا ہوتے ہیں، جس میں اسماءِ مبارکہ کی قدوسیت اور اسماءِ مبارکہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ''سیدنا'' لکھنے کی علمی و ادبی ضرورت پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

چونکہ اس کتاب کی بنیاد امام جزولیؒ کی شہرہ آفاق کتاب **"دلائل الخیرات"** کی ترتیب پر رکھی گئی ہے، اس لیے **'دریچۂ فیض'** کے تحت اس عظیم کتاب **"دلائل الخیرات"** اور اس کے مؤلف کے احوال درج کیے گئے ہیں۔ کتاب کا قلب اور اصل روح **'تجلیاتِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'** ہے، جہاں 200 سے زائد اسماءِ مبارکہ کی تفہیمِ جدید اور تشریح پیش کی گئی ہے۔

تحقیق کی پختگی کے لیے '**مآخذِ استدلال**' میں ان تمام کتب کا تذکرہ ہے جن سے اس علمی سفر میں رہنمائی لی گئی۔ کتاب کے اختتام پر '**گوشۂ ابجدی**' کے تحت اسماء مبارکہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تین مختلف فہرستیں (کتابی، ابجدی اور صفاتی) دی گئی ہیں، تاکہ محققین اور عام قارئین اپنی سہولت کے مطابق مطلوبہ اسم تلاش کر سکیں اور آخری حصہ التجائے قبولیت ہے جس میں ربّ کریم کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نذرانہ قبولیت پیش کیا گیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس '**التجائے قبولیت**' کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس کتاب کو میرے، میرے والدین اور تمام قارئین کے لیے ذریعۂ نجات اور شفاعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وسیلہ بنا دے۔ آمین!

خادمِ اسماء نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

فہیم اسلم

نسیمِ گلبن

اذنِ بازیابی

دریچہ فیض

تجلیاتِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نسیمِ گُلبن

''فہیم'' کی ''تفہیم اسماالنبی ﷺ''

عشقِ رسول ﷺ کا علمی نمونہ

کائناتِ رنگ و بو میں ذکرِ مصطفیٰ ﷺ ایک ایسا نور ہے جس سے نہ صرف ارواح کو تسکین ملتی ہے، بلکہ علم و ادب کے متوالوں کے قلوب بھی منور ہوتے ہیں۔ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں ہدیہ عقیدت پیش کرنا ہر مومن کی سعادت ہے، لیکن کچھ نفوسِ قدسیہ ایسے ہوتے ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ اس عظیم خدمت کے لیے خاص کر لیتا ہے۔ فہیم اسلم صاحب کا نام بھی عشاقِ رسول ﷺ کی اسی فہرست میں شامل ہے، جنہوں نے اپنے قلم کو مدحتِ رسول ﷺ کے لیے وقف کر کے دورِ حاضر میں عشقِ رسول ﷺ کی ایک نئی شمع روشن کی ہے۔ اسی شوق کے پیشِ نظر ان کی کتاب ''تفہیم اسماالنبی ﷺ'' ایک خوبصورت اضافہ ہے جس کا ماخذ امام جزولیؒ کی شہرہ آفاق کتاب ''دلائل الخیرات'' ہے جو صدیوں سے عاشقانِ رسول ﷺ کا وظیفہ رہی ہے۔ اس کتاب میں حضور اکرم ﷺ کے مبارک ناموں (اسماء النبی ﷺ) کا ذکر نہایت خوبصورت انداز میں کیا گیا ہے۔ یہ نام محض لفظ نہیں، بلکہ سرکارِ دوعالم ﷺ کی صفات، کمالات اور آپ ﷺ کی ذاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں کے عکاس ہیں۔ عام قاری کے لیے ان اسماء کے گہرے معانی اور ان کے پیچھے چھپے ہوئے روحانی اسرار تک رسائی حاصل کرنا مشکل تھا، جس کی ضرورت کو فہیم اسلم نے محسوس کیا اور انہوں نے دلائل الخیرات میں مذکور اسماء النبی ﷺ کی تفہیم و تشریح کے لیے قریباً ساڑھے چار سو صفحات پر مشتمل ایک ضخیم کتاب تحریر کی ہے۔ یہ کتاب محض ایک تصنیف نہیں بلکہ ایک علمی و تحقیقی شاہکار ہے جس میں انہوں نے ہر نام کے لغوی اور اصطلاحی معنی کو واضح کیا ہے تا کہ قاری کو

اپنے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسما کے تعارف کے ساتھ ساتھ ان کے معانی کا بھی ادراک ہو سکے۔

ساڑھے چار سو صفحات کا یہ پھیلاؤ اس بات کی دلیل ہے کہ مصنف نے ہر پہلو پر سیر حاصل گفتگو کی ہے اور قرآن و حدیث کے ساتھ ساتھ بزرگانِ دین کے قدیم و جدید مآخذ سے استفادہ کیا ہے۔

فہیم اسلم اس سے قبل نعتیہ مجموعہ ''م محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' کے ذریعے اپنا نام عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فہرست میں درج کروا چکے ہیں اور اس تحقیقی کتاب کے ذریعے ثابت کر دیا ہے کہ ان کی محبت محض جذبات تک محدود نہیں بلکہ علم و تحقیق کے راستوں پر بھی گامزن ہے۔

کسی شخصیت کے لیے اس سے بڑی سعادت اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کا نام ان لوگوں میں لکھا جائے جنہوں نے اپنی صلاحیتیں، اپنا وقت اور اپنا قلم آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ثناء خوانی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذکر کی ترویج کے لیے وقف کر دیا۔ ان کا یہ اندازِ اظہار اس لیے بھی منفرد ہے کہ انہوں نے اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذریعے امت کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت سے روشناس کروانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

فہیم اسلم کا اسلوبِ نگارش سادہ مگر پر اثر ہے۔ انہوں نے علمی ثقاہت کو برقرار رکھتے ہوئے محبت کی چاشنی کو کم نہیں ہونے دیا۔ یہ کتاب طلباء، محققین، عاشقانِ رسول سے لے کر عام قارئین تک، سب کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ کیونکہ یہ ''نام'' سے ''صاحبِ نام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' کی معرفت تک کا سفر طے کرواتی ہے یہ ہمیں سکھاتی ہے کہ نامِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صرف زبان پر سجانے کے لیے نہیں، بلکہ ان کے معانی میں ڈوب کر سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ادراک کے لیے بھی ہیں۔

عصر حاضر میں اسما النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فیض کو عام کرنا ایک کارِ عظیم ہے۔

فہیم اسلم کی یہ کاوش ''تفہیم اسما النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' کے فیض کو عام کرنے کا ایک بہترین

ذریعہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 201 اسما کی تفہیم پر مشتمل یہ کتاب ان کی برسوں کی محنت اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان کی والہانہ وابستگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس محنت کو قبول فرمائے اور اسے ان کے لیے توشہ آخرت بنائے۔ بلا شبہ، انہوں نے سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے انتہا محبت کا جو خوبصورت اور منفرد اظہار کیا ہے، وہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔

اشفاق احمد غوری

مدینۃ الاولیاء

کلماتِ خیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔سیدنا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اس پوری کائنات میں ابتدائے آفرینش سے ہی حضرتِ انسان کو علم کی وجہ سے بہت فضیلت عطا کی گئی ہے۔حضرتِ آدم علیہ السلام کو اللہ رب العزت نے علم الاسماء کی بنیاد پر مسجودِ ملائک بنایا اور ان کو جمیع اشیاء کے اسماء اور خواص کا علم عطا فرمایا۔لہٰذا، علم الاسماء آغازِ کائنات سے ہی خاص اہمیت کا حامل علم ہے۔

اسم، مسمّٰی کے شرف اور اس کی فضیلت پہ دلالت کرتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ

"کثرۃ الاسماءِ تدلُّ علیٰ شرفِ المسمّٰی"

کہ جس کے جس قدر زیادہ نام ہوتے ہیں، وہ نام اس کے شرف، قدر و منزلت اور مقام و مرتبہ کو واضح کرتے ہیں۔

ہمارے پاک نبی ،فخرِ موجودات، باعثِ تخلیقِ کائنات، سید المرسلین، خاتم النبیین، حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ پوری مخلوق میں سب سے افضل ترین ہستی ہیں، اس وجہ سے اللہ رب العزت نے آپ ﷺ کو عزت اور شرف کے بہت سے نام اور بہت سی صفات عطا فرمائی ہیں، اور درحقیقت آپ ﷺ کی یہ صفات آپ ﷺ کی ذات کے بہت سے پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اسماء کے حوالے سے خود ارشاد فرمایا:

"لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَأَنَا الْعَاقِبُ."

کہ "میرے پانچ نام ہیں: میں محمد ہوں، اور احمد ہوں، اور میں 'الماحی' (مٹانے

والا) ہوں کہ میرے ذریعے اللہ تعالیٰ کفر کو مٹا دیتا ہے، اور میں 'الحاشر' (اکٹھا کرنے والا) ہوں کہ لوگ میرے قدموں پر (یعنی میرے بعد) اکٹھے کیے جائیں گے، اور میں 'العاقب' (سب سے آخر میں آنے والا) ہوں (جس کے بعد کوئی نبی نہیں)۔''

امتِ مسلمہ میں علماءِ کرام، صوفیائے عظام اور محققین نے حضورِ نبیِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماءِ گرامی پر بڑی محبت سے کام کیا ہے اور ان کو اجاگر کرنے کے لیے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ان کتابوں میں سیرت کی بہت سی ایسی کتابیں شامل ہیں جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماءِ گرامی کو کثرت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے اور ان کے معانی اور مفاہیم پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

جب میں مصر میں زیرِ تعلیم تھا تو الحمد للہ اپنے ایم فل کے مقالہ میں مجھے ایک مخطوطہ کو تحقیق کے ساتھ شائع کرنے کی سعادت حاصل ہوئی، جس کا نام ہے ''الوفاء بشرح الاصطفاء من اسماء المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم''۔ یہ شیخ عبدالباسط البلقینی الشافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیفِ لطیف ہے، جس میں انہوں نے حضورِ نبیِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 534 نام قصیدے میں ذکر کیے ہیں اور پھر ہر نام کی خود ہی شرح کی ہے۔ یہ کتاب کویت، دارالضیاء سے 700 صفحات میں شائع ہوئی ہے اور مارکیٹ میں دستیاب ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ شیخ امام یوسف نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی 700 سے زائد اسماءِ گرامی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کرنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ اسی طرح سندھ سے علامہ شیخ ہاشم ٹھٹوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماءِ گرامی پر کتاب تصنیف کی ہے اور اس میں کثرت کے ساتھ آپ کے صفاتی نام ذکر کیے ہیں۔

بعد ازاں پاکستان میں عظیم صوفی بزرگ صوفی برکت علی لودھیانوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اسماء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ بڑا اچھوتا کام کیا اور اس میں 1000 سے زائد اسماء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کو جمع کیا اور ان کی شرح کرنے کا شرف حاصل کیا۔

زیرِ نظر کتاب بھی اسی تسلسل کا ایک حصہ ہے، جس میں عزیزم فہیم اسلم صاحب نے اسماء الرسول ﷺ کے حوالے سے "تفہیمِ اسماء النبی ﷺ" کے نام سے کتاب لکھی ہے، جس میں دلائل الخیرات شریف میں دیے گئے 201 اسمائے گرامی حضور ﷺ کو بہت سادہ، آسان فہم اور خوبصورت الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے۔ یہ آپ ﷺ سے محبت کے اظہار کا ایک اچھوتا ذریعہ ہے، اور اس کتاب کی ورق گردانی کرتے ہوئے مجھے فہیم اسلم صاحب کی قلم میں فصاحت و بلاغت اور اس کے ساتھ ساتھ سلیس اردو میں ان کی اس کاوش کو پڑھ کے بہت خوشی محسوس ہوئی۔

اس کتاب کے پڑھنے سے جہاں سرکارِ دو عالم ﷺ کے بہت سے مناقب اور احوال کا پتہ چلتا ہے، وہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے بہت سے روشن پہلو اجاگر ہو کر قارئین کے سامنے آتے ہیں۔ میں اس خوبصورت کاوش پر محترم فہیم اسلم صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ ان کی تصنیفات و تالیفات کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے اور وہ امتِ مسلمہ کی علمی خدمت میں اپنا حصہ شامل کرتے رہیں۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ڈاکٹر محمد نعیم الدین الازہری

بھیرہ شریف

تاریخِ اسماءِ نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور "تفہیم اسمائے النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" کا علمی مقام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله رب العالمين، والصلوة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين وعلى آله الطيبين الطاهرين، وأصحابه الغر الميامين اما بعد

تخلیقِ کائنات کا اصل جوہر اور نطقِ انسانی کا سب سے حسین وظیفہ ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت و ثنا ہے۔ کائنات کی بساط پر جتنے رنگ بکھرے ہیں، وہ سب اسی ذاتِ گرامی کے انوار کا پرتو ہیں دامنِ قدرت میں جتنے بھی الفاظ ہیں، وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں کی خوشبو سے معطر ہیں۔

ذاتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی محض الفاظ کا مجموعہ نہیں، بلکہ ہر نام رفعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک مستقل باب اور معجزہ ہے۔ تاریخِ اسلام میں اس نازک اور مبارک موضوع پر اکابرینِ امت اور جلیل القدر آئمہ نے اپنے خونِ جگر سے چراغ روشن کیے ہیں۔ جب ہم اس فن کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں، تو اس گلستاں کے چند گراں مایہ گلدستے یوں نظر آتے ہیں۔

امام ابنِ فارس (متوفی 395ھ) نے "أفراد أسماء رسول الله صلى الله عليه وسلم" لکھ کر اس موضوع کی علمی بنیاد رکھی۔

امام ابوالحسن الفالی (متوفی 448ھ) کی تصنیف "أسماء النبي صلى الله عليه وسلم" فصاحت و بلاغت کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس میں اسمائے نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہایت تفصیل اور تحقیق سے اکٹھے کیے گئے ہیں۔

امام ابن دحیہ الکلبی (متوفی 633ھ) نے "المستوفی فی أسماء المصطفى" لکھ کر علمِ اسماء النبی المصطفیٰ کے افق کو وسعت دی۔

امام جلال الدین سیوطی (متوفی 911ھ) نے بھی اس موضوع پر بے مثل کام کیا اور "الرياض الأنيقة في أسماء خير الخليقة" اور "البهجة السنية في الأسماء النبوية" جیسی لازوال کتب تحریر فرمائیں۔

شہاب الدین ابوالعباس احمد بن محمد بن ابی بکر القسطلانی الشافعی متوفی (923ھ) نے مواھب لدنیہ میں 500 سے زائد اسمائے مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ بہت عمدگی اور تحقیق سے لکھا ہے۔

علامہ محمد بن یوسف الصالحی الشامی (942ھ) نے اپنی مایہ ناز کتاب ''سبل الھدیٰ والرشاد'' کے علاوہ مستقل طور پر ''عقود الجمان في أسماء المصطفیٰ المجتبیٰ من ولد عدنان'' لکھی۔

امام یوسف بن اسماعیل النبہانی (1350ھ) نے ''أحسن الوسائل في نظم أسماء النبي الكامل'' کے ذریعے اسماءِ پاک کو منظوم کر کے عقیدت کا انوکھا حق ادا کیا۔

برصغیر کے جلیل القدر علماء نے بھی اس میدان میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں، جن میں مفتی غلام سرور لاہوری کی "الحديقة الوردية" (اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منظوم ترجمہ وشرح) اور معاصر دور کے متعدد محققین کی شروحات شامل ہیں۔

کتاب الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قاضی عیاض بن موسیٰ بن عیاض الیحصبی السبتی المالکی (متوفی 544ھ) نے عشق ومحبت سے لبریز کوثر وتسنیم سے دھلے لہجے میں آدابِ رسالت مآب اور معرفِ اسماء النبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کیے ہیں۔

عصر حاضر میں ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ صاحب نے فلسفہ اسماء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور محترم محمد ایوب سپرا صاحب نے اسماء الرسول میں خوب دادِ تحقیق دکھائی اور برکت سمیٹی ہے۔

ہمارے ممدوح ومحبوب قابل صد تکریم عزت مآب عظیم ادیب وشاعر محترم فہیم اسلم صاحب نے اپنی معروف کتاب ''تفہیم اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' میں نہایت عمدہ واحسن اسلوب میں اسماء النبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شرح کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ فہیم اسلم صاحب کا قلب وجگر عشق نورازل سے لبریز ہے اس سے قبل ان کا پنجابی نعتیہ مجموعہ جس کا ہر شعر حرف م محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سے شروع ہوتا ہے داد تحسین پا چکا ہے۔

جہاں ایک طرف لغوی اور اصطلاحی ابحاث میں سلف کے اقوال کا پاس رکھا گیا ہے، وہاں دوسری طرف تصوف اور محبت کے اسرار و رموز کو اس خوبصورتی سے پرو یا گیا ہے کہ علم اور عشق کا یہ سنگم قاری کے دل کو گرما دیتا ہے۔

''تفہیم'' کے حق کو ادا کرتے ہوئے دقیق علمی نکات کو اتنے سہل اور دل نشیں انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ مبتدی اور منتہی دونوں ہی اس سے حظ اٹھا سکتے ہیں، مثلا سیدنا لفظ کی تینوں حالتوں یعنی رفعی، نصبی، جری کو جس عمدگی سے بیان کیا گیا ہے وہ انہی کا خاصہ ہے۔ 201 اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تفسیر و تشریح آیات قرآنیہ و احادیث مبارکہ و کتب لغات اور اقوال علماء کی روشنی میں بیان کرنے کی خوب سعادت سمیٹی ہے۔

میں نے اس کتاب کے متعدد مقامات کا غائر مطالعہ کیا ہے۔ سطر سطر سے محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو مہکتی ہے اور ہر صفحہ مصنف کے اخلاصِ نیت کا گواہ ہے۔ یہ کتاب محض ایک تصنیف نہیں، بلکہ بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کی گئی عقیدت کا ایک ایسا گلدستہ ہے جس کی شادابی ان شاء اللہ ہمیشہ قائم رہے گی۔

ناچیز مصنفِ گرامی کو اس سعیِ جمیلہ، کارِ عظیم اور مایہ ناز تصنیف پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ بارگاہِ الٰہی میں مصنف کی یہ کاوش شرفِ قبولیت پائے، اسے ان کے لیے توشہ آخرت اور ذریعہ نجات بنائے، اور ہم سب کو آپ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی محبت، کامل اتباع اور شفاعتِ عظمٰی سے بہرہ مند فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

العبد المتضرع

ڈاکٹر حافظ غلام محی الدین نقشبندی

ہارون آباد

ترجمان جماعت اہلسنت پنجاب

بارگاہِ رسالت ﷺ میں ایک خوبصورت ہدیہ عقیدت

محترم فہیم اسلم کی یہ کتاب جو ہے یہ میرے پیش نظر ہے۔ اس میں نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے اسمائے گرامی کا خوبصورت انداز میں تعارف کرایا گیا ہے اور تشریح کی گئی ہے۔تعارف تو ہم نے کیا کرانا ہے اپنی بساط کے مطابق کوشش کرتے ہیں۔ ورنہ تو یہ اللہ رب العالمین ہے کہ جس نے وعدہ کیا ہے "وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ" اے حبیب ﷺ ہم نے آپ ﷺ کا ذکر بلند کیا ہے اور بلند تر ہوتا رہے گا۔ اور یہ ان کی خوش قسمتی ہے کہ اللہ رب العالمین نے اس کام کے لیے ان کو چن لیا۔آپ اگر مسجد نبویؐ شریف جائیں اور اللہ آپ کو جانے کا جو نہیں گئے موقع دے بار بار دے تو وہاں مسجد نبویؐ شریف کا جو پرانا حصہ ہے اس کی پہلی صف میں جو ترکی دور کی بنائی ہوئی عمارت ہے وہاں آپ محراب کی طرف اگر نگاہ کریں تو محراب کے دونوں طرف نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے اسمائے گرامی جو ہیں وہ لکھے ہوئے ہیں۔ اور ایسے ایسے نام لکھے ہوئے ہیں جو بڑے نایاب بھی ہیں کہ الخطیب الامم صلی اللہ علیہ وسلم، صاحب الروح القدس صلی اللہ علیہ وسلم تو وہ دیکھ کر دل کو بڑا اطمینان نصیب ہوتا ہے کہ یہاں محبت کرنے والے کچھ لوگ تھے کبھی کہ جنہوں نے آپ علیہ السلام کے وہ وہ نام لکھے ہیں کہ جو عام طور پر عوام الناس میں مشہور نہیں ہیں۔ اب محترم فہیم اسلم نے آپ علیہ الصلوۃ والسلام کے اسمائے گرامی کا حسین انداز میں جو تعارف اور تشریح پیش کی ہے اللہ رب العالمین ایسی جزائے خیر عطا فرمائے۔ انسان تو کیا ہی اس کی جزاء اور صلہ دے سکتے ہیں لیکن اللہ رب العالمین کی بارگاہ سے امید ہے کہ وہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے وسیلے سے ان کو نوازے گا اور روز محشر نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے چہرے کی مسکراہٹ انہیں نصیب ہوگی اور یہ بہت بڑی سعادت ہے کہ جب نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی بارگاہ میں ہم حاضر ہوں تو آپ

ﷺ دیکھیں ہمیں اور آپ ﷺ کے چشمِ مقدس جو ہیں ان کی ایک ایک جھلک ہمیں نصیب ہو اور آپ ﷺ جب ہمیں دیکھیں اور آپ ﷺ کے چہرہ مبارک میں ہمارے لیے ایک مسرت کا اظہار ہو" اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام"۔ امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمتہ اللہ علیہ تعالیٰ کے کلام کے مصداق پھر وہ تسکین بھری مسکراہٹ ہمیں نصیب ہو۔

اللہ رب العالمین مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور کاش اہل پاکستان اس کتاب کو محبت سے زیادہ سے زیادہ پڑھیں اور اس سے استفادہ کریں اور اس سے سبق حاصل کریں کہ ہمارے آقا و مولا سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی میں آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ کے جو گوشے نمایاں ہو رہے ہیں ہمیں بھی ان کی سعادت نصیب ہو اور اس پر عمل پیرا ہونا نصیب ہو۔ اللہ رب العالمین مصنف کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور بارگاہ رسالت ﷺ سے بھی انہیں خصوصی طور پر نوازا جائے۔ آمین وصلی اللہ وسلم علی سیدنا مولانا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔

دعا گو

علامہ میاں سردار احمد قادری

’’دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کر دو‘‘

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔ "مَنْ اَحَبَّ شَیْئاً اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ"۔ انسان کو جس چیز سے محبت ہوتی ہے وہ اس کا ذکر سرِ عام کثرت سے کرتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس چونکہ ممدوحِ یزدان ہے سو اللہ ربّ العزت کے بعد کائنات میں کثرت سے اُن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہوتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی دلیل قرآنِ مجید کی آیتِ درود ہے۔ "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا"۔

’’بے شک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔‘‘

ذکرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسا عمل ہے جس کی نہ ابتدا ہے نہ انتہا۔ کیونکہ ذاکر جب سے ہے اور جب تک رہے گا، ذکر جاری ہے اور جاری رہے گا۔ نصِ قرآنی شاہد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اللہ اور اس کے سب فرشتے ہمہ وقت درود بھیجتے ہیں۔ تو اللہ کی نہ کوئی ابتدا ہے اور نہ ہی انتہا۔ جب کائنات میں کچھ نہ تھا تو ذکرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھا اور "کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ۔ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ" (الرحمن:۲۶-۲۷)

’’ہر کوئی جو زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رب کی ذات باقی رہے گی جو صاحبِ عظمت وجلال ہے۔‘‘

اور جب کائنات میں سوائے اللہ ربّ العزت کی ذات کے سب فنا ہو جائے گا تو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذاکرِ خدا تب بھی باقی رہے گا یوں ذکرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تب بھی جاری وساری رہے گا۔

سو جو اللہ کا محبوب ہے اُس ذاتِ اقدس سے محبت جزوِ ایمان نہیں عینِ ایمان ہے۔

حضورؐ نے فرمایا "لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ"۔ ''تم میں سے کوئی بھی مومنِ کامل نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے والدین سے، اپنی اولاد سے اور پوری نسلِ انسانی سے بڑھ کر مجھ سے محبت نہ کرے۔''

سیدنا فاروقِ اعظمؓ روایت کرتے ہیں کہ گلی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ تھام لیا۔ میں نے عرض کیا ''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے اپنی جان کے سوا دنیا کی ہر شے سے بڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبّت ہے''۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''اے عمرؓ'' تم میں سے کوئی بھی مومنِ کامل نہیں ہوسکتا جب تک کہ اپنی جان سے بڑھ کر مجھ سے محبت نہ کرے۔ میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں اپنی جان سے بھی بڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہوں''۔ فرمایا ''الآن یا عمرؓ'' ہاں اب ایمان مکمل ہوگیا۔

قیس (مجنوں) جو ایک تابعی ہیں۔ میدانِ عرفات میں تھے، کسی خیمے سے کسی نے اپنی بیوی کو آواز دی ''لیلیٰ''! لیلیٰ کا نام سنتے ہی مجنوں غش کھا کر بے ہوش ہو گئے۔ سو محب کو اپنے محبوب کے نام سے ایسی محبت ہوتی ہے کہ اپنے محبوب کا نام سنتے ہی وہ تڑپ جاتا ہے۔

اللہ نے اپنے نامِ ذاتی پر کوئی نقطہ برداشت نہ کیا اور اسمِ محمدؐ پر بھی کوئی نقطہ نہیں ہے۔ کلمہ طیبہ میں "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" کے کلمات پر بھی کوئی نقطہ نہیں ہے تو "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" کے کلمات پر بھی کوئی نقطہ نہیں ہے۔ لفظ اللہ کا ہر ہر حرف بامعنی ہے، اللہ اسمِ ذات ہے۔ الف ہٹا دیں تو للہ بن جائے گا۔ اللہ کے لئے۔ ل ہٹا کر الف لگائیں تو الٰہ بن جائے گا یعنی معبود۔ الف ہٹا دیں تو لہ رہ جائے گا، اُسی کے لئے۔ ل ہٹائیں تو ہ رہ جائے گا یعنی بس وہی۔ اسی طرح لفظ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہر ہر حرف بامعنی ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کی بار بار تعریف کی جائے، م ہٹائیں تو حمد رہ جاتا ہے، تعریف، ح ہٹا کر م لگائیں تو ممد ہو جاتا ہے، مددگار۔ دونوں م ہٹائیں تو دال رہ جاتا ہے، حق پر دلالت کرنے والا۔

ایسے منفرد نام سے کُل اہلِ ایمان کی محبت فطری ہے۔اسی محبت میں سرشار ہو کر علامہ اقبال کے مصرعے پر عمل پیرا ہو کر محترم فہیم اسلم صاحب نے قلم اُٹھایا اور اسمائے مُصطفٰے ﷺ کے مفاہیم بیان کر کے درس دیا کہ

دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کر دے

انہوں نے اسمائے مصطفیٰ ﷺ کی تفہیم کیلئے اسمائے مبارکہ کے اندر پوشیدہ مفاہیم کو کھول کر بیان کر دیا جو نہ صرف ذاتِ مصطفیٰ ﷺ سے اُن کی بے پناہ محبت کا بلکہ ہے بلکہ اُن کی دلی خواہش بھی ہے کہ عام لوگ بھی اسمائے مصطفیٰ ﷺ کے معانی و معارف جان کر آقا کریم ﷺ سے محبت کو حرزِ جاں بنالیں۔اُن کا یہ کام یقیناً اُن کے لئے توشۂ آخرت بنے گا حتیٰ کہ اُن کی اس کاوش سے اُمّتِ مصطفیٰ ﷺ کو اپنے آقا کریم ﷺ کے اسمائے مبارکہ کے معانی و معارف کو سمجھنے کا موقع بھی ملے گا جو ان کیلئے یقیناً بہت مفید ہوگا اور نتیجتاً ابدالآباد تک اس کا اجر و ثواب اُنہیں ملتا رہے گا۔

اللہ ربّ العزت ہمارے پیارے دوست محترم فہیم اسلم صاحب کی اس خوبصورت کاوش کو درجۂ قبولیت سے نوازے اور بارگاہِ مصطفوی ﷺ بھی اُنہیں خصوصی توجہات نصیب ہوں۔

آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

دعا گو و نیاز کیش

حافظ محمد عبدالجلیل

جنڈ (اٹک)

اذنِ بازیابی

تفہیمِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(ایک ضرورت، ایک وضاحت، ایک اعتراف)

کائنات کی ہر حمد اس خالقِ ازل کے لیے ہے جس نے انسان کو نطق کی قوت بخشی، اور درود وسلام کے بے شمار گلدستے اس ہستیِ مبارک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے جن کے ذکر سے دلوں کی بنجر زمینیں آباد ہوتی ہیں۔

میرا تعارف محض ایک ایسے مسافر کا ہے جس کی کل کائنات عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وہ تڑپ ہے جو اسے زندگی کے تپتے ہوئے صحراؤں میں سکون کا سایہ فراہم کرتی ہے۔ ربّ تعالیٰ کا بے حد و حساب مشکور ہوں جس نے ایسے والدین عطا کیئے جنھوں نے پنگھوڑے سے ہی ادب و آداب کی لوریاں سنانی شروع کیں اور علم و اخلاق میں رچا بسا ایسا ماحول مہیا کیا جس میں پڑھنے لکھنے کے ساتھ ساتھ سوچنے اور جاننے کی مکمل آزادی تھی۔ زمانہ طالب علمی میں ربّ تعالیٰ نے چند ایسے اساتذہ کی سرپرستی نصیب فرمائی جنھوں نے روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ اللہ کی ذات اور اس جہانِ ناپائیدار کے پوشیدہ رازوں سے بھی آگاہ کرنا شروع کیا۔ پیشہ ورانہ ذمہ داریاں کے دور میں اللہ تعالیٰ نے ایسے پیشے سے منسلک کیا جس میں شہر شہر اور ملک ملک گھومنے کا موقع ملا اور نئے نئے لوگوں سے ملنے، سیکھنے اور جاننے کے بے انتہا مواقع نصیب ہوئے، اسی سفر نے کئی صاحب علم اصحاب سے بھی ملوا دیا جن میں سے کسی نے درود پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو وردِ زبان کرنے کا شوق جگایا تو کسی نے، ذکر الٰہی کو قلب کی دھڑکنوں میں شامل کر دیا تو کسی نے ان دونوں کو ملا کر عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لہو کی صورت رگوں میں رواں کر دیا۔ اسی سفر کے دوران ایک نیک بزرگ نے دلائل الخیرات میرے ہاتھوں میں تھما دی جو کئی برس سے معمولات کا حصہ ہے، دلائل الخیرات میں موجود دعاؤں اور درود پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ایک خاص لطف، گہرائی، عاجزی، عقیدت اور محبت کی آمیزش ہے جو اسکو دوسری کتب سے منفرد

بناتی ہے۔ میری ہمیشہ سے خواہش تھی کہ دلائل الخیرات میں موجود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسما کو معانی کے ساتھ سمجھ کے پڑھا جائے کیونکہ کسی بھی تحریر کا پورا لطف لینے کے لیے اور اس میں موجود بھیدوں کو کھولنے کے لیے ان الفاظ کا جاننا بہت ضروری ہے جن کو پڑھا جا رہا ہو، جیسے گفتگو، کسی شخص کے اندر چھپے بھیدوں کو آشکار کرتی ہے اسی طرح معانی الفاظ کے پیچھے چھپے رازوں کو آشکار کرتے ہیں، اور جب میں اس تجربے سے گزرا تو اسکا مشاہدہ ایسا تھا کہ اسکو بیان کرنا میرے لیے الفاظ میں ممکن نہیں، کیوں نہ ہو یہ مطالعہ اس عظیم ہستی کے اسماء کا تھا جن کی نعتیں تو کائنات کے ذرّے ذرّے کے ورد زبان ہیں، جن کی شان تو اتنی بلند ہے کی اللہ تعالیٰ خود بھی ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے، اس حسین سفر نے مجھ پر شانِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ حسین منظر وا کئے کہ جو بیان اور تحریر کی قید میں لانا ممکن نہیں۔ میری یہ شدید خواہش تھی کہ میرے عزیز و اقارب، دوست احباب اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر امتی اس لطف سے فیض یاب ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و رحمت کا صرف مان کر ہی قائل نہ ہو بلکہ وہ جان کر مانے اور کھلی آنکھوں سے اس رحمت کے سمندر کا نظارہ کرے جو اللہ تعالیٰ نے ہم پر نازل فرمایا ہے۔ اس پر کیف لطف و کرم کا دوسرے لوگوں تک منتقل کرنے کا ایک ذریعہ جو اللہ پاک نے میرے دل میں ڈالا وہ تحریر تھا، لیکن جب بھی اس کام کو شروع کرنے کا ارادہ کیا تو کم علمی آڑے آگئی اور یہ ڈر کہ اس انتہائی ذمہ داری کے کام کو کرتے ہوئے کہیں کوئی کوتاہی یا بے ادبی نہ سرزد ہو جائے۔ اسی ڈر نے قلم اٹھانے سے مانع رکھا۔ لیکن کئی برس اسی شش و پنج میں گزارنے کے بعد بھی دل کو تسلی نہ دے سکا تو اس کام کو انتہائی سادہ انداز میں کرنے کا ارادہ کیا تا کہ زیادہ گہرائی میں نہ جایا جائے اور جہاں کسی ابہام کا اندیشہ ہو وہاں قلم کو روک لیا جائے، کیوں کہ میرا مقصد کوئی علمیت کا رعب قائم کرنا تو ہے نہیں بلکہ میرا مدعا تو یہ ہے اس کاوش کے ذریعے عام قاری، جس میں سکول کالج کے بچوں سے لے کر گھریلو خواتین اور عام پڑھے لکھے لوگ شامل ہوں جو صرف آسانی سے اردو پڑھنا جانتے ہوں اور دین کا بنیادی علم رکھتے ہوں اور اپنے پیارے

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سچی محبت کرتے ہوں کو مخاطب کیا جائے، اسی مشن کو ذہن میں رکھ کر اس کتاب کو ترتیب دیا گیا ہے اور دلائل الخیرات جو کہ درود پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے میں موجود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء کی تفہیم کو بیان کیا گیا ہے۔ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دلائل الخیرات میں دی گئی اسماء کی ترتیب سے ہی بیان کیا گیا ہے اور ہر اسم مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتہائی مختصر، سادہ اور سہل مطلب بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس کتاب کی تالیف کا محرک کوئی دنیاوی جاہ وحشم یا علمی نمائش نہیں، بلکہ وہ قلبی اضطراب ہے جو یادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر قرار نہیں پاتا۔ اس کا مقصد قاری کے دل میں اس شمع کو فروزاں کرنا ہے جو محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے منور ہو۔

میں اس حقیقت سے بھی پوری طرح آگاہ ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں کچھ لکھنا آسان کام نہیں بلکہ بہت ذمہ داری کا کام ہے اور دو دھاری تلوار پر چلنے کے مترادف ہے جہاں ایک طرف تو یہ نہایت پاکیزہ اور مقدس خدمت ہے وہاں ایک نازک مرحلہ بھی ہے، جس میں ہر قدم پر توازن قائم رکھنا انتہائی لازمی امر ہے۔ مجھے اس بات کا بھی بخوبی ادراک ہے کہ جن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وتوصیف میں علما، فقہا، صوفیا اور اولیا نے علم ومعرفت کے بیش بہا خزینے رقم کر رکھے ہیں جن کی بنیاد میں برس ہا برس کا مطالعہ، مشاہدہ، تجربہ وتحقیق شامل ہے وہاں مجھ ایسے گنہا گار کے چند اوراق کی کیا وقعت مگر پھر سوچتا ہوں کہ یقیناً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کے یہ کام کئے نہیں جاتے لیے جاتے ہیں، چند ماہ قبل میرا پہلا پنجابی نعتیہ مجموعہ (م محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) چھپ کر میرے سامنے آیا تو میری آنکھیں حیرت سے کھلی کی کھلی رہ گئیں اور میرا سر سجدہ شکر میں جھک گیا کہ اتنا بڑا اور منفرد کام جو پوری دنیا میں آج تک کسی نے نہیں کیا مجھ گنہا ہگار سے کروالیا گیا۔ تو مجھے یقین ہو گیا کہ نہ تو (م محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) لکھنے میں میرا کوئی کمال تھا اور نہ ہی تفہیم اَلسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لکھنے میں میرا کوئی کمال ہے۔ بلکہ یہ تو اس ذات پاک کا کرم ہے کی مجھ جیسے کم علم کو جسے 'ا' سے 'ب' تک کا علم نہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت کے لیے چن لیا ہے۔

یہاں یہ دوبارہ عرض کرنا ضروری ہے کہ یہ کوئی خالص ادبی تصنیف نہیں ہے، اس لیے ممکن ہے کہ یہ تحریر زبان و بیان کے اعلیٰ ادبی معیاروں پر پوری نہ اترتی ہو، جس کے لیے میں صاحبِ ذوق قارئین سے پیشگی درگزر کا خواستگار ہوں۔ اس کتاب میں موجود ''اسماء النبی ﷺ'' کی تدوین و تحقیق میں، میں نے اپنی بساط بھر علم اور جستجو کو بروئے کار لاتے ہوئے انتہائی احتیاط سے کام لیا ہے، تاہم انسانی تقاضوں کے پیشِ نظر نادانستہ طور پر کسی سقم یا کوتاہی کا رہ جانا عین ممکن ہے۔

میں اس کتاب کی تالیف میں شامل ہر اس شخص کا مشکور ہوں جس نے زندگی کے کسی بھی موڑ پر میری رہنمائی فرمائی اس میں میرے والدین، اہل وعیال دوست احباب اور عزیز و اقارب سب شامل ہیں، اللہ پاک سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اللہ پاک سے دعا گو ہوں کہ اس کتاب کے ہر قاری کے دل میں عشق رسول ﷺ کی شمع روشن ہو اور اللہ تعالیٰ اسے اور اسکے اہل وعیال کو دنیا و آخرت کی کامیابیاں نصیب فرمائے، اللہ پاک اس کتاب کو ہمارے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور اپنی اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں مقبول فرمائے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس حقیر سی کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور میری طرف سے ہونے والی نادانستہ خطاؤں کو معاف فرمائے۔ قارئین سے بھی التماس ہے کہ اگر مطالعہ کے دوران کہیں کوئی علمی یا فنی غلطی نظر آئے، تو اسے میری بشری کمزوری سمجھتے ہوئے مطلع فرمائیں تاکہ اصلاح کی جا سکے۔ اللہ کریم اس سعی کو میرے، میرے والدین اور نسلوں کے لیے نجات کا راستہ بنا دے۔

طالبِ دعا و اصلاح

فہیم اسلم

03028506568

لاہور

فلسفۂ اِسم اور جمالِ مسمیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

کائنات کی تخلیق کا پہلا باب 'حرف' اور 'اسم' سے عبارت ہے۔ اللہ ربّ العزت نے جب اس ہست و بود کی بساط بچھائی تو انسان کو تمام مخلوقات پر جو اولیت اور فضیلت عطا فرمائی، اس کی بنیاد 'علم الاسماء' (ناموں کا علم) ہی کو قرار دیا۔ یہ محض الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ اشیاء کی ماہیت، ان کے خواص اور کائناتی اسرار تک رسائی کی وہ کلید ہے جو شعورِ انسانی کو معرفتِ الٰہی کے نور سے منور کرتی ہے۔ قرآنی تناظر ہو یا صوفیانہ مشاہدہ، لسانیاتی ابحاث ہوں یا جدید سائنسی تسخیر، ہر شعبۂ حیات دراصل اسماء کے گرد گھومتا ہے۔ اگر علم الاسماء کی اسی ہمہ گیر اہمیت کا مختلف فکری زاویوں سے احاطہ کیا جائے تو اس علم کی گہرائی اور خلافتِ ارضی میں اس کے بنیادی کردار کو بخوبی جانا جا سکتا ہے۔

اسی علم الاسماء نے حضرت انسان کو علمی فضیلت عطا کروائی،

قرآن کریم میں حضرت آدم علیہ السلام کو ''ناموں'' کا علم دیا جانا محض ایک واقعاتی تذکرہ نہیں بلکہ انسان کی تخلیقی غرض و غایت کا بیان ہے۔

مفسرین کے مطابق یہاں ''اسماء'' سے مراد اشیاء کی ذات، ان کی خصوصیات، ان کے فوائد اور ان کے استعمال کا علم ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے سامنے آدم علیہ السلام کا امتحان لیا، تو فرشتے اشیاء کی ظاہری تسبیح تک محدود تھے، جبکہ آدم علیہ السلام نے ان کی ماہیت بیان کر دی۔

یہ علم ''لدنی'' (براہِ راست منجانب اللہ) تھا جس نے انسان کو کائنات کا ''ناظم'' بنا دیا۔

وَعَلَّمَ آدَمَ الأَسْمَاءَ كُلَّهَا (سورہ البقرہ: 31)۔ حضرت ابن عباسؓ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے مراد تمام چھوٹی بڑی اشیاء، حتیٰ کہ پیالہ اور ہانڈی تک کے نام اور

ان کے خواص کا علم تھا۔(تفسیر ابن کثیر)

اور یہی علم الاسماء تھا جس نے انسان پر تجلیاتِ الٰہی کا ظہور فرمایا۔

صوفیاء اور عرفاء کے نزدیک کائنات کا ذرہ ذرہ اللہ کے کسی نہ کسی ''اسم'' (نام) کی مادی شکل ہے۔

شیخ اکبر ابن عربیؒ کے ''فصوص الحکم'' کے مطابق، اللہ تعالیٰ کی صفات مخفی خزانہ تھیں، وہ چاہتی تھیں کہ ان کا ظہور ہو۔ کائنات ان اسماء کا آئینہ ہے۔ مثلاً اسم 'الخالق' کا تقاضا تھا کہ مخلوق ہو۔ اسم 'الرحیم' کا تقاضا تھا کہ کوئی مرحمت کا مستحق ہو۔

انسان کو ''جامع الاسماء'' کہا جاتا ہے، یعنی انسان واحد تخلیق ہے جس میں اللہ کی تمام صفات (جلال اور جمال) کا عکس موجود ہے۔

حدیث قدسی ہے کہ: میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا، میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں، پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ میں پہچانا جاؤں۔

فلسفہِ لسان میں یہ بحث ہمیشہ سے رہی ہے کہ کیا لفظ اور معنی کا تعلق اتفاقی ہے یا فطری؟

علم الاسماء یہ نظریہ دیتا ہے کہ زبان محض انسانوں کا بنایا ہوا شور نہیں ہے، بلکہ یہ ایک الہامی صفت ہے۔ بڑے بڑے فسلفیوں نے بھی ہر دور میں اس بحث کو چھیڑا ہے کہ کیا نام اشیاء کی فطرت کے مطابق ہوتے ہیں؟ اسلامی علمی روایت کے مطابق، اشیاء کی حقیقت ان کے ناموں میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ جب ہم کسی چیز کو پکارتے ہیں، تو دراصل ہم اس کی ایک خاص صفت کو بیدار کرتے ہیں۔ امام راغب اصفہانی اپنی کتاب ''المفردات'' میں لکھتے ہیں کہ ''اسم'' وہ علامت ہے جو کسی چیز کی حقیقت کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔

جدید سائنس کی بنیاد بھی دراصل ''نام رکھنے'' پر ہے۔

جب تک ہم کسی مرض، کسی ستارے یا کسی کیمیائی عنصر کا نام نہیں رکھتے اور اس کی

خصوصیات متعین نہیں کرتے، ہم اس پر تحقیق نہیں کر سکتے۔

آج کی بائیوٹکنالوجی یا فزکس دراصل اشیاء کے ''اسماء'' (خواص) کی تفصیل ہی تو ہے۔

قرآن نے ''علم الاسماء'' کو خلافتِ ارضی کی بنیاد قرار دے کر یہ واضح کر دیا کہ سائنسی ترقی ہی انسان کی اصل میراث ہے۔

علم الاسماء ''جامد'' نہیں بلکہ ''ارتقائی'' ہے۔ حضرت آدمؑ کو بیج کا علم دیا گیا، اور آج کی نسل اس سے جڑی پوری نباتیاتی سائنس (باٹنی) جانتی ہے۔

''وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ'' (سورہ الجاثیہ:13)۔

(اور اس نے تمھارے لیے مسخر کر دیا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے)۔ یہ تسخیر علم الاسماء کے بغیر ممکن نہیں۔

علم الاسماء صرف لغت دانی کا نام نہیں، بلکہ یہ معرفتِ الٰہی، خود شناسی اور کائنات کی مادی حقیقتوں کو سمجھنے کا جامع نظام ہے۔ یہ وہ علم ہے جو انسان کو حیوانات سے ممتاز کر کے ''اشرف المخلوقات'' کے منصب پر فائز کرتا ہے۔

انسانی عقل کی ساخت کچھ ایسی ہے کہ وہ کسی بھی شے کی حقیقت تک اس وقت تک رسائی حاصل نہیں کر سکتی جب تک اسے کوئی نام نہ دے دیا جائے۔ اسماء دراصل وہ دریچے ہیں جن کے ذریعے ہم غیب کی دنیا سے شہادت کی دنیا میں قدم رکھتے ہیں۔

یعنی کائناتِ رنگ و بو کے اس وسیع کینوس پر ''نام'' محض ایک لفظی پہچان یا محض کسی شے کی طرف اشارہ نہیں ہوتا، بلکہ نظامِ قدرت میں اسم اور مسمیٰ (جس کا نام رکھا جائے) کے درمیان ایک گہرا نامیاتی اور روحانی ربط پایا جاتا ہے۔ جب ہم کسی عام شے کا نام لیتے ہیں تو ذہن میں اس کی ایک ادنیٰ سی تصویر ابھرتی ہے، لیکن جب بات سیدِ دو عالم، فخرِ بنی آدم، جنابِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہو، تو وہاں زبانیں گنگ اور قلم عاجز ہو جاتے ہیں۔

آپ ﷺ کے اسماءِ مبارکہ محض حروف کا مجموعہ نہیں، بلکہ انوارِ الٰہیہ کے وہ سرچشمے ہیں جہاں سے معرفتِ ربّانی کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔علمائے حق اور عارفینِ کاملین کا اس نکتے پر اتفاق ہے کہ جس طرح حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی تمام مخلوقات سے افضل و اعلیٰ ہے، اسی طرح آپ ﷺ کے نام بھی کائنات کے تمام ناموں سے برتر، بابرکت اور پُرتاثیر ہیں۔

اور ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم خالق اور مخلوق کے درمیان سب سے بڑے واسطے، یعنی ذاتِ محمدی ﷺ کو سمجھنے کے لیے ان کے ناموں کی فہم اور ان کے مطالب کی گہرائی تک پہنچ کر اپنے سینوں کو منور کریں۔

اگر غور کیا جائے تو اسماءُ الحسنیٰ اور اسماءُ النبی ﷺ میں ایک گہرا عرفانی سنگم دکھائی دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام (اسماءُ الحسنیٰ) اس کی ذاتِ قدیم اور جلال و جمال کے مظہر ہیں، لیکن جب اللہ نے اپنی ان صفات کو انسانیت کے لیے نمونہ بنانا چاہا، تو اس نے اپنے محبوب ﷺ کو ان صفات کا جامع بنا کر مبعوث فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ قرآنِ مجید میں کئی مقامات پر اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات کو اپنے محبوب ﷺ کی طرف منسوب فرمایا۔ اگر اللہ ''رحیم'' ہے تو اس نے اپنے نبی ﷺ کو بھی ''رؤف و رحیم'' کے لقب سے نوازا۔ یہ کمالِ بندگی اور کمالِ رسالت کا وہ مقام ہے جہاں اسماءِ الٰہیہ اور اسماءِ نبوی ﷺ ایک دوسرے کا عکس نظر آتے ہیں۔ اسماءُ الحسنیٰ سے اللہ کی قدرت کی پہچان ہوتی ہے، جبکہ اسماءِ نبوی ﷺ سے اللہ کی رحمت اور اس کی رضا پانے کا راستہ ملتا ہے۔

ایک سوال ذہن میں یہ بھی پیدا ہوسکتا ہے کہ کثرتِ اسماء میں کیا راز پوشیدہ ہے تو علماء کے نزدیک کثرتِ اسماء دراصل عظمتِ ذات کا آئینہ ہے۔

عربی ادب اور لغت کا یہ سنہرا اصول ہے کہ ''الشَّرَفُ بِالْمُسَمّٰی لَا بِالِاسْمِ، وَلٰكِنَّ كَثْرَةَ الْأَسْمَاءِ تَدُلُّ عَلَى عِظَمِ الْمُسَمّٰی'' یعنی بزرگی تو صاحبِ نام سے ہوتی

ہے، لیکن ناموں کی کثرت صاحبِ نام کی عظمت کی سب سے بڑی دلیل ہوتی ہے۔جس طرح ایک نایاب ہیرے کو مختلف زاویوں سے دیکھا جائے تو ہر تراشہ ایک نیا رنگ اور نئی چمک منعکس کرتا ہے، اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیتِ مبارکہ کے کمالات اتنے وسیع اور ہمہ جہت ہیں کہ انھیں ایک نام میں سمونا ممکن ہی نہ تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی کائنات کی ہر خیر اور ہر صفت کا مرکز ہے۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''محمد'' ہیں تو کائنات کی ہر تعریف کا نکتۂ آغاز و انجام ہیں، اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''ماحی'' ہیں تو کفر و شرک کی ہر ظلمت کو مٹانے والی قوت ہیں، اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''حاشر'' ہیں تو نظامِ محشر کے وہ مرکزی کردار ہیں جن کے گرد پوری انسانیت جمع ہوگی۔ عارفین کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنے ناموں سے نوازا کہ کائنات کی کوئی بھی فضیلت ایسی نہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی نہ کسی نام کے سائے میں پناہ لیتی نظر نہ آتی ہو۔

قرآنِ مجید نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں کے انتخاب میں ایک ایسا جمالیاتی اور جلالی اسلوب اختیار کیا ہے جو انسانی عقل کو حیران کر دیتا ہے۔کہیں یہ پیارے نام ندائے محبت بن کر ابھرتے ہیں، جہاں اللہ اپنے محبوب کو ان کی بشری اداؤں کے حوالے سے ''یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ'' اور ''یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ'' کہہ کر پکارتا ہے۔کہیں منصبِ عظیم کی عکاسی کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 'شاہد'، 'مبشر' اور 'نذیر' کہا گیا تاکہ کائنات پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کی عالمگیریت واضح ہو جائے۔اور کہیں نورانیت کے اظہار کے لیے قرآن نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''سراجاً منیراً'' یعنی روشن چراغ قرار دیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر بھی اندھیروں کو اجالوں میں بدلنے کی قوت رکھتا ہے۔

اسی طرح صحیحین کی روایات میں ذکر کردہ ''اسمائے خمسہ'' (محمد، احمد، ماحی، حاشر، عاقب) دراصل وہ پانچ ستون ہیں جن پر شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمارت قائم ہے۔ امام

جزولیؒ نے ''دلائل الخیرات'' میں ان ناموں کو بنیاد بنا کر جو 201 ناموں کی تسبیح پروئی ہے، وہ درحقیقت انھی بنیادی اوصاف کی شاخیں ہیں جو انسانی روح کو معطر کرتی ہیں۔

اسمِ ''محمد'' ﷺ کا عدیم المثال اعجاز:

لفظ ''محمد'' (ﷺ) کے حروف کی ترتیب پر غور کریں تو معرفت کے نئے باب وا ہوتے ہیں۔ یہ چار حروف (م، ح، م، د) اپنے اندر اسرار کا سمندر رکھتے ہیں۔ 'میم' ملک و ملکوت کی سلطنت کی طرف اشارہ ہے، 'حا' حیاتِ جاویدانی کا مظہر ہے، دوسری 'میم' مقامِ محمود کی بشارت ہے، اور 'دال' دوام اور ابدیت کی علامت ہے۔ ایک لطیف نکتہ یہ بھی ہے کہ ان چاروں حروف میں کوئی نقطہ نہیں ہے، جو اس بات کی علامت ہے کہ آپ ﷺ کی ذات ہر قسم کے عیب، نقص اور بشری میل سے پاک اور منزہ ہے۔ ادبی لحاظ سے ان ناموں میں جو نغمگی، روانی اور اثر آفرینی پائی جاتی ہے، وہ دنیا کے کسی دوسرے کلام یا نام میں ڈھونڈے سے نہیں ملتی۔

اسماءِ مبارکہ ﷺ عملی و روحانی اثرات کے علاوہ فضیلت و برکات کا باعث بھی ہیں۔

آپ ﷺ کے ناموں کا ورد محض ایک وظیفہ نہیں بلکہ ایک روحانی علاج اور قلبی جلا کا ذریعہ ہے۔

جب زبان ''طاہر'' اور ''مطہر'' کا ورد کرتی ہے، تو باطن میں پاکیزگی کی لہر دوڑ جاتی ہے تو یہ نام مبارک ﷺ تزکیہ و طہارت کا موجب ہوتے ہیں۔

علماء فرماتے ہیں کہ جو شخص کثرت سے اسماءِ النبی ﷺ کا مطالعہ کرتا ہے، اس کے درجات بلند ہوتے ہیں اسے خواب میں زیارتِ نبوی ﷺ کا شرف نصیب ہوتا ہے۔ اور اس طرح یہ ورد رفعِ درجات کا باعث بنتا ہے۔

اسکے ساتھ ساتھ دلوں کا سکون اور دکھوں کا مداوا بھی انھیں اسما کے ورد سے حاصل ہوتا ہے۔ ادبی لحاظ سے آپ ﷺ کے ناموں میں جو نغمگی اور اثر آفرینی ہے، وہ کسی

دوسرے کلام میں نہیں ملتی۔ امام جزولیؒ نے ان ناموں کو جس ترتیب سے پرویا ہے، وہ ایک ایسی تسبیح ہے جس کا ہر دانہ ایک نئی خوشبو دیتا ہے۔

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہمیت اس قدر ضخیم ہے کہ اگر سمندروں کو سیاہی بنا لیا جائے تو بھی ان کے اوصافِ حمیدہ کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ ایک مسلمان کی حیثیت پر ہم ہر واجب ہے کہ ہم اسما النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ورد کرتے رہیں اور انھیں اپنے روزمرہ کے معمولات میں شامل کریں لیکن ایک سچے عاشق کی حیثیت سے ہم پر لازم ہے کہ ہم ان ناموں کو صرف زبان سے ادا نہ کریں، بلکہ ان کے معانی کو جان کر ان کے معنی میں غوطہ زن ہو کر اپنی روح کو معطر کریں۔

علمِ اسماء کے بحرِ بے کنار میں غواصی کرنا ہر عام انسان کے لیے ممکن نہیں۔ مفسرین اور محققین نے ان ناموں کی جو دقیق شرحیں لکھی ہیں، وہ اکثر عام قاری کی فہم سے بالاتر ہوتی ہیں۔

اسماءِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدوسیت اور ان کے عرفانی اسرار کا یہ تذکرہ محض ایک علمی مشق نہیں، بلکہ عقیدت و محبت کے اس سفر کا آغاز ہے جس کی کوئی انتہا نہیں۔ "تفہیمِ اسماء النبی" کی تالیف کے پیچھے دو بنیادی مقاصد کارفرما ہیں۔

پہلا مقصد تفہیمِ عام ہے کہ انوارِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان عظیم الشان القابات کو انتہائی سادہ، شگفتہ اور آسان اردو زبان میں پیش کیا جائے، تاکہ ایک طالبِ علم سے لے کر ایک عام امتی تک، ہر کوئی کسی پیچیدگی کے بغیر اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات کو سمجھ سکے اور ان کے مطالب سے اپنے سینے کو روشن کر سکے۔

محققین کی دقیق شرحیں بلاشبہ قیمتی ہیں، لیکن ضرورت اس امر کی تھی کہ انوارِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان عظیم الشان القاب کو سادہ، شگفتہ اور رواں زبان میں پیش کیا جائے تاکہ ہر امتی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات سے براہِ راست فیضیاب ہو سکے۔

دوسرا اور سب سے اہم مقصد نسبتِ عشقیہ اور توشۂ آخرت ہے۔ یہ سیاہ کار اس امید پر یہ اوراقِ پریشان دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کر رہا ہے کہ کل بروزِ قیامت، جب عشاق کی

فہرست مرتب ہو،تو میرا نام بھی کہیں کسی کونے میں درج ہو۔ یہ کتاب محض الفاظ کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک تڑپتے ہوئے دل کا نذرانہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس تالیف کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی محبت کا وسیلہ بنادے اوران مبارک ناموں کی برکت سے مجھ پر، میرے والدین، اہل وعیال،عزیز و اقرباءاورتمام قارئین پرزیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے کھول دے۔

اللہ تعالیٰ اس ادنیٰ خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اورہمیں ان اسماء طیبہ کی برکات سے دارین میں مالا مال کرے۔میری دعاہے کہ اللہ تعالیٰ اس تالیف کوحضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی محبت کا وسیلہ بنادے۔مجھ گناہگار کے لیے باعثِ بخشش ومغفرت ٹھہرادے۔اوران مبارک ناموں کی برکت میرے،میرے والدین،اہل وعیال،دوست احباب،رشتہ داروں اورتمام قارئین کے لیےعشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باعث ہوفیضِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے کھول دے۔

اللہ تعالیٰ اس ادنیٰ خدمت کو اپنی بارگاہِ صمدیت میں قبول ومنظورفرمائے اورہمیں ان اسماءِ طیبہ کی برکات سے مالا مال کرے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

ادب گاہِ عشق

اسمِ محمد ﷺ اور 'سیدنا' کا قرینہ (ادب و محبت کا ایک تجزیہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عشقِ رسول ﷺ کی پہلی منزل ''ادب'' ہے، اور یہ وہ مقامِ رفیع ہے جہاں عقل کے پر جلتے ہیں اور لفظ سجدہ ریز ہو جاتے ہیں۔ کائنات کی بزمِ رنگ و بو میں اسمِ محمد ﷺ وہ نورِ مبین ہے جس کی ضیا باریوں سے ہر ذرہ تاباں و فروزاں ہے۔ جب زبان پر وہ نام آتا ہے جس کے ذکر سے عرش والے جھومتے ہیں، تو الفاظ میں لرزشِ احترام اور لہجے میں عقیدت کا نم ہونا لازمی ہے، کیونکہ جہاں بندگی ختم ہوتی ہے وہاں سے ادبِ مصطفیٰ ﷺ کی سرحدیں شروع ہوتی ہیں۔

اللہ رَبّ العزت نے کائنات کی سب سے بڑی حقیقت، یعنی اپنے محبوب ﷺ کی پہچان کے لیے جو ضابطہ مقرر فرمایا، اس کی بنیاد ہی 'تعظیم و توقیر' پر رکھی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لِّتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ (سورہ الفتح:9)

(ترجمہ: تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ، اور ان (ﷺ) کی مدد کرو اور ان کی تعظیم و توقیر کرو۔)

اس قرآنی حکم کی روشنی میں، میرا یہ قلمی اور قلبی شعار ہے کہ جب بھی حضور ﷺ کا ذکرِ جمیل کروں، تو نامِ نامی سے پہلے 'سیدنا' کا نذرانہ پیش کروں۔ میں نے اپنی اس تالیف ''تفہیم اسماء النبی ﷺ'' میں حضور سرورِ عالم ﷺ کے ہر اسمِ گرامی سے پہلے 'سیدنا' کا التزام محض ایک رسمی لاحقے کے طور پر نہیں، بلکہ اپنے عجز کے اعتراف اور عین تقاضائے بندگی کے طور پر کیا ہے، تاکہ ہر حرف کی پیشانی پر سیادت کا تاج سجا دکھائی دے۔

یہ محض ایک لفظی اضافہ نہیں بلکہ اس غلامی کا اظہار ہے جو دو عالم کی سرداری سے بہتر ہے۔

میرے پاس حضور ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ ''سیدنا'' کی استعمال کے چند دلائل ہیں جن میں سب سے پہلا قرآن پاک ہے

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا (رسول ﷺ کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ بناؤ جیسے تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو)۔ یہ آیتِ کریمہ ہمیں سکھاتی ہے کہ صاحبِ لولاک ﷺ کا ذکرِ خیر عام انسانوں کے اسلوب میں کرنا آدابِ بندگی کے خلاف ہے۔ اگر ہم قرآنِ کریم کا غائر مطالعہ کریں تو ایک عجیب نکتہ سامنے آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سابقہ انبیاءِ کرام کو ان کے ناموں سے پکارا (یا آدم، یا نوح، یا ابراہیم)، مگر جب باری اپنے ''سید المرسلین'' ﷺ کی آئی تو پورے قرآن میں ایک جگہ بھی ''یا محمد'' کہہ کر مخاطب نہیں فرمایا۔ کہیں ''یا ایھا النبی'' کی صدا ہے، کہیں ''یا ایھا الرسول'' کا خطاب ہے اور کہیں ''طٰہٰ'' و''یٰسٓ'' کے دلنشین پردوں میں یاد فرمایا۔ جب ربِ کائنات اپنے محبوب کا نام لینے میں اتنی احتیاط اور عظمت ملحوظ رکھتا ہے، تو مجھ جیسے گناہگار امتی کی کیا مجال کہ میں ''سیدنا'' کے بغیر آپ ﷺ کا تذکرہ کروں؟

عربی لغت میں ''سید'' اس ہستی کو کہتے ہیں جو شرف، سخاوت، حلم اور بردباری میں اپنی قوم کا امام ہو۔ حضور ﷺ نے خود ارشاد فرمایا:

اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ (میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں)۔

جب کائنات کا صادق ترین لہجہ خود کو ''سید'' (سردار) کہہ رہا ہے، تو ایک امتی کے لیے اس سے بڑھ کر اور کیا سعادت ہوگی کہ وہ اپنے آقا ﷺ کو اسی لقب سے پکارے جس کا انتخاب خود انھوں نے فرمایا۔

پس آپ ﷺ کو ''سیدنا'' (ہمارے سردار) کہنا حقیقتِ واقعہ کا اعتراف اور عین سنتِ الٰہی ہے۔

تیسرا اس لفظ کی نحوی لطافت اور علمی ابعاد ہے۔

اہلِ علم کے لیے یہ نکتہ باعثِ بصیرت ہوگا کہ لفظ ''سیدنا'' کو تین مختلف نحوی حالتوں میں بیان کیا گیا ہے، جن میں سے ہر ایک اپنا ایک جداگانہ روحانی رنگ رکھتی ہے۔

حالتِ رفع (سَیِّدُنَا۔ دال پر پیش): یہ ''عظمت اور تمکنت'' کی علامت ہے۔ جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سرداری کا اعلان کرتے ہیں یا ان کا ذکر بطورِ عنوان کرتے ہیں، تو دال پر پیش (ضمہ) پڑھا جاتا ہے۔ اس کتاب ''تفہیمِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' کی فہرست اور ابواب میں یہی تلفظ مراد ہے، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بلندیِ مرتبہ کو ظاہر کرتا ہے۔

حالتِ جر (سَیِّدِنَا۔ دال کے نیچے زیر): یہ ''عجز اور سپردگی'' کی علامت ہے۔ جب درود وسلام میں ہم کہتے ہیں ''اللھم صلِّ علیٰ سیدِنا''، تو زیر یہ پکارتی ہے کہ غلام اپنے آقا کے سامنے جھک گیا ہے۔ یہ بندگی کا وہ مقام ہے جہاں نسبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انسان کو معتبر کر دیتی ہے۔

حالتِ نصب (سَیِّدَنَا۔ دال پر زبر): یہ ''جذبہ اور تاکید'' کی علامت ہے۔ جب ہم کسی سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں ''اِنَّ سیدَنا محمدًا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم''، تو زبر (فتحہ) اس یقینِ محکم کا اظہار ہے کہ کائنات کی ہر شے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زیرِ نگیں ہے۔

اور آخر میں یہ لقب حرفِ عقیدت کے طور پر استعمال کرتا ہوں،

تاریخِ عشق کے تمام مسافروں نے یہی سکھایا ہے کہ علم کی انتہا شاید معرفت ہو، مگر عشق کی انتہا صرف اور صرف 'ادب' ہے۔ جیسا کہ حضرت بو علی قلندرؒ فرماتے ہیں:

با خدا دیوانہ باش و با محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہوشیار
از خدا دانی محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، از محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم با خدا

اللہ غفور و رحیم ہے، وہ اپنی شانِ کریمی سے بندے کی بے باکی کو معاف کر سکتا ہے، لیکن بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ادب وہ نازک مقام ہے جہاں ذرا سی لغزش تمام اعمال کو غارت کر دیتی ہے۔ حکیم الامت علامہ اقبالؒ، جب یہ فرماتے ہیں کہ

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب
ہنوز نامِ تو گفتن کمالِ بے ادبی است

اگر میں اپنا منہ ہزار مرتبہ مشک و گلاب سے بھی دھوڈالوں، تب بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ مبارک لینا سراسر بے ادبی معلوم ہوتا ہے، تو مجھ جیسے تہی دست کے پاس اس کے سوا کیا چارہ ہے کہ میں اپنے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمِ گرامی سے پہلے 'سیدنا' کا سہارا لوں، تاکہ میری زبان کی ناپاکی پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت کا پردہ پڑ سکے۔

الحمدللہ بچپن سے میری یہ عادت رہی ہے کہ درود پڑھتے ہوئے ہمیشہ 'سیدنا' کا اضافہ کیا، اور جب بھی کہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ مبارک لکھا دیکھا تو اس کے ساتھ اگر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی وجہ سے نہیں لکھا گیا تو میں اس وقت تک اس لفظ سے آگے نہیں بڑھا جب تک اس جگہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لکھ نہ لیا، کیونکہ میرے ذہن میں ایک تو اس وقت کا ادب شامل حال ہوتا ہے اور دوسرے یہ خیال بھی کہ اگر یہاں یہ نام ایسا رہ گیا تو بعد میں پڑھنے والے بھی اسے ایسے ہی نہ پڑھتے رہیں، اس لیے میں اس جگہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لکھ کر آگے بڑھتا ہوں اور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک صدقہ جاریہ بنا لیتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس سے جو قلبی سکون اور غلامی کا احساس ملتا ہے وہ بیان سے باہر ہے۔ اس کتاب میں ''سیدنا'' کی ڈھال دراصل میرے ٹوٹے ہوئے قلم کا نذرانۂ محبت ہے، تاکہ ہر قاری جب ان اسماء کو پڑھے تو اس کے دل میں وہی عظمت جاگزیں ہو جو اس ذاتِ باکمال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ہے۔ میری دعا ہے کہ یہ ''سیدنا'' کہنا میری بخشش کا وہ وسیلہ بنے کہ کل قیامت کے دن میری صرف ایک ہی شناخت ہو۔

غلامِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فہیم اسلم
مارچ 2026ء

دریچہ فیض

تعارفِ کتاب دلائل الخیرات کی تاریخ اور اس کی عالمگیر مقبولیت

دعاے افتتاح

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے، اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو محمد ﷺ اور ان کے اصحاب پر۔

الٰہی! اپنے نبی ﷺ اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کے طفیل اور ان ﷺ کے اس مرتبے کے طفیل جو آپ کے دربار میں ہے، نیز اس محبت کے طفیل جو آپ کو ان ﷺ سے ہے اور ان ﷺ کی اس محبت کے واسطے جو آپ کے لیے ہے، اور اس راز کے واسطے جو آپ دونوں کے درمیان ہے، میں آپ کی بارگاہ میں التجا کرتا ہوں کہ رحمت اور سلامتی نازل فرمایئے ان ﷺ پر، انؐ کی آل پر اور انؐ کے اصحابؓ پر۔ مزید یہ کہ ان ﷺ کے ساتھ میری محبت میں اضافہ فرمایئے، مجھے ان ﷺ کے حق اور درجے سے شناسائی عطا فرمایئے، مجھے ان ﷺ کے آداب بجالانے اور سنت کی پیروی کی توفیق عطا فرمایئے اور میرے قلب کو اس خزانے سے اطمینان نصیب فرمایئے۔ مجھے ان ﷺ کی زیارت کی دولت سے سرفراز کیجیئے اور ان ﷺ کے ساتھ ہمکلامی کی خوش بختی عطا فرمایئے، اور درمیان میں آنے والے تمام پردے دور فرما دیجیئے۔

اور مجھے ان ﷺ کی ملاقات کے لیے مستعد (تیار) فرمایئے، مجھے ان ﷺ کی خدمت کے لائق بنایئے اور میرے درود کو طاہر، پاک اور ہر ظلم، اندھیرے، شک، شرک، کفر

اور گناہ کو مٹانے والا بنا دیجیئے۔ نیز اسے میرے خلوص اور ترقی کا سبب بنایئے تا کہ میں اخلاق اور معرفت کے اعلیٰ مقام پر پہنچ جاؤں، یہاں تک کہ میرے اندر کسی اور کی بندگی کی صلاحیت باقی نہ رہے اور میں ادب کے ساتھ سنتِ رسول ﷺ پر عمل پیرا ہو کر آپ کے خاص بندوں میں شامل ہو جاؤں۔

ہر دور، وقت اور زمانے میں درود ہو آپ ﷺ پر، آپ ﷺ کی آل پر، آپ ﷺ کے اصحاب اور اہل بیت پر۔

آمین یارب العالمین۔

مقدمہ

تمام تعریفیں اس ربِ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمیں اسلام کی راہ دکھائی۔ درود و سلام ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے آخری نبی ہیں، جن کے سبب اللہ نے ہمیں بتوں اور مورتیوں کی پرستش سے بچایا۔ درود وسلام ہو ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل، اصحاب رضی اللہ عنہم اور برگزیدہ بندوں پر۔

اس کتاب کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت حاصل کرنا ہے، اور التجا ہے کہ اللہ مجھے ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے اتباع اور ذاتِ کاملہ کے چاہنے والوں میں شامل فرمائے۔

بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے اور وہی بہترین مولیٰ اور بہترین مددگار ہے۔ ہمارے پاس اللہ کی مدد کے بغیر گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی کوئی طاقت نہیں۔

تعارفِ دلائل الخیرات:

اوپر درج دعاے افتتاح اور مقدمہ کا ماخذ امام جزولیؒ کی درود شریف کی مشہور کتاب ''دلائل الخیرات'' ہے جو پندرھویں صدی میں لکھی گئی۔ مراکش سے لے کر ملائیشیا اور انڈونیشیا تک لاکھوں مسلمان اب بھی اس کتاب کی تلاوت کرتے ہیں۔ میرے خیال میں درود پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لکھی جانے والی کثیر کتب میں ''دلائل الخیرات'' کو ایک مرکزی مقام حاصل ہے۔

اس کتاب سے میری محبت اور عقیدت کی وجہ یہ ہے کہ امام جزولی نے جس محبت اور والہانہ انداز میں درود پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کیے ہیں، اس کی مثال نہیں ملتی۔ اسی محبت کا نتیجہ ہے کہ میں نے اس کتاب (تفہیمِ اسماء النبیؐ) میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے پیارے

ناموں کا انتخاب بھی ''دلائل الخیرات'' ہی سے کیا ہے۔

اس محبت اور انس کی خاطر میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ امام جزولیؒ کے حالاتِ زندگی مختصراً بیان کروں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس عظیم عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں جان سکیں۔ امام صاحبؒ کی اس مختصر سیرت کا ماخذ بھی ''دلائل الخیرات'' ہی ہے۔

سیرتِ مؤلفِ دلائل الخیرات:

مؤلف کا نام محمد، کنیت ابوعبداللہ اور والد کا اسمِ گرامی سلیمان تھا۔ آپؒ کی ولادت نویں صدی ہجری کے اوائل (تقریباً 807ھ) میں ہوئی۔ آپؒ کے والد کا شمار قبیلہ جزولہ کے امیر لوگوں میں ہوتا تھا۔ امام صاحب کا آبائی وطن ضلع ''سوس''، ملک بربر (افریقہ) میں واقع تھا۔

آپؒ کا تعلق اہل بیت سے تھا اور آپؒ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔ آپؒ کا پورا نسب نامہ محمد بن سلیمان الجزولی بن عبد الرحمن ... بن علی بن ابی طالب (رضی اللہ عنہ) ہے۔ یعنی آپؒ کا سلسلہ انیس پشتوں کے بعد حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔

آپؒ نے ''فاس'' شہر (مراکش) میں تعلیم حاصل کی۔ آپؒ کے مرشد شیخ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ امغار تھے۔ آپؒ نے اپنے مرشد کے زیرِ سایہ طویل عرصہ مجاہدہ کیا اور مراکش کے صحراؤں میں کئی سال اعتکاف اور عبادت میں گزارے اور فراغت کے بعد کافی عرصہ اسی شہر میں تفسیر و حدیث کا درس دیتے رہے۔ پھر فاس کو چھوڑ کر ''ریف'' تشریف لے آئے۔ یہاں آپؒ کی ملاقات شیخ محمد عبداللہ سے ہوئی، جن سے آپؒ نے علمِ باطن کا حصول شروع کیا اور خلوت گزینی اختیار فرمائی۔ آپؒ نے چودہ سال مسلسل مراقبے اور ریاضت میں گزارے۔ چودہ سال بعد جب خلوت خانے سے باہر آئے تو رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع فرمایا۔ بارہ ہزار سے زائد لوگوں نے آپؒ کے ہاتھ پر بیعت کی اور گناہوں سے تائب ہوئے۔

آپؒ سے بہت سی کرامات کا ظہور بھی ہوا۔ آپؒ کتاب اللہ اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتہائی پابند تھے اور کثرت سے درود شریف و دیگر اوراد و وظائف میں مشغول رہتے تھے۔ آپؒ اپنے شاگردوں کے ہمراہ لوگوں کی رشد و ہدایت کے لیے افریقہ کے علاقوں میں گشت بھی فرماتے تھے۔

آپؒ 870ھ میں ملک سوس کے شہر بربر میں یکم ربیع الاول کے دن نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں سجدے کی حالت میں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے اور ظہر کے وقت مسجد کے قریب مدفون ہوئے۔ ستر (77) سال بعد شاہِ مراکش نے آپؒ کے جسدِ خاکی کو سوس سے مراکش کے مشہور قبرستان ''ریاض الفردوس'' میں منتقل کروایا اور وہاں ایک عالی شان مقبرہ تعمیر کروایا۔ جب آپؒ کے جسمِ مبارک کو نکالا گیا تو ستر سال بعد بھی وہ ایسے تر و تازہ تھا جیسے ابھی دفنایا گیا ہو۔

دعا ہے کہ اللہ پاک آپؒ کے درجات کو بلند فرمائے اور اس عظیم عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دینِ حق اور درودِ پاک کے لیے کی گئی کاوشوں سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فیض یاب ہونے توفیق عطا فرمائے اور ان میں پوشیدہ اور ان سے منسلک برکات کو سمیٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یارب العالمین۔

تجلیاتِ اسما النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 201 اسماء مبارکہ کی تفہیم

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جس کی بار بار اور کثرت سے تعریف کی جائے

یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ نام ہے جو زمین و آسمان میں سب سے زیادہ معروف اور باعظمت نام ہے اور اس نام کا ذکر قرآن پاک میں بھی چار مقامات پر آیا ہوا ہے۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ مبارک ''محمد'' کل چار مقامات پر صراحت کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ان آیاتِ مبارکہ کا متن اور حوالہ جات درج ذیل ہیں:

۱۔سورۃ آلِ عمران (آیت نمبر 144) ارشادِ باری تعالیٰ ہے:''وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ'' ترجمہ:''اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو صرف ایک رسول ہی ہیں، ان سے پہلے بھی بہت سے رسول گزر چکے ہیں۔''

۲۔سورۃ الاحزاب (آیت نمبر 40) ارشادِ باری تعالیٰ ہے:''مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ'' ترجمہ:''محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمھارے مَردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین (نبیوں کے سلسلے کو ختم کرنے والے) ہیں۔''

۳۔سورۃ محمد (آیت نمبر 2) ارشادِ باری تعالیٰ ہے:''وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ'' ترجمہ:''اور وہ اس (وحی) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی اور وہی ان کے رب کی طرف سے حق ہے۔''

۴۔سورۃ الفتح (آیت نمبر 29) ارشادِ باری تعالیٰ ہے:''مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَ

الَّذِیْنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ'' ترجمہ: ''محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جولوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر سخت اور آپس میں نہایت رحمدل ہیں۔''

اسم مُحَمَّدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لغوی پہلو یہ ہیں کہ یہ لفظ عربی کے مادے ''ح م د'' (حمد) سے نکلا ہے، جس کے معنی تعریف کے ہیں۔

لفظ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسمِ مفعول کا صیغہ ہے۔اس میں مبالغہ ہے

جیسا کہ (معلم) بار بار علم عطا کرنے والا، (مُفَہِّم) بار بار سمجھانے والا، (مفرح) بار بار فرحت بخشنے والا اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بار بار تعریف کیا جانے والی ہستی ہیں۔

یعنی وہ ہستی جس کی بار بار، بارہا اور حد سے زیادہ تعریف کی گئی ہو۔عربی زبان میں ''محمود'' اس کو کہتے ہیں جس کی تعریف کی جائے ،لیکن ''محمد'' اس کو کہتے ہیں جس کی اتنی زیادہ تعریف کی جائے کہ اس کی کوئی انتہا نہ رہے۔

تاریخِ عالم گواہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے پہلے عرب میں یہ نام رائج نہ تھا۔اللہ تعالیٰ نے اس نام کو اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے محفوظ رکھا تاکہ کوئی دوسرا اس میں شریک نہ ہوسکے۔

اس نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آسمانی و زمینی شہرت حاصل ہے جب حضرت عبدالمطلب (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا) سے جب پوچھا گیا کہ آپ نے اس بچے کا نام ''محمد'' کیوں رکھا؟ تو انھوں نے جواب دیا: ''میں چاہتا ہوں کہ زمین میں اللہ کی مخلوق اس کی تعریف کرے اور آسمان میں اللہ تعالیٰ اس کی تعریف فرمائے''۔

اللہ کا صفاتی نام ''محمود'' ہے اور اس نے اپنے نام سے اپنے حبیب کا نام ''محمد'' (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نکالا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں تمام اخلاقِ حسنہ اس درجے پر موجود ہیں کہ ہر صفت خود پکارتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی ''محمد'' (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں۔

اللہ نے اپنا نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔کلمہ ہو، اذان ہو یا نماز، اللہ کی توحید کی گواہی تب تک مکمل نہیں ہوتی جب تک ''محمد رسول اللہ'' کی شہادت نہ دی جائے۔

سورۃ الاحزاب: ۵۶ میں فرمایا

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَآئِكَتَه يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

''کہ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر درود بھیجو۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کائنات کی وہ واحد ذات جن کی پیدائش سے پہلے پیدائش کے بعد ہی نہیں بلکہ زمین وآسمان پر قیامت تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وتوصیف جاری ہے اور جاری رہے گی۔

''اسمِ گرامی ''محمد'' کائنات کا وہ خوبصورت ترین نغمہ ہے جو عرش سے فرش تک گونج رہا ہے۔ یہ نام صرف ایک پہچان نہیں بلکہ ایک پوری کائناتِ حسن وجمال کا خلاصہ ہے۔اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ نام عطا فرما کر یہ اعلان کر دیا کہ اب قیامت تک عظمت کا ہر معیار آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے منسوب ہوگا اور کامیابی صرف اس ''محمود'' ہستی کی پیروی میں ہے جس کی تعریف خود خدا نے فرمائی۔''

سَیِّدُنَا اَحْمَدُ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ حمد بیان کرنے والے

یہ نام آسمانوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہچان ہے

یہ لفظ بھی ''ح م د'' (حمد) سے نکلا ہے۔

اگر اس لفظ کو فاعل کے طور پر لیا جائے تو اسکا مطلب ہوگا کہ وہ ہستی جو اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ حمد وتعریف بیان کرنے والی ہو۔یعنی پوری کائنات میں اللہ کی ثناء کا حق جیسا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ادا کیا، کسی اور نے نہ کیا۔

اور اگر اس کو مفعول کے طور پر لیا جائے تو اس کے معنی وہ ہستی جس کی تعریف دوسروں کے مقابلے میں سب سے زیادہ اور اکمل ہو کئے جائیں گے۔

سیرت کی کتب میں ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام زمین پر ''محمد'' (جس کی تعریف کی جائے) اور آسمان پر ''احمد'' (جو سب سے زیادہ اللہ کی تعریف کرے) ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باطنی اور روحانی کمال کا مظہر ہے۔

قرآنِ حکیم کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے صدیوں پہلے اپنی قوم کو خوشخبری دی تھی کہ '' وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ '' ترجمہ: ''اور (میں) ایک رسول کی خوشخبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا، اس کا نام احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا۔'' (سورہ الصّف؛ آیت ٦)۔

حدیثِ قدسی کے مفہوم کے مطابق اللہ نے سب سے پہلے ''نورِ احمدی'' کو تخلیق فرمایا۔ یہ نام خلقت کے اس درجے کو ظاہر کرتا ہے جہاں ابھی کائنات وجود میں نہیں آئی تھی اور صرف اللہ کی حمد ہو رہی تھی۔

حضور ﷺ کی ذات پاک امام الحامدین ہے آپ ﷺ ''احمد'' اس لیے ہیں کہ آپ ﷺ اللہ کی عظمتوں کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔ جب آپ ﷺ مقامِ محمود پر سجدہ ریز ہوں گے، تو اللہ کی وہ حمد بیان فرمائیں گے جو آج تک کسی کے علم میں نہیں۔

''احمد'' کے نام میں ایک خاص نرمی اور مٹھاس ہے جو روح کو سکون بخشتی ہے۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ ''محمد'' جلال و جمال کا مجموعہ ہے جبکہ ''احمد'' سراپا جمالِ الٰہی ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ ''محمد'' آپ ﷺ کی صفتِ خلقت کو اور ''احمد'' آپ ﷺ کی صفتِ خُلق اور مقامِ بندگی کو ظاہر کرتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'احمد' بندگی کی معراج کا نام ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ آپ ﷺ کی عظمت کی بنیاد اللہ کی وہ بے مثال حمد ہے جو آپ ﷺ نے خلوت اور جلوت میں بیان فرمائی۔ کائنات میں کوئی دوسرا 'احمد' نہیں ہو سکتا، کیونکہ اللہ کی حقیقی پہچان اور اس کی شایانِ شان تعریف کا حق صرف اسی ہستی نے ادا کیا جسے رب نے اپنا محبوب بنایا۔''

سَیِّدُنَا حَامِدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ہمہ وقت اللہ کی ثنا خوانی کرنے والے

''حامد''لغتِ عرب میں اسمِ فاعل ہے،جس کا مطلب ہے''تعریف کرنے والا''۔

شریعت کی روشنی میں سیدنا حامد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مراد وہ ہستی ہے جو اللہ کی نعمتوں پر،اس کے احسانات پر اور اس کی ذات پر مسلسل حمد و ثنا کرنے والی ہو۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کائنات کے سب سے بڑے حامد ہیں، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی اللہ کی عظمت کو سب سے زیادہ پہچاننے والے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی کما حقہ تعریف کرنا کسی عام بشر کے بس میں نہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''حامد'' اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی کو اللہ کی صفات کا وہ ادراک ہے جہاں تک کسی اور کی رسائی نہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہر سانس، ہر عمل اور ہر کلام اللہ کی حمد کا آئینہ دار ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی کا ہر لمحہ''حمد''میں گزرا۔نمازِ تہجد میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا طویل قیام اور کثرت سے''الحمد للہ'' کہنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے''حامد''ہونے کی عملی گواہی ہے۔

قیامت کے دن جب سب لوگ پریشان ہوں گے،تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سجدہ ریز ہو کر اللہ کی وہ''حمد''بیان فرمائیں گے جو اس سے پہلے کسی نے بیان نہ کی ہوگی۔اسی حمد کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ شفاعت کا دروازہ کھولے گا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسمِ مبارک''محمد''اور''احمد''مفعولی شان (جس کی تعریف کی گئی) کو ظاہر کرتے ہیں، جبکہ''حامد'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فاعلی شان (جو خود تعریف کرتا ہے) کو ظاہر کرتا ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعریف اللہ اور مخلوق کرتی ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کی تعریف کرتے ہیں۔مثلاً جنگِ احد کے کٹھن لمحات میں بھی جب

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زخمی تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو صفوں میں کھڑا کیا اور فرمایا: ''اللہ کی حمد بیان کرو تا کہ میں اپنے رب کی ثنا کروں''۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 'حامد' ہونے کا کمالِ اظہار تھا۔

کیونکہ اللہ تعالی نے بھی قرآن پاک میں متعدد مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حمد بیان کرنے کی تلقین فرمائی ہے، جیسے کہ سورۃ النصر: ۳ میں فرمایا گیا کہ'' فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا''

پس اپنے رب کی حمد کے ساتھ ساتھ تسبیح بیان کیجیئے اور استغفار طلب کیجیئے بے شک وہی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

سورۃ الحجر؛ ۹۸ میں فرمایا کہ (فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ)

پس اپنے رب کی حمد کیجیئے اور سجدہ کرنے والون کے ساتھ ہوجایئے۔

''اسمِ گرامی 'حامد' اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا محور و مرکز اللہ کی ذات ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف زبان سے ہی نہیں بلکہ اپنے اخلاق، اپنی جد و جہد اور اپنی خاموشی سے بھی خالق کی حمد بیان کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'حامد' ہیں جن کی حمد سن کر فرشتے وجد میں آجاتے ہیں اور جن کی ثنا خوانی خود اللہ کو پسند ہے۔''

سَیِّدُنَا مَحْمُوْدٌ (ﷺ)

وہ ہستی جن کی تعریف خود خالق اور کائنات کی ہر مخلوق کرے

لفظ ''محمود'' عربی لغت میں اسمِ مفعول کا صیغہ ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ذات جس کی تعریف کی گئی ہو''۔ اور جس میں تمام قابلِ ستائش صفات جمع ہو جائیں۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس کی صفاتِ حمیدہ، اخلاقِ فاضلہ اور افعالِ مبارکہ اس قدر بلند ہوں کہ خالقِ کائنات اور پوری مخلوق اس کی ثنا خوان ہو۔ یہ آپ ﷺ کے اس مقامِ بلند کی طرف اشارہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے لائقِ ستائش بنایا۔

حضور ﷺ کی زندگی کا ہر گوشہ ''محمود'' ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت اس قدر بے عیب ہے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ آپ ﷺ کی تعریف کرتا ہے۔

قیامت کے دن جب تمام انسانیت پریشان ہوگی، تب اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو ''مقامِ محمود'' پر فائز فرمائے گا۔ یہ وہ مقام ہے جہاں اولین و آخرین آپ ﷺ کی تعریف کریں گے اور آپ ﷺ کی شفاعت کا چرچا ہوگا۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس صفت کے لیے اس لیے ہوا کیونکہ اللہ نے آپ ﷺ کو ''خلقِ عظیم'' کا پیکر بنا کر بھیجا۔

اور قرآن پاک میں بھی ارشاد فرمایا گیا ہے کہ (عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا)

قریب ہے کہ آپ ﷺ کا رَبّ آپ ﷺ کو مقام محمود عطا کرے گا۔ (بنی اسرائیل:٧٩)

علما فرماتے ہیں کہ اسمِ احمد، محمد اور محمود ایک ہی جڑ سے نکلے ہیں جن کا بنیادی مادہ 'ح م د' ہے لیکن ان کے درمیان ایک لسانی تعلق قائم ہے۔ **احمد ﷺ** وہ ہستی ہیں جو کائنات میں

سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنے والی ہے، یہ بندگی کی انتہا اور اللہ کے سامنے عبدیت کا اعلیٰ ترین مقام ہے۔ **محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم** وہ ہستی ہیں جن کی بار بار، بارہا اور حد سے زیادہ تعریف کی گئی ہو اور کی جاتی رہے گی۔ اور محمود وہ مقام ہے جہاں **احمد** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور **محمد** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اوصاف آپس میں مل جاتے ہیں، یعنی جب کوئی ہستی اللہ تعالیٰ کی حمد کرتی ہے تو (احمد) تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق میں سب سے زیادہ تعریف کے لائق (محمد) بنا دیتا ہے اور ان دونوں کیفیات سے جو مقام پیدا ہوتا ہے اسے (مقامِ محمود) کہتے ہیں۔

''اسمِ گرامی 'محمود' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس عظمت کا نشان ہے جو زمین سے شروع ہو کر عرشِ الٰہی تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات وہ مرکزِ ثنا ہے جہاں پہنچ کر انسانی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'محمودِ کائنات' ہیں جن کی تعریف خود خالقِ کائنات نے فرمائی اور جن کے تذکرے سے محفلِ ارض وسما منور ہے۔''

سَیِّدُنَا اَحِیْدُ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

''دشمنوں کو دور کرنے والے''

''احید'' قدیم کتب (خاص طور پر تورات) میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مذکور نام ہے۔لغوی طور پر یہ ''حید'' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''دور کرنے والا'' یا ''بچانے والا''۔

اس لیے اس مبارک نام کا مطلب ہوا ''وہ ہستی جو اپنی امت کو جہنم کی آگ اور دشمنوں کے شر سے دور کرنے والی ہو''۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام تورات میں ''احید'' ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کو عذاب سے بچاتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی امت کو گمراہی، شرک اور جہنم کی آگ سے بچانے کی تڑپ میں گزری۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا کہ میری مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ جلائی اور پتنگے اس میں گرنے لگے، اور میں تمھاری کمر سے پکڑ پکڑ کر تمھیں آگ میں گرنے سے بچا رہا ہوں۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''احیدیت'' کا کمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو کفر کی تاریکی سے نکال کر ایمان کی سلامتی عطا فرمائی۔

یہ اسم دراصل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ رحمت العالمین کی وضاحت بھی کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اندر اپنی امت کی خیر خواہی کی تڑپ اس قدر زیادہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی تعلیمات کے ذریعے پکڑ پکڑ کر انھیں جہنم کی آگ سے بچا رہے ہیں۔

''اسمِ گرامی 'احید' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس بے پناہ شفقت کا اظہار ہے جو نہیں چاہتی کہ کوئی ایک امتی بھی ضائع ہو۔ یہ نام ہمیں یقین دلاتا ہے کہ اگر ہم دامنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستہ رہیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت ہمیں ہر اس راستے سے 'الگ' کر دے گی جو ہلاکت کی طرف جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ محافظ ہیں جو امت کو آگ کے شعلوں سے بچا کر رحمتِ الٰہی کے ٹھنڈے سائے میں لے آئے۔''

سَیِّدُنَا وَحِیْدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اپنی صفات اور حسنِ اخلاق میں یگانہ، جس کا کائنات میں کوئی ثانی نہیں

''وحید'' کا لغوی مطلب ہے ''اکیلے، تنہا، یگانہ اور بے مثل''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو اپنے کمالات، اپنے مرتبے اور اللہ کے قرب میں اس قدر بلند ہو کہ پوری کائنات میں اس جیسا دوسرا کوئی نہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ واحد ہستی ہیں جنھیں ''سید المرسلین'' اور ''خاتم النبیین'' کا تاج پہنایا گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحید اس لیے کہا جاتا ہے کہ کائنات کی پوری تاریخ میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسی جامع صفات کسی دوسری ہستی میں پیدا نہیں فرمائیں۔ یعنی جہاں اللہ تعالیٰ واحد (یکتا) ہے وہاں مخلوق میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (وحید) بے مثال ہیں

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن و جمال اور سیرت و کردار کو وہ یگانگی عطا کی کہ آنکھ نے ویسا دوسرا دیکھا ہی نہیں۔

معراج کی رات جب تمام انبیاء پیچھے رہ گئے اور سدرۃ المنتہیٰ پر حضرت جبریلؑ نے بھی قدم روک لیے، تب صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''وحید'' (اکیلی) وہ ہستی تھے جنھوں نے ''قاب قوسین'' کے مقام پر اپنے ربّ کا دیدار کیا۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے مثالی کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔

''اسمِ گرامی 'وحید' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی دوسری مثال ممکن ہی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ اوصاف عطا فرمائے ہیں جو نہ پہلے کسی کو ملے اور نہ بعد میں کسی کو ملیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ یکتا موتی ہیں جس کے گرد کائنات کی تمام رونقیں گردش کر رہی ہیں۔''

سَیِّدُنَا مَاحِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کفر اور شرک کے اندھیروں کو مٹانے والے

''ماحِ'' عربی لغت میں اسمِ فاعل ہے جو ''محوٗ'' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''مٹانے والا'' یا ''صاف کرنے والا''۔

اس سے مراد وہ عظیم المرتبت ہستی ہے جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے روئے زمین سے کفر، شرک، جہالت اور بت پرستی کی گندگی کو مٹا دیا۔

اس اسمِ مبارک کی سب سے بڑی سند خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنا ارشادِ گرامی ہے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِي الْكُفْرَ...'' (ترجمہ: میرے پانچ نام ہیں: میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، اور میں 'ماحی' ہوں کہ اللہ میرے ذریعے کفر کو مٹاتا ہے...)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا: ''میں ماحی ہوں کہ اللہ میرے ذریعے کفر کو مٹا دیتا ہے''۔ (صحیح بخاری و مسلم)

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے باطل کے نقش مٹ گئے، ظلم و ناانصافی کا خاتمہ ہوا، رنگ و نسل کا فرق مٹ گیا۔ جزیرہ العرب سے بت پرستی کا نام و نشان مٹ جانا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صفت 'ماح' کا ایک بڑا نمونہ ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا مومن کے نامہ اعمال سے گناہوں کو (محو) مٹانے کا ذریعہ ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے قبل دنیا تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھی، انسانیت سسک رہی تھی اور خانہ کعبہ میں 360 بت موجود تھے۔ فتحِ مکہ کے دن جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ میں ایک عصا (چھڑی) تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتوں کو ٹھوکر مارتے جاتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے: ''جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ'' (حق آ گیا اور باطل مٹ گیا)۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''ماحی'' کا عملی عروج تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ صرف بتوں کو مٹایا بلکہ لوگوں کے دلوں سے شرک کی جڑوں کو بھی اکھاڑ پھینکا۔

''اسمِ گرامی 'ماحی' باطل کے خلاف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قوتِ قاہرہ کا مظہر ہے۔ یہ نام پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ کائنات میں اندھیرا کتنا ہی گہرا کیوں نہ ہو، جب 'ماحیِ کفر و شرک' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور چمکتا ہے تو باطل کے نقش و نگار ایسے مٹ جاتے ہیں جیسے سورج نکلنے پر سائے غائب ہو جاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مٹانے والے ہیں جنھوں نے انسانیت کے ماتھے سے ذلت کا داغ ہمیشہ کے لیے مٹا دیا۔''

سَیِّدُنَا حَاشِرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

وہ ہستی جن کے قدموں میں قیامت کے دن تمام لوگ جمع کیے جائیں گے

''حاشر'' کا لغوی مطلب ہے ''جمع کرنے والا'' یا ''گھیر لانے والا''۔

اس اسمِ گرامی سے یہ بھی مراد لیا جاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تشریف آوری اس بات کی علامت ہے کہ اب قیامت قریب ہے اور انسانیت کے حشر کا وقت قریب آ گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا تھا کہ ''میری بعثت اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح (قریب) ہیں''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جن کے قدموں میں قیامت کے دن تمام لوگ جمع کیے جائیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''میں حاشر ہوں کہ میرے قدموں پر لوگوں کا حشر کیا جائے گا''۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی میدانِ محشر کے مرکزی کردار اور شفاعت کے سردار ہوں گے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ صفت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مرتبۂ کمال اور منصبِ امامت کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو وہ مقام عطا فرمایا ہے کہ تمام اولین و آخرین آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی کی طرف دیکھیں گے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنا اسم گرامی خود اپنی زبان سے فرمایا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا؛ میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد اور احمد ہوں، میں ماحی ہوں کہ اللہ رب العزت میرے توسط سے کفر و شرک کو ہر نشان کو مٹا دے گا اور میں حاشر ہوں کہ سب لوگ قیامت کے دن میرے قدموں مین جمع کیئے جائیں گے اور مین عاقب ہوں یعنی سب نبیوں کے آخر میں ہوں۔

حضرت ابوموسی اشعری ؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ فرمایا کرتے تھے: میں محمد ہوں، احمد ہوں میں متقی ہوں اور حاشر ہوں اور نبی التوبہ ہوں اور نبی الرحمۃ ہوں۔

قیامت کی وہ ہولناک گھڑی جب ہر کوئی ''نفسی نفسی'' کہہ رہا ہوگا، تب آپ ﷺ ''اُمَّتِی اُمَّتِی'' پکارتے ہوئے سب کو اپنے گرد جمع فرمالیں گے اور اللہ کی بارگاہ میں شفاعت کا آغاز کریں گے۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ آپ ﷺ امت کی بکھری ہوئی تقدیر کو اپنے دامنِ رحمت میں سمیٹ سکیں۔

''اسمِ گرامی 'حاشر' آپ ﷺ کے اس اقتدارِ اخروی کا نشان ہے جو اللہ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔ یہ نام ہمیں یہ احساس دلاتا ہے کہ ہماری منزل اور ہمارا ٹھکانہ میدانِ حشر میں بھی دامنِ مصطفیٰ ﷺ ہی ہے۔ آپ ﷺ وہ شفیق پیشوا ہیں جن کی پکار پر پوری انسانیت لبیک کہے گی اور جن کی قیادت میں اہل حق جنت کی طرف پیش قدمی کریں گے۔''

سَیِّدُنَا عَاقِبُ (ﷺ)

سب سے آخر میں آنے والے نبی

(جن کے بعد نبوت کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا)

''عاقب'' کا لغوی مطلب ہے ''سب سے آخر میں آنے والا'' یا ''وہ جس کے بعد کوئی دوسرا نہ ہو''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جن پر نبوت و رسالت کی عمارت مکمل ہوگئی اور جن کے بعد قیامت تک کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ آپ ﷺ ''خاتم النبیین'' ہیں، آپ ﷺ کی آمد نے پچھلی تمام شریعتوں کو مکمل کر دیا۔

حضور ﷺ کی نبوت کا آفاقی ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کے بعد کسی اور کی ضرورت باقی نہیں رہی۔

حضور ﷺ فرماتے تھے کہ میں عاقب ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں (ترمزی)

آپ ﷺ نے ایک مثال کے ذریعے واضح فرمایا کہ انبیاء کا سلسلہ ایک خوبصورت محل کی طرح ہے جس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی تھی، میں نے آکر وہ جگہ بھر دی اور محل مکمل ہو گیا۔ یہ آپ ﷺ کی ''عاقب'' ہونے کی عملی گواہی ہے۔ اللہ نے آپ ﷺ کو وہ مکمل ضابطہ حیات دیا جو رہتی دنیا تک کے لیے کافی ہے۔

''اسمِ گرامی 'عاقب' اس بات کی ضمانت ہے کہ اب ہدایت کا چشمہ صرف درِ مصطفیٰ ﷺ سے ہی جاری رہے گا۔ یہ نام پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ نبوت کی عمارت آپ ﷺ کی ذات پر مکمل ہو چکی ہے اور اب قیامت تک آنے والے ہر انسان کو اسی آخری ہادی کی دہلیز پر سر جھکانا ہوگا۔ آپ ﷺ وہ 'عاقب' ہیں جن کے بعد اب صرف حشر کا انتظار ہے۔''

سَیِّدُنَا طٰہٰ (ﷺ)

اللہ کی طرف سے دیا گیا خطاب جس سے مراد ''اے انسانِ کامل'' یا ''اے سکون پانے والے'' ہے۔

''طٰہٰ'' قرآنِ کریم کے حروفِ مقطعات میں سے ہے، جن کے حقیقی معنی تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ تاہم، لغتِ عرب کے ماہرین اور مفسرین (جیسے ابن عباس رضی اللہ عنہ) کے نزدیک اس کے معنی ''اے کامل انسان'' یا ''اے مردِ خدا'' کے ہیں۔ بعض کے نزدیک یہ نبطی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے، (اے مردِ کامل) ''اے وہ شخص جس نے اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر رب کو پایا''۔

یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور ﷺ کو پیار اور الفت سے پکارا جانے والا وہ ''سربستہ راز'' ہے جو آپ ﷺ کی عظمتِ بشریت اور انتہائے قرب کو ظاہر کرتا ہے۔

حضور ﷺ کی زندگی اس نام کی عملی تصویر تھی۔ آغازِ وحی کے بعد جب آپ ﷺ طویل قیام فرماتے تو اللہ نے اسی نام سے پکار کر آپ ﷺ کو تسلی دی۔

روایات میں آتا ہے کہ مکہ کے ابتدائی دور میں آپ ﷺ نمازِ تہجد میں کھڑے ہو کر یادِ الٰہی میں غرق رہتے، یہاں تک کہ پائے مبارک متورم ہو جاتے۔ تب اللہ تعالیٰ نے سورہ طٰہٰ نازل فرمائی اور فرمایا: ''طٰهٰ ۚ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى'' (اے طٰہٰ! ہم نے آپ ﷺ پر قرآن اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ ﷺ مشقت میں پڑ جائیں) (سورۃ طٰہٰ؛ آیت: ۱، ۲)۔ یہ انتخاب اس لیے ہوا تاکہ کائنات کو معلوم ہو کہ آپ ﷺ اللہ کے وہ چہیتے ہیں جن کی راحت اللہ کو بے حد عزیز ہے۔

اس اسمِ مبارک میں اللہ تعالیٰ کا اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارنے کا مخصوص انداز ہے جس میں انتہا کی محبت کا اظہار ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکلیف کو دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عبادت کم کرنے کو کہہ دیا گیا۔ اس اندازِ تخاطب میں شفقت کی گہرائی نمایاں ہے۔

''اسمِ گرامی 'طٰہٰ' اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان محبت کا ایک راز ہے۔ یہ نام پکارتے ہی ایک ایسی خوشبو آتی ہے جو روح کو سکون بخشتی ہے۔ یہ خالق کی طرف سے اپنے بندہِ خاص کو دیا گیا وہ تمغہ ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طہارت، سیادت اور محبوبیت پر سب سے بڑی مہر ہے۔''

سَیِّدُنَا یٰسٓ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قرآنی خطاب جس کے ایک معنیٰ ''اے سردار'' کے ہیں

''یٰسٓ'' بھی حروفِ مقطعات میں سے ہے جسے ''قلبِ قرآن'' کہا گیا ہے۔لغتِ عرب کے مطابق یہ ''یا انسان'' یا ''یا سید'' (اے سردار) کے معنوں میں مستعمل ہے۔امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب ''اے وہ جس کی سرداری عالمگیر ہے''۔

شریعت کی روشنی میں یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقامِ سیادت اور مرکزِ ہدایت ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔اللہ نے اس نام کے فوراً بعد قرآنِ حکیم کی قسم کھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبے کی سند ہے۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں، اللہ نے کسی مخلوق کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر اپنی بارگاہ میں مکرم پیدا نہیں کیا اور میں نے نہیں سنا کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کسی کی زندگی کی قسم کھائی ہو۔

ابوالجوزاؒ نے کہا کہ اللہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کسی حیات کی قسم نہیں کھائی کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارگاہ الٰہی میں ساری مخلوق سے مکرم ہیں (الشفا باب ا صفحہ ۵۱)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی انسانیت کی سرداری اور رہنمائی کا نمونہ رہی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا: ''اَنَا سَیِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ'' (میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور مجھے اس پر فخر نہیں بلکہ یہ اللہ کا فضل ہے)۔سورہ یٰسٓ کی ابتدائی آیات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صراطِ مستقیم کا رہبر قرار دیا گیا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''یٰسٓ ، وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ، اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ'' (یٰسٓ، قسم ہے حکمت والے قرآن کی، بیشک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسولوں میں سے ہیں) جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کائنات کی ہدایت کا مرکز

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ہے۔

ابو محمد مکی رحمۃ اللہ علیہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، خدا کی بارگاہ میں میرے دس نام ہیں ان میں سے طٰہٰ اور یٰسں بھی ہیں (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۱۱ صفحہ ۴۵۷)

مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام و کتاب کی قسم کھا کر فرمایا، بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسولوں میں سے ہیں کہ بندوں کی طرف پیغام پہنچاتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راہ راست پر ہیں۔ نقاش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کتاب مجید میں کسے نبی کی رسالت کی قسم نہیں کھائی گئ سوائے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے (الشفاء باب ا صفحہ ۵۹)

''اسمِ گرامی 'یٰسں' وہ مقدّس پکار ہے جس میں خالق کی اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بے پناہ الفت چھپی ہوئی ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کسی گواہی کی محتاج نہیں، بلکہ اللہ نے خود اس نام کے ساتھ قرآن کی قسم کھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق ہونے کا اعلان فرمایا۔ یہ اسمِ مبارک دراصل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمتِ سیادت کا وہ نورانی تاج ہے جو عرشِ الٰہی سے عطا ہوا ہے۔''

سَیِّدُنَا طَاهِرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہر ظاہری اور باطنی ناپاکی سے پاک وصاف ذات

''طاہر'' کا لغوی مطلب ہے ''پاک، صاف اور منزہ''۔

یہ طہارت سے اسم فاعل ہے بعض علما کے نزدیک اس کی دو قسمیں ہیں

1۔طہارت حسنیہ یعنی ظاہری میل کچیل کا صاف ہونا

اس سے مراد وہ پاکیزگی ہے جو حواس خمسہ سے محسوس کی جا سکے مثلاً، بدن، لباس اور جگہ کا ہر وسم کی غلاضت سے پاک ہونا۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے یہ اصطلاح اس لیے استعمال ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسمِ اطہر فطری طور پر پاکیزہ تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاکیزگی پسند بھی تھے۔ظاہری پاکیزگی باطنی پاکیزگی کا دیباچہ ہے جب تک ظاہر صاف نہ ہو باطن کی تجلی میسر نہیں آتی۔

2۔طہارت معنویہ یعنی باطنی اور معنوی پاکیزگی

اس طہارت کا تعلق روح اور قلب کی صفائی سے ہے یعنی اخلاقی پستیاں جیسے کینہ، حسد، غرور، جھوٹ اور نفاق سے پاک ہونا۔

طاہر سے مراد وہ ذات ہے جو ہر قسم کے گناہ، عیب، برائی، شرک اور نفسانی خواہشات کی آمیزش سے مکمل طور پر پاک ہو۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظاہر و باطن، جسم و روح، اور نسب و خاندان سب ''طاہر'' ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جدامجد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ

(رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيهِمۡ رَسُولًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوا عَلَيۡهِمۡ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتَابَ وَالۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيهِمۡ ۚ إِنَّكَ أَنتَ الۡعَزِيزُ الۡحَكِيمُ) اے ہمارے رب ان

میں سے وہ رسول بھیج جو ان کے پاس تیری آیتیں پڑھے، انھیں کتاب وحکمت سکھائے اور انھیں پاک کرے (البقرہ:۱۲۹)

اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک ایسا نبی ﷺ (طاہر) بھیجا جس نے نہ صرف اہل مکہ بلکہ پوری دنیا کو طہارت کا سبق دیا اور ان کی جسمانی، روحانی اور دنیاوی گندگیوں کو دور کیا اور طہارت عطا فرمائی۔ گویا آپ ﷺ کی تعلیمات کی غرض وغایت تزکیہ نفس، پاکیزگی جسم یعنی باطنی اور ظاہری طہارت ہے۔

آپ ﷺ کی پیدائش سے وصال تک کا ہر لمحہ پاکیزگی کی معراج رہا۔

آپ ﷺ کا بچپن ہو یا جوانی، عرب کی جاہلیت کے باوجود آپ ﷺ نے کبھی کسی بت کو نہیں چھوا، کبھی جھوٹ نہیں بولا اور کبھی کسی گناہ کے قریب نہیں گئے۔ ''شقِ صدر'' (سینے کا چیرا جانا) کا واقعہ اس بات کی علامت تھا کہ اللہ نے آپ ﷺ کے قلبِ مبارک سے بشری میلان کا وہ ذرہ بھی نکال دیا جسے شیطان استعمال کرتا ہے۔ آپ ﷺ کا پسینہ مبارک بھی خوشبودار اور پاک تھا۔ گویا آپ ﷺ کی ساری زندگی طہارت کا نمونہ تھی۔

''اسمِ گرامی 'طاہر' آپ ﷺ کی فطری معصومیت اور پاکیزگی کا عنوان ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ کائنات میں اگر کسی ہستی کو بے عیب دیکھنا ہو تو وہ ذاتِ مصطفیٰ ﷺ ہے۔ آپ ﷺ وہ اجلی شخصیت ہیں جن کے دامن پر نہ دنیا کی کوئی گرد ہے اور نہ جن کے خیال میں کوئی لغزش۔ آپ ﷺ کی طہارت اللہ کی اس خاص عنایت کا مظہر ہے جو صرف محبوبِ خدا کا خاصہ ہے۔''

سَیِّدُنَا مُطَهَّرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کو اللہ نے خود معجزانہ طور پر پاکیزگی عطا فرمائی

لفظ ''مطہر'' اسم مفعول کا صیغہ ہے، جس کا مطلب ہے '' جسے پاک کیا گیا ہو''۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جسے اللہ تعالیٰ نے خود اپنے دستِ قدرت سے ہر قسم کی ظاہری و باطنی آلودگی، بشری لغزشوں، اور شیطانی وسوسوں سے مکمل طور پر پاک وصاف کر دیا ہو۔ ''طاہر'' وہ ہے جو خود پاک ہو، اور ''مطہر'' وہ ہے جسے اللہ نے کائنات کے لیے نمونہ بنا کر پاکیزگی کی معراج پر فائز کر دیا ہو۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں اس صفت کا ظہور بار ہا ہوا۔ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا '' (سورہ الاحزاب:33)

''اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو! کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمھیں (ایسا) پاک کر دے جیسا پاک کرنے کا حق ہے۔''

حضرت جبریل علیہ السلام کا بار بار آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''شقِ صدر'' کرنا اور قلبِ مبارک کو زمزم سے دھونا اس صفتِ ''مطہر'' کی حسی اور مادی گواہی ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اطہر کو وہ پاکیزگی عطا کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بدن پر کبھی مکھی نہیں بیٹھی اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ زمین پر پڑا (تا کہ کسی کا پاؤں اس پر نہ آئے)۔

اور اگر اس اسمِ مبارک کو اسم فاعل کے طور پر لیا جائے تو مطہر وہ ہے جو دوسروں کو پاک کرنے کی صلاحیت اور قوت رکھتا ہو، یعنی وہ ہستی جو نفوس کی صفائی کے عمل کو کمال تک پہنچا دے۔

قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منصبِ نبوت کے چار بنیادی کام بتائے گئے ہیں۔ سورۃ الجمعہ کی آیت نمبر ۲ میں فرمایا گیا کہ۔۔۔

(هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ)

ترجمہ: ''وہی ہے جس نے ایک رسول بھیجا جو ان پر اسکی آیات تلاوت فرماتا ہے، ان کا تزکیہ کرتا ہے اور انھیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ ان کاموں میں ''یزکیھم'' یعنی تزکیہ کرنے سے مراد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانوں کو نہ صرف ظاہری نجاستوں سے پاک رہنے کے آداب سکھائے بلکہ ان کے باطن کو بھی شرک، جہالت اور تمام اخلاقی نجاستوں سے پاک کر کے کندن بنا دیا۔

''اسمِ گرامی 'مطہر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفتِ اعجاز کا عنوان ہے جس نے عرب کے بدوؤں کو کائنات کا امام بنا دیا۔ یہ نام بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ وہ 'غسل خانۂ روحانی' ہے جہاں گناہوں سے لتھڑے ہوئے انسان آتے ہیں اور تائب ہو کر ایسے پاک وصاف ہو جاتے ہیں جیسے ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ پارس ہیں جو لوہے کو چھو کر سونا (پاک) کر دیتے ہیں۔''

سَیِّدُنَا طَیِّبٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پاکیزہ، خوشبودار اور نفیس شخصیت

''طیب'' کا لغوی مطلب ہے ''نفیس، خوشبودار، ستھرا اور لذیذ، حلال، اچھا اور جائز ہے''۔ یعنی ہر وہ چیز جو حواس اور روح کو خوشگوار لگے۔ اس میں پاکیزگی کے ساتھ ساتھ نفاست کے اعلیٰ معیار کا مفہوم بھی شامل ہے۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس کا وجودِ مسعود سراپا نزاکت، خوشبو اور نفاست ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر عمل ''طیب'' (پاکیزہ) ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں نفاست اور خوشبو کا یہ عالم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس گلی سے گزر جاتے، وہ گلی خوشبو سے مہک اٹھتی تھی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام طیب تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو انتہائی شیریں سچی اور دلنشین تھی جس میں نہ تو سختی تھی اور نہ ہی کوئی لغویات۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق اتنے عمدہ اور نفیس تھے کہ دشمن بھی ان کی لطافت کے گرویدہ تھے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے ہاں (یعنی حضرت ام سلیمؓ کے گھر) تشریف لائے اور قیلولہ فرمایا (دوپہر کو آرام کیا)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسینہ آیا تو ام سلیم رضی اللہ عنہا ایک شیشی لے کر آئیں اور پسینہ اس میں جمع کرنے لگیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار ہوئے تو پوچھا: ''اے ام سلیم! یہ کیا کر رہی ہو؟''

انھوں نے عرض کیا: ''يَا رَسُولَ اللهِ، نَرْجُو بَرَكَتَهُ لِصِبْيَانِنَا'' (اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم اپنے بچوں کے لیے اس کی برکت کے امیدوار ہیں)۔

ایک اور روایت میں (صحیح مسلم ہی کی حدیث نمبر 2332) حضرت ام سلیمؓ کے الفاظ یہ ہیں: ''هُوَ طِيبُنَا وَهُوَ مِنْ أَطْيَبِ الطِّيبِ'' (یہ ہمارا عطر (خوشبو) ہے اور یہ تمام خوشبوؤں سے بڑھ کر بہترین خوشبو ہے (صحیح مسلم۔ کتاب الفضائل، نمبر 2331)

آپ ﷺ نے امت کو بھی ''طیب'' رہنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اللہ طیب ہے اور صرف طیب (پاکیزہ) چیز ہی قبول فرماتا ہے۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ ﷺ کائنات کے سب سے مہکتے ہوئے پھول بن کر تشریف لائے۔

آپ ﷺ کی تعلیمات کا پہلا سبق طہارت ہے جو انسان کو جملہ برائیوں سے پاک کرنے والا ہے۔ اسلام کی تمام عبادات نماز، روزہ، حج، زکواۃ انسان کی روحانی اور جسمانی طہارت کا اہم ذریعہ ہیں، کلمہ شہادت کا نام کلمہ طیبہ رکھا گیا کہ جسے پڑھنے اور اقرار کرنے سے انسان ماضی کی تمام غلطیوں سے پاک ہوجاتا ہے۔

طاہر اور طیب میں یہ فرق ہے کہ طاہر جو گندگی سے پاک ہو اور طیب وہ جو پاک ہونے کے ساتھ ساتھ نفیس اور پسندیدہ بھی ہو (جیسے کوئی پاکیزہ خوشبو جو طبیعت کو شاداب کردے)

''اسمِ گرامی 'طیب' آپ ﷺ کی اس جمالیاتی شان کا مظہر ہے جس نے کائنات کے بدبودار نظام کو ایمان کی خوشبو سے بدل دیا۔ یہ نام ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ایک مومن کا ظاہر اور باطن بھی طیب (نفیس) ہونا چاہیے، کیونکہ طیبِ کائنات ﷺ کی بارگاہ میں وہی قبول ہوتا ہے جو پاکیزہ اور نفیس ہو۔ آپ ﷺ وہ پھول ہیں جس کی مہک رہتی دنیا تک انسانیت کے مشامِ جاں کو معطر رکھے گی۔''

سَیِّدُنَا سَیِّدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام کائنات اور انبیاء کے سردار

''سید'' کا لغوی مطلب ہے ''سردار، پیشوا، آقا اور وہ ہستی جس کی اطاعت واجب ہو''۔

اس سے مراد وہ عظیم ہستی ہے جو تمام انبیاء، مرسلین، ملائکہ اور کل کائنات کی سردار ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''سید ولدِ آدم'' (اولادِ آدم کے سردار) ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا کہ ''میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور یہ بات میں فخر کے طور پر نہیں کرتا'' یہ نام اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ حضرت آدمؑ سے لے کر قیامت تک آنے والا ہر انسان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیادت کے دائرے میں ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیادت کا جھنڈا دنیا و آخرت دونوں میں بلند ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیا اور رسولوں کے بھی سردار ہیں۔ شبِ معراج میں مسجدِ اقصیٰ کے مقام پر تمام انبیاء کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا میں نماز پڑھنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''سیادت'' کا عالمی اعلان تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ مقام عطا فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے بغیر جنت کا دروازہ نہیں کھلے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب تمام مخلوق کی قیادت اور شفاعت کے لیے کیا گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''سید'' ہیں جن کی سیادت جبر یا طاقت پر نہیں بلکہ رحمت، شفقت اور بے مثال اخلاق پر مبنی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو غیر کی بندگی سے نکال کر اللہ کی بندگی کے طرف راغب کیا۔

''اسمِ گرامی 'سید' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ابدی اقتدار کا عنوان ہے جو ربِ کائنات نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخشا ہے۔ یہ نام ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمارے آقا اور مربی صرف وہی ہستی ہیں جس نے غلاموں کو عزت دی اور انسانیت کو بندگی کا سلیقہ سکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سید' ہیں جن کی غلامی دراصل بادشاہی ہے اور جن کی چوکھٹ پر جھکنے والا کبھی در بدر نہیں ہوتا۔''

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کا پیغام پہنچانے والا برگزیدہ سفیر

لفظ ''رسول'' عربی لغت میں 'رسل' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''پیغام دے کر بھیجا گیا'' یا ''قاصد''۔

رسول اس عظیم ہستی کو کہتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی ہدایت کے لیے نئی شریعت اور نئی کتاب دے کر مبعوث فرمائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ آخری اور سب سے برگزیدہ رسول ہیں جن کی رسالت پوری کائنات اور قیامت تک کے لیے عام ہے۔

قرآن پاک میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو متعدد بار اس نام سے پکارا گیا، مثلاً

اللہ تعالی نے سورۃ آل عمران؛ ۱۴۴ میں فرمایا، **وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ** اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رسول ہی ہیں، ان سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے ہیں۔

نیز سورۃ الفتح ارشاد ہوا: **مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ...**

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں رحم دل ہیں (الفتح: ۲۹)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی پیغامِ الٰہی کی ترویج و اشاعت سے عبارت ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس امانت کو پہنچانے میں وہ تکالیف برداشت کیں جن کا تصور بھی محال ہے۔

میدانِ طائف میں پتھر کھا کر بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان پر یہی کلام تھا کہ ''اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے کہ یہ جانتے نہیں''۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منصبِ رسالت کا کمال تھا کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دشمنوں کی ایذا رسانی کے باوجود اللہ کا پیغام ہر گھر تک پہنچا دیا۔ صرف مکہ اور مدینہ کی گلیوں میں ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی خطوط، وفود اور مختلف ذرائع آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کا پیغام پہنچایا، نہ صرف پیغام پہنچایا بلکہ اس پر عمل بھی کر کے دکھایا جو ایک رسول کا خاصہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے سب سے معتبر اور صادق پیغام رساں ہیں۔

''اسمِ گرامی 'رسول' اس عہدِ وفا کا نام ہے جو خالق نے اپنی مخلوق سے کیا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اللہ نے انسانوں کو اندھیروں میں بھٹکتا ہوا نہیں چھوڑا بلکہ اپنے سب سے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'رسول' ہیں جن کی پکار پر لبیک کہنا ہی بندگی کی معراج ہے اور جن کا لایا ہوا ضابطۂ حیات ابدی کامیابی کی واحد ضمانت ہے۔''

سَیِّدُنَا نَبِیٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کے اذن سے غیب کی خبریں دینے والے

لفظ''نبی''لغتِ عرب میں 'نبا' سے مشتق ہے،جس کا مطلب ہے''غیب کی خبر دینے والا''۔بعض کے نزدیک یہ 'نبوۃ' سے ہے جس کا مطلب ہے''بلندی اور رفعت''۔

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گیارہ مرتبہ''یا ایھا النبی'' کہہ کر مخاطب فرمایا۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! یقینا ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (رسول بنا کر) گواہیاں دینے والا اور خوشخبریاں سنانے والا اور آگاہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے (الاحزاب:۴۵)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفار اور منافقین سے جہاد کیجیئے اور ان کے ساتھ سختی سے پیش آیئے، ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے (التحریم:۹)

نبی وہ ہستی ہے جسے اللہ تعالیٰ غیب کے اسرار پر مطلع فرمائے اور وہ اللہ کی منشاء سے لوگوں کو آگاہ کرے۔ نبی وہ باطنی واسطہ ہے جس کا تعلق ایک طرف خالق سے اور دوسری طرف مخلوق سے رہتا ہے۔ ہر رسول نبی ہوتا ہے،لیکن ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی بھی ہیں اور رسول بھی، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلندیِ مرتبہ بھی حاصل ہے اور غیب کی خبریں بھی۔تاہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم الانبیا ہیں یعنی نبوت کا وہ بلند مقام جہاں خبر دینے اور بلندی مرتبہ کی تمام حدیں ختم ہوجاتی ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے ماضی، حال اور مستقبل کے جو چاہے وہ غیبی علوم عطا فرمائے جو کسی اور کو نہیں ملے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برسوں پہلے فتنوں، قیامت کی نشانیوں اور صحابہ کے احوال کی جو خبریں دیں، وہ حرف بہ حرف پوری ہوئیں۔ جنگِ بدر کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین کے گرنے کی جگہیں پہلے ہی بتا دیں، یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''نبی'' ہونے کا کھلا معجزہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انسانیت کو مادی دنیا سے بلند کر کے عالمِ غیب کی معرفت عطا کریں۔

''اسمِ گرامی 'نبی' اس نورانی بصیرت کا عنوان ہے جس نے انسان کو اندھیروں سے نکال کر حقیقتِ ابدی سے روشناس کرایا۔ یہ نام ہمیں بتا تا ہے کہ اگر ہم کائنات کے اسرار اور اللہ کی رضا کو جاننا چاہتے ہیں، تو ہمیں اسی 'نبیِ صادق' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے ہر لفظ پر یقین لانا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہادی ہیں جن کی ہر خبر سچی اور جن کا ہر اشارہ منزلِ مقصود کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔''

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّحْمَۃِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کُل جہانوں کے لیے سراپا رحمت بن کر آئے

اس کا مطلب ہے ''رحمت لانے والا رسول''۔ رحمت کا مادہ رحم سے ہے، جس کے معنی رقت قلب، مہربانی اور شفقت کے ہیں اور جب اسے رسول کے ساتھ جوڑا جاتا ہے تو اسکا مطلب ہے وہ رسول جو خود بھی رحمت ہے اور جسکا پیغام بھی سراپا رحمت ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا: ''وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ'' (اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر ہی بھیجا) (الانبیا: ۱۰۷)

حضرت سمرقندی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ رحمت العالمین سے عام جن وانس پر رحمت کرنا مراد ہے۔ ایک روایت میں اس سے تمام کائنات اور مخلوقات پر رحم کرنا مراد ہے۔ مومنین کے لیے رحمت ہدایت پانا ہے، اور منافقین کے لیے رحمت قتل سے محفوظ رہنا ہے، اور کافرین پر رحمت یہ ہے کہ ان پر عذاب میں تاخیر کی جائے (کہ اب وہ دنیا میں عذابِ عام سے محفوظ ہیں) (صحیح المسلم جلد ۴ صفحہ ۱۷۹۲)

ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرائیلؑ سے دریافت فرمایا، کیا میری رحمت سے تم کو بھی حصہ ملتا ہے تو انھوں نے عرض کی کہ جی ہاں (الشفاؑ، باب ا صفحہ ۳۸)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت صرف انسانوں کے لیے نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنات، حیوانات، نباتات اور جمادات کے لیے بھی رحمت ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت کا سایہ دوست ودشمن سب پر برابر رہا۔

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فاتح بن کر مکہ میں داخل ہوئے اور وہ کفارِ قریش جنھوں نے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور آپ کے صحابہؓ کو برسوں تک تکالیف دیں، قتل کے منصوبے بنائے اور ہجرت پر مجبور کیا، سامنے کھڑے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے پوچھا: ''تمھیں کیا لگتا ہے کہ میں تمھارے ساتھ کیا سلوک کروں گا؟''

انھوں نے کہا: ''آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریم بھائی اور کریم بھتیجے ہیں۔''

اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہی الفاظ دہرائے جو حضرت یوسفؑ نے کہے تھے

''لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ''

(آج تم پر کوئی ملامت نہیں، اللہ تمھیں معاف کرے اور وہ سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے)۔

یہ جملہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''عفو و درگزر'' (معاف کر دینے) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''رحمت اللعالمین'' ہونے کی سب سے بڑی مثال مانا جاتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کو امن و سلامتی کا وہ درس دیا جس میں انسان اپنے انسان ہونے پر فخر کرنے لگے اور دنیا ظلم و ستم کے چنگل سے نجات پا گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا کے ہر ذی روح کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے حتی کہ چوپائیوں کے لیے بھی احکام جاری کیئے کہ ان پر ضرورت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے اور چرند پرند کو بھی تنگ نہ کیا جائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمت بن کر امت کو جہنم کے گڑھوں سے نکالنے کے لیے تشریف لائے، قیامت کے روز جب ہر کوئی پریشان ہوگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت ہی سجدہ اور شفاعت کی صورت میں ظاہر ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت دنیا سے لے کر حشر تک اور جنت تک جاری رہنے والی ہے۔

''اسمِ گرامی 'رسول الرحمۃ' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو عذاب

دینے کے لیے نہیں بلکہ معاف کرنے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ وہ پناہ گاہ ہے جہاں مایوسی کا کوئی گزر نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ بادل ہیں جو سوکھی ہوئی انسانیت پر پیار اور بخشش کی بارش بن کر برسے اور زمین کو ایمان کی ہریالی سے بھر دیا۔“

سَیِّدُنَا قَیِّمٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دینِ حق کو قائم کرنے والے اور اس پر ثبات قدم رکھنے والے

لفظ ''قیم'' عربی لغت میں 'قیام' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''قائم کرنے والا''، ''سیدھا راستہ دکھانے والا'' اور ''نگران''۔

اس سے مراد وہ عظیم ہستی ہے جس نے دینِ حق کو دنیا میں مضبوطی سے قائم کیا اور جو صراطِ مستقیم پر خود بھی ثابت قدم رہے اور امت کو بھی اس پر چلایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو وہ نظامِ زندگی دیا جو قیامت تک کے لیے اٹل اور غیر متبدل ہے، اس میں کبھی کوئی تبدیلی یا ٹیڑھ پیدا نہیں ہوسکتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جاہلیت کی کجیوں کو دور کر کے معاشرے کو اخلاق اور عدل کے سیدھے راستے پر قائم کر دیا۔ قرآنِ کریم میں متعدد مقامات پر دینِ اسلام کو ''الدین القیم'' کہا گیا ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دین کے ''قیم'' (محافظ و نگران) ہیں۔ جس طرح ایک ''قیم'' اپنی رعایا کی خبر گیری کرتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کی دنیا و آخرت میں رہنمائی اور خبر گیری فرمانے والے ہیں

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی حق پر ثابت قدمی کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔ باطل کی آندھیاں آئیں، لالچ دیے گئے اور دھمکیاں دی گئیں، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہاڑ کی طرح اپنے موقف پر قائم رہے۔

جب قریشِ مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تبلیغ سے روکنے کے لیے سرداری اور مال و دولت کی پیشکش کی، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تاریخی جواب دیا: ''اگر یہ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پر چاند بھی رکھ دیں، تب بھی میں اس کام سے پیچھے نہیں ہٹوں گا''۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''قیم'' ہونے کی وہ صفت ہے جس نے اسلام کی عمارت کو رہتی دنیا تک استحکام بخشا۔

''اسمِ گرامی 'قیم' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس بے مثال استقامت کا عنوان ہے جس نے کفر کے طوفانوں کا رخ موڑ دیا۔ یہ نام ہمیں یہ یقین دلاتا ہے کہ ہمارا دین اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لایا ہوا نظام کبھی مٹنے والا نہیں، بلکہ یہ رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے مینارۂ نور بن کر قائم رہے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'قیمِ کائنات' ہیں جن کی پیروی انسان کو بھٹکنے سے بچاتی ہے اور اسے منزلِ مقصود تک پہنچا دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا جَامِعٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام کمالات اور خوبیوں کو اپنی ذات میں سمیٹنے والے

''جامع'' کا لغوی مطلب ہے ''اکٹھا کرنے والا'' یا ''سمیٹنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس کی ذاتِ اقدس میں اللہ تعالیٰ نے کائنات کے تمام کمالات، اخلاقِ حسنہ، علومِ اولین وآخرین اور تمام انبیاء کی خوبیاں جمع کر دی ہوں۔ حضرت آدمؑ کی صفیّت، حضرت نوحؑ کی شکر گزاری، حضرت ابراہیمؑ کی خُلت، حضرت موسیٰؑ کا جلال اور حضرت عیسیٰؑ کا جمال سب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں ''جامع'' ہیں۔

اس نام کی سب سے بڑی دلیل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ فرمان ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ایک خاص صفت کا ذکر فرمایا:

''أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ'' (ترجمہ: مجھے 'جوامع الکلم' (جامع کلمات) عطا کیے گئے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو نہایت مختصر مگر معانی کے اعتبار سے بے حد وسیع ہوتی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوالِ زریں پوری زندگی کے اصولوں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکھرے ہوئے عرب قبائل کو جو ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے، کلمہِ توحید پر جمع کر کے ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنا دیا۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''جامع'' کا کمال تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رنگ، نسل اور زبان کے فرق کو ختم کر کے سب کو ایک لڑی میں پرو دیا۔

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ جامعیت عطا فرمائی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک صفت دوسری صفت میں حائل نہیں ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیک وقت ایک جری سپاہی بھی ہیں اور نہایت

نرم دل عابد بھی، ایک کامیاب تاجر بھی ہیں اور ایک زاہدِ شب بیدار بھی۔

آپ ﷺ ایک ہی وقت میں ایک کامل رسول، ایک عدل پسند حکمران، ایک ماہرِ حرب سپہ سالار، ایک شفیق باپ، ایک وفادار شوہر، ایک امانت دار تاجر اور ایک مخلص دوست تھے۔

''اسمِ گرامی 'جامع' اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ اب کمالِ انسانی کی تلاش میں کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ عظمت کے تمام راستے ذاتِ مصطفیٰ ﷺ پر آ کر ختم ہو جاتے ہیں۔ آپ ﷺ وہ بحرِ بے کنار ہیں جس میں معرفت کے تمام دریا آ کر مل جاتے ہیں۔ آپ ﷺ وہ 'جامعِ کمالات' ہیں جن کی پیروی انسان کو ہر پہلو سے مکمل کر دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سابقہ انبیاء کے نقشِ قدم پر چلنے والے اور ان کے مشن کی تکمیل کرنے والے

''مقتفٍ'' کا لغوی مطلب ہے ''پیچھے آنے والا'' یا ''نقشِ قدم پر چلنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو تمام انبیاءِ کرام کے بعد تشریف لائے اور جنھوں نے تمام سابقہ انبیاء کے مشن کی تصدیق فرمائی اور ان کی دعوت کو مکمل کر کے اسے کمال تک پہنچایا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سابقہ انبیاء کی عزت و تکریم اور ان کی تعلیمات کے جوہر کو اپنی شریعت میں سمویا۔

قرآنِ کریم میں اللہ نے حکم دیا:

''أُولَئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ''

''یہ وہ لوگ (انبیاءِ کرام) تھے جنھیں اللہ نے ہدایت دی تھی، پس (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ان ہی کے راستے (ہدایت) کی پیروی کریں۔''
(الانعام:۹۰)

اس آیت کا مفہوم بہت گہرا ہے، خاص طور پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارک کے حوالے سے۔

اس آیت سے پہلے اللہ تعالیٰ نے متعدد (18) انبیاءِ کرام کے نام ذکر فرمائے۔ پھر اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا کہ ان سب کی جو انفرادی خوبیاں اور ہدایات تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سب کو اپنی ذات میں جمع فرما لیں۔ اسی لیے مفسرین فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات تمام انبیاء کے کمالات کا جامع ہے۔

اگر حضرت نوحؑ میں شکر تھا، حضرت ابراہیمؑ میں خلت تھی، حضرت موسیٰؑ میں جرات تھی

اور حضرت عیسیٰؑ میں زہد تھا، تو اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا کہ ان تمام عالی شان صفات کی پیروی کرتے ہوئے انھیں اپنی ذات میں یکجا کر لیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ملت کو زندہ کیا اور حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہ السلام کی بشارتوں کی عملی تعبیر بن کر دکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام الٰہی سلسلوں کے نچوڑ اور حاصل بن کر سامنے آئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ میں محمد ہوں اور احمد ہوں اور مقفی ہوں اور حاشر ہوں اور نبی التوبہ ہوں اور نبی الرحمۃ ہوں، بعض روایات میں نبی الملحمہ کے الفاظ بھی آئے ہیں (صحیح مسلم، مسند احمد، شمائل ترمزی)

''اسمِ گرامی 'مقفی' اس عاجزی اور تسلسل کا نشان ہے جو نبوت کا خاصہ ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ دینِ اسلام کوئی نیا فلسفہ نہیں بلکہ وہی قدیم سچائی ہے جس کی آبیاری لاکھوں انبیاء نے کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقفیِ اعظم' ہیں جنھوں نے پچھلی تمام شمعوں کے نور کو اپنے چراغ میں جمع کر لیا اور کائنات کو ہدایت کی وہ روشنی دی جس کے بعد اب کسی اور روشنی کی ضرورت نہیں رہی۔''

سَیِّدُنَا مُقَفِّیٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ جن پر نبوت کا سلسلہ ختم کر دیا گیا

لفظ ''مُقَفٍّ'' عربی لغت میں 'قَفّٰی' سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں ''پیچھے لانے والا'' یا ''ختم کرنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس نے انبیاء کے سلسلے کی پیروی کی اور اسے اپنے پیچھے لا کر ختم کر دیا۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آخری کڑی ہیں جس کے بعد نبوت کی زنجیر مکمل ہوگئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب کسی نئے نبی کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ جس طرح عبارت کا آخری لفظ (قافیہ) پوری تحریر کو مکمل اور خوبصورت بنا دیتا ہے اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس نے قافلہ نبوت کو کمال تک پہنچا دیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سابقہ تمام نبوتوں کی تصدیق اور ان کے فیضان کی انتہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لائے ہوئے پیغام کو جلا بخشی اور اسے تا قیامت ایک عالگیر شریعت کی صورت میں نافذ فرما دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا: ''میرا نام المقفّٰی ہے''۔ جس طرح ایک قافلے کے پیچھے چلنے والا سب کو سمیٹتا ہوا آتا ہے، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام گذشتہ شریعتوں کے حقائق کو سمیٹا اور نبوت کے باب پر مہر لگا دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ کائنات کے اس عظیم الشان ہدایت کے نظام کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے ''انسانِ کامل'' پر مکمل کیا جائے۔ لہذا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے تمام الہامی سلسلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں آ کر ختم ہو گئے اور انسانیت کو ہدایت کا وہ آخری اور مکمل راستہ (صراط مستقیم) مل گیا جس کے بعد کسی اور رہبر کی حاجت نہ رہی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا 'مقفی' ہونا اس بات کی ضمانت ہے کہ اب نجات اور کامیابی صرف اور صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع میں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آخری کڑی ہیں جس نے بندگی کے تمام تقاضوں کو پورا کر کے خالق اور مخلوق کے درمیان رابطے کو معراج عطا کر دی۔

''اسمِ گرامی 'مقفی' اس ابدی حقیقت کا اعلان ہے کہ اب ہدایت کی تلاش میں کسی نئے رہبر کا انتظار فضول ہے۔ یہ نام ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیج کر نبوت کے دفتر پر مہر لگا دی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آخری مسافر ہیں جس کے بعد وحی کا راستہ بند ہو گیا اور جس کی پیروی اب رہتی دنیا تک نجات کا واحد ذریعہ ہے۔''

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الْمَلَاحِم (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حق و باطل کے معرکوں میں شجاعت دکھانے والے رسول

یہ نام بہادری اور استقامت عطا کرتا ہے۔

''ملاحم'' جمع ہے 'ملحمہ' کی، جس کے معنی ہیں ''بڑا معرکہ'' یا ''خونریز جنگ''۔

اس سے مراد وہ رسول ہیں جو باطل کو مٹانے کے لیے میدانِ کارزار میں تشریف لائے اور جنھوں نے کفر کی طاقتوں کے خلاف عظیم معرکے لڑ کر حق کا پرچم بلند کیا۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شجاعت اور باطل شکن صفت کو ظاہر کرتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صرف مسجد کے گوشے میں بیٹھنے والے زاہد نہ تھے، بلکہ ضرورت پڑنے پر میدانِ جنگ کے وہ سپہ سالار تھے جن کی بہادری کی قسم دشمن بھی کھاتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود فرمایا: ''أنا نبي التوبة، وأنا نبي الملاحم'' (میں توبہ کا نبی ہوں اور میں ہی جنگوں کا نبی ہوں) (ترمذی: ۳۶۱)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے 10 سالہ مدنی زندگی میں تقریباً 27 غزوات کی قیادت فرمائی۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صفتِ ''رسولِ الملاحم'' کی عملی تصویر ہے کہ اتنے مختصر وقت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے نہ صرف اتنے معرکے لڑے بلکہ پورے عرب کا نقشہ بدل کر رکھ دیا۔

جنگِ بدر، احد اور حنین جیسے معرکے اس بات کے گواہ ہیں کہ جب بڑے بڑے بہادروں کے قدم ڈگمگا جاتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تنہا دشمن کی صفوں کے سامنے کھڑے ہو جاتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ دنیا کو معلوم ہو کہ حق کی سربلندی کے لیے ہر قسم کی قربانی اور شجاعت لازم ہے۔

''اسمِ گرامی 'رسول الملاحم' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس جرات اور شجاعت کا عنوان ہے جس

نے قیصر وکسریٰ کے ایوانوں میں لرزہ طاری کر دیا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ مومن نرم دل تو ہوتا ہے لیکن حق کے دشمنوں کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مردِ میداں' ہیں جنھوں نے اپنی شجاعت سے کفر کا غرور مٹایا اور رہتی دنیا تک مظلوموں کے لیے حوصلے کی ڈھال بن گئے۔''

زیادہ تر محدثین اور مورخین (جیسے ابنِ اسحاق) کے نزدیک غزوات کی کل تعداد ۱۹ یا ۲۷ بتائی جاتی ہے، لیکن ان اختلافات کی وجہ یہ ہے کہ کچھ راویوں نے ان مہمات کو شمار نہیں کیا جن میں باقاعدہ قتال نہیں ہوا۔

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ رسول جن کی شریعت امت کے لیے باعثِ سکون اور راحت ہے

''راحت'' کا مطلب ہے ''سکون، آرام، اور تنگی کا دور ہونا''۔

اس سے مراد وہ رسول ہیں جن کی تشریف آوری انسانیت کے لیے سکون کا باعث بنی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ دین لائے جس میں مشقت کم اور اجر زیادہ ہے، اور جس نے انسانوں کے کندھوں سے جہالت کے سنگین بوجھ اتار دیے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی سراپا سکون تھی۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محفل میں آتا، اس کے دل کا اضطراب ختم ہو جاتا۔

قرآنِ کریم میں اللہ نے فرمایا ہے کہ ''الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ...'' ترجمہ ''(یہ رحمت ان لوگوں کے لیے ہے) جو پیروی کرتے ہیں اس رسول کی جو نبیِ اُمی ہے، جس (کی صفات) کو وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انھیں نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے، ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتا ہے اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام کرتا ہے اور ان پر سے ان کے بوجھ اور وہ طوق اتارتا ہے جو ان پر (پچھلی شریعتوں میں) تھے۔'' (سورۃ الاعراف: آیت ۱۵۷)۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ انسانیت کو صدیوں کی ذہنی اور روحانی بیڑیوں سے آزاد کر کے ابدی راحت عطا کی جائے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری روایت کرتے ہیں کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں اپنے نام بتائے ''میں محمد ہوں، احمد ہوں، المقفی (سب سے بعد میں آنے والا) الحاشر (جمع کرنے والا) نبی التوبہ اور نبی الرحمہ ہوں (مسند احمد: حدیث نمبر ۱۹۵۴۱)

قبل از اسلام لوگ توہمات، غلط رسوم ورواج اور شرک کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو ان ذہنی اور معاشرتی آلائشوں سے نجات دلا کر ابدی راحت عطا فرمائی۔

جاہلیت کے دور میں غلاموں اور عورتوں پر زندگی تنگ تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آکر انھیں حقوق دیے اور معاشرے میں وقار عطا کیا، جس سے ان کی زندگی میں ''راحت'' آئی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ اپنی امت کے لیے آسانی پسند فرماتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قاعدہ تھا، ''آسانی پیدا کرو، تنگی پیدا نہ کرو''۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے مجھے سیدھے اور آسان دین کے ساتھ بھیجا گیا ہے (طبرانی: جلد ۸: صفحہ ۱۷۸)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبادت اور معاملات میں ہمیشہ آسانی کو پسند فرمایا اور امت کو تنگی میں ڈالنے سے گریز کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک اور راحت کا ذریعہ قرار دیتے تھے۔ جب تھک جاتے یا کوئی پریشانی ہوتی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرماتے: (اے بلال! ہمیں نماز کے ذریعے راحت پہنچاؤ)۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب کبھی دنیاوی پریشانیوں سے گھبراتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محفل میں بیٹھ کر سارا غم بھول جاتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور دیکھنا ہی ان کے لیے راحتِ جاں تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''رسول الراحۃ'' اس لیے بھی کہا جاتا ہے کہ قیامت کے دن جب نفسی نفسی کا عالم ہوگا اور لوگ پریشانی میں ڈوبے ہوں گے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت ہی مومنین کے لیے راحت اور چین کا ذریعہ بنے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے ہی لوگ جنت (جو

کہ دارِ راحت ہے) میں داخل ہوں گے۔

''اسمِ گرامی 'رسول الراحۃ' اس حقیقت کا مظہر ہے کہ کائنات کا حقیقی سکون صرف درِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں ہے۔ یہ نام پکارتے ہی روح کو وہ ٹھنڈک ملتی ہے جو تپتی دھوپ میں کسی گھنے سائے سے ملتی ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سائبانِ راحت' ہیں جس کے سائے میں آ کر تھکی ہاری انسانیت اپنے تمام دکھ بھول جاتی ہے اور اسے وہ ابدی چین نصیب ہوتا ہے جو کہیں اور میسر نہیں۔''

سَیِّدُنَا کَامِلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ہر عیب سے پاک اور ہر صفت میں مکمل ذات

لفظ ''کامل'' عربی لغت میں 'کمال' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ہستی جس میں تمام خوبیاں اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہوں اور جس میں کسی قسم کا کوئی عیب یا نقص باقی نہ رہا ہو''۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جس کی سیرت، صورت، اخلاق، نسب اور نبوت کو اللہ تعالیٰ نے ہر لحاظ سے مکمل اور اکمل بنا کر بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انسانیت کے وہ نقطۂ عروج ہیں جہاں کمال خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازاں ہے۔ صحابہ کرامؓ فرمایا کرتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جسمانی ساخت اور حسن و جمال کی تخلیق ایسی تھی جیسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود اپنی مرضی سے تخلیق کیئے گئے ہوں (یعنی ہر لحاظ سے متوازن اور خوبصورت)۔ قرآن مجید گواہی دیتا ہے کہ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ (اور بیشک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اخلاق کے بڑے مرتبے پر فائز ہیں (سورۃ القلم: ۴)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات میں کمال کا یہ عالم ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہر وصف اپنی جگہ ایک سمندر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا عدل کامل، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شجاعت کامل، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بندگی کامل اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اخلاق کامل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں دینِ اسلام کی تکمیل کا اعلان آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی کی ذات سے منسوب فرمایا: ''اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ'' (آج میں نے تمھارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا) (المائدہ؛ ۳)

کسی انسان کا کامل ہونا یہ ہے کہ اس کا ظاہر اس کے باطن کے مطابق ہو، اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ظاہر و باطن نورِ حق سے اس قدر معمور ہے کہ کائنات کی کوئی آنکھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کسی عمل میں ادنیٰ سا نقص بھی تلاش نہیں کر سکی۔

ایک یتیم بچے سے لے کر ایک عظیم فاتح اور حکمران تک، زندگی کا کوئی ایسا موڑ نہیں جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی سے مکمل رہنمائی نہ ملتی ہو۔

محدثین فرماتے ہیں کہ باقی انبیاء کو کمال کے الگ الگ حصے دیے گئے (مثلاً حضرت یوسفؑ کو حسن، حضرت موسیٰؑ کو جلال، حضرت عیسیٰؑ کو زہد)، لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں تمام کمالات کو جمع کر کے اسے ''کمالِ مطلق'' بنا دیا گیا۔

حسنِ یوسف، دمِ عیسیٰ، یدِ بیضا داری

آنچہ خوباں ہمہ دارند، تو تنہا داری

(یوسفؑ کا حسن، عیسیٰؑ کا معجزہ اور موسیٰؑ کا روشن ہاتھ؛ وہ تمام خوبیاں جو تمام حسینوں میں الگ الگ تھیں، وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اکیلی ذات میں موجود ہیں)۔

''اسمِ گرامی 'کامل' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ انسانیت کا سفر ذاتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آ کر اپنی منزل پا چکا ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اگر ہم اپنی زندگیوں میں حسن اور توازن پیدا کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں اسی 'کاملِ اکمل' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرنی ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آفتابِ کمال ہیں جس کے طلوع ہونے کے بعد اب کسی اور ستارے کی ضرورت نہیں رہی، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور میں ہدایت کے تمام رنگ مکمل ہو چکے ہیں۔''

سَیِّدُنَا اِکْلِیْلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نبوت کا تاج اور کائنات کا اعزاز

''اکلیل'' کا لغوی مطلب ہے ''تاج'' (Crown)۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو تمام انبیاء کرام کے سر کا تاج اور پوری کائنات کی زینت ہے۔ جس طرح تاج سب سے بلند مقام پر ہوتا ہے، اسی طرح اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام مخلوقات پر فضیلت اور بلندی عطا فرمائی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے کائنات کو وہ وقار ملا جو اس سے پہلے کبھی نہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء کے امام اور تمام انسانوں کے سردار (سید ولد آدم) ہیں۔ یہ لقب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس عظمت اور فضیلت کو ظاہر کرتا ہے۔ جس طرح تاج جسم میں سب سے اونچے مقام (سر) پر ہوتا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام و مرتبہ پوری مخلوق میں سب سے بلند رکھا۔

شبِ معراج میں جب تمام انبیاء نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا کی، تو عملاً یہ ثابت ہو گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سب کے سردار اور تاجدار ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں انسانیت کو اس کا کھویا ہوا وقار اور عزت کا ''تاج'' واپس مل سکے۔

الغرض آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی سلسلہ نبوت کا وہ درخشاں تاج ہے جس کے بعد یہ سلسلہ مکمل ہو گیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے تخلیق میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک مرکزی مقام عطا فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اس کائنات کے ماتھے کا جھومر ہے اور قیامت کے روز اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقامِ محمود پر فائز فرمائیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر پر شفاعت کا وہ تاج سجایا

جائے گا جسکی بدولت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کی بخشش فرمائیں گے۔

''اسمِ گرامی 'اکلیل' اس حقیقت کا استعارہ ہے کہ کائنات کی تمام تر عظمتیں ذاتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرد طواف کرتی ہیں۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ انسانیت کو جو بھی وقار اور سربلندی ملی ہے، وہ اسی 'تاجدارِ مدینہ' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی کے صدقے ملی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'اکلیلِ نور' ہیں جن کے بغیر ہدایت کا تصور نامکمل ہے اور جن کی پیروی ہی انسان کے سر پر حقیقی عزت کا تاج سجاتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُدَّثِرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

چادراوڑھنے والے

لفظ ''مدثر'' لغتِ عرب میں 'تَدَثَّرَ' سے ہے، جس کا مطلب ہے ''چادراوڑھنے والا'' یا ''وہ شخص جواوپر سے کوئی کپڑا لپیٹ لے''۔

یہ اللہ تعالیٰ کا وہ محبت بھرا خطاب ہے جواس نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کواس وقت دیا جب آغازِ نبوت میں حضرت جبرائیل علیہ السلام پہلی بار وحی لے کرآئے، تو اس رعب اور عظمت کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پرلرزہ طاری ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر تشریف لائے اور سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا:

''زَمِّلُوْنِي زَمِّلُوْنِي'' (مجھے کملی اڑھادو، مجھے کملی اڑھادو)۔

تب اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان محبت بھرے الفاظ سے پکارا: ''اے چادر اوڑھنے والے! اٹھیئے اور (لوگوں کو) ڈرایئے''۔

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بجائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس خاص کیفیت (چادر میں لپٹنے) سے پکارا، جوانتہائی پیاراوراپنائیت کا اظہار ہے۔

جب اللہ نے فرمایا: ''يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، قُمْ فَاَنْذِرْ'' (اے چادراوڑھنے والے! اٹھیئے اور ڈرایئے)۔ اس پکار نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گوشۂ تنہائی سے نکال کر میدانِ عمل میں لا کھڑا کیا۔ یہ صفت بتاتی ہے کہ اللہ کو اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر ہرادا سے پیار ہے۔

یہ لقب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سادگی اور عاجزی کی علامت بھی ہے کہ کائنات کے سردار ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سادہ سی چادر میں لپٹ کر آرام فرماتے تھے۔

''اسمِ گرامی 'مدثر' اس انوکھے تعلق کا عنوان ہے جو خالق اور اس کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ نبوت کا بوجھ کتنا عظیم ہے جسے سنبھالنے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چادر کی اوٹ لی، مگر اللہ نے اسی چادر سے نکال کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پوری کائنات کا ہادی بنا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'چادر پوش' ہیں جن کی ایک جنبشِ لب نے دنیا کے ایوانوں میں انقلاب برپا کر دیا اور جن کی کملی کے سائے میں آج پوری امت پناہ لیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُزَّمِّلُ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کملی میں لپٹنے والے

لفظ ''مزمل'' عربی لغت میں 'تزمل' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے'' کپڑے میں لپٹنے والا'' یا'' کملی اوڑھنے والا''۔قرآنِ مجید کی 73 ویں سورت''سورہ المزمل'' اسی نام سے پکاری جاتی ہے۔

جس طرح ''مُدَّثِّر'' کا تعلق وحی کے ابتدائی رعب اور چادر اوڑھنے سے ہے، اسی طرح مُزَّمِّل بھی ایک خاص کیفیت اور اللہ کی محبت بھری پکار کا مظہر ہے۔

''مُدَّثِّر'' اور ''مُزَّمِّل'' میں باریک فرق ہے، اگرچہ دونوں کا ترجمہ''چادر اوڑھنے والے'' کیا جاتا ہے، لیکن علماءِ لغت ان میں ایک لطیف فرق بتاتے ہیں۔

مُدَّثِّر اس چادر کو کہتے ہیں جو اوپر سے اوڑھی جائے اور مُزَّمِّل اس چادر کو کہتے ہیں جس میں انسان خود کو پوری طرح لپیٹ لے۔

یہ اللہ رب العزت کا وہ والہانہ اور پیار بھرا خطاب ہے جو اس نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس وقت دیا جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غارِ حرا سے وحی کی گراں باری کے بعد گھر تشریف لائے اور کملی اوڑھ لی۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خلوت نشینی اور اللہ سے لو لگانے کی کیفیت کا مظہر ہے۔

ابتدائے نبوت میں قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مناسب کوئی لقب تجویز کرنے کے بارے میں مشورہ کیا اور مختلف نام تجویز کیئے، کسی نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کاہن ہیں کسی نے مجنون کہا اور کسی نے کہا کہ جادوگر ہیں جو بھائی کو بھائی سے جدا کر دیتے ہیں (نعوذ باللہ)۔ جب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس محفل کی خبر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رنج ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پریشان ہو کر

لیٹ گئے جیسا کہ رنج اور غم کی حالت میں آدمی کرتا ہے۔ ایسی صورت حال میں اللہ نے آپ ﷺ کو خوش کرنے کے لیے آپ ﷺ کی اسی حالت کو عنوان بنا لیا اور جبرائیلؑ اس صورت کی پہلی آیت لے کر نازل ہوئے جس میں فرمایا گیا، اے مزمل اے کپڑوں میں لپٹے ہوئے اے دشمن کی تدبیروں سے پریشان حال اور غم زدہ۔ اٹھیئے اب آپ ﷺ کے سونے کا وقت نہیں رہا، اب جدوجہد کی طویل منزل آپ ﷺ کے سامنے ہے۔

حضور ﷺ کی زندگی میں راتوں کا قیام اور تنہائی میں ربّ سے مناجات اس نام کی عملی تفسیر ہے۔

قرآنِ کریم کی سورہ المزمل میں اللہ نے آپ ﷺ کو اس نام سے پکار کر آدھی رات یا اس سے کچھ کم قیام کرنے کا حکم دیا۔ یہ صفت بتاتی ہے کہ کائنات کا غم سمیٹنے والے رسول ﷺ جب تھک کر کملی اوڑھتے ہیں، تو خالقِ کائنات خود انھیں پیار سے پکار کر اپنی مناجات کے لیے بیدار کرتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'مزمل' اس روحانی بے خودی اور کمالِ قرب کا نام ہے جہاں بندہ اپنے خالق کے سامنے تمام دنیا سے کٹ کر کمبل کی اوٹ میں پناہ لیتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب دنیا کی تلخیاں بڑھ جائیں، تو رب کی بندگی اور اس کے حضور گریہ وزاری ہی وہ کمبل ہے جو روح کو قرار دیتا ہے۔ آپ ﷺ وہ 'کمبل پوش' ہیں جن کی راتوں کے سجدوں نے پوری انسانیت کی تقدیر بدل دی اور جن کی آہِ نیم شبی سے کائنات کو ہدایت کا نور ملا۔''

سَیِّدُنَا عَبْدُ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کے وہ پیارے بندے جن کی بندگی پر خود اللہ کو ناز ہے

اس کا مطلب ہے ''اللہ کا بندہ''۔

یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ پسندیدہ نام ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقامِ بندگی کی معراج کو ظاہر کرتا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی پوری مخلوق میں سب سے کامل بندے ہیں۔اسی لیے نماز میں تشہد کے دوران ہم گواہی دیتے ہیں کہ

''وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ''

(اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں)۔

یہاں ''رسول'' سے بھی پہلے ''عبد'' (بندہ) کا ذکر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالِ بندگی کو ظاہر کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اہم ترین مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسی نام سے یاد کیا:

اللہ نے معراج جیسے عظیم سفر کا ذکر کرتے ہوئے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسی نام سے پکارا (سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ)۔(الاسرا:۱)

وحی کے نزول پر فرمایا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتَابَ (تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنے بندے پر کتاب نازل کی)۔(الکھف:۱)

دعا کے ذکر میں فرمایا: وَأَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ (اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اسے پکارنے کے لیے کھڑا ہوا)۔(الجن:۱۹)

اسلام میں عبد (بندہ) ہونا کوئی معمولی بات نہیں بلکہ یہ انسان کا سب سے بڑا اعزاز

ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ اسمِ مبارک (عبداللہ) اس بات کی ضمانت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اقدس میں غلو نہ کیا جائے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اللہ کا برگزیدہ بندہ مانا جائے جس کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مخلوق کے لیے سب سے بڑا اعزاز اللہ کی سچی بندگی اختیار کرنا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ اپنی بندگی کو فخر سمجھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عاجزی کا یہ عالم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غلاموں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے اور زمین پر تشریف فرما ہوتے۔

''اسمِ گرامی 'عبداللہ' اس رازِ بندگی کا عنوان ہے جس نے انسان کو غیر اللہ کی غلامی سے نکال کر خالقِ حقیقی کے در پر جھکا دیا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ انسان جتنا زیادہ اللہ کا بندہ بنتا جاتا ہے، اللہ اسے اتنا ہی بلند مقام عطا فرماتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'عبدِ کامل' ہیں جنھوں نے بندگی کو وہ وقار بخشا کہ آج کائنات کا ہر ذرہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بندگی پر رشک کرتا ہے۔''

سَیِّدُنَا حَبِیْبُ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کے سب سے محبوب دوست

''حبیب'' کا مطلب ہے ''وہ جس سے محبت کی جائے'' یا ''محبت کرنے والا''۔ یعنی وہ ہستی جو نہ صرف محبت کرے بلکہ جس سے انتہا درجے کی محبت کی جائے اور جس کی ہر ادا محبوب کو پسند ہو۔

یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ اختصاصی لقب ہے جو بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سب سے محبوب اور لاڈلے پیغمبر ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ''خلیل اللہ'' (اللہ کے دوست) ہیں، جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''حبیب اللہ'' ہیں۔ علماء ان دونوں کے درمیان ایک بہت لطیف اور خوبصورت فرق بیان کرتے ہیں کہ خلیل وہ ہوتا ہے جو اللہ کی محبت کی تلاش کرے اور اس کی رضا چاہے (خلیل وہ جو مرضیِ مولیٰ چاہے)۔ حبیب وہ ہوتا ہے جس کی رضا خود اللہ چاہے (حبیب وہ جس کی مرضی مولیٰ چاہے)۔

قرآن میں فرمایا گیا وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ (اور عنقریب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنا دے گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی ہو جائیں گے) (الضحیٰ؛ ۵)

نیز سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۴۴ میں فرمایا کہ: قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ... '' اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چہرے کا بار بار آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں، پس ہم ضرور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جس پر آپ راضی ہیں۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''حبیب اللہ'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ کائنات کی تخلیق کی اصل وجہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی محبت کے اظہار کے لیے کائنات کو سجایا۔

اللہ نے قرآن میں اعلان فرما دیا کہ ''قُلۡ إِنۡ كُنۡتُمۡ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحۡبِبۡكُمُ اللَّهُ'' (اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کہہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرنے لگے گا)۔ (آل عمران ۳۱:۳)

یہ حبیب اللہ ہونے کا مقام ہے کہ محب (اللہ) تک پہنچنے کا واحد راستہ محبوب (مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی گلی سے گزرتا ہے اس کے علاوہ کوئی راستہ اللہ تک نہیں پہنچتا چاہے اس میں عبادات کی کتنی ہی زیادتی کیوں نہ ہو۔

''اسمِ گرامی 'حبیب اللہ' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ اللہ کی بندگی کا کمال اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں پوشیدہ ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ بندگی صرف ڈر اور خوف کا نام نہیں بلکہ یہ عشق اور والہانہ محبت کا سفر ہے جس کی انتہا ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'حبیبِ کبریا' ہیں جن کے نام پر درود پڑھنا خود اللہ اور اس کے فرشتوں کی سنت ہے۔''

سَیِّدُنَا صَفِیُّ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خالص، برگزیدہ، چنے ہوئے

لفظ ''صفی'' عربی لغت میں 'صفوٗ' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''خالص، برگزیدہ، چنا ہوا اور وہ جس میں کوئی آمیزش نہ ہو''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے پوری کائنات کے انتخاب کے بعد اپنے لیے خاص کر لیا ہو۔ یعنی اللہ نے تمام مخلوقات میں سے انسانوں کو انسانوں میں سے انبیا کو اور انبیا میں سے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنی خاص محبت کے لیے منتخب فرمایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے وہ ''صفی'' ہیں جن کا انتخاب کسی ظاہری سبب سے نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جوہرِ ذاتی کی پاکیزگی کی بنا پر اوّل ہی میں کر لیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہر طرح کی باطنی اور ظاہری برائی سے پاک پیدا فرمایا۔

اللہ نے مخلوق کی تخلیق سے بھی پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نور کو اپنے قرب کے لیے منتخب فرمایا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تخلیق اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نسب کائنات میں سب سے زیادہ خالص اور ستھرا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود فرمایا ''اللہ نے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد میں سے اسماعیلؑ کو چنا، ان میں سے بنی کنانہ کو، ان میں سے قریش کو، ان میں سے بنو ہاشم کو اور بنو ہاشم میں سے مجھے چن لیا''۔ یہ ''صَفْوَۃُ الْخَلْق'' (مخلوق کا نچوڑ) ہونا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صفتِ صفی کا کمال ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تمام عیوب سے پاک کر کے اپنا برگزیدہ بنایا۔

''اسمِ گرامی 'صفی اللہ' اس انتخابی عظمت کا نام ہے جو صرف اور صرف ذاتِ

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا حصہ ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کی نظر میں تمام جہانوں سے زیادہ قیمتی اور معتبر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'منتخبِ روزگار' ہیں جن کے حسنِ انتخاب پر خود خالقِ کائنات ناز فرماتا ہے اور جن کی غلامی ہی انسان کو اللہ کی بارگاہ میں معتبر بناتی ہے۔''

سَیِّدُنَا نَجِیُّ اللہِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ سے سرگوشی اور راز و نیاز کی باتیں کرنے والے

لفظ ''نجی'' عربی لغت میں 'نجویٰ' سے ہے، جس کا مطلب ہے ''راز و نیاز کرنے والا'' یا ''وہ جس سے پوشیدہ کلام کیا جائے''۔

اس سے مراد وہ عظیم ہستی ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے تنہائی میں راز کی باتیں کیں۔ اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو 'کلیم اللہ'' کہا جاتا ہے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''نجی'' ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب ''کلیم اللہ'' ہے (جن سے اللہ نے طورِ سینا پر کلام کیا)۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب ''نجیُّ اللہ'' ہے (جن سے اللہ نے عرشِ بریں پر راز و نیاز کی باتیں کیں)۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے رب سے تعلق صرف پیغام رسانی تک محدود نہ تھا بلکہ یہ ایک راز دارانہ محبت کا تعلق تھا۔

معراج کی رات جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''قاب قوسین'' کے مقام پر پہنچے، تو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ کلام فرمایا جس کا ذکر قرآن نے ان الفاظ میں کیا: ''فَاَوۡحٰۤی اِلٰی عَبۡدِہٖ مَاۤ اَوۡحٰی'' (پس وحی کی اللہ نے اپنے بندے کی طرف جو وحی کی) (النجم:۱۰)۔ یہ ''راز'' مفسرین کے نزدیک وہ خصوصی کلام تھا جو صرف اللہ اور اس کے نجی (راز دار) کے درمیان تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنے بارے میں فرمایا کہ آگاہ رہو میں اللہ کا نجی ہوں اور یہ بات میں بطور فخر نہیں کہتا۔ (سنن ترمزی: ۳۶۱۶)

''اسمِ گرامی 'نَجِیُّ اللہِ' اس کمالِ قرب کا آئینہ دار ہے جہاں زبان خاموش اور دل ہم کلام ہوتے ہیں۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے کتنے معتمد اور پیارے ہیں کہ

خالقِ کائنات نے اپنے رازوں کی امانت آپ ﷺ کے سینۂِ اقدس میں رکھ دی ہے۔ آپ ﷺ وہ ’رازدانِ کبریا‘ ہیں جن کے وسیلے سے ہمیں رب کی پہچان ملی اور جن کی خلوتوں کے صدقے ہمیں بندگی کی جلوتیں نصیب ہوئیں۔‘‘

سَیِّدُنَا کَلِیْمُ اللہِ (ﷺ)

اللہ سے بلا واسطہ کلام کرنے والے

''کلیم'' کا مطلب ہے ''کلام کرنے والا''۔

اگرچہ یہ لقب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے مشہور ہے، لیکن امام جزولیؒ اور دیگر عارفین نے اسے حضور ﷺ کے اسماء میں اس لیے شامل کیا کہ حضور ﷺ نے حضرت موسیٰؑ سے بھی اعلیٰ درجے کا کلامِ الٰہی سنا۔ حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر کلام سنا، جبکہ حضور ﷺ نے سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے جا کر اللہ سے براہِ راست کلام فرمایا۔ علماء فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اللہ سے کلام کرنا ''سوال و جواب'' کی صورت میں تھا، جبکہ نبی کریم ﷺ کا کلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے ''عطا اور سرگوشی'' (نجویٰ) کی صورت میں تھا۔ اسی طرح علما اور مفسرین نے ان دونوں جلیل القدر نبیوں کے کلام میں ایک اور لطیف فرق بھی بیان کیا ہے کہ سیدنا موسیٰؑ نے زمین پر اللہ سے کلام کیا جبکہ سیدنا محمد ﷺ مکان ولامکاں کی حدیں پار کر کے عرشِ اعظم پر اللہ سے ہمکلام ہوئے۔

آپ ﷺ کی زبانِ اقدس سے نکلنے والا ہر لفظ درحقیقت منشائے الٰہی کا ترجمان تھا۔

قرآنِ کریم نے گواہی دی: ''وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی، اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی''
(اور وہ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے، یہ تو صرف وحی ہے جو ان پر نازل کی جاتی ہے)۔
آپ ﷺ کا ''کلیم'' ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کا کلام ہی دراصل اللہ کا کلام ہے۔(النجم: ۳، ۴)

اب گزشتہ چند اسما کو اکٹھا کر کے دیکھیں تو آپ ﷺ عبداللہ (اللہ کے بندے) ہیں، آپ ﷺ حبیب اللہ (اللہ کے محبوب) ہیں، آپ ﷺ صفی اللہ (اللہ کے چنے

ہوئے) ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نجی اللہ (اللہ سے سرگوشیاں کرنے والے) ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کلیم اللہ ہیں یعنی بلواسطہ رازونیاز کا کلام کرنے والے ہیں۔تو یہ عبداللہ سے کلیم اللہ تک کا سفر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقامِ عبدیت کی معراج کو ظاہر کرتا ہے کہ یہ مقام آج تک کسی اور ہستی کو حاصل ہوا اور نہ ہی ہوگا۔

''اسمِ گرامی 'کلیم اللہ' اس بے مثال قربت کا عنوان ہے جہاں خالق اور مخلوق کے درمیان تمام پردے اٹھ جاتے ہیں۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے اتنے مقرب ہیں کہ کائنات کا مالک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے براہِ راست گفتگو فرماتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'خطیبِ عرش' ہیں جن کے کلام سے کائنات کو ہدایت ملی اور جن کی ہم کلامی نے بندگی کو وہ وقار بخشا کہ آج فرشتے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو پر رشک کرتے ہیں۔''

سَیِّدُنَا خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نبوی سلسلے کی آخری مہر

لفظ ''خاتم'' (تا کے زبر اور زیر دونوں کے ساتھ) عربی لغت میں 'ختم' سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں ''مہر لگا دینا''، ''بند کر دینا'' یا ''آخری زینت''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس پر نبوت کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے وہ آخری نبی ہیں جن کے بعد اب قیامت تک نہ کوئی نیا نبی آئے گا اور نہ ہی کسی نئی وحی کی ضرورت باقی ہے۔ یہ اسمِ مبارک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت اور دینِ اسلام کی ابدیت کی سب سے بڑی علامت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد نے انسانیت کو ہدایت کے اس مقام پر پہنچا دیا جہاں اب کسی مزید رہنمائی کی گنجائش نہیں رہی۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ الاحزاب میں واضح طور پر ارشاد فرمایا:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمھارے مَردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں کے ختم کرنے والے (آخری نبی) ہیں۔ (الاحزاب: ۴۰)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اس صفت کو ایک نہایت خوبصورت مثال سے واضح فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک بہت خوبصورت محل بنایا لیکن اس کے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔

لوگ اس کے گرد گھومتے اور خوش ہوتے، مگر کہتے کہ یہ ایک اینٹ بھی کیوں نہ لگائی گئی؟

پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''پس میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں ہی خاتم النبیین ہوں'' (یعنی میرے آنے سے وہ محل مکمل ہو گیا)۔ (بخاری و مسلم)

اور میرے بعد کوئی نبی نہیں (لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ)۔ یہ آپ ﷺ کا وہ منصب ہے جس پر پوری امت کا اجماع ہے۔

''اسمِ گرامی 'خاتم الانبیاء' اس حقیقتِ کبریٰ کا عنوان ہے کہ ہدایت کا سورج اپنی معراج پر پہنچ کر اب ابدی ہو چکا ہے۔ یہ نام ہمیں یہ ایقان عطا کرتا ہے کہ ہماری نجات صرف اور صرف درِ مصطفیٰ ﷺ سے وابستگی میں ہے۔ آپ ﷺ وہ 'مہرِ نبوت' ہیں جس نے حق اور باطل کے درمیان آخری لکیر کھینچ دی اور جس کے بعد اب صرف اتباعِ رسول ہی وہ واحد راستہ ہے جو اللہ کی خوشنودی تک لے جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

رسولوں کے سلسلے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والے

اس کا مطلب ہے ”رسولوں کے سلسلے کو ختم کرنے والے“۔

جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت ختم ہوئی، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رسالت کا باب بھی ابدی طور پر مقفل ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آخری رسول ہیں جنھیں اللہ نے تمام کائنات کے لیے آخری شریعت (قرآن) دے کر بھیجا۔ اب قیامت تک نجات کا واحد راستہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع میں منحصر ہے۔

سابقہ انبیاء و رسل مخصوص اقوام اور وقت کے لیے آتے تھے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت عالمگیر اور ابدی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت نے پچھلی تمام شریعتوں کو منسوخ کر کے اللہ کی آخری مرضی کو نافذ کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت اتنی مکمل اور جامع ہے کہ وہ ہر زمانے اور ہر قوم کے تقاضوں کو پورا کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔ علما کے مطابق ہر رسول نبی ہوتا ہے لیکن ہر نبی رسول نہیں ہوتا (رسول وہ ہوتا ہے جسے نئی کتاب یا شریعت عطا کی جاتی ہے)، اس لیے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم الرسل کہا جاتا ہے تو اس سے ایک بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ جب رسالت کا درجہ آئندہ کے لیے ختم کر دیا گیا تو نبوت کا درجہ تو خود بخود ہی ختم ہو جائے گا۔

اس اسمِ گرامی سے عقیدہ ختمِ نبوت کی وضاحت ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری رسول ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اللہ کی طرف سے کوئی شریعت نہیں آئے گی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت اب ہر خاص و عام، ہر قوم یا وقت کے لیے حتمی قرار پائے

گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''امام الرسل'' بھی ہیں اور ''خاتم الرسل'' بھی۔

''اسمِ گرامی 'خاتم الرسل' دینِ اسلام کے مکمل ہونے کا اعلان ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی ہدایت کے لیے جس نورانی سلسلے کا آغاز کیا تھا، اسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس پر ختم کر کے ابدیت عطا کر دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ مہرِ الٰہی ہیں جس کے بعد وحیِ نبوت کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو گیا اور اب ہدایت کا ہر راستہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی غلامی سے ہو کر گزرتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُحیِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہدایت کے ذریعے مردہ دلوں کو ابدی زندگی دینے والے

لفظ ''محی'' عربی لغت میں 'احیاء' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''زندہ کرنے والا''۔ اگرچہ حقیقی معنوں میں 'محی' (زندگی دینے والا) صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ لقب ان کے روحانی اور انقلابی اثرات کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو مردہ دلوں کو ذکرِ الٰہی سے زندگی عطا کر دے اور جو جہالت کی موت مری ہوئی انسانیت کو ہدایت کی زندگی بخش دے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''محی'' ہیں جنھوں نے بھٹکی ہوئی روحوں کو دوبارہ اپنے خالق سے جوڑ کر انھیں ابدی زندگی کا راستہ دکھایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل دنیا اخلاقی اور روحانی طور پر مردہ ہو چکی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے فیض سے اس بنجر زمین کو گلزار بنا دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ایسی قوم کو، جو اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیتی تھی، علم وحکمت اور حیا کی نئی زندگی دی کہ وہ دنیا کے امام بن گئے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''محی'' کا معجزہ ہے کہ آج چودہ سو سال بعد بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مردہ دلوں میں ایمان کی لہر دوڑا دیتا ہے۔

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محی القلوب (دلوں کو زندہ کرنے والے ہیں) کفر وشرک اور جہالت کہ وجہ سے جو دل مردہ ہو چکے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی معرفت اور قرآن کی تعلیمات کے ذریعے ان دلوں کو نورِ ایمان سے زندہ کر دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محی السنہ (سنت کو زندہ کرنے والے) ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پچھلے انبیا کی بھولی بسری تعلیمات اور انسانیت کی اعلیٰ اخلاقی اقدار کو دوبارہ زندہ کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محی انسانیت (انسانیت کو زندہ کرنے والے) ہیں، ظلم وستم کے دور میں

جب انسانیت سسک رہی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے عدل و انصاف، مساوات اور حقوقِ انسان کے ذریعے معاشرے کو ایک نئی اور باعزت زندگی بخشی۔

''اسمِ گرامی 'مُحیِ ' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مسیحائی کا وہ کمال ہے جس نے صرف جسموں کو نہیں بلکہ روحوں کو جلا بخشی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ساقیِ کوثر ہیں جن کے نقشِ قدم کی خاک بھی اگر مردہ دلوں کو لگ جائے تو وہ عشقِ الٰہی سے سرشار ہو کر ابدی زندگی پا لیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیغام آج بھی مردہ قوموں میں زندگی کی لہر دوڑانے کی طاقت رکھتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُنْجٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گمراہی اور عذاب سے نجات دلانے والے

لفظ ''مُنْجٍ'' عربی لغت میں 'انجاء' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''نجات دینے والا'' یا ''خطروں سے باہر نکالنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو اپنی امت کو کفر کی تاریکیوں، دنیاوی آفات اور آخرت کے ہولناک عذاب سے نجات دلانے والی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''منجی'' ہیں جن کا دامن تھام لینے والا ہلاکت کے سمندر سے نکل کر سلامتی کے ساحل پر پہنچ جاتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کا اصل مقصد ہی انسانیت کو تباہی سے بچانا تھا۔

قرآنِ کریم نے اس حقیقت کو یوں بیان کیا کہ **وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا...**

''...اور تم آگ کے ایک گڑھے کے کنارے پر تھے، تو اللہ نے تمھیں اس (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے) سے بچا لیا۔'' (سورہ آل عمران:103)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دعاؤں، اپنی تعلیمات اور اپنی شفاعت کے ذریعے امت کے لیے نجات کا راستہ ہموار کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے سب سے بڑے محسن اور نجات دہندہ ہیں۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفر و شرک جیسی لعنت سے نجات دلوائی جبکہ انسانیت بت پرستی اور شرک کے گڑھے میں گر چکی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اس ہلاکت کی پستی سے نکالا اور خدائے واحد کی بندگی کی طرف لے آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

اتباع آخرت کے عذاب سے نجات کا ذریعہ ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اسوۃ حسنہ کے ذریعے معاشرے کوظلم،طبقاتی فرق اور جہالت سے نجات دلائی اور روزِ محشر بھی مقام محمود پر فائز ہوکرتمام امتیوں کی شفاعت کا باعث ہوں گے۔

''اسمِ گرامی 'مُنْجٍ' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ مسیحائی کا مظہر ہے۔ یہ نام پکارتا ہے کہ جب انسان اپنے گناہوں کے بوجھ تلے دب جائے اور اسے نجات کی کوئی راہ نظر نہ آئے،تو اسے دامنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھام لینا چاہیے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ سہارا ہیں جو دنیا کے غموں اور آخرت کے عذاب سے خلاصی دلانے والے ہیں۔''

سَیِّدُنَا مُذَکِّرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی توحید اور آخرت کی یاد دلانے والے

''مذکر'' کا لغوی مطلب ہے ''یاد دہانی کرانے والا'' یا ''غفلت سے بیدار کرنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو انسان کو اس کا بھولا ہوا عہدِ الست یاد دلائے اور اسے کائنات کی حقیقت سے آگاہ کرے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں سورہ الغاشیہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو براہِ راست اس لقب سے مخاطب فرمایا ہے:

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ

''پس (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیحت کیجیے (یاد دہانی کرائیے)، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو بس نصیحت کرنے والے (مذکر) ہی ہیں۔'' (سورہ الغاشیہ: 21)۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کا اسلوب یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کی عقل اور ان کی فطرت کو جھنجھوڑتے تھے تاکہ وہ غفلت کی نیند سے جاگ جائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانی روح کو عہدِ الست میں اللہ کی توحید کے کیئے گئے وعدے جو کہ وہ دنیا کی رنگینیوں میں بھول گیا تھا یاد کروائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکینِ مکہ کو پہاڑ کی چوٹی پر کھڑے ہو کر پکارا اور انھیں آنے والے عذاب سے ڈرایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کائنات کے ذرے ذرے میں اللہ کی نشانیاں دکھا کر انسان کو اس کے اصل خالق کی یاد دلائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز میں وہ تاثیر ہے جو پتھر دلوں کو بھی تڑپا دیتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اندازِ تبلیغ نہایت ہمدردانہ اور مشفقانہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زبردستی کرنے

والے نہیں تھے بلکہ ایک ایسے شفیق معلم تھے جو بار بار حق کی یاد دہانی کروا کر بندے کا تعلق خالق کے ساتھ جوڑ دیتے ہیں۔

''اسمِ گرامی 'مذکر' آپ ﷺ کے منصبِ دعوت کی بنیاد ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ آپ ﷺ کا پیغام کوئی اجنبی بوجھ نہیں بلکہ وہ بھولی ہوئی سچائی ہے جو ہر انسان کی روح میں پہلے سے موجود ہے۔ آپ ﷺ وہ بیدار مغز راہنما ہیں جنھوں نے انسانیت کو خوابِ خرگوش سے جگا کر ابدی کامیابی کی راہ پر گامزن کر دیا۔''

سَیِّدُنَا نَاصِرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حق کے مددگار اور باطل کو مٹانے والے

لفظ ''ناصر'' کا مطلب ہے ''مددگار'' یا ''حمایت کرنے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو حق کو غالب کرنے کے لیے اللہ کی مدد سے کمر بستہ ہو اور جو مظلوموں اور بے کسوں کا سہارا بنے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دینِ خداوندی کے بھی ناصر ہیں اور اپنی بے بس امت کے بھی ناصر و مددگار ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی میں مظلوموں کی حمایت کا پہلو نہایت نمایاں تھا۔

بعثت سے پہلے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکہ میں مظلوموں کی مدد کے لیے مشہور تھے۔ ''حلف الفضول'' (ایک معاہدہ جس کا مقصد مظلوم کی مدد کرنا تھا) میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شرکت اس کی بڑی دلیل ہے اور بعثت کے بعد مکہ کے کمزور مسلمانوں (جیسے حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت سمیہ رضی اللہ عنہم) کی پشت پناہی کرنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صفتِ ناصر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جنگِ بدر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آہ وزاری اور نصرتِ الٰہی کا نزول اس بات کی دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی وہ ناصر ہیں جن کی بدولت حق کا جھنڈا ہمیشہ بلند رہے گا۔

قیامت کے دن جب ہر کوئی ''نفسی نفسی'' پکار رہا ہوگا، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی امت کے لیے اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوں گے اور ''امتی امتی'' فرما کر ان کی شفاعت کریں گے۔ اس لحاظ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم امت کے سب سے بڑے ناصر اور شفیع ہیں۔

''اسمِ گرامی 'ناصر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس عہد کا مظہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی امت کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ مددگار ہیں جن کی نصرت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قیصر و کسریٰ کے ایوانوں کو ہلا دیا، اور آج بھی جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت کی نصرت کرتا ہے، کائنات کی قوتیں اس کی نصرت کرنے لگتی ہیں۔''

سَیِّدُنَا مَنۡصُوۡرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کی نصرت کا وعدہ اللہ نے خود فرمایا

لفظ ''منصور'' اسم مفعول ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ہستی جس کی مدد کی گئی ہو'' یا ''جسے غلبہ عطا کیا گیا ہو''۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جس کی نصرت کا ذمہ خود خالقِ کائنات نے اٹھایا ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''منصور'' ہیں جن کے دشمن چاہے کتنے ہی طاقتور کیوں نہ ہوں، اللہ کی غیبی مدد نے ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم چومے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح و کامرانی عطا کی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی غیبی تائید و نصرت کا شاہکار رہے۔ کبھی فرشتوں کے نزول سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کی گئی تو کبھی دشمنوں کے دلوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیبت ڈال کر آپؐ کی معاونت فرمائی۔

قرآنِ پاک میں اس کا واضح ذکر ہے مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ...

''اگر تم ان (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد نہ کرو گے تو (کچھ پروا نہیں) اللہ ان کی مدد کر چکا ہے...'' (سورہ التوبہ:40)

(یہ آیت ہجرتِ مدینہ کے اس نازک موقع کی یاد دلاتی ہے جب اللہ نے غارِ ثور میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت فرمائی)۔

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ...

''اور یقیناً اللہ نے بدر میں تمھاری مدد کی جبکہ تم (ظاہری طور پر) بے سرو سامان تھے...'' (سورہ آل عمران:123)

ہجرت کے موقع پر غارِ ثور میں جب دشمن سر پر پہنچ گئے، تو اللہ نے مکڑی کے جالے اور کبوتر کے گھونسلے جیسے کمزور ذریعے سے اپنے ''منصور'' نبی کی وہ حفاظت فرمائی کہ عقلِ انسانی دنگ رہ گئی۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ دنیا دیکھ لے کہ جسے اللہ غالب کرنا چاہے، اسے پوری کائنات مل کر بھی مغلوب نہیں کر سکتی۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا؛ ہم بادِ صبا سے مدد کئے گئے ہیں جب کہ عاد کو بادصرصر سے ہلاک کیا گیا تھا نیز حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مہینے کی مسافت سے ہی دشمن پر رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے (مسلم:۵۲۱)

آپ ﷺ کا منصور ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ ﷺ کا لایا ہوا نظام اور آپ ﷺ کی امت کبھی بھی مٹ نہیں سکتے کیونکہ ان کی بنیاد اللہ کی نصرت پر ہے۔

''اسمِ گرامی 'منصور' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ آپ ﷺ کی کامیابی کسی انسانی سہارے کی مرہونِ منت نہیں بلکہ یہ اللہ کی طرف سے طے شدہ ہے۔ یہ نام مومنین کے دلوں میں یہ یقین پیدا کرتا ہے کہ جو ذاتِ مصطفیٰ ﷺ سے جڑ گیا، وہ کبھی مغلوب نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کا راہنما خود اللہ کا 'منصور' ہے۔''

سَيِّدُنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

وہ نبی جن کی ذات سراپا شفقت ہے

اس کا مطلب ہے ''رحمت والے نبی''

اللہ تعالیٰ خود ''رحمٰن و رحیم'' ہے اور اس نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی اپنی صفتِ رحمت کا مکمل مظہر بنا کر بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نبوت سراپا رحمت ہے، جو نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ کفار، حیوانات اور چرند پرند کے لیے بھی سایہِ عاطفت ہے۔'' قرآن پاک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ، وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ، (ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے (سورۃ الانبیا: ۱۰۷) آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رحمت کسی ایک قوم، ملک، مذہب یا دور تک محدود نہیں بلکہ تمام جہانوں کے لیے ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رحمت کائنات کے ذرے ذرے پر محیط ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس دور میں رحمت کا درس دیا جب انسانیت پتھر دل ہو چکی تھی۔ ایک اونٹ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے آ کر فریاد کی کہ اس کا مالک اس سے کام زیادہ لیتا ہے اور چارہ کم دیتا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کے مالک کو بلا کر تنبیہ فرمائی۔

نَبِيُّ الرَّحْمَةِ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور رسول الرَّحْمَةِ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے یہ دونوں القابات ''نبیُّ الرحمہ'' اور ''رسولُ الرحمہ'' اگرچہ ایک ہی حقیقت (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا سراپا رحمت ہونا) کو بیان کرتے ہیں، لیکن علمی اور فنی اعتبار سے ''نبی'' اور ''رسول'' کے فرق کی وجہ سے ان میں لطیف باریکیاں موجود ہیں۔

ان دونوں میں بنیادی فرق درج ذیل نکات سے سمجھا جا سکتا ہے

نبیُّ الرحمہ: ''نبی'' وہ ہستی ہے جسے اللہ نے اپنی وحی اور غیب کی خبروں کے لیے چنا ہو۔

جب ہم آپ ﷺ کو ''نبی الرحمہ'' کہتے ہیں، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ ﷺ کی ذات اور شخصیت بذاتِ خود سراپا رحمت ہے۔ آپ ﷺ کا وجودِ مبارک ہی اللہ کا سب سے بڑا احسان اور شفقت ہے۔

رسولُ الرحمہ: ''رسول'' وہ ہوتا ہے جو اللہ کا پیغام (شریعت/کتاب) مخلوق تک پہنچائے۔ جب ہم آپ ﷺ کو ''رسول الرحمہ'' کہتے ہیں، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ ﷺ جو دین، قانون اور پیغام لے کر آئے ہیں، وہ سراسر رحمت ہے۔

نبیُّ الرحمہ کا لقب آپ ﷺ کے اور اللہ کے درمیان تعلق کے اس پہلو کو ظاہر کرتا ہے جہاں اللہ نے آپ ﷺ کو اپنی صفتِ رحمت کا مظہر بنا کر غیب کی خبروں سے نوازا۔

جبکہ رسولُ الرحمہ کا لقب آپ ﷺ کے اور مخلوق (انسانوں) کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ ﷺ نے اللہ کا پیغام پہنچاتے ہوئے لوگوں پر کیسی نرمی اور رحمت فرمائی۔

قرآن پاک میں ارشاد باری تعالی ہے؛ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ... یہ اللہ کی رحمت ہے کہ آپ ﷺ کو نرم خو بنایا اگر آپ ﷺ درشت طبع، سخت دل ہوتے تو لوگ آپ ﷺ سے بھاگ جاتے (آل عمران:۱۵۹)

ابوموسی الاشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا، میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں مقفی ہوں میں حاشر ہوں میں نبی التوبہ ہوں اور میں نبی الرحمہ ہوں (مسلم:۶۱۰۸)

''اسمِ گرامی 'نبی الرحمہ' اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ آپ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت 'قہر' پر نہیں بلکہ 'مہر' (محبت) پر مبنی ہے۔ آپ ﷺ وہ شفیق مربی ہیں جن کی آغوشِ رحمت میں ہر ٹوٹا ہوا دل پناہ پاتا ہے۔ کائنات کا وجود آپ ﷺ کی رحمت کے طفیل قائم ہے اور آپ ﷺ کی ذات ہی خالق اور مخلوق کے درمیان رحمت کا سب سے بڑا واسطہ ہے۔''

سَیِّدُنَا نَبِیُّ التَّوْبَۃِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جن کی آمد سے امت کے لیے توبہ کے دروازے کھل گئے

عربی زبان میں التوبہ کے معنی پلٹ آنے یا رجوع کرنے کے ہیں۔اوراس اسمِ گرامی کا مطلب ہے ''توبہ کی راہ دکھانے والے نبی''۔

اس سے مراد وہ نبی ہیں جن کی تشریف آوری سے توبہ کے دروازے قیامت تک کے لیے کھل گئے اور جن کی شفاعت گناہگاروں کے لیے توبہ کی قبولیت کا ذریعہ بنی۔سابقہ امتوں میں توبہ کے طریقے بہت سخت تھے،مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے انتہائی آسان بنا دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو مایوسی کے اندھیروں سے نکال کر ''توبہ'' کی امید بخشی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی دن میں ستر سے سو مرتبہ استغفار فرما کر امت کو اس کی اہمیت بتاتے تھے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو معصوم اور گناہوں سے پاک ہیں پھر بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہیں (رَبِّ اغفِر لی وتُب علیَّ، إنَكَ أنتَ التَّوابُ الرحیم) تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ(أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا) کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں (مشکواۃ)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اللہ کی قسم میں اللہ تعالی سے استغفار کرتا ہوں اور دن میں ستر بار سے زیادہ مرتبہ توبہ کرتا ہوں (صحیح البخاری)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جس کی گمشدہ سواری تپتے ہوئے ریگستان میں اچانک مل جائے۔اس اسم کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ گناہگاروں کو درِ الٰہی سے مایوس ہونے کے بجائے رجوع کرنے کا حوصلہ ملے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گناہگاروں کو یہ خوشخبری سنا کر مایوسی سے نکالا کہ:

''التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ''

''گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔'' (ابن ماجہ)

''اسمِ گرامی 'نبی التوبہ' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے کائنات میں 'امید کا باب' کھلا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہادی ہیں جنھوں نے انسان کو سکھایا کہ خطا بشریت ہے لیکن اس پر نادم ہو کر خالق کی طرف رجوع کرنا مقامِ بندگی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت میں توبہ کا دروازہ سورج کے مغرب سے طلوع ہونے تک کھلا رہے گا۔''

سَيِّدُنَا حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ (ﷺ)

امت کی بھلائی اور ہدایت کے لیے نہایت بے چین رہنے والے

لفظ ''حریص'' لغتِ عرب میں 'حرص' سے مشتق ہے، جس کا عام مطلب تو ''لالچ'' ہوتا ہے، لیکن جب یہ نبی ﷺ کے لیے استعمال ہو تو اس کا مطلب ہوتا ہے ''انتہائی درجے کی تڑپ، ہمدردی، خیر خواہی اور شدید خواہش''۔

اس سے مراد وہ شفیق ہستی ہے جو اپنی امت کی ہدایت، ان کی بھلائی اور انھیں جہنم سے بچانے کے لیے حد درجے بے چین اور تڑپنے والی ہو۔ سورہ التوبہ کی آخری آیات میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی چار عظیم صفات ذکر فرمائیں:

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ (التوبہ:۱۲۸)

''بیشک تمھارے پاس تم ہی میں سے ایک رسول تشریف لائے، جن پر تمہارا تکلیف میں پڑنا گراں (بھاری) گزرتا ہے، جو تمھاری (بھلائی اور ہدایت کے) بہت حریص ہیں، اور مومنوں پر نہایت شفیق اور مہربان ہیں۔'' (سورہ التوبہ: 128)۔

آپ ﷺ اس بات کے حریص تھے کہ کوئی ایک انسان بھی جہنم کی آگ میں نہ جائے اور سب کو ہدایت مل جائے۔

آپ ﷺ چاہتے تھے کہ میری امت کو دنیا اور آخرت کی ہر خیر اور بھلائی مل جائے۔

جیسے ایک ماں اپنے بچے کو آگ کی طرف بڑھتے دیکھ کر اسے بچانے کے لیے بے قرار ہوتی ہے، آپ ﷺ اس سے کہیں زیادہ اپنی امت کو گناہوں اور عذاب سے بچانے کے حریص تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اس کیفیت کو ایک مثال سے واضح فرمایا:

''میری اور تمھاری مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ جلائی، جب آگ نے اردگرد کو روشن کر دیا تو پروانے اس میں گرنے لگے۔ وہ شخص انھیں آگ سے روکتا ہے مگر وہ اس پر غالب آ کر آگ میں گرے جاتے ہیں۔ (اسی طرح) میں تمھاری کمر پکڑ پکڑ کر تمھیں آگ سے بچاتا ہوں اور تم ہو کہ اس میں گرے جا رہے ہو۔'' (صحیح بخاری و مسلم)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی امت کی فکر میں گزری۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی راحت کی اتنی فکر نہ تھی جتنی امت کی نجات کی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو جاگ جاگ کر اللہ کے حضور اپنی امت کی بخشش کے لیے دعائیں کرتے رہتے یہاں تک کہ وقتِ وصال بھی امت کے بارے میں ہی سوال کرتے ہوئے جان جانِ آفرین کے حوالے فرمائی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرص اور تڑپ اس قدر زیادہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کئی جگہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دی کہ اگر یہ لوگ ایمان نہیں لاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پیچھے خود کو ہلکان نہ کریں۔

''فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَىٰ آثَارِهِمْ ...''

''تو اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پیچھے شدتِ غم سے اپنی جان کھو دیں گے؟'' (سورہ الکہف:6)

''اسمِ گرامی 'حریص' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے ساتھ اس بے پناہ محبت کا اظہار ہے جو ایک شفیق باپ سے بھی بڑھ کر ہے۔ یہ صفت بتاتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصدِ زندگی صرف پیغام پہنچانا نہیں تھا، بلکہ انسانیت کو ہلاکت سے نکالنے کی ایک ایسی تڑپ تھی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی راتوں کی نیند اور دن کا آرام قربان کر دیا تھا۔''

سَیِّدُنَا مَعۡلُوۡمٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کا تذکرہ پچھلی آسمانی کتابوں میں موجود تھا

لفظ ''معلوم'' کا لغوی مطلب ہے ''جانا پہچانا، مشہور اور وہ جس کا تذکرہ عام ہو''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس کا چرچا اور تذکرہ زمینوں اور آسمانوں میں عام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا (وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ) اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند کر دیا (الم نشرح: ۴) اس بلندیٔ ذکر کا نتیجہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارک کائنات کی سب سے زیادہ ''معلوم'' ہستی بن گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ معلوم ہیں جن اور فرشتے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نامِ نامی سے واقف ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''معلوم'' ہیں جن کی آمد کی خبریں پچھلے تمام انبیاء کی کتابوں میں موجود تھیں اور جن کا ذکرِ خیر فرشتے عرشِ بریں پر کرتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے ہی سابقہ انبیاء کی کتابوں (تورات اور انجیل) میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تذکرہ موجود تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اہل کتاب کے لیے کوئی ''انجان'' شخصیت نہیں تھے، بلکہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف سے پہلے ہی واقف تھے۔ عرب کے یہودی اور عیسائی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے پوری طرح واقف تھے، جب غارِ حرا میں پہلی وحی نازل ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس عظیم مشاہدے کی وجہ سے لرزہ طاری ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر تشریف لائے۔ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعلیٰ اخلاق (سچائی، امانت اور صلہ رحمی) کی گواہی دی اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں، جو تورات اور انجیل کے جید عالم تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک سے پورا ماجرا سننے کے بعد ورقہ بن نوفل پکار اٹھے:

''یہ تو وہی 'ناموس' (راز داں فرشتہ جبرائیلؑ) ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا تھا۔''

قرآن پاک میں ارشاد ہے:

''الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ...''

''وہ لوگ جنھیں ہم نے کتاب دی ہے، وہ اس (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔'' (سورہ البقرہ:146)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہرت اور ذکر کسی ایک خطے یا زمانے تک محدود نہیں۔ کائنات کا کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرتا جب کہیں نہ کہیں ''اشھد ان محمد رسول اللہ'' کی صدا بلند نہ ہو رہی ہو۔

حضرت آدم علیہ السلام نے جب تخلیق کے بعد عرشِ الٰہی پر نظر ڈالی تو وہاں اللہ کے نام کے ساتھ ''محمد'' لکھا ہوا پایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابھی دنیا میں تشریف نہیں لائے تھے مگر عالمِ ارواح اور ملاءِ اعلیٰ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ''معلوم'' اور مشہور تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پوری کائنات کا مرکزِ توجہ بننا تھا۔

''اسمِ گرامی 'معلوم' اس حقیقت کا مظہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کائنات کے لیے کوئی اجنبی شخصیت نہیں بلکہ وہ 'جانی پہچانی' حقیقت ہے جس کا انتظار صدیاں کرتی رہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ جمیل اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہچان اللہ تعالیٰ نے ہر دور کے سلیم الفطرت انسانوں کے دلوں میں ودیعت کر رکھی ہے۔''

سَیِّدُنَا شَهِیْرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کائنات کی سب سے مشہور اور جانی پہچانی ہستی

''شہیر'' کا مطلب ہے ''نہایت مشہور، جس کی عظمت کی دھاک ہر طرف بیٹھی ہو''۔

یہ اسم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس مقامِ بلند کی طرف اشارہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اعلان فرمایا:

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

''اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر بلند کر دیا ہے۔'' (سورہ الانشراح:4)

مفسرین فرماتے ہیں کہ اس ''بلندی'' کا عالم یہ ہے کہ جہاں اللہ کا نام آتا ہے، وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام بھی آتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالِ اخلاق اور کمالِ رسالت کا نتیجہ ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام اپنے نام کے ساتھ جوڑ دیا، جو شہرت کی انتہا ہے۔

آسمانوں میں فرشتوں کے درود و سلام کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تذکرہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفت کی دلیل ہے۔ پوری تاریخ انسانی میں کوئی ایسی ہستی نہیں گزری جس کے حالاتِ زندگی اتنی تفصیل اور باریکی سے محفوظ کیئے گئے ہوں جتنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دنیا میں کوئی خطہ ایسا نہیں جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود اسلام نہ پڑھا جاتا ہو۔

مکہ کے وہ مشرکین جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانی دشمن تھے، وہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''صادق'' اور ''امین'' کے لقب سے جانتے تھے۔ آج دنیا میں سب سے زیادہ رکھا جانے والا نام ''محمد'' ہے، جو اس اسمِ مبارک کی عملی صداقت کی دلیل ہے۔ اس اسم کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کا نور دنیا کے ہر کونے تک پہنچ کر اسے روشن کر دے۔

''اسمِ گرامی 'شہیر' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ مقامِ بلند عطا فرمایا ہے جہاں دشمنوں کی تنقید اور حاسدوں کی کوششیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہرت کو کم نہیں کر سکتیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آفتاب ہیں جس کی روشنی ہر جگہ پہنچ چکی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ مبارک قیامت تک اسی طرح بلند و بالا رہے گا۔''

سَیِّدُنَا شَاھِدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی وحدانیت اور لوگوں کے اعمال پر گواہ

لفظ ''شاہد'' کا لغوی مطلب ہے ''گواہی دینے والا'' یا ''مشاہدہ کرنے والا (دیکھنے والا)''۔

سورہ الاحزاب میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

''اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! بیشک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گواہ (شاہد) بنا کر بھیجا اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا۔'' (سورہ الاحزاب: 45)

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو اللہ کی وحدانیت کی گواہی دے، اور قیامت کے دن تمام انبیاء کی اپنی امتوں کے حق میں گواہی کی تصدیق فرمائے۔

سورۃ الفتح میں فرمایا: إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گواہی دینے والا، خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ (الفتح: ۸)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گواہ ہونا اپنے اندر وسیع مفہوم رکھتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قولی و عملی و اخروی شہادت دی، اس دنیا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے سامنے قولی و عملی شہادت دینے والے ہیں۔ جن کا محور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث و سیرت کی شکل میں ہمارے سامنے ہے اور آخرت میں جب اللہ تعالی کی عدالت میں تمام امتیں اپنے اپنے انبیاء کو جھٹلا دیں گی تو آخر میں قرآن کے حوالے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی پر یہ معاملہ طے ہوگا اور اللہ کے تمام رسول سچے ٹھہریں گے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قیامت کے دن اپنی امت کے ایمان اور اعمال کی گواہی دیں گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اللہ کی نشانیوں اور غیب کی حقیقتوں کا (جیسے معراج کے موقع پر) براہِ راست مشاہدہ فرمایا، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کچھ بیان فرماتے ہیں وہ ''عینی گواہی کی بنیاد پر ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے اعمال مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں، میں تمھاری نیکیوں پر اللہ کی حمد کرتا ہوں اور تمھاری خطاؤں پر اللہ سے مغفرت مانگتا ہوں۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ''شاہد'' ہونے کا کمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا و آخرت دونوں میں امت کے نگہبان ہیں۔

''اسمِ گرامی 'شاہد' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ نبوت محض ایک پیغام نہیں بلکہ ایک عینی مشاہدہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ گواہِ اعظم ہیں جن کی گواہی پر پوری کائنات کا ایمان قائم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا 'شاہد' ہونا مومن کے لیے باعثِ اطمینان ہے کہ اس کا راہنما وہ ہے جو منزل کو اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا ہے۔''

سَیِّدُنَا شَہِیدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی بارگاہ میں حق کی گواہی دینے والے

''شہید'' کا مطلب ہے ''انتہائی درجے کی گواہی دینے والا''۔

سورہ المزمل میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ...

''بیشک ہم نے تمھاری طرف ایک رسول بھیجا جو تم پر گواہ (شہید) ہے۔'' (سورہ المزمل:15)

''لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا''

''تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ اور یہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ (اور نگہبان) ہوں۔'' (سورہ البقرہ:143)

یعنی قیامت کے دن جب تمام امتیں اپنے انبیاء کو جھٹلائیں گی، تب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے حق میں اور سابقہ انبیاء کی تائید میں حتمی گواہی دیں گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی اللہ کے ہاں سب سے زیادہ معتبر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے دین کے لیے جو تکالیف اٹھائیں، وہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''شہادت'' کے اعلیٰ مرتبے پر فائز کرتی ہیں۔

میدانِ محشر میں جب حضرت نوح ؑ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ نے پیغام پہنچایا؟ اور ان کی قوم انکار کر دے گی، تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت گواہی دے گی۔ یہ مقامِ شہادت اللہ کے ہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غیر معمولی مرتبے کو ظاہر کرتا ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے انکار اور اس پر امتِ محمدیہ ؐ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

گواہی سے متعلق تفصیلی حدیث صحیح بخاری میں موجود ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا:

''قیامت کے دن نوح علیہ السلام کو بلایا جائے گا، وہ عرض کریں گے: ''اے میرے ربّ! میں حاضر ہوں اور تیری خدمت کے لیے تیار ہوں۔''

اللہ تعالیٰ پوچھے گا: ''کیا تم نے میرا پیغام پہنچا دیا تھا؟'' وہ عرض کریں گے: ''جی ہاں!''

پھر ان کی امت سے پوچھا جائے گا: ''کیا انھوں نے تم تک پیغام پہنچایا تھا؟'' وہ کہیں گے: ''ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا (نبی) آیا ہی نہیں!'' تب اللہ تعالیٰ حضرت نوح علیہ السلام سے فرمائے گا: ''تمہارا گواہ کون ہے؟'' وہ عرض کریں گے: ''محمد ﷺ اور ان کی امت۔'' چنانچہ تم (امتِ محمدیہؐ) گواہی دو گے کہ انھوں نے پیغام پہنچا دیا تھا، اور تمھارے بارے میں رسول (ﷺ) گواہی دیں گے۔'' اگرچہ شاہد اور شہید کا مادہ ایک ہی ہے لیکن شہید میں مبالغہ اور دوام پایا جاتا ہے۔ شاہد گواہی دینے والے کو کہتے ہیں اور شہید وہ ہے جس کی گواہی میں ذرہ برابر شک کی گنجائش نہ ہو اور جو ہر پہلو کا عمیق مشاہدہ رکھنے والا ہو۔

''اسمِ گرامی 'شہید' آپ ﷺ کے منصبِ عدل اور مقامِ شہادت کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ نام اس حقیقت کا مظہر ہے کہ آپ ﷺ کا پیغام محض سنی سنائی باتوں پر نہیں، بلکہ اس 'مشاہدۂ حق' پر مبنی ہے جو آپ ﷺ نے شبِ معراج اور وحی کے ذریعے حاصل کیا۔ آپ ﷺ کی گواہی کائنات کی سب سے سچی اور معتبر گواہی ہے۔''

سَیِّدُنَا مَشْھُوْدٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جن کی گواہی دی گئی ہو

اسم مبارک مشھود کے معنی ہیں گواہی دیئے گئے، یعنی جن کی گواہی دی گئی۔

قرآن کریم میں مختلف مقامات ہر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رتبے اور شان کی گواہی دی گئی ہے۔ مثلاً:

وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب لوگوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا گیا ہے اور اللہ اس پر کافی گواہ ہے (النساء:۷۹)

سورۃ الفتح کی آیت ۲۹ میں فرمایا گیا: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ ... محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھی ہیں وہ کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نہایت نرم دل۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انھیں رکوع و سجود اور اللہ کا فضل چاہتے ہوئے دیکھیں گے، ان کی علامت ان کے چہروں پر سجدوں کے نشان ہیں، یہ ان کی صفت تورات اور انجیل میں بھی ہے۔

اس آیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف حمیدہ کی گواہی قرآن سے پہلے تورات اور انجیل میں بھی دی جا چکی ہے۔ اسی طرح جب پہلی وحی کے بعد ام المومنین حضرت خدیجہؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے کر گئیں تو اس نے بھی انجیل کی تعلیمات کی روشنی میں گواہی دی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ پاک ہے کہ زمین و آسمان میں جس قدر میری نبوت و رسالت کی گواہی دی گئی اتنی کسی اور نبی کی نہیں دی گئی۔

قرآنِ پاک میں قیامت کے دن کو ''یومٌ مشہودٌ'' (وہ دن جس میں سب حاضر ہوں گے) کہا گیا ہے۔ اس دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مرکزی ہستی ہوں گے جن کی طرف سب کی نظریں ہوں گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اللہ کے حضور سجدہ ریز ہونا وہ عظیم منظر ہوگا جس کا مشاہدہ ساری کائنات کرے گی۔

''مشہودٌ'' کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ خیر ہر جگہ موجود ہے۔ جب بھی کوئی کلمہ پڑھتا ہے، وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتا ہے، گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقانیت ہر مومن کے دل میں ''مشہودٌ'' (ثابت اور عیاں) ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کا وہ مرکزِ جمال ہیں جن کی طرف ہر صاحبِ ذوق کا دل کھنچا چلا جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'مشہودٌ' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کائنات کا وہ روشن رخ ہے جس سے کوئی آنکھ اوجھل نہیں رہ سکتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ حقیقتِ کبریٰ ہیں جس کے حسن و کمال کا اعتراف اپنوں اور بیگانوں، سب ہی نے کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ جمیل ہر لمحہ دنیا کے ہر گوشے میں سنا اور دیکھا جا رہا ہے۔''

سَیِّدُنَا بَشِیْرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ایمان والوں کو جنت اور فضلِ الٰہی کی خوشخبری دینے والے

لفظ ''بشیر'' لغتِ عرب میں مبالغے کا صیغہ ہے، جس کا مطلب ہے ''بہت زیادہ خوشخبری دینے والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جو ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو اللہ کی رضا، جنت کی نعمتوں اور ابدی کامیابی کی خوشخبری سنائے۔ قرآنِ کریم میں اللہ نے فرمایا: إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا...

''بیشک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا (بشیر) اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا۔'' (سورہ البقرہ:119)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسلوبِ دعوت امید اور خوشخبری پر مبنی تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گناہگاروں کو توبہ کی خوشخبری دی اور صبر کرنے والوں کو اجرِ عظیم کی نوید سنائی۔

عملی مثال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ کار یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو مایوس نہیں کرتے تھے بلکہ امید دلاتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا''

''آسانیاں پیدا کرو اور مشکل میں نہ ڈالو، اور خوشخبری (بشارت) سناؤ اور (لوگوں کو دین سے) متنفر نہ کرو۔'' (صحیح بخاری)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر قول مایوس انسانیت کے لیے ایک نئی امید کی کرن بن کر آیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ مومنین کے دلوں کی ڈھارس بندھائیں اور انھیں نیکی کی راہ پر ثابت قدم رکھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے ایمان لانے والوں اور نیک اعمال کرنے والوں کو اللہ کی رضا، جنت کی نعمتوں اور دائمی کامیابی کی خوشخبری دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گنہا گاروں کو اللہ کی وسیع رحمت اور توبہ کی قبولیت کی بشارت دی جس سے مایوس دلوں کو سہارا ملا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو قیامت کے دن اپنی ''شفاعت کبریٰ'' کی بشارت عطا فرمائی۔ الغرض آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی لائی ہوئی شریعت پر عمل کرنے والوں کے لیے دنیا آخرت میں بلندیِ درجات کی نوید سنائی۔

''اسمِ گرامی 'بشیر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ رحمت کا جمالی عکس ہے۔ یہ نام بتاتا ہے کہ نبوت کا مقصد صرف ڈرانا نہیں بلکہ انسان کو اس کی عظیم منزل (جنت) کی طرف خوشی خوشی گامزن کرنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'بشیر' ہیں جن کے قدموں کی چاپ سے کائنات کا ذرہ ذرہ خوشی سے جھوم اٹھا۔''

سَیِّدُنَا مُبَشِّرٌ (ﷺ)

کامیابی کی نوید سنانے والے

''مبشر'' کا مطلب ہے ''خوشخبری کا مژدہ لانے والا''۔

لفظ ''مُبَشِّر'' بھی ''بشیر'' ہی کے مادے (ب ش ر) سے نکلا ہے، دونوں کا مقصد خوشخبری دینا ہے، لیکن علماء ان میں ایک لطیف فرق بیان کرتے ہیں:

بشیر وہ جو خوشخبری کی صفت سے متصف ہو۔ اور جو اصلِ خبر (بشارت) دے

مبشر وہ جو عملاً خوشخبری پہنچانے کا کام کرے۔ اور بار بار خوشخبری سنانے والا، کثرت سے بشارتیں دینے والا ہو، یعنی جس کی صفت خوشخبری کے ذریعے لوگوں کے دلوں کی ڈھارس بندھانا اور انھیں اللہ کی رحمت کے قریب کرنا ہو۔ یعنی مبشر وہ جو اس خوشخبری کو اس قدر خوبصورت اور موثر انداز میں بیان کرے کہ سننے والے کا غم مٹ جائے اور اس میں عمل کا شوق پیدا ہو جائے۔ یعنی آپ ﷺ نے صرف جنت کا نام نہیں لیا بلکہ جنت کی تفصیلات، اس کے محلات، اس کی نہریں اور وہاں ملنے والے انعامات کی ایسی منظر کشی فرمائی کہ مومن کے دل میں اس کا شوق پیدا ہو جائے۔

سورہ الاحزاب میں جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ''شاہد'' کہا، وہیں ''مبشر'' بھی فرمایا:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

''اے نبی ﷺ! بیشک ہم نے آپ ﷺ کو گواہ بنا کر بھیجا اور خوشخبری دینے والا (مبشر) اور ڈر سنانے والا۔'' (سورہ الاحزاب: 45)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''مبشرٌ'' ہیں جن کی آمد کی خوشخبری خود پچھلے انبیاء نے دی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں قرآن فرماتا ہے

...وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ...

''...اور ایک رسول کی خوشخبری دینے والا (مبشر) بن کر جو میرے بعد آئیں گے، ان کا نام احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہوگا۔'' (سورہ الصّف:6)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری خود کائنات کے لیے سب سے بڑی خوشخبری تھی۔ پچھلے انبیاء نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی ''بشارت'' دی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آکر ان تمام خوشخبریوں کو حقیقت کا روپ دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غریبوں کو جنت کی سرداری، صحابہ کو ''رضی اللہ عنہم'' کا تمغہ اور امت کو ''بہترین امت'' ہونے کی بشارتیں عطا فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت مجسم ہو کر سامنے آئے۔

''اسمِ گرامی 'مبشر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشن کے مثبت اور تعمیری پہلو کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ بتاتا ہے کہ اسلام صرف ڈرانے کا نام نہیں بلکہ یہ کامیابی، فلاح اور دائمی خوشی کی وہ نویدِ جاں فزا ہے جو زبانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جاری ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ خوشخبری ہیں جس کا انتظار کائنات کی ہر شے صدیوں سے کر رہی تھی۔''

سَیِّدُنَا نَذِیرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نافرمانوں کو اللہ کے غضب سے ڈرانے والے

''نذیر'' کا لغوی مطلب ہے ''ڈراوا سنانے والا'' یا ''خبردار کرنے والا''۔عربی میں ڈرانے کے لیے ''خوف'' کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے لیکن ''انذار'' (جس سے نذیر نکلا ہے) اس ڈرانے والے کو کہتے ہیں جس میں دوسرے کا بھلا مقصود ہو۔

اس سے مراد وہ شفیق ہستی ہے جو اپنی امت کو گناہوں کے انجام، اللہ کے غضب اور جہنم کے عذاب سے بروقت خبردار کر کے بچانے کی کوشش کرے۔ یہ ڈراوا دشمنی کی بنا پر نہیں بلکہ انتہائی ہمدردی اور شفقت کی بنا پر ہوتا ہے۔

قرآنِ پاک میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کثرت سے ''نذیر'' کے لقب سے پکارا گیا ہے۔ ایک جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ

''(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کہہ دیجیے کہ) میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا (نذیر) ہوں۔'' (سورہ الشعراء:115)

''إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا'' (سورۃ البقرہ:119) ''بے شک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ انذار (ڈرانا) دراصل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ رحمت ہی کا ایک عکس ہے۔جس طرح ایک ماں اپنے بچے کو آگ سے ڈراتی ہے تاکہ وہ اس سے دور رہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی امت کو باطل سے ڈراتے رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو صرف عذاب سے نہیں ڈرایا، بلکہ ان اعمال کی نشاندہی فرمائی جو عذاب کا سبب بنتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

ڈرانا دراصل 'بچاؤ کی تدبیر' سکھانا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ نذیر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''رحمت'' ہونے کی دلیل ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو رورو کر امت کے لیے نجات کی دعائیں مانگتے تا کہ وہ اس ہلاکت سے بچ جائیں جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں خبردار کیا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو کر قریش کو پکارا اور فرمایا: ''اگر میں تمھیں کہوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے ایک لشکر ہے جو تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری بات مانو گے؟'' جب انھوں نے تصدیق کی تو فرمایا: ''پھر میں تمھیں ایک سخت عذاب سے ڈراتا ہوں اگر تم ایمان نہ لائے''۔اس اسم کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کو غفلت کی نیند سے بیدار کر کے ان کی عاقبت سنوار دیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اس صفت کو ایک مثال سے واضح فرمایا:

''میری مثال اس شخص جیسی ہے جو اپنی قوم کے پاس آیا اور کہا: اے میری قوم! میں نے اپنی آنکھوں سے (دشمن کا) لشکر دیکھا ہے اور میں تمھیں صاف صاف خبردار کرنے والا ہوں، لہٰذا بچ جاؤ! بچ جاؤ!'' اس پر اس قوم میں سے کسی نے اس کا کہا مان لیا اور اسکی آواز پر لبیک کہا اور رات ہی چل پڑے اور دشمن سے نجات پا گئے اور کسی نے اس کا کہا نہ مانا اور اپنے بستروں پر صبح تک پڑے سوتے رہے اور دشمن کا لشکر صبح صبح ان پر ٹوٹ پڑا اور ان کو تباہ و برباد کر ڈالا۔ پس یہی مثال اس شخص کی ہے جس نے میری بات مانی اور میرے لائے ہوئے دین کی پیروی کی اور اس شخص کی جس نے میری بات نہ مانی اور سچائی کو جھٹلایا۔(صحیح بخاری)

یہاں ''نذیر'' وہ ہے جو کسی قوم کو آنے والے حملے سے بچانے کے لیے اپنی جان لڑا دے۔

علماء فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیت میں جمال اور جلال کا امتزاج ہے، جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشیر بن کر جنت کی امید دلاتے ہیں تو وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت کا تقاضا یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نذیر بن کر خطرات سے بھی آگاہ کریں تاکہ بندہ ہر پہلو سے محفوظ ہو جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقیناً ''رَحْمَتٌ لِّلْعَالَمِیْنَ'' ہیں تو اسے طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''نذیرٌ لِّلْعَالَمِیْنَ'' بھی ہیں، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وارننگ کسی ایک قوم کے لیے نہیں بلکہ قیامت تک آنے والے ہر انسان کے لیے ہے تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ ہمیں خبر نہ تھی۔

''اسمِ گرامی 'نذیر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منصبِ رسالت کا وہ پہلو ہے جو انسانیت کی بقا کا ضامن ہے۔ جس طرح ایک مینارۂ نور سمندری جہازوں کو چٹانوں سے ٹکرانے سے ڈراتا ہے، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس انسانیت کے جہاز کو گناہوں کی چٹانوں سے بچانے والا روشن مینارہ ہے۔''

سَیِّدُنَا مُنْذِرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خبر دار کرنے والا، آگاہ کرنے والا

لفظ ''مُنذر'' کا لغوی مطلب ہے ''خبر دار کرنے والا'' یا ''وقت سے پہلے خطرے سے آگاہ کر دینے والا''۔ عربی لغت میں منذر اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی قوم کا سچا خیر خواہ ہو اور انھیں کسی ایسی مصیبت سے بچانا چاہے جو ابھی آئی نہ ہو لیکن آنے والی ہو۔

''ایسی خبر دینا جس کے ساتھ ڈر پایا جائے''۔ یہ وہ ڈرانا نہیں جو کسی دشمن کا ہوتا ہے، بلکہ یہ وہ ڈرانا ہے جو ایک شفیق ماں اپنے بچے کو کسی نقصان دہ چیز سے بچانے کے لیے کرتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''منذر'' اس لیے ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''رحمت'' ہیں۔ ایک شفیق طبیب بیمار کو پرہیز نہ کرنے کے نقصانات سے ڈراتا ہے تاکہ وہ صحت یاب ہو جائے۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو اللہ کی ناراضگی سے ڈرایا تاکہ وہ جنت کے حقدار بن سکیں۔

اس سے مراد وہ شفیق ہستی ہے جو لوگوں کو ان کے برے اعمال کے انجام، اللہ کے غضب اور دوزخ کے عذاب سے ڈرا کر انھیں تباہی سے بچانے کی کوشش کرے۔ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: سورہ الرعد (آیت 7)

... إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ

''... بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو صرف خبر دار کرنے والے (منذر) ہیں، اور ہر قوم کے لیے ایک راہ دکھانے والا ہوتا ہے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کی رنگینیوں میں کھوئی ہوئی انسانیت کو جھنجھوڑا اور انھیں بتایا کہ موت کے بعد ایک ابدی زندگی ہے جہاں ہر عمل کا حساب ہوگا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''انذار'' (ڈرانا) کسی دشمنی کی بنا پر نہیں تھا، بلکہ اس کی بنیاد خالص

رحمت اور ہمدردی تھی۔ جیسے ایک شفیق باپ اپنے بچے کو آگ کی طرف جاتے دیکھ کر سختی سے روکتا ہے تاکہ وہ جل نہ جائے، بالکل اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو گناہوں کی آگ سے بچانے کے لیے خبردار کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اس صفت کی تشریح ایک خوبصورت مثال سے فرمائی: ''میری اور تمھاری مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی، تو پتنگے اس میں گرنے لگے، میں تمھاری کمر سے پکڑ پکڑ کر تمھیں آگ سے بچا رہا ہوں اور تم ہو کہ اس میں گرے جا رہے ہو''۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''مُنذر'' ہونے کا کمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو ہر اس موڑ پر خبردار کیا جہاں ٹھوکر لگنے کا ڈر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفاتِ بشیر اور نذیر وہ ہیں جو مستقل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے ساتھ منسلک ہیں۔

''اسمِ گرامی 'منذر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس جذبے کو ظاہر کرتا ہے جس کا مقصد انسانیت کی خیر خواہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو اللہ کی گرفت سے اس لیے ڈرایا تاکہ وہ اس کی رحمت کے مستحق بن سکیں۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمِ مبارک 'ہادی' کے ساتھ مل کر ہدایت کا راستہ مکمل کرتا ہے۔

سَیِّدُنَا نُوْرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہدایت کی وہ روشنی جس سے کفر کی تاریکیاں ختم ہو گئیں

لفظ ''نور'' کا لغوی مطلب ہے ''روشنی'' یا ''وہ جو بذاتِ خود روشن ہو اور دوسری چیزوں کو روشن کر دے''۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کائنات کے لیے سراپا روشنی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''نور'' ہیں جنھوں نے کفر و شرک کی تاریکیوں کو مٹا کر حق و صداقت کی شمع روشن کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجودِ مبارک ظاہری طور پر بھی منور تھا اور باطنی طور پر بھی ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کا وہ ''نورِ ازل'' ہیں جس سے پوری کائنات کی رونق وابستہ ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قَدْ جَآءَ کُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتٰبٌ مُّبِیْنٌ

ترجمہ: ''بیشک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور روشن کتاب آئی ہے۔'' (المائدہ:15)

اکثر مفسرین کے نزدیک یہاں 'نور' سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور صرف ظاہری نہیں بلکہ باطنی بھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''نورِ ہدایت'' ہیں جس نے جہالت، شرک اور کفر کے اندھیروں میں بھٹکتی ہوئی انسانیت کو خدا کا راستہ دکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے عقلوں کو نور ملا، دلوں کو سکون ملا اور روحوں کو بیداری ملی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے ہی انسان کو اپنی خالقِ حقیقی کی پہچان ہوئی اور زندگی کا اصل مقصد واضح ہوا۔

صحابہ کرامؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک چودھویں کے چاند سے زیادہ

روشن تھا۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لاتے تو ایسا لگتا جیسے سورج نکل آیا ہو۔ معراج کی رات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نورِ مبارک سدرۃ المنتہیٰ کے انوارات پر بھی غالب تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ کائنات میں حق کی روشنی کبھی ماند نہ پڑے۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے اپنے نور سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کو تخلیق فرمایا اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''نورِ مجسم'' بھی کیا جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'نور' اس حقیقت کا مظہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لایا ہوا دین کسی ابہام یا اندھیرے کا نام نہیں، بلکہ یہ سراسر وضاحت اور روشنی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آفتابِ ہدایت ہیں جس کی ضیا پاشیوں نے نہ صرف عرب بلکہ پوری دنیا کے فکری جمود اور جہالت کو ختم کر دیا۔''

سَیِّدُنَا سِرَاجٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

روشن چراغ جوخود بھی روشن ہواور دوسروں کو بھی روشنی دے

عربی لغت میں ''سراج'' کا مطلب ہے ''چراغ'' یا ''وہ روشنی جو حرارت اور ضیا دونوں کی حامل ہو''۔

سورۃ الاحزاب کی آیات ۴۵۔۴۶ میں فرمایا گیا۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًاۙ (45) وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا (46)

اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو رسول بنا کر گواہیاں دینے والا، خوشخبریاں سنانے والا اور آگاہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کے حکم سے اسکی طرف بلانے والا روشن چراغ۔

مفسرین فرماتے ہیں کہ سورج کو ''سراج'' کہا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنی روشنی میں کسی کا محتاج نہیں ہوتا بلکہ سب اس سے روشنی لیتے ہیں۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ چراغ ہیں جس سے انبیاء اور اولیاء نے اپنے دلوں کے چراغ روشن کیے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''سِرَاجًا مُّنِیْرًا'' (روشن چراغ) کے لقب سے نوازا: ''وَدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا''۔ قرآن نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو صرف ''سراج'' نہیں بلکہ ''سراجِ منیر'' (روشن چراغ) کہا۔ مفسرین لکھتے ہیں کہ سورج (سراج) کی روشنی میں تپش ہوتی ہے جو کبھی کبھی تکلیف دہ ہوتی ہے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''منیر'' چراغ ہیں جس کی روشنی ٹھنڈی، پرسکون اور دلوں کو راحت دینے والی ہے۔

ایک عام چراغ صرف ایک کمرے کو روشن کرتا ہے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''سراج'' ہیں جس نے مشرق سے مغرب تک پوری دنیا سے کفر و شرک کی تاریکی مٹا دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی

روشنی میں ''گرمی'' (محبت وتڑپ) بھی ہے اور ''چمک'' (ہدایت وعلم) بھی۔

جس طرح سورج کے نکلنے سے ستارے چھپ جاتے ہیں اور ہر چیز اپنی اصل شکل میں نظر آنے لگتی ہے، اسی طرح جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا کے افق پر ''سراج'' بن کر چمکے، تو باطل کے تمام بت اور جھوٹے نظریات ماند پڑ گئے اور انسان کو کائنات کی حقیقت نظر آنے لگی۔ اس اسمِ گرامی کی ایک خوبصورت تشریح یہ بھی ہے کہ چراغ سے چراغ جلتا ہے مگر پہلے چراغ کی روشنی میں کمی نہیں آتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے صحابہ کرام ؓ نے نور پایا، پھر ان سے تابعین نے، اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے اور قیامت تک رہے گا۔

''اسمِ گرامی 'سراج' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مربی اور ہادی ہونے کی صفت کا کمال ہے۔ یہ نام یہ پیغام دیتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کسی ابہام کا نام نہیں، بلکہ وہ واضح حقیقت ہے جس کی روشنی میں ہر طالبِ حق اپنی روح کے اندھیرے دور کر سکتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مِصْبَاحٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ مشعل جس سے دلوں کے بجھے ہوئے چراغ جل اٹھے

لفظ ''مصباح'' کا لغوی مطلب ہے ''چراغ'' یا ''قندیل''۔ یہ لفظ 'صبح' سے مشتق ہے، گویا وہ روشنی جو رات کے اندھیرے کو چیر کر صبح کا اجالا کر دے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان کو چراغ سے تشبیہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

ترجمہ: ''اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ (بنا کر بھیجا)۔'' (سورہ الاحزاب:46)

مفسرین کرام کے مطابق 'سراجِ منیر' اور 'مصباح' کے مفہوم میں گہری مماثلت ہے، جو کائنات کو روشن کرنے والی ہستی کی علامت ہے۔جیسا کہ سورۃ النور کی آیت ۳۵ میں اللہ تعالیٰ نے ایک طاق میں روشن چراغ کی مثال دی ہے، مفسرین کا کہنا ہے کہ اس آیت میں مصباح (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کہا گیا ہے۔

''مصباح'' (چراغ) وہ چراغ ہے جو کسی برتن یا قندیل (شیشے) کے اندر محفوظ ہو، جس کی لو کبھی بجھتی نہیں اور جو دوسروں کے چراغ روشن کرنے کے کام آتا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مصباح ہیں جن سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیاء عظام نے اپنے ایمان کے چراغ روشن کیے، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی روشنی میں کوئی کمی نہ آئی۔

جس طرح ایک اندھیری کوٹھڑی میں رکھا ہوا چراغ ہر چیز کو واضح کر دیتا ہے، اسی طرح عرب کے جاہلانہ معاشرے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''مصباح'' بن کر آئے تو انسانوں کو اپنے

خالق، اپنی اوقات اور اپنی آخرت کی پہچان ہوگئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی تعلیمات سے انسانی زندگی کے ہر گوشے (معیشت، معاشرت، اخلاق) کو منور فرما دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت وہ قندیل ہے جو ہر دور کے فتنوں میں مومن کے لیے راستہ دکھانے کا کام دیتی ہے۔ اسمِ گرامی سراج اور مصباح دونوں ہی روشن کرنے کے معنی میں لیے جاتے ہیں لیکن علما کا کہنا ہے کہ ''سراج'' عموماً سورج جیسی بڑی روشنی کے لیے استعمال ہوتا ہے، جبکہ ''مصباح'' اس چراغ کو کہتے ہیں جو خاص طور پر کسی برتن یا طاق میں رکھ کر روشنی پھیلانے کے لیے استعمال ہو، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''مقامِ قرب'' اور ''مرکزِ ہدایت'' ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مصباح ہیں جو مومن کے دل میں ایمان کی روشنی پیدا کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے بغیر دل کا طاق اندھیرا رہتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'مصباح' اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کائنات کے طاقِ حرم میں وہ روشن قندیل ہے جس سے پوری انسانیت نے ہدایت کی روشنی کشید کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ چراغ ہیں جس کی لو وحیِ الٰہی سے روشن ہے اور جس کا فیض ابدی ہے۔''

سَیِّدُنَا ھُدًی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سراپا ہدایت، جن کا ہر نقشِ قدم کامیابی کی طرف لے جاتا ہے

لفظ ''ھدًی'' کا لغوی مطلب ہے ''رہنمائی'' یا ''وہ راستہ جو منزلِ مقصود تک پہنچا دے''۔ لغت میں یہ لفظ رہبری کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے جو کسی کو اس کی منزلِ مقصود تک پہنچا دے۔

اگرچہ ہدایت دینا اللہ کا کام ہے، لیکن اس ہدایت کو زمین پر مجسم شکل میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات میں اتارا گیا۔ اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس ''سراپا ہدایت'' ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صرف ہدایت دینے والے ہی نہیں بلکہ خود ''ہدایت'' کا مجسمہ ہیں۔ جس طرح ''نور'' اندھیرے کو ختم کرتا ہے، ''ھدی'' بھٹکے ہوئے انسان کو منزل کا پتہ دیتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''ہدیٰ'' ہیں جن کی پیروی کیے بغیر اللہ تک پہنچنا ناممکن ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے منصبِ ہدایت کو یوں بیان فرمایا:

وَاِنَّكَ لَتَهۡدِيۡۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ

ترجمہ: ''اور بیشک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) یقیناً سیدھے راستے کی طرف ہدایت (رہنمائی) فرماتے ہیں۔'' (سورہ الشوریٰ:52)

جس طرح قرآنِ مجید کو ''ھُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ'' کہا گیا، اسی طرح صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی ''ھُدًی'' ہیں۔ قرآن کتابی شکل میں ہدایت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت عملی شکل میں ہدایت ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہدایت صرف الفاظ تک محدود نہیں تھی، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اٹھنا بیٹھنا، سونا جاگنا اور بولنا سب ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ جس طرح قطب نما مسافر کو سمت بتاتا

ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی کائنات کے ہر بھٹکے ہوئے انسان کے لیے ''قطبِ ہدایت'' ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو وہ راستہ دکھایا جو خالقِ کائنات کی رضا تک جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رہنمائی کے بغیر عقلِ انسانی کبھی بھی بندگی کے صحیح تقاضوں کو نہیں سمجھ سکتی تھی۔

عرب کا وہ دور جب لوگ بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے اور معمولی باتوں پر نسلوں تک جنگیں لڑتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''ہدیٰ'' (رہنمائی) نے ان درندوں کو انسان بنایا، اور انسانوں کو اللہ کا مقرب بندہ بنا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ شاہراہِ ہدایت تعمیر کی جس پر چلنے والا کبھی گمراہ نہیں ہوسکتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت کسی ایک قوم یا وقت کے لیے نہیں، بلکہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں اور جنات کے لیے کامل اور اکمل رہنمائی ہے۔

''اسمِ گرامی 'ھُدًی' اس حقیقت کا اعلان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ کائنات کا وہ قطب نما ہے جس کے بغیر انسانیت اپنی منزلِ مقصود یعنی 'معرفتِ الٰہی' کو کبھی نہیں پا سکتی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہدایت کا وہ دریا ہیں جس سے فیض پا کر خشک اور بنجر دل بھی معرفت کے گلزار بن گئے۔''

سَیِّدُنَا مَهْدِیٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کی رہنمائی خود اللہ رب العزت فرماتا ہے

لفظ ''مَہدی'' اسم مفعول ہے، جس کا لغوی مطلب ہے'' وہ ہستی جسے ہدایت دی گئی ہو'' یا'' وہ جو اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ ہو''۔ عربی لغت میں ''ہدی'' کے معنی راستہ دکھانے کے ہیں، اور'' مہدی'' وہ ہستی ہے جو خود اللہ کی براہِ راست رہنمائی میں ہو اور جس کی فطرت وسیرت ہر قسم کی کجی سے پاک ہو۔

اس سے مراد وہ ذاتِ گرامی ہے جس کی ہدایت کسی دنیاوی ذریعے یا انسانی کوشش کا نتیجہ نہیں بلکہ جسے اللہ تعالیٰ نے پیدائشی طور پر تمام علوم، معارف اور سچائیوں کی ہدایت عطا فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ '' مہدی'' ہیں جنھیں کسی استاد یا مدرسے کی ضرورت نہ پڑی، بلکہ خود ربِ کائنات نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تربیت اور رہنمائی فرمائی۔

اگرچہ قرآن میں ہدایت کا منبع اللہ کی ذات ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں فرمایا:

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

ترجمہ: ''اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (اپنی محبت میں) خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دکھائی۔'' (سورہ الضحیٰ:7)

علماء فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 'ہادی' (ہدایت دینے والے) بھی ہیں اور 'مہدی' (اللہ سے ہدایت پانے والے) بھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر ادا اور ہر فیصلہ وحیِ الٰہی کے تابع تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ '' مہدی'' ہیں جن کے نقشِ قدم کو اللہ نے ''صراطِ مستقیم'' قرار دیا ہے۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چلا، وہ کبھی گمراہ نہیں ہوسکتا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

رہنمائی خطا سے پاک ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت کا منبع وحیِ الٰہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہدایت یافتہ ہستی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر قدم اور ہر فیصلہ منشائے الٰہی کے عین مطابق ہوتا ہے۔ قرآنِ کریم اس حقیقت کی گواہی یوں دیتا ہے ''مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى'' (تمھارے صاحب نہ بھٹکے ہیں اور نہ بے راہ چلے ہیں) سورۃ النجم (آیت نمبر 2)

گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''مہدی'' ہیں جن کے ہاں خطا کا تصور بھی ممکن نہیں۔

اعلانِ نبوت سے قبل بھی، مکہ کے بگڑے ہوئے معاشرے میں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کردار اور اخلاق ہدایت کا نمونہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی بتوں کو سجدہ نہیں کیا اور نہ ہی جاہلیت کی کسی برائی میں ملوث ہوئے۔ یہ اس بات کی دلیل تھی کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روزِ اول سے ہی ''مہدی'' بنا کر بھیجا تھا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسروں کے لیے ''ہادی'' (ہدایت دینے والے) بن سکیں۔

''اسمِ گرامی 'مہدی' اس نورِ مجسم کا عنوان ہے جو اندھیری رات میں مسافروں کے لیے مینارِ نور ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ کائنات میں سچی ہدایت کا کوئی اور در نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'ہدایت یافتہ اعظم' ہیں جن کی پیروی نے صحرا کے چرواہوں کو زمانے کا امام بنا دیا اور جن کے دامن سے وابستگی ہی انسان کو بھٹکنے سے بچاتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُنِیْرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دوسروں کے دلوں کو ایمان کے نور سے منور کرنے والے

لفظ ''مُنیر'' عربی لغت میں 'نور' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''روشن کرنے والا'' یا ''وہ جو اندھیروں کو دور کرکے اجالا پھیلا دے''۔ عربی زبان میں منیر اس چیز کو کہتے ہیں جو خود اپنی روشنی سے منور ہو یا ''وہ جس سے روشنی پھوٹتی ہو''۔ اور وہ دوسروں کو بھی اپنی روشنی سے منور کر دے جیسے سورج۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''سِرَاجًا مُّنِيْرًا'' فرمایا۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس خوبصورت خطاب سے نوازا:

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

ترجمہ: ''اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ (بنا کر بھیجا)۔''
(سورہ الاحزاب:46)

''مُنیر'' وہ ہوتا ہے جس کی روشنی سے دوسرے فائدہ اٹھائیں اور جس کی چمک دائمی ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ منیر ہیں جن کے نورِ ہدایت نے صدیوں کی جہالت کو ختم کر دیا۔

''نور'' اور ''منیر'' اگرچہ دونوں روشنی کے معنی میں ہیں، لیکن 'نور' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کی حقیقت کو بیان کرتا ہے، جبکہ 'منیر' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فیض کو بیان کرتا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے کائنات کو مل رہا ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آفتاب ہیں جس سے پوری دنیا ہدایت کی روشنی پا رہی ہے۔

جس طرح چاند سورج سے روشنی لے کر رات کے اندھیرے میں مسافروں کو راستہ دکھاتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ منیر آفتاب ہیں جن کی روشنی سے پوری کائنات منور ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے انسانیت ظلمتوں میں بھٹک رہی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم، عدل اور محبت کی وہ شمعیں روشن کیں کہ آج چودہ سو سال بعد بھی کائنات کا گوشہ گوشہ اس سے فیضیاب ہو رہا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسمِ اطہر بھی ''منیر'' تھا (جس کا سایہ زمین پر نہ پڑتا تھا) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات بھی ''منیر'' ہیں جو روح کے اندھیروں کو دور کرتی ہیں۔ صحابہ کرامؓ فرماتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو مدینہ کی ہر چیز روشن ہو گئی تھی۔ ''منیر'' وہ ہوتا ہے جو راستہ دکھائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو زندگی گزارنے کا وہ روشن راستہ دکھایا جس پر چلنے والا کبھی بھٹک نہیں سکتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت وہ مشعل ہے جو ہر دور کے فتنوں میں حق کی پہچان کرواتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے دنیا ظلم وستم اور جہالت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''منیر'' بن کر آئے اور علم وعدل کی روشنی سے مشرق ومغرب کو منور کر دیا۔

''اسمِ گرامی 'منیر' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ کائنات کی تمام رونقیں ذاتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے وابستہ ہیں۔ یہ نام ہمیں پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ اگر تم زندگی کے اندھیروں سے نکلنا چاہتے ہو، تو اس 'چراغِ روشن' کی پناہ میں آ جاؤ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'خورشیدِ جہاں تاب' ہیں جس کے طلوع ہونے کے بعد اب رہتی دنیا تک ہدایت کا کوئی گوشہ تاریک نہیں رہا۔''

سَیِّدُنَا دَاعٍ (ﷺ)

اللہ کی توحید اور بندگی کی طرف بلانے والے

لفظ ''دَاعٍ'' عربی لغت میں 'دعوت' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''بلانے والا''، ''پکارنے والا'' یا ''کسی پیغام کی طرف دعوت دینے والا''۔ یہ لفظ ایسے شخص کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کسی کو ایک مقام سے دوسرے (بہتر) مقام کی طرف آنے کی دعوت دے۔

آپ ﷺ اللہ کے وہ ''داعی'' ہیں جن کی پکار پر لبیک کہنا ہر انسان پر فرض ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اس لقب سے پکارا:

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

ترجمہ: ''اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ (بنا کر بھیجا)۔''

(سورہ الاحزاب: 46)

آپ ﷺ اپنی مرضی سے داعی نہیں بنے، بلکہ اللہ نے آپ ﷺ کو 'بِاِذْنِهٖ' (اپنے حکم سے) یہ ذمہ داری سونپی۔ اسی لیے آپ ﷺ کی دعوت میں وہ اثر تھا کہ جس نے بھی سچے دل سے سنا، اس کی دنیا بدل گئی۔

اور اثر کیوں نہ ہو کہ جب کوئی کام مالکِ کائنات کے حکم سے کیا جا رہا ہو تو پھر اس میں وسعت، جامعیت اور اثر کا ہونا لازمی جزو ہے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو ڈرا کر نہیں بلکہ دلیل اور حکمت کے ساتھ حق کی طرف بلایا۔ آپ ﷺ کسی ایک قبیلے یا ملک کے داعی نہیں تھے بلکہ قیامت تک آنے والی پوری انسانیت کے لیے داعیِ اعظم ہیں۔

آپ ﷺ کی دعوت صرف الفاظ تک محدود نہ تھی بلکہ آپ ﷺ کا اخلاق، آپ ﷺ کی خاموشی اور آپ ﷺ کا وجودِ مسعود بذاتِ خود ایک پکار تھی۔ آپ ﷺ

نے دنیا کو مال و متاع یا اپنی ذات کی طرف نہیں بلایا، بلکہ خالصتاً اللہ کی وحدانیت اور بندگی کی طرف بلایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت اپنی ذات، قبیلے یا سلطنت کے لیے نہیں تھی، بلکہ خالصتاً ''اللہ کی طرف'' تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانوں کو انسانوں کی غلامی سے نکال کر ایک خدا کی بندگی کی طرف بلایا۔

مکہ کی وادیوں سے لے کر طائف کے بازاروں تک، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پتھر کھا کر بھی ''اللہ کی طرف بلانے'' کا فریضہ ترک نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفتِ ''دَاعٍ'' کا کمال یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک پکار پر صحابہ کرامؓ نے اپنے گھر بار، مال اور جانیں تک قربان کر دیں اور خالقِ حقیقی سے ایسا رشتہ جوڑا جو کبھی نہ ٹوٹا۔

ایک ''داعی'' کے لیے ضروری ہے کہ اس کے دل میں ان لوگوں کے لیے تڑپ ہو جنھیں وہ بلا رہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس تڑپ کا نقشہ قرآن نے یوں کھینچا: ''لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ'' (شاید آپ اپنی جان ہلاک کر دیں گے اس غم میں کہ یہ ایمان کیوں نہیں لاتے)۔

''اسمِ گرامی 'داعی' اس ابدی پکار کا عنوان ہے جو چودہ سو سال سے کائنات کے ذرے ذرے میں گونج رہی ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اسلام کوئی جمود کا نام نہیں بلکہ یہ ایک مسلسل حرکت اور دعوت ہے جس کا مرکز ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'ندائے حق' ہیں جس نے ایوانِ کفر میں لرزہ طاری کر دیا اور جس کی آواز پر لبیک کہنے والے ہی درحقیقت فلاح پانے والے ہیں۔''

سَیِّدُنَا مَدْعُوٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

وہ ہستی جسے بلایا گیا ہو

لفظ ''مدعُوّ'' اسم مفعول ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ہستی جسے بلایا گیا ہو'' یا ''وہ جو مہمانِ خصوصی ہو''۔

اس سے مراد وہ ذاتِ گرامی ہے جسے ربِ کائنات نے عرشِ بریں پر اپنی ملاقات کے لیے مدعوفرمایا۔ یہ اسم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ''مہمانِ خدا'' ہونے کی سند ہے۔

جہاں 'داعی' کا مطلب لوگوں کو اللہ کی طرف بلانے والا ہے، وہیں 'مدعوُ' کا مطلب وہ ہستی ہے جسے خود اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص قربت اور ملاقات کے لیے بلایا ہو۔یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم زمیں والوں کے لیے داعی ہیں (انھیں اللہ کی طرف بلاتے ہیں) اور آسمان والوں اور رب کائنات کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مدعو ہیں (اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنی قربت میں بلاتا ہے)۔"مدعوُ" ہونے کا کمال یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عالمِ ناسوت (زمین) سے عالمِ لاہوت (عرش) تک کا سفر کروایا گیا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے رب کی بڑی نشانیاں ملاحظہ فرمائیں۔ یہ اعزاز کسی اور نبی کو اس شان سے نہیں ملا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''مدعوُ'' ہیں جنھیں صرف زمین والوں نے نہیں، بلکہ آسمان والوں نے بھی پکارا ہے۔ ہر نبی نے اپنی قوم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تشریف آوری کی خوشخبری سنائی، گویا پوری تاریخِ انسانی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''مدعوُ'' کر رہی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لائیں اور اندھیروں کو مٹائیں۔

اس اسمِ مبارک کا سب سے بڑا مظہر واقعہ معراج ہے۔ جو کائنات کی سب سے بڑی دعوت تھی اور جس کے مہمانِ خصوصی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تھے۔ جب کائنات کے تمام دروازے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے کھول دیے گئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عرشِ معلیٰ پر اپنی

ملاقات کے لیے مدعو فرمایا۔

قرآن میں ارشاد ہے:

''سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا''

(پاک ہے وہ ذات جو لے گئی اپنے بندے کو راتوں رات مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک)۔(سورہ بنی اسرائیل:1)

شبِ معراج اس اسمِ مبارک کی سب سے بڑی عملی تفسیر ہے۔کائنات کے ربّ نے جبرائیلؑ کو براق دے کر بھیجا تا کہ وہ اس ''مدعوّ'' کو عزت و تکریم کے ساتھ لامکاں کی سیر کرائیں۔ جہاں فرشتوں کے پر جلتے تھے، وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بطورِ مہمان بلایا گیا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے رب کا دیدار کرسکیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بلایا گیا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو وہ مشاہدات کروائے جائیں جو کسی اور کے وہم و گمان میں بھی نہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے وہ مہمان ہیں جنھیں ''قاب قوسین'' (دو کمانوں کے بقدر فاصلہ) کا قرب عطا ہوا۔

ایک معزز مہمان (مدعو) جب میزبان سے رخصت ہوتا ہے تو اسے تحائف دیے جاتے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس مہمانی کے صلے میں ''نماز'' جیسا عظیم تحفہ دیا گیا، جو مومن کی معراج قرار پائی۔

''اسمِ گرامی 'مدعوّ' اس بے مثال ضیافت کا عنوان ہے جو عرشِ بریں پر سجی۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے کتنے لاڈلے اور محبوب ہیں کہ خالقِ کائنات نے تمام حجابات اٹھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنا مہمان بنایا۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'صدرِ بزمِ کائنات' ہیں جن کی آمد کی خوشی میں آسمان سجائے گئے اور جن کی میزبانی کرنا خود قدرت نے اپنے ذمے لیا۔''

سَیِّدُنَا مُجِیبٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کے حکم پر فوراً لبیک کہنے والے

لفظ ''مُجیب'' کا لغوی مطلب ہے ''جواب دینے والا'' یا ''پکار پر لبیک کہنے والا''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے یہ اسم دو جہتوں کا حامل ہے۔ اول یہ کہ اللہ کی ہر پکار اور ہر حکم پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کائنات میں سب سے بڑھ کر ''اجابت'' فرمائی۔ دوم یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''مجیب'' ہیں جو سائل کی پکار اور امت کی فریاد کو سن کر اسے اپنی دعاؤں اور توجہ سے نوازتے ہیں۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ شفیق اور مہربان ہستی ہیں جو اپنی امت کی پکار کو کبھی رد نہیں فرماتے۔ ''مجیب'' وہ سراپا رحمت ہے جو سائل کی حاجت پوری کرتا ہے اور جس کے در سے کبھی کوئی خالی ہاتھ نہیں جاتا۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس شانِ کریمی کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے پاس آنے والے ہر شخص کی دادرسی فرماتے ہیں۔

اگرچہ ''المجیب'' اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ہے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کو مظہرِ صفاتِ الٰہیہ ہونے کے ناطے "مجیب" کہا جاتا ہے۔ احادیثِ مبارکہ میں کثرت سے ایسے واقعات ملتے ہیں جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سائلوں کے سوال پر فوراً جواب دیا اور ان کی حاجت روائی فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''مَنِ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ فَأَعِيذُوهُ، وَمَنْ سَأَلَ بِاللّٰهِ فَأَعْطُوهُ، وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوهُ''، ''جو اللہ کی پناہ مانگے اسے پناہ دو، جو اللہ کے نام پر مانگے اسے عطا کرو، اور جو تمھیں پکارے (دعوت دے) تو اسے جواب دو (اس کی پکار پر پہنچو)۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اس حکم پر سب سے بڑھ کر عمل کرنے والے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی زندگی میں بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پکار پر ''لبیک'' کہہ کر جواب دیتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''مجیب'' ہیں جو امت کی ہر فریاد کو سنتے ہیں اور اللہ کی بارگاہ میں ان کی وکالت فرماتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا در وہ ہے جہاں سے کوئی کبھی مایوس نہیں لوٹا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''اجابت'' کا یہ عالم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کی بات کا جواب دینے کے لیے صرف چہرہ نہیں موڑتے تھے، بلکہ پوری طرح اس کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر پکارنے والے کو ''لبیک'' کہا، چاہے وہ کوئی غریب اعرابی ہو یا کوئی حاجت مند عورت۔ ''مجیب'' وہ ہوتا ہے جو مصیبت زدہ کی پکار سن کر اس کی مدد کو پہنچے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جانوروں (جیسے اونٹ اور ہرنی) نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی پکار کا جواب دے کر انھیں ظلم سے نجات دلائی۔

امت کا عقیدہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبرِ انور میں زندہ ہیں اور جو امتی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے سنتے ہیں اور اس کا ''جواب'' (اجابت) دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلنے والی ہر بات اور دعا کی لاج رکھنے کا ذکر فرمایا ہے۔ حدیثِ قدسی کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مانگیے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیا جائے گا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفاعت کیجیے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت قبول کی جائے گی۔'' اور اسکی سب سے بڑی مثال قبلہ تبدیلی ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دلی تسکین اور خواہش پر کی گئی۔

میدانِ محشر میں جب تمام انبیاء ''نفسی نفسی'' فرما رہے ہوں گے، تب صرف حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں گے جو امت کی پکار پر ''اَنَا لَھَا'' (میں ہوں اس کام کے لیے) فرما کر جواب دیں گے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''مُجیب'' کا وہ کمال ہوگا جو امت کو رب کی رحمت

سے جوڑ دے گا۔

''اسمِ گرامی 'مجیب' اس شفیق دربار کا پتہ دیتا ہے جہاں سے کوئی نا امید نہیں لوٹتا۔ یہ نام ہمیں یہ حوصلہ عطا کرتا ہے کہ ہم جب بھی تنہا ہوں یا کسی مشکل میں ہوں، اپنے نبی ﷺ کو پکاریں کیونکہ آپ ﷺ وہ 'مجیبِ امت' ہیں جن کی دعا اللہ کبھی رد نہیں فرماتا۔ آپ ﷺ وہ 'پکار سننے والے' ہیں جن کے دربار میں شاہ و گدا سب کے لیے رحمت کے دروازے کھلے ہیں۔''

سَیِّدُنَا مُجَابٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کی ہر دعا اللہ کے ہاں قبول ہوتی ہے

لفظ ''مُجاب'' اسم مفعول ہے، جس کا لغوی مطلب ہے ''وہ ہستی جس کی پکار کا جواب دیا گیا ہو'' یا ''وہ جس کی دعا قبول کر لی گئی ہو''۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جن کی زبانِ مبارک سے نکلا ہوا ہر لفظ اللہ کے ہاں قبول ہوتا ہے۔ ''مُجیب'' (جواب دینے والا) اور ''مُجاب'' (جسے جواب دیا گیا) میں فرق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ مقام عطا کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مانگیں، وہ عطا کر دیا جائے۔

سیرتِ طیبہ کا ہر ورق اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''مُجاب'' ہیں۔ میدانِ بدر میں ہاتھ اٹھائے تو فرشتے نصرت کو آ گئے، انگلی کا اشارہ کیا تو چاند دو ٹکڑے ہو گیا، قحط میں دعا کی تو فوراً بادل برسنے لگے۔ محدثین کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب ''مُجَابُ الدَّعْوَةِ'' (وہ جن کی دعا قبول کی جاتی ہے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائصِ کبرا میں سے ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 'مجاب' ہونے کی سب سے لطیف مثال قرآنِ پاک میں تحویلِ قبلہ کے ذکر میں ملتی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش تھی کہ کعبہ قبلہ بن جائے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زبان سے کچھ نہ کہا بس بار بار آسمان کی طرف نظر اٹھائی۔ اللہ کو اپنے ''مُجاب'' نبی کی یہ ادا اتنی پسند آئی کہ وحی نازل فرمائی: ''قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا'' (ہم آپ کے چہرے کا بار بار آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں، پس ہم آپ کو اسی قبلے کی طرف پھیر دیں گے جس میں آپ کی رضا ہے)۔

ترجمہ: ''(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک کا بار بار آسمان کی

طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں، سو ہم ضرور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی ہیں۔'' (سورہ البقرہ: 144)

یعنی ابھی زبان سے دعا نہیں کی تھی، صرف دل کی خواہش پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پکار کو 'مجاب' (قبول) کر لیا گیا۔

اللہ تعالیٰ اپنے اس محبوب کی رضا کا اتنا پاس رکھتا ہے کہ قرآن میں فرمایا: ''وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ'' (اور عنقریب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رَبّ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنا عطا کرے گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی ہو جائیں گے)۔ گویا یہاں دعا مانگنے سے پہلے ہی قبولیت کی نوید سنا دی گئی۔

'مجیب' وہ ہے جو پکارے جانے پر جواب دے، اور 'مجاب' وہ ہے جسے خود اللہ جواب دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا اللہ کی رضا بن گئی ہے۔ قیامت کے دن جب تمام لوگ پریشان ہوں گے تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ ریز ہو کر دعا فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کہیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنی جائے گی، شفاعت کیجیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ اس مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ مجاب پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ افروز ہو گی۔

''اسمِ گرامی 'مُجاب' اس یقینِ کامل کا عنوان ہے کہ درِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی محروم نہیں لوٹتا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری دعائیں سنی جائیں، تو ہمیں اس ہستی کا دامن تھامنا ہو گا جن کی ہر بات اللہ سنتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقبولِ بارگاہِ الٰہی' ہیں جن کے لبوں کی جنبش سے تقدیریں بنتی ہیں اور جن کی رضا میں ربِ کائنات کی رضا پوشیدہ ہے۔''

سَیِّدُنَا حَفِیٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نہایت مہربان، خیر خواہ اور باخبر

لفظ ''حفی'' کے لغوی معنی میں تین بڑی جہتیں شامل ہیں:

۱۔ بہت زیادہ مہربان اور شفیق ہونا۔

۲۔ کسی کی خیریت دریافت کرنے میں مبالغہ کرنا (یعنی گہری دلچسپی لینا)۔

۳۔ پوری طرح باخبر اور جاننے والا ہونا۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ ہستی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی خاص عنایات اور نوازشات ہیں۔ ''حفی'' وہ محبوب ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے بہت اکرام فرمایا اور اسے اپنے اسرارِ غیب سے مکمل طور پر باخبر کر دیا۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس شان کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے اتنے مقرب ہیں کہ اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر پکار پر مائل بہ کرم ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے ہر مخفی علم سے واقف ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''حفی'' ہیں جو اپنی امت کے دکھ سکھ، ان کی ضروریات اور ان کے قلبی احوال سے نہ صرف باخبر ہیں بلکہ ان کی بہتری کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے لیے یہ لفظ استعمال کیا: ''اِنَّهٗ كَانَ بِیْ حَفِیًّا'' (بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے)۔ (سورہ مریم: 47)۔ اسکا مطلب تھا کہ اللہ تعالیٰ میری پکار کو سنتا ہے اور مجھ پر خاص کرم فرماتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی اس صفت کے سب سے کامل مظہر ہیں۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سیدنا خفی کہا جاتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اللہ کی بارگاہ میں ایسی مقرب ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر دعا پر خاص مہربانی فرماتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر ناز اٹھاتا ہے۔

آپ ﷺ کی ''حفاوت'' (مہربانی) کا یہ عالم تھا کہ جب کوئی صحابی آپ ﷺ سے ملتا، تو آپ ﷺ اس کے احوال اتنی اپنائیت سے پوچھتے کہ اسے محسوس ہوتا کہ کائنات میں آپ ﷺ کے لیے اس سے زیادہ اہم کوئی اور نہیں۔ آپ ﷺ اپنی امت کے لیے اتنے فکرمند رہتے کہ اللہ نے قرآن میں فرمایا کہ کہیں آپ ﷺ ان کے غم میں اپنی جان نہ گھلا دیں۔

آپ ﷺ کی حفاوت کا ایک پہلو یہ تھا کہ آپ ﷺ اپنے صحابہ کی صرف روحانی نہیں بلکہ دنیاوی ضرورتوں کا بھی خیال رکھتے۔ کبھی کسی غریب صحابی کی شادی کا انتظام فرماتے، تو کبھی کسی قرض دار کا قرض اپنے ذمہ لیتے۔ یہ آپ ﷺ کا ''حفی'' ہونا ہی تھا کہ آپ ﷺ نے وصال کے وقت بھی اپنی امت کی بخشش کے لیے ''اُمّتی اُمّتی'' کی صدا بلند کی۔

''اسمِ گرامی 'حفی' اس نازونیاز کا عنوان ہے جو خالق اور اس کے آخری رسول ﷺ کے درمیان ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ آپ ﷺ اللہ کی بارگاہ میں کتنے معزز اور باخبر ہیں کہ کائنات کا کوئی راز آپ ﷺ سے پوشیدہ نہیں اور اللہ کی کوئی رحمت آپ ﷺ کے وسیلے کے بغیر ادھوری ہے۔ آپ ﷺ وہ 'مہربانِ اعظم' ہیں جن کی عنایتوں نے بے سہارا انسانیت کو وقار بخشا اور جن کی باخبری نے ہمیں صراطِ مستقیم کی پہچان کروائی۔''

سَیِّدُنَا عَفُوٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

دشمنوں کی بڑی سے بڑی خطا کو معاف کر دینے والے

لفظ ''عَفُوٌّ'' عربی لغت میں 'عفو' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''مٹانا''، ''محو کرنا'' یا ''درگزر کرنا''۔

یہ ''مبالغے'' کا صیغہ ہے، جس کے معنی ہیں ''بہت زیادہ معاف کرنے والا''

عفو کا اصل مطلب ہوتا ہے ''مٹا دینا''۔ یعنی گناہ یا غلطی کو اس طرح معاف کر دینا کہ اس کا نشان تک باقی نہ رہے۔ اصطلاح میں عفو اس درگزر کو کہتے ہیں جہاں انسان بدلہ لینے پر قدرت رکھتا ہو لیکن وہ نہ صرف معاف کر دے بلکہ اس گناہ یا غلطی کا نشان بھی مٹا دے (یعنی اسے یاد بھی نہ دلائے)

یعنی وہ ہستی جو قدرت رکھنے کے باوجود انتقام نہ لے، بلکہ برائی کرنے والے کے گناہ کو نہ صرف معاف کر دے بلکہ اس کے اثر کو بھی دل سے مٹا دے۔

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اسی صفت کو اپنانے کا حکم دیا:

''خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ'' (سورۃ الاعراف: 199) ''(اے محبوب!) آپ درگزر (عفو) کو اختیار کیجیے، نیکی کا حکم دیجیے اور جاہلوں سے اعراض برتیئے''۔

اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ''العفوّ'' ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس صفتِ الٰہی کے سب سے بڑے مظہر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے زندگی بھر کبھی اپنی ذات کے لیے کسی سے بدلہ نہیں لیا۔

تاریخِ انسانی میں عفو و درگزر کی اس سے بڑی مثال نہیں ملتی کہ جب مکہ فتح ہوا اور وہ تمام دشمن سامنے تھے جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو لہولہان کیا، ہجرت پر مجبور کیا اور صحابہ کو شہید

کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''آج تم پر کوئی گرفت نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو''

طائف کے میدان میں جب پہاڑوں کا فرشتہ حاضر ہوا کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حکم دیں تو ان بستیوں کو دو پہاڑوں کے درمیان پیس دوں، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''عفو'' کا راستہ چنتے ہوئے فرمایا: ''نہیں، بلکہ میں امید کرتا ہوں کہ اللہ ان کی نسلوں سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو ایک اللہ کی عبادت کریں گے''۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''عفو'' ہیں جو کسی کی غلطی پر اسے بھرے مجمع میں شرمندہ نہیں کرتے تھے بلکہ عمومی انداز میں اصلاح فرماتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معافی صرف قول تک نہیں بلکہ عمل سے ثابت تھی۔

روحانی اعتبار سے عفو سے مراد وہ ہستی ہیں جن کی شفاعت سے اللہ تعالیٰ گناہگاروں کے گناہوں کو نہ صرف معاف فرمادے گا بلکہ ان کے نشان بھی مٹادے گا۔

''اسمِ گرامی 'عفو' اس خدائی صفت کا پرتو ہے جس نے انتقام کی آگ کو محبت کے زمزم سے ٹھنڈا کر دیا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ طاقتور وہ نہیں جو بدلہ لے، بلکہ وہ ہے جو معاف کر دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سلطانِ درگزر' ہیں جن کے دامنِ عفو میں کائنات کے تمام گناہگاروں کے لیے جگہ ہے اور جن کی ایک نگاہِ کرم مجرموں کو محرم بنا دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا وَلِیٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کے قریبی دوست اور مومنوں کے سرپرست

لفظ ''وَلِیٌّ'' عربی لغت میں 'ولایت' سے مشتق ہے، جس کے کئی معنی ہیں: ''دوست''، ''مددگار''، ''سرپرست''، ''قریبی'' اور ''کارساز''۔

اس کے معنی ہیں قرب، دوستی، مددگاری اور سرپرستی۔ ''ولی'' اسے کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان اس طرح حائل ہو کہ کوئی تیسری چیز بیچ میں نہ رہے

یہ اسم مبارک اللہ رب العزت کے اسما اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسما مبارک میں مشترک ہے۔ قرآن مجید میں یہ اسم اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے بھی استعمال کیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بھی۔

اسم الٰہی کے طور پر قرآن میں ارشاد ہے۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا (البقرہ: ۲۵۷)۔ ''کہ ایمان والوں کا اللہ ہی حامی و مددگار ہے۔''

سورۃ المائدہ کی آیت ۵۵ میں اللہ نے یہ اسم اپنے لیے اور حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بھی اور اہل ایمان کے لیے بھی استعمال کیا ہے۔

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوۡلُہٗ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوا (المائدہ: ۵۵) ''کہ تمھارے رفیق و مددگار تو صرف اللہ اسکا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہل ایمان ہیں۔''

وہ ہستی جو مومنوں کے اتنی قریب ہو کہ ان کے دکھ درد کو اپنا سمجھے اور ان کی دستگیری فرمائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے وہ ''ولی'' ہیں جن سے زیادہ اللہ کا قرب کسی کو حاصل نہیں۔ ساتھ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مومنین کے وہ ''ولی'' ہیں جن کا حقِ اطاعت اور حقِ محبت ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ ہے۔

سورہ الاحزاب کی آیت نمبر 6

النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ

''یہ نبی مومنوں کے ساتھ ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب (اوران پر حقدار) ہیں اور آپ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔''

انسان کو اپنی جان سب سے پیاری ہوتی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمھاری جانوں سے بھی زیادہ تمھارے خیر خواہ ہیں۔ ہماری جان ہمیں گناہ یا نقصان کی طرف لے جاسکتی ہے، مگر ''نبیِ ولی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' ہمیں ہمیشہ ابدی زندگی اور نفع کی طرف بلاتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''ولی'' ہیں جنھوں نے امت کی روحانی تربیت فرمائی۔ جس طرح ایک سرپرست اپنے ماتحتوں کی ہر ضرورت کا خیال رکھتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو زندگی گزارنے کا ڈھنگ سکھایا اور انھیں جہنم کی آگ سے بچانے کے لیے تڑپتے رہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولایت (سرپرستی) کا یہ عالم تھا کہ مدینہ میں جب بھی کوئی پریشانی آتی، لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کی طرف رجوع کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یتیموں کی سرپرستی فرمائی، بیواؤں کا سہارا بنے اور بے کسوں کی دستگیری کی۔ میدانِ محشر میں جب سب ساتھ چھوڑ دیں گے، تب بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی امت کے واحد ''ولی'' اور شفیع ہوں گے۔

''اسمِ گرامی 'ولی' اس ابدی تحفظ کا عنوان ہے جو مومن کو بے یاری و مددگاری کے احساس سے آزاد کر دیتا ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ ہم تنہا نہیں ہیں، بلکہ کائنات کی سب سے معتبر اور طاقتور ہستی ہماری سرپرست ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'ولیِ برحق' ہیں جن کی دوستی نجات کی ضمانت ہے اور جن کے سائے میں آکر ہر ڈر امن میں بدل جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا حَقٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کی ذات اور دین سراسر سچائی ہے

لفظ ''حق'' کا لغوی مطلب ہے ''ثابت، سچ، اٹل اور وہ حقیقت جس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو''۔

جس طرح اللہ تعالیٰ ''حق'' ہے، اس نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ''حق'' کے لقب سے نوازا، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجودِ مسعود اللہ کے سچا ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

''حق'' وہ ہستی ہے جس کا وجودِ اقدس اللہ کی توحید اور اس کی قدرت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس کائناتی حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ کائنات کی ہر چیز فانی ہو سکتی ہے، مگر جو پیغام اور نور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے کر آئے ہیں، وہ ابدی اور ''حق'' ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ (بیشک تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے حق آ گیا ہے۔ (سورۃ یونس: ۱۰۸) مفسرین فرماتے ہیں کہ یہاں حق سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارک مراد ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''حق'' اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فعل سب کچھ سچائی پر مبنی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو خبر دی وہ سچ، جو راستہ دکھایا وہ سچ، اور جس انجام سے ڈرایا وہ سچ ہے۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ سے بتوں کو گرایا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک پر یہی آیت تھی: ''جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ'' (حق آ گیا اور باطل مٹ گیا)۔ (سورۃ بنی اسرائیل: ۸۱) یہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی آمد کو ''حق'' کی آمد قرار دیا۔

قرآن پاک نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق ہونے کی گواہی سورۃ النجم میں اس طرح دی

ہے۔ وَ مَا يَنۡطِقُ عَنِ الۡهَوٰى (3) اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡىٌ يُّوۡحٰى (4)

(اور آپ ﷺ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے یہ تو صرف وحی ہے جو ان کی طرف بھیجی جاتی ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ ... سورہ النساء (آیت 170)

''اے لوگو! بے شک تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے (یہ) رسول حق کے ساتھ آ چکا ہے، پس تم ایمان لے آؤ (یہ) تمھارے لیے بہتر ہے...''

قاضی ثناء اللہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ ''بالحق'' میں ''با'' ملابست کے لیے ہے، یعنی رسول ﷺ خود بھی حق ہیں اور جو دین لائے وہ بھی حق ہے۔

حضور ﷺ وہ ''حق'' ہیں جن کی تشریف آوری نے باطل کے پردے چاک کر دیے۔ آپ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت حق ہے، آپ ﷺ کا کلام (قرآن وحدیث) حق ہے، اور آپ ﷺ کی ذاتِ مبارکہ وہ اٹل حقیقت ہے جس کا انکار ممکن نہیں۔

آپ ﷺ کی شخصیت میں حقانیت اس قدر رچی بسی تھی کہ آپ ﷺ نے کبھی مذاق میں بھی کوئی ایسی بات نہیں کہی جو سچائی کے خلاف ہو۔ آپ ﷺ کا وجودِ مسعود کائنات کے لیے اللہ کی سب سے بڑی سچائی بن کر نمودار ہوا۔

''اسمِ گرامی 'حق' اس لازوال حقیقت کا عنوان ہے جس پر کائنات کی پوری عمارت کھڑی ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ دنیا کے تمام نظریات اور فلسفے مٹ سکتے ہیں، مگر ذاتِ محمد ﷺ سے وابستہ سچائی کبھی زائل نہیں ہو سکتی۔ آپ ﷺ وہ 'برحق رسول' ہیں جن کی گواہی خود خالقِ کائنات نے دی اور جن کی پیروی ہی انسان کو وہم وگماں کی دنیا سے نکال کر یقینِ کامل کی منزل تک پہنچاتی ہے۔''

سَیِّدُنَا قَوِیٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کے معنی ہیں ''طاقتور''، ''مضبوط'' اور ''صاحبِ قوت''

لفظ ''قَوِیّ'' (جس کا مادہ 'ق، و، ی' ہے) کے معنی ہیں ''طاقتور''، ''مضبوط'' اور ''صاحبِ قوت''۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ صفت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جسمانی طاقت، ایمانی قوت اور ارادے کی مضبوطی کو ظاہر کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جہاں اخلاق کا پیکر بنایا، وہیں شجاعت اور قوت کا کمال بھی عطا فرمایا۔۔اس سے مراد وہ ہستی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے جسمانی، روحانی، ذہنی اور ایمانی لحاظ سے کمال قوت عطا فرمائی ہو۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ ''قوی'' نبی ہیں جنھوں نے تنِ تنہا پوری دنیا کے کفر اور باطل نظریات کا مقابلہ کیا اور انھیں مغلوب کر دیا۔

قرآنِ پاک میں جب جبرائیل علیہ السلام کی تعریف کی گئی تو انھیں ''ذِی قُوَّةٍ'' کہا گیا، اور چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے وحی وصول کرنے والے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظرف اور قوت ان سے بھی بڑھ کر تھی۔

سورہ النجم میں ارشاد ہے:

''عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ''

''انھیں (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو) بڑی قوتوں والے (رب/ جبرائیل) نے سکھایا۔''

مفسرین فرماتے ہیں کہ وحی کا بوجھ اٹھانا کسی عام انسان کے بس میں نہ تھا، یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحانی قوت تھی جس نے کلامِ الٰہی کا بوجھ سہا۔اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بوجھ اٹھایا جو پہاڑ بھی نہ اٹھا سکتے تھے۔قرآن پاک میں ارشاد ہے، إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا (بے شک عنقریب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک کلام نازل کریں گے) سورۃ المزمل: ۵۔اس

بھاری کلام کوسہنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات قوی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ (جو خود بہت بڑے بہادر تھے) فرماتے ہیں کہ: ''جب جنگ میں مقابلہ سخت ہوجاتا تو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پناہ لیا کرتے تھے، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سب سے زیادہ دشمن کے قریب ہوتے تھے۔'' (مسند احمد)۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت ''قوی'' کا ایک پہلو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی استقامت ہے۔ جب قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لالچ دی یا دھمکایا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہاڑ جیسی مضبوطی کے ساتھ فرمایا:

''اگر یہ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پر چاند بھی رکھ دیں، تب بھی میں اس حق سے پیچھے نہیں ہٹوں گا۔''

یہ ایک ''قوی'' انسان ہی کا عزم ہوسکتا ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ عرب کا مشہور پہلوان ''رکانہ'' جسے کوئی نہ پچھاڑ سکا تھا، اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین بار کشتی میں زمین پر گرادیا۔

اللہ تعالی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو ہر میدان میں قوت عطا فرمائی۔ میدان جنگ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قوت کا مظاہرہ کیا تو ملکوں کو فتح کرلیا۔ اخلاق میں قوت کا مظاہرہ کیا تو اپنے جانی دشمنوں کو دولت ایمانی سے سرفراز کیا۔ عبادت میں اس قدر قوت کا مظاہرہ کیا کے راتون کے طویل قیام پر اللہ تعالی نے فرمایا کہ اے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے کچھ عرصے مین قیام کیا کریں اور کچھ حصے مین آرام بھی فرمالیا کریں۔ اس مبارک کی تفہیم سے ہمیں اس بات کا فہم ملتا ہے کہ اسلام میں قوت کا تعلق ظلم سے نہیں بلکہ عدل و استحکام سے ہے، یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ قوی ہیں جنھوں نے معاشرے میں عدل اانصاف کے بول بالے کے لیے انتہا درجے کے استحکام کا مظاہرہ کیا۔

''اسمِ گرامی 'قوی' اس جلالِ نبوت کا عنوان ہے جس نے جبر و استبداد کے بتوں کو پاش پاش کر دیا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حق کا علمبردار کمزور نہیں ہوتا، بلکہ اس کے پاس ایمان اور توکل کی وہ قوت ہوتی ہے جو اسے زمانے کے سامنے جھکنے نہیں دیتی۔ آپ ﷺ وہ 'قویِ برحق' ہیں جن کی قوت کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے اور جن کی پیروی انسان کو باطل کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنا دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ ہستی جن کی دیانتداری کی گواہی اپنوں اور بیگانوں سب نے دی

''امین'' کا مطلب ہے ''امانت دار، قابلِ بھروسہ اور دیانت دار''۔

یہ وہ لقب ہے جو اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر حضرت جبرائیلؑ کو دیا اور زمین پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ ''امین'' ہیں جنھوں نے وحیِ الٰہی کی امانت کو ذرہ برابر کمی بیشی کے بغیر امت تک پہنچا دیا۔

یہ کیسے ممکن ہے کہ جو وحی لے کر آئے وہ تو قوی ہو اور جس کے سپرد کی جائے وہ امانت کی حفاظت نہ کر سکے۔ بلاشبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دین کی حفاظت فرمائی اور قرآن کریم کی ایک ایک آیت حفاظت کے ساتھ امت تک پہنچائی۔

قرآن پاک میں ارشاد ہے: إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (19) ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ (20) مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ (21)

ترجمہ: ''بیشک یہ (قرآن) ایک معزز رسول (جبرائیل علیہ السلام) کا لایا ہوا قول ہے۔ جو بڑی قوت والا ہے، عرش والے (اللہ) کے ہاں بلند مرتبہ ہے۔ وہاں (فرشتوں میں) اس کا حکم مانا جاتا ہے (اور وہ) امانت دار (امین) ہے۔'' سورۃ التکویر: آیت 19 سے 21

یہ نام رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان دو صفاتی اسم گرامی میں سے ہے جو عرب معاشرے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت سے پہلے ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مل چکے تھے۔ جن میں صادق اور دوسرا امین تھا۔ اس دور میں جب بد دیانتی، جھوٹ، مکر وفریب عروج پر تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنوں اور غیروں کے درمیان صادق اور امین کے لقب سے مشہور تھے۔ سیرت کی کتب میں ملتا ہے کہ جب خانہ کعبہ کی تعمیرِ نو کے وقت حجرِ اسود رکھنے پر جھگڑا ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ کر سب

پکار اٹھے:

(هَذَا الْأَمِينُ، قَدْ رَضِينَا بِهِ) ''یہ امین (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) آ گئے، ہم ان کے فیصلے پر راضی ہیں۔''

اسی طرح ہجرت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس دشمنوں کی امانتیں موجود تھیں، جنھیں لوٹانے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علیؓ کو مامور فرمایا۔

حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے امین ہونے کی وجہ سے ہی لاکھوں کا سامان دے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تجارت پر روانہ کیا۔

قرآن کریم میں فرمایا گیا۔ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ (التکویر:۲۱) کہ واجب عطاعت اور امین ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''امین'' ہیں جنھوں نے اللہ کا کلام (قرآن) ایک حرف کی کمی بیشی کے بغیر امت تک پہنچایا۔ آسمان پر حضرت جبریلؑ ''روح الامین'' ہیں اور زمین پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''صادق وامین'' ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انسانیت کو زندگی کے وہ اصول دیے جو ان کے جان و مال کے تحفظ کی ضمانت ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے محفوظ رہیں''، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس صفت کا سب سے اعلیٰ نمونہ تھے۔

''امین'' وہ بھی ہوتا ہے جو رازوں کی حفاظت کرے۔ اسکے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے بھی فرمایا۔ (میں آسمان والوں کا امین ہوں میرے پاس صبح شام آسمان سے خبریں آتی ہیں۔) اللہ تعالیٰ نے اپنے بہت سے مخفی اسرار آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سینۂ مبارک میں ودیعت فرمائے، جن کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سچے امین ہیں۔

(سورۃ الدخان) کی آیت ۱۸ میں فرمایا گیا کہ (إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ) میں

تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں۔

نبوت سے قبل ہی مکہ کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''الصادق والامین'' کے نام سے پکارتے تھے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دیانت داری کا دشمن بھی اعتراف کرتے تھے۔

ہجرت کی رات جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قتل کے لیے دشمنوں نے گھر کا محاصرہ کیا ہوا تھا، اس وقت بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس ان کے جانی دشمنوں کی امانتیں رکھی تھیں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علیؓ کو تاکید فرمائی کہ ان کی امانتیں لوٹا کر مدینہ آنا۔یہ امانت داری کی وہ مثال ہے جس کی نظیر پوری انسانی تاریخ میں نہیں ملتی۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صرف مال یا وحی کے امین نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انسانی حقوق،عزتوں اور رازوں کے بھی امین ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی نے سکھایا کہ کسی کی کہی ہوئی بات یا راز کو چھپانا بھی امانت داری ہے۔

''اسمِ گرامی 'امین' اس کردارِ عظیم کا عنوان ہے جس نے پتھر دلوں کو موم کر دیا۔یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ دین کی عمارت سچائی اور دیانت کی بنیاد پر کھڑی ہوتی ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'امینِ اعظم' ہیں جن کی امانت داری پر زمین و آسمان گواہ ہیں اور جن کے دامنِ صدق سے وابستگی ہی انسان کو معاشرے کا معتبر فرد بناتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مَأْمُوْنٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

جن پر ہر معاملے میں مکمل بھروسہ کیا جاسکے

لفظ ''مامون'' اسم مفعول ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ہستی جس پر مکمل بھروسہ کیا جائے''، ''جس کی امانت داری پر سب کا اتفاق ہو'' اور ''جس سے کسی شر کا خطرہ نہ ہو''۔

لغت کے اعتبار سے ''مامون'' اس شخص کو کہتے ہیں جس سے لوگ مامون (پرسکون) ہو جائیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ مبارکہ سے کسی کو کبھی کوئی تکلیف یا دکھ نہیں پہنچا۔ ''مامون'' وہ برگزیدہ رسول ہے جس کے پاس بیٹھنے والا، جس کا دامن تھامنے والا اور جس کی پیروی کرنے والا دنیا و آخرت کے ہر خوف سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس بے داغ شخصیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس سراپا امن و سلامتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود صفت مامون کی تعریف یوں فرمائی۔۔

''اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ''

''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ (مامون) رہیں۔''

چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سب سے کامل مسلمان اور اللہ کے رسول ہیں، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات سے ہر انسان، یہاں تک کہ جانور بھی مامون و محفوظ تھے۔

روایات میں آتا ہے کہ فتح مکہ کے روز جب لشکر اسلام مکّہ کی جانب رواں دواں تھا تو پتہ چلا کہ قافلے کے راستے میں ایک کتیا نے بچے جن رکھے ہیں تا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قافلے کے راستہ کو بدلنے کا حکم دیا مبادہ کہ اس ماں کو قافلہ کی وجہ سے نقصان پہنچے۔

مامون سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جسے اللہ تعالیٰ نے وحیِ الٰہی کا معتمد بنایا۔ یعنی اللہ

تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شیطان کے ہر غلبے اور انسانی لغزش سے محفوظ و مامون رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ مامون (امانت دار) ہیں کہ آسمان کا رب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت پر گواہی دیتا ہے اور زمین والے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن میں پناہ ڈھونڈتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیت ''امن وامان'' کا گہوارہ تھی۔ جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دامن تھام لیا وہ دنیا وآخرت کے خوف سے مامون (محفوظ) ہو گیا۔

''مامون'' وہ ہوتا ہے جس پر آنکھیں بند کر کے یقین کیا جا سکے۔ مکہ کے وہ کفار جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان کے درپے تھے، وہ بھی اپنا قیمتی مال کسی اور کے پاس رکھنے کے بجائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رکھنا محفوظ سمجھتے تھے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''مامون'' کا اعتراف تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دشمنی میں تو جان کا خطرہ ہو سکتا ہے، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رکھی امانت کو کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''مامون'' ہیں جن کی تشریف آوری نے کمزوروں، یتیموں اور غلاموں کو ظالموں کے خوف سے نجات دلائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سائے میں آ کر ایک حبشی غلام (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) کو بھی وہ وقار ملا کہ وہ کائنات کے سردار بن گئے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی کے لیے 'مامون' چنا، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جن کے ذریعے پہنچنے والے الٰہی پیغام میں کسی قسم کی تبدیلی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ کے اصولوں میں بھی ''امن'' کو مقدم رکھا۔ ''مامون'' نبی نے بوڑھوں، بچوں، عورتوں اور حتیٰ کہ درختوں کو بھی نقصان پہنچانے سے منع فرمایا، جس سے ثابت ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کائنات کے ہر ذرے کے لیے ''مامون'' (سلامتی کا باعث) ہے۔

قیامت کے ہولناک دن میں جب ہر طرف نفسی نفسی کا عالم ہوگا اس وقت

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا سایہ ہی وہ مقام ہوگا جہاں گناہگار امتی خود کو مامون محسوس کریں گے۔

''اسمِ گرامی 'مامون' اس حصارِ عافیت کا نام ہے جو ہر بھٹکے ہوئے مسافر کو اپنی پناہ میں لے لیتا ہے۔ یہ نام ہمیں یہ یقین دلاتا ہے کہ اگر ہم رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کو مضبوطی سے تھام لیں، تو ہم فتنوں کے اس دور میں بھی ہر فکری اور عملی گمراہی سے محفوظ (مامون) رہ سکتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'امینِ کل' ہیں جن کے در پر آ کر خوف امن میں اور اضطراب سکون میں بدل جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ (ﷺ)

سخاوت اور بلند اخلاق کے پیکر

لفظ ''کریم'' عربی لغت میں 'کرم' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''سخی، باعزت، بلند مرتبہ اور وہ جو بن مانگے عطا کرے''۔ لغتِ عرب میں "کرم" ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو اپنی جنس میں سب سے اعلیٰ، نفع بخش اور قیمتی ہو، جو قدرت رکھنے کے باوجود بھی معاف کردے، وعدہ کرے تو پورا کرے اور جب عطا کرے تو حد کردے۔

''کریم'' وہ بلند مرتبہ رسول ہے جو نہ صرف مال عطا فرماتا ہے، بلکہ لوگوں کی خطاؤں سے درگزر کرنا اور انھیں عزت بخشنا بھی آپ ﷺ کی کریمی کا حصہ ہے۔ یہ نام آپ ﷺ کے اس بے مثال اخلاق کو ظاہر کرتا ہے جس کی گواہی خود خالقِ کائنات نے دی۔

اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں نبی کریم ﷺ کے لیے یہ صفت براہِ راست استعمال فرمائی ہے:

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ

''بیشک یہ (قرآن) ایک معزز (کریم) رسول کا لایا ہوا قول ہے۔'' (سورہ الحاقہ: 40)

حضور ﷺ کائنات کے سب سے بڑے ''کریم'' ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اخلاق کے اعلیٰ ترین درجے پر فائز فرمایا اور آپ ﷺ کے ذریعے انسانیت پر علم، ہدایت اور مغفرت کی وہ بارش فرمائی جس کی مثال نہیں ملتی۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَجْوَدَ النَّاسِ''، ''اللہ کے رسول ﷺ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ سخی (کریم) تھے۔'' (صحیح بخاری)

اور رمضان میں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سخاوت ''تیز چلنے والی ہوا'' سے بھی زیادہ بڑھ جاتی تھی۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی کسی سائل کو ''نہیں'' نہیں کہا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ کریم کا بڑا مظہر فتحِ مکہ کا دن ہے۔ جب جانی دشمن سامنے کھڑے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ''کرم'' کا ثبوت دیتے ہوئے فرمایا: ''آج تم پر کوئی گرفت نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کریمی کا عالم یہ تھا کہ کبھی کسی سائل کو ''نا'' نہیں کہا۔ اگر پاس کچھ نہ ہوتا تو وعدہ فرما لیتے یا کسی سے ادھار لے کر سائل کی ضرورت پوری کر دیتے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی اپنے لیے کچھ جمع نہیں کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''کریم'' ہیں جنھوں نے انسان کو اس کا کھویا ہوا مقامِ بندگی یاد دلایا اور اسے ذلت کی زندگی سے نکال کر عزت و وقار کی راہ دکھائی۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں ہر غریب و نادار خود کو معزز محسوس کرتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا اکرم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی مستجاب دعا دنیا میں استعمال نہیں کی بلکہ اسے قیامت کے دن اپنی امت کی بخشش کے لیے سنبھال کر رکھا ہے۔

(اللہ تعالیٰ کا نام بھی ''الکریم'' ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام بھی ''کریم'' ہے۔فرق یہ ہے کہ اللہ کی صفتِ کرم ذاتی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ کرم اللہ کی عطا کردہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے کرم کے تقسیم کرنے والے (قاسم) ہیں۔)

''اسمِ گرامی 'کریم' اس بارشِ رحمت کا عنوان ہے جو بنجر دلوں کو زندگی بخش دیتی ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ سچی بڑائی سخاوت اور درگزر میں ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سلطانِ کرم' ہیں جن کے دستِ جود وسخا سے پوری کائنات فیض یاب ہو رہی ہے اور جن کی بارگاہ میں آ کر گناہگاروں کو بھی بخشش کی امید اور ناامیدوں کو جینے کا سہارا ملتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُکَرَّمٌ (ﷺ)

اللہ کی بارگاہ میں نہایت عزت وتکریم پانے والے

لفظ ''مُکرم'' اسم مفعول ہے، جس کا مطلب ہے ''وہ ہستی جس کی تعظیم وتکریم خود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں نے کی ہو''۔

کریم'' اور'' مکرم'' میں ایک لطیف فرق ہے: کریم وہ ہے جو دوسروں کو نوازے، جبکہ مکرم وہ ہے جسے اللہ نے تمام جہانوں میں سب سے زیادہ عزت وتکریم کے مقام پر فائز کیا ہو۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ نے وحی لانے والے فرشتوں اور صحائفِ ربانی کے لیے یہ لفظ استعمال فرمایا ہے، اور ظاہر ہے کہ جس ہستی (ﷺ) کے لیے یہ سب انتظام کیا گیا، وہ سب سے زیادہ ''مکرم'' ہیں۔

سورہ عبس میں ارشاد ہے:

فِي صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ

''(یہ قرآن) ایسے صحیفوں میں (درج) ہے جو بڑے معزز (مکرم) ہیں۔'' (سورہ عبس: 13) مفسرین فرماتے ہیں کہ جب وہ کلام جو آپ ﷺ پر نازل ہوا مکرم ہے تو جس ہستی کے قلب اطہر پر نازل ہوا وہ کس قدر مکرم ہوگی۔

علماء فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی ذاتِ مبارکہ وہ ہے جس کی خاطر کائنات کو عزت دی گئی، اس لیے آپ ﷺ تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ مکرم ہیں۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جس کی عزت کی قسمیں اللہ نے قرآن میں کھائیں اور جس کے نام کو اپنے نام کے ساتھ بلند کیا۔ آپ ﷺ اللہ کی بارگاہ میں سب سے زیادہ معزز اور مکرم ہستی ہیں۔

آپ ﷺ کی تکریم کا یہ عالم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی آواز پر آواز بلند کرنے سے منع فرمایا اور آپ ﷺ کی اتباع کو اپنی محبت کا معیار قرار دیا۔

معراج کی رات جب آپ ﷺ تشریف لے گئے، تو ہر آسمان پر فرشتوں نے آپ ﷺ کا استقبال کیا اور انبیاء نے آپ ﷺ کی امامت میں نماز ادا کی۔ یہ آپ ﷺ کی مکرم شخصیت کا مشاہدہ تھا۔ اور مقامِ محمود پر آپ ﷺ کو فائز کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کائنات کے "مُکرم ترین" فرد ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کے ساتھ آپ ﷺ کا نام جوڑا (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ)۔ یہ وہ تکریم ہے جو کائنات میں کسی اور کو حاصل نہیں۔

درود وسلام: اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ:

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

"بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی (ﷺ) پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود وسلام بھیجو۔"

جس ہستی پر خود خالقِ کائنات درود بھیجے، اس سے بڑھ کر مکرم کون ہوسکتا ہے؟

آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ آپ ﷺ کی صورت میں انسانیت کو اس کا کھویا ہوا وقار واپس ملے۔ اور آپ ﷺ کی عزت کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ نے لیا ہے اور جن ﷺ کا نام رہتی دنیا تک بلند رہے گا۔

"اسمِ گرامی 'مُکَرَّم' اس عظمتِ رفتہ کا عنوان ہے جسے خود خالقِ کائنات نے دوام بخشا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ انسانیت کی سچی عزت صرف اور صرف اتباعِ رسول ﷺ میں پوشیدہ ہے۔ آپ ﷺ وہ 'محترمِ اعظم' ہیں کے صدقے خاک نشینوں کو بھی وقار ملا اور جن کی بارگاہ کی غلامی ہی درحقیقت بادشاہی ہے۔"

سَیِّدُنَا مَکِیْنٌ (ﷺ)

اللہ کے ہاں بلند مقام اور منزلت رکھنے والے

''مکین'' کا مطلب ہے ''مقام و مرتبہ والا، با اختیار اور وہ جس کی جڑیں مضبوط ہوں''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جسے اللہ کے ہاں ایک خاص ''مقام'' (مرتبہ) اور قدرت حاصل ہے۔ آپ ﷺ اللہ کی بارگاہ میں وہ مکین ہیں جن کی سفارش رد نہیں کی جاتی۔

سورہ التکویر میں اللہ تعالیٰ نے وحی لانے والے فرشتے (حضرت جبرائیل علیہ السلام) کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

ذِی قُوَّةٍ عِندَ ذِی الْعَرْشِ مَكِينٍ

''(وہ) بڑی قوت والا ہے، عرش والے (اللہ) کے ہاں بڑے مرتبے والا (مکین) ہے۔'' (سورہ التکویر:20)

مفسرین فرماتے ہیں کہ اگر وحی لانے والا فرشتہ ''مکین'' (صاحبِ مرتبہ) ہے، تو وہ ہستی جس کے لیے وحی لائی جا رہی ہے (یعنی نبی کریم ﷺ)، وہ اللہ کے ہاں اس سے بھی کہیں زیادہ ''مکین'' اور بلند مقام رکھنے والی ہے۔ آپ ﷺ کا مقامِ قرب وہ ہے جہاں تک کسی فرشتے یا نبی کی رسائی نہیں (مقامِ قاب قوسین)۔

''مکین'' وہ ہستی ہے جس کا اللہ کے ہاں ایسا مقام ہو کہ اس کی بات ٹالی نہ جائے۔ قیامت کے دن جب سب نفسی نفسی کر رہے ہوں گے، تب آپ ﷺ کا ''مکین'' ہونا کام آئے گا اور اللہ آپ ﷺ کی شفاعت سے لاکھوں کو بخش دے گا۔

حضور ﷺ کا مقام اللہ کے ہاں اتنا بلند ہے کہ کوئی فرشتہ یا نبی اس تک نہیں پہنچ سکتا۔ آپ ﷺ عرشِ الٰہی کے سب سے مقرب مکین ہیں۔ آپ ﷺ صرف عرش الٰہی

کے معزز مکین نہیں بلکہ مومنین کے دلوں کے بھی مکین ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت جب کسی دل میں گھر کر جاتی ہے تو وہ دل نورِ ایمان منور ہو جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مکین ہیں جن کے دم قدم سے کائنات قائم ہے۔ علما فرماتے ہیں کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارکہ اس دنیا میں جلوہ گر نہ ہوتی تو یہ بزمِ ہستی نہ سجتی، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہی ہیں جن کا رتبہ اٹل ہے، جن لا مقام سب سے بلند ہے اور جن کی سلطنت دنیا سے لے کر آخرت تک پھیلی ہوئی ہے۔

''اسمِ گرامی 'مکین' اس ابدی وقار کا عنوان ہے جسے زمانے کی گردشیں مٹا نہیں سکتیں۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ جس ہستی کو اللہ نے اپنے عرش پر 'مکین' بنایا ہو، اسے زمین کے رہنے والے (اہلِ باطل) کبھی نیچا نہیں دکھا سکتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'صاحبِ منزلت' ہیں جن کی غلامی انسان کو دو عالم کی سرداری عطا کرتی ہے اور جن کا دامن تھامنے والا کبھی بے وقعت نہیں ہوتا۔''

سَیِّدُنَا مَتِیْنٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اپنے ارادے اور دین میں نہایت پختہ

یہ لفظ ''م ت ن'' (متن) سے نکلا ہے۔

عربی لغت میں ''متانت'' کے معنی ایسی مضبوطی کے ہیں جس میں لچک یا کمزوری کا گزر نہ ہو۔ ''متین'' وہ ہوتا ہے جو نہایت پختہ، مضبوط اور باوقار ہو۔ لغتِ عرب میں ''متانت'' ایسی قوت کو کہتے ہیں جس میں لرزہ یا کمزوری نہ ہو، اور ''متین'' وہ شخصیت ہے جو ہر قسم کے حالات میں سنجیدگی اور استقلال کا پیکر ہو۔

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت کے طور پر ''الْمَتِیْنُ'' (سورۃ الذاریات:58) استعمال فرمایا۔ چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے اخلاق کے سب سے بڑے مظہر ہیں، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعوت اور سیرت کو بھی ''متین'' کہا جاتا ہے۔ ایک حدیثِ مبارک میں دینِ اسلام کی فطرت کے بارے میں ارشاد ہوا:

''إِنَّ هَذَا الدِّينَ مَتِينٌ، فَأَوْغِلُوا فِيهِ بِرِفْقٍ''، ''بے شک یہ دین مضبوط (متین) ہے، پس اس میں نرمی کے ساتھ داخل ہو (عمل کرو)۔'' (مسند احمد) آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس ''دینِ متین'' کے داعی اور خود اس کا کامل نمونہ تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''متین'' اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تبلیغِ دین کے دوران آنے والے مصائب و آلام کا جس ہمت اور وقار سے مقابلہ کیا، اس کی مثال تاریخِ انسانی میں نہیں ملتی۔ کفارِ مکہ کے مظالم ہوں یا طائف کے پتھر، اپنوں کی طرف سے پہنچائی گئی تلخیاں ہوں یا ہجرت کی صعوبتیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پائے استقلال میں لرزش نہ آئی۔

متین کا ایک مفہوم وقار اور سنجیدگی بھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شخصیت میں ایک خاص

رعب اور وقار تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گفتگو میں ''متین'' تھے (یعنی ٹھہر ٹھہر کر اور جامع کلام فرماتے)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق اتنے مضبوط تھے کہ دشمن کی بدتمیزی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حلم کو جنبش نہ دے سکی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس شریعت کو لے کر آئے، اسے قرآن نے ''دینِ متین'' (مضبوط دین) کہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دین کے امین اور اس پر سختی سے قائم رہنے والے ہیں۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''متین'' وہ ہے جو حق پر اس طرح قائم ہو کہ کائنات ادھر سے ادھر ہو جائے مگر وہ اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی وہ مرکز ہے جس کے گرد پوری کائنات گھوم رہی ہے، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی بندگی اور عہدِ وفا میں ''متین'' ہیں۔

''اسمِ گرامی 'متین' اس فولادی عزم کا عنوان ہے جس نے تاریخ کا دھارا موڑ دیا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حق کا مسافر صرف سچا ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ اپنے موقف میں اتنا پختہ (متین) ہوتا ہے کہ زمانہ اس کے سامنے جھک تو سکتا ہے، اسے جھکا نہیں سکتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'پیکرِ استقلال' ہیں جن کی زندگی کا ہر لمحہ ہمیں ثابت قدمی اور وقار کا سبق دیتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچ دینے والے

لفظ ''مُبین'' عربی لغت میں 'ابانہ' سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے ''واضح کرنے والا''، ''کھول کر بیان کرنے والا'' اور ''وہ جو بذاتِ خود روشن ہو''۔ مبین اس ہستی کو بھی کہتے ہیں جو پیچیدہ گتھیوں کو سلجھادے اور حقائق کو اس طرح بیان کردے کہ کسی کو شک وشبہ کی گنجائش باقی نہ رہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جنھوں نے حق اور باطل کے درمیان لکیر کھینچ کر دونوں کو واضح کردیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے احکامات اور دین کی باریکیوں کو اتنی وضاحت سے بیان فرمایا کہ ہدایت کا راستہ سورج کی طرح روشن ہوگیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس اسم گرامی کے دو اصلاحی پہلو ہیں۔ ایک تو یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت، اخلاق و کردار اور کارناموں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رسول ہونا بلکل واضح ہے، دوسرا معنی یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھول کھول کر اللہ کے احکامات سنانے والے ہیں اور اس کام میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی ہے۔

قرآن پاک کی سورہ الزخرف کی آیت نمبر 29 میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفت کا صراحت سے ذکر ہے:

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ (یہاں تک کہ ان کے پاس حق اور صاف بیان کرنے والا (واضح) رسول آ گیا) (الزخرف؛ ۲۹)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبین اس لیے بھی کہا جاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا ہر گوشہ بچپن، جوانی اور اعلانِ نبوت کے بعد کا ایک ایک لمحہ تاریخ کے روشن صفحات پر عیاں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ وہ کھلی کتاب ہے جو ہر دور کے انسان کے لیے ہدایت کا واضح نشان ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی کا ہر گوشہ ایک کھلی کتاب کی مانند واضح ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کلام معجزہ ہے جو پیچیدہ مسائل کو سہل بنا دیتا ہے۔

قرآنِ کریم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''رَسُولِ مُبین'' (واضح رسول) کہا ہے۔

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَ قَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ (الدخان: ۱۳)

ان کے لیے نصیحت کہاں ہے؟ کھول کھول کر بیان کرنے والے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان کے پاس آچکے ہیں۔

مبین اسے بھی کہا جاتا ہے جو دو چیزوں کو ایک دوسرے سے الگ اور واضح کر دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حلال و حرام، حق ا باطل اور نور اور ظلمات کے درمیان ایسی واضح لکیر کھینچ دی کہ اب قیامت تک صراط مستقیم تلاش کرنا کسی کے لیے مشکل نہیں رہا۔۔۔

اور فرمایا

وَ قُلْ اِنِّیْۤ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ (الحجر: ۸۹)

اور کہہ دیجیے کہ میں تو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی سنت کے ذریعے قرآن کے مجمل احکامات (جیسے نماز کی رکعات اور زکوٰۃ کی شرح) کو امت کے لیے پوری طرح واضح فرما دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ کائنات میں جہالت کا کوئی اندھیرا باقی نہ رہے۔ اس لیے سیدنا مبین وہ ہستی ہیں جن کا وجود سراپا روشنی ہے، جن کا کلام سراپا وضاحت ہے، اور جن کی اتباع انسان کو شک کے اندھیروں سے نکال کر یقین کی روشنی میں لے آتی ہے۔

''اسمِ گرامی 'مبین' اس روشن چراغ کا عنوان ہے جس نے وہم و گماں کے سائے مٹا دیے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اسلام کوئی پر اسرار یا چھپا ہوا فلسفہ نہیں بلکہ ایک 'دینِ مبین' ہے جس کا ہر اصول فطرت کے عین مطابق اور واضح ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'ترجمانِ حقیقت' ہیں جن کی پکار نے انسانیت کو الجھنوں سے نکالا اور اسے یقین کی روشن شاہراہ پر لا کھڑا کیا۔''

سَیِّدُنَا مُؤَمِّلٌ (ﷺ)

وہ ہستی جس سے بہت زیادہ امیدیں وابستہ کی جائیں۔

جس کی ذات کو مرادیں پوری ہونے کا وسیلہ سمجھا جائے۔

اس کے لغوی معنی ہیں ''وہ ہستی جس سے امیدیں وابستہ کی جائیں''، ''مرجعِ امید'' یا ''وہ جس کی طرف آرزوئیں کی جائیں''۔ عربی لغت میں ''اَمَل'' اس امید کو کہتے ہیں جس کا تعلق مستقبل کی بہتری اور کسی بڑی خیر سے ہو۔

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جو پوری کائنات کے لیے امیدوں کا مرکز ہے۔ گناہگاروں کو آپ ﷺ کی شفاعت کی امید ہے، حاجت مندوں کو آپ ﷺ کی سخاوت کی، اور پیاسوں کو آپ ﷺ کے دستِ مبارک سے جامِ کوثر پینے کی امید ہے۔

جس وقت دنیا جہالت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی، آپ ﷺ کی تشریف آوری نے مظلوموں، بیواؤں اور یتیموں کے لیے 'امیدِ نو' پیدا کی۔ آپ ﷺ وہ ''مؤمل'' بنے جنھوں نے انسانیت کو جینے کا حوصلہ دیا۔

حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی مایوس دلوں کا سہارا ہے۔ آپ ﷺ نے ہر اس شخص کو سینے سے لگایا جسے دنیا نے ٹھکرا دیا تھا۔

میدانِ محشر میں جب نفسی نفسی کا عالم ہوگا، اس وقت تمام مخلوق کی امیدیں آپ ﷺ سے وابستہ ہوں گی اور آپ ﷺ ''سجدہ ریز'' ہو کر امت کی بخشش کا مژدہ سنائیں گے۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا تا کہ انسانیت کو معلوم ہو کہ رحمتِ الٰہی کا سب سے بڑا دروازہ آپ ﷺ کی ذات ہے۔ الغرض آپ ﷺ وہ مومل ہیں جن کا تصور دلوں کو سکون بخشتا ہے، ایک مومن جب دنیا میں مایوس ہوتا ہے تو وہ مدینے والے کی رحمت کی طرف

دیکھتا ہے اور اس کی تمام امیدیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی سے وابستہ ہوتی ہیں۔

''اسمِ گرامی 'مؤمل' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ کائنات کی ہر آرزو کا سفر ذاتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم ہوتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب دنیا کے تمام دروازے بند ہو جائیں اور امیدیں ٹوٹنے لگیں، تو اس 'مرجعِ امید' کی طرف رجوع کرو جس کا در کبھی بند نہیں ہوتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'آخری سہارا' ہیں جن کی یاد دلوں کو جلا بخشتی ہے اور جن کا دامن تھام لینے والا کبھی ناامید نہیں ہوتا۔''

سَیِّدُنَا وَصُوْلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کٹے ہوئے لوگوں کو جوڑنے والے۔

''وصول'' کا مطلب ہے ''ملانے والا'' یا ''صلہ رحمی کرنے والا''۔ یہ لفظ مبالغے کا صیغہ ہے جس کا مطلب ہے ''بہت زیادہ جوڑنے والا''۔ لغتِ عرب میں ''وصل'' ہجر (جدائی) کی ضد ہے، اور ''وصول'' وہ ہستی ہے جو دوریوں کو قربتوں میں بدل دے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''وصول'' ہیں جنھوں نے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑا، بندے کو اس کے خدا سے ملایا اور دشمن قبائل کو بھائی بھائی بنا دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''وصول'' اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صلہ رحمی (رشتوں کو جوڑنے) کی وہ اعلیٰ مثال قائم کی جو تاریخِ انسانی میں ناپید تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے بھی رشتہ جوڑا جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رشتہ توڑا، اور انھیں بھی نوازا جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محروم رکھا۔ حضرت خدیجہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلی وحی کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دی تو ان کے الفظ تھے (خدا کی قسم، اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا، بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو صلاح رحمی کرتے ہیں اور رشتوں کو جوڑتے ہیں)

انسان گناہوں کی وجہ سے اللہ سے دور ہو چکا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''وصول'' بن کر آئے اور انسان کا ہاتھ اللہ کے ہاتھ میں دے دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ ''حبل اللہ'' (اللہ کی رسی) ہیں جسے تھام کر بندہ واصلِ باللہ (اللہ تک پہنچنے والا) ہو جاتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبائل میں بٹی ہوئی اور ایک دوسرے کے خون کی پیاسی عرب قوم کو ''اخوت'' کے رشتے میں ایسا جوڑا کہ وہ ''جسدِ واحد'' بن گئے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ ''وصول'' ہی تھی جس نے رنگ، نسل اور زبان کے بت توڑ کر سب کو کلمۂ واحد پر جمع کر دیا۔ مدینہ میں مہاجرین

اور انصار کے درمیان ''مواخات'' قائم کرنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ وصول کا ایک عظیم نمونہ تھا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''وصل'' کی دو قسمیں ہیں: ''وصلِ خلق'' (مخلوق سے جڑنا) اور ''وصلِ حق'' (حق سے جڑنا)۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ ان دونوں کا سنگم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی اختیار کیے بغیر نہ معاشرے میں سکون مل سکتا ہے اور نہ ہی بارگاہِ الٰہی تک رسائی ممکن ہے۔

''اسمِ گرامی 'وصول' اس ابدی رشتے کا عنوان ہے جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ دین کی بنیاد تعلقات کو توڑنے میں نہیں بلکہ جوڑنے میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'واصلِ اعظم' ہیں جنھوں نے زمینی انسانوں کا ناطہ آسمانی برکات سے جوڑ دیا اور جن کی غلامی کا رشتہ ہی درحقیقت اللہ کی بندگی تک پہنچنے کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا ذُوْ قُوَّۃٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

روحانی اور جسمانی قوت کے مالک

اس کا مطلب ہے ''قوت والا'' یا ''صاحبِ استطاعت''۔

وہ ہستی جو ہر قسم کی قوت کی مالک ہو۔ چاہے وہ اعصابی ہو، جسمانی ہو، قلبی ہو یا پھر وہ قوتِ نافذہ ہو جو حکمِ الٰہی سے کائنات میں تصرف کرتی ہے۔

اگرچہ یہ صفت اللہ تعالیٰ کی ہے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے اپنی عطا سے وہ قوت بخشی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اکیلے کفر کی عالمی طاقتوں کا تختہ الٹ دیا۔ یہ اسم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمتِ مرداں اور روحانی استقلال کا مظہر ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قوت کا عالم یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کی تپتی گلیوں میں تیرہ سال تک پہاڑ کی طرح جمے رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قوتِ ارادی نے عرب کے بڑے بڑے جابروں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔

سیرت کی کتب میں ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے غیر معمولی جسمانی طاقت عطا فرمائی تھی۔ مشہور پہلوان ''رکانہ'' جسے کوئی مغلوب نہ کر سکا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے تین بار پچھاڑا۔ یہ قوتِ بدنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''**ذو قوۃ**'' ہونے کی ایک جھلک تھی۔ قرآنِ پاک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ (عنقریب ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک بھاری بات نازل کریں گے) یہ وحی کا بوجھ تھا علما فرماتے ہیں کہ وحیِ الٰہی کا بوجھ اٹھانا کسی عام بشر کے بس میں نہ تھا۔ قرآن فرماتا ہے کہ اگر یہ وحی پہاڑ پر اترتی تو وہ پاش پاش ہو جاتا، لیکن قلبِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے سمیٹا۔ یہ وہ ''قوتِ قدسیہ'' ہے جو صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاصہ ہے۔

تنِ تنہا پوری دنیا کے کفر کے سامنے کھڑے ہو جانا اور اپنے موقف سے ذرہ برابر پیچھے نہ

ہٹنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ’’قوتِ ارادی‘‘ کی دلیل ہے۔غزوہِ حنین کا موقع ہو جب لشکر میں اضطراب پیدا ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تنِ تنہا دشمن کے سامنے ڈٹے رہے اور بلند آواز میں فرمایا: ’’أنا النبي لا ذب‘‘ (میں نبی ہوں، یہ جھوٹ نہیں ہے)۔ یہ ایک ’’ذُو قُوَّةٍ‘‘ جرنیل ہی کا کام تھا۔

ایک یتیم اور امی (بظاہر بے یار و مددگار) ہستی نے جس طرح دس سال میں پورے عرب کا نقشہ بدل دیا اور قیصر و کسریٰ کی بنیادیں ہلا دیں، وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ’’ذُو قُوَّةٍ‘‘ ہونے کی سب سے بڑی تاریخی دلیل ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے جبرائیلِ امین (علیہ السلام) کو قرآن میں ’’ذی قوۃ‘‘ کہا، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ’’ذو قوۃ‘‘ کہنا اس لیے برتر ہے کہ جبرائیل تو خادم ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مخدوم ہیں۔ جبرائیل کی قوت وحی لانے پر ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قوت وحی کو سنبھالنے اور کائنات میں نافذ کرنے پر ہے۔

’’اسمِ گرامی ’ذُو قُوَّةٍ‘ اس جلالِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا عنوان ہے جس کے سامنے باطل سرنگوں ہو جاتا ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اسلام کمزوری کا نام نہیں بلکہ یہ تو اس ہستی کی پیروی ہے جو کائنات میں سب سے زیادہ طاقتور ارادے اور قوتِ ایمانی کی مالک ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ’قویِ برحق‘ ہیں جن کی قوت عاجزوں کو سہارا دیتی ہے اور ظالموں کے لیے قہرِ خداوندی بن کر کفر کا غرور خاک میں ملا دیتی ہے۔‘‘

سَیِّدُنَا ذُوْ حُرْمَۃٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بڑی عزت اور حرمت والا

یہ ایک ''مرکبِ اضافی'' ہے، جس میں ''ذوْ'' (والا) اور ''حرمۃ'' (عظمت، احترام، ایسی چیز جس کی حفاظت واجب ہو) شامل ہے۔

وہ ہستی جو سراپا ادب واحترام ہو، جس کی توقیر کرنا ہر ذی روح پر فرض ہو، اور جس کا مقام بارگاہِ الٰہی میں اتنا بلند ہو کہ اس کی بے ادبی کفر اور بربادی کا باعث بنے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''ذو حرمۃ'' اس لیے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب کو اپنی بندگی کا لازمہ قرار دیا۔ قرآن میں حکم دیا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے اپنی آواز بلند نہ کرو، ورنہ تمھارے اعمال ضائع کر دیے جائیں گے۔ یہ ''ذو حرمۃ'' ہونے کی انتہا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ

''اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز پر اونچی نہ کرو اور نہ ان کے حضور بات چیت میں اس طرح زور سے بولو جیسے تم ایک دوسرے کے سامنے زور سے بولتے ہو، کہیں تمھارے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور تمھیں خبر بھی نہ ہو۔'' (سورۃ الحجرات آیت 2-3)

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِیْمٌ

''بے شک جولوگ رسول اللہ کے پاس اپنی آوازیں دھیمی رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقویٰ کے لیے چن لیا (پرکھ لیا) ہے، ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے۔''

اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اتنا احترام ہے کہ اللہ نے اپنی کتاب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام (یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے پکارنے کے بجائے پیار بھرے القابات (یا ایھا المزمل، یا ایھا المدثر) سے پکارا۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''حرمت'' کا خدائی اعتراف ہے۔

صحابہ کرامؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں اس طرح بیٹھتے تھے جیسے ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں (تاکہ ذرا بھی حرکت نہ ہو)۔ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضو کا پانی زمین پر نہیں گرنے دیتے تھے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''**ذُو حُرْمَةٍ**'' ہونے کا عملی نمونہ تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے مدینہ منورہ کو ''حرم'' قرار دیا گیا۔ جس طرح مکہ کی حرمت ہے، اسی طرح مدینہ کی مٹی اور وہاں کی اشیاء بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے ''صاحبِ حرمت'' بن گئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ نامی سن کر درود پڑھنا اور ادب سے سر جھکانا اس بات کی علامت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''**ذُو حُرْمَةٍ**'' ہیں جن کا ذکر بھی دلوں میں لرزہ اور آنکھوں میں نمی پیدا کر دیتا ہے۔

عشق کی وادیوں میں ''محبت'' سے زیادہ ''ادب'' کے ساتھ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وہ ہے جہاں محبت کے ساتھ ادب کی شرط بھی لازم ہے۔ جس دل میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت (احترام) نہیں، وہاں عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دعویٰ جھوٹا ہے۔

''اسمِ گرامی 'ذُو حُرْمَةٍ' اس تقدس کا عنوان ہے جس کی حفاظت خود خالقِ کائنات کرتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا زینہ 'ادب' ہے۔ جس کے دل میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت نہیں، اس کا ایمان سلامت نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدسِ اعظم' ہیں جن کی عزت و ناموس پر کائنات کی ہر چیز قربان ہے اور جن کے در کی غلامی ہی انسان کو حقیقی وقار عطا کرتی ہے۔''

سَیِّدُنَا ذُوْ مِکَانَۃٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نہایت بلند مرتبے والے

یہ ایک ''مرکبِ اضافی'' ہے، جس میں ''ذو'' (والا) اور ''مکانہ'' (مرتبہ، منزلت، ہائی سٹیٹس) شامل ہے۔

''ذو مکانہ'' کا مطلب ہے ''بلند مرتبہ والا'' یا ''عظیم منزلت والا''۔

اس سے مراد وہ ہستی ہے جسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ رسائی اور مقام حاصل ہو جہاں تک کسی اور کی رسائی ممکن نہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ مقربِ خاص ہیں جن کا مرتبہ تمام انبیاء اور فرشتوں سے بالاتر ہے۔

''مکانہ'' سے مراد وہ مقامِ قرب ہے جو شبِ معراج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا ہوا۔ جہاں سدرۃ المنتہیٰ پر فرشتوں کے پر جلتے ہیں، وہاں سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''مکانہ'' (منزلت) کے سفر کا آغاز ہوتا ہے، جو ''قَابَ قَوْسَيْنِ'' تک پہنچتا ہے۔

بارگاہِ الٰہی میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکانت کا عالم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا کو اپنی رضا فرماتا ہے (جیسے تحویلِ قبلہ کے موقع پر فرمایا: (فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا)۔
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صاحبِ منزلت'' ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش کبھی رد نہیں کی جاتی۔

اللہ نے کائنات کی ہر شے کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل پیدا فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''رحمت للعالمین'' بنا کر بھیجا۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''صاحبِ مقام'' ہونے کی دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر کائنات کا نظام ادھورا ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ مکانہ جگہ کو نہیں بلکہ رتبے کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ جگہ سے پاک ہے، اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس کے قریب ہونا جسمانی نہیں بلکہ ''مکانت'' (عظمت) کے

اعتبار سے ہے، جو کسی اور کے وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتی۔ رتبے کے لحاظ سے آپ ﷺ کا ایک مقام جو سید المرسلین ہے جو سب سے بلند ہے اور یہ مقام کسی مادی جگہ کا محتاج نہیں بلکہ یہ وہ رتبہ ہے جو زمان و مکان کی تخلیق سے پہلے آپ ﷺ کو عطا کیا گیا تھا۔

آپ ﷺ کا مرتبہ صرف دنیا تک محدود نہیں بلکہ عالمِ بالا میں بھی آپ ﷺ کی منزلت کا ڈنکا بجتا ہے۔ اللہ نے آپ ﷺ کے لیے ''مقامِ محمود'' کا وعدہ فرمایا ہے۔

معراج کی رات جب تمام انبیاء نے آپ ﷺ کی اقتدا کی، تو عملاً یہ ثابت ہو گیا کہ کائنات میں آپ ﷺ سے بلند مرتبہ کسی کا نہیں۔ آپ ﷺ کا انتخاب اس لیے ہوا کہ آپ ﷺ کی سفارش سے ہی انسانیت کی بخشش کا فیصلہ ہونا تھا۔

''اسمِ گرامی 'ذُو مَكَانَةٍ' اس ابدی بلندی کا عنوان ہے جسے خود خالقِ کائنات نے دوام بخشا ہے۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ سچی عزت اور مقام دنیاوی عہدوں میں نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی بندگی میں پوشیدہ ہے۔ آپ ﷺ وہ 'عظیم المرتبت' ہیں جن کی مکانت کے صدقے خاک نشینوں کو بھی آسمانی برکتیں نصیب ہوئیں اور جن کی غلامی کا رشتہ ہی انسان کو حقیقی منزلت عطا کرتا ہے۔''

سَیِّدُنَا ذُوْ عِزٍّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حقیقی عزت اور غلبہ پانے والے

''ذو عز'' کا مطلب ہے ''عزت وغلبہ والا''۔

یہ ''مرکبِ اضافی'' ہے، جس میں ''ذو'' (والا) اور ''عزّ'' (عزت، غلبہ، قوت اور وہ رتبہ جس تک پہنچنا دوسروں کے لیے ممکن نہ ہو) شامل ہے۔۔لغتِ عرب میں ''عزت'' اس نایاب اور مضبوط مقام کو کہتے ہیں جسے کوئی مغلوب نہ کر سکے۔''ذُو عِزٍّ'' کا مطلب ہے ''بڑی عزت، غلبے اور شان والا۔''

عزت درحقیقت اللہ کے لیے ہے اور اس کے رسول ﷺ کے لیے۔قرآنِ حکیم سورۃ المنافقون آیت 8 میں اللہ تعالیٰ نے عزت کو اپنی ذات، اپنے رسول ﷺ اور مومنین کے لیے خاص فرمایا ہے:

يَقُولُونَ لَئِن رَّجَعْنَآ إِلَى ٱلْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ ٱلْأَعَزُّ مِنْهَا ٱلْأَذَلَّ وَلِلَّهِ ٱلْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِۦ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَٰكِنَّ ٱلْمُنَٰفِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ

(وہ (منافق) کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ واپس پہنچے تو جو بڑی عزت والا ہے وہ وہاں سے ذلیل ترین کو نکال باہر کرے گا، حالانکہ عزت تو اللہ ہی کے لیے ہے اور اس کے رسول کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے، لیکن منافق نہیں جانتے۔)

یہاں اللہ نے اپنی عزت کے ساتھ اپنے رسول ﷺ کی عزت کا ذکر فرما کر یہ واضح کر دیا کہ آپ ﷺ کی عزت اللہ کی عطا کردہ اور دائمی ہے۔

آپ ﷺ وہ ''عزیز'' ہستی ہیں جنھیں اللہ نے کبھی مغلوب نہیں ہونے دیا اور جن کی عزت کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ نے لیا۔

(وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ)۔ یہ ''ذو عزّ'' ہونے کی وہ معراج ہے کہ جہاں اللہ کا نام لیا جاتا ہے، وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ نامی بھی عزت واحترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''ذُو عِزٍّ'' ہیں جنھوں نے ظاہری مال ومتاع کے بغیر بھی قیصر وکسریٰ کے دلوں پر لرزہ طاری کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کسی دنیاوی عہدے کی محتاج نہ تھی بلکہ وہ منجانب اللہ تھی۔

قیامت کے دن جب سب پریشان ہوں گے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''عزت'' کا یہ عالم ہوگا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش پر ہی حساب کتاب کا آغاز ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صاحبِ وجاہت'' ہیں جن کی بات اللہ کبھی رد نہیں فرماتا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ حقیقی ''عزت'' بندگی میں پوشیدہ ہے۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے سب سے بڑے ''عبد'' (بندے) ہیں، اس لیے اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ ''عزت'' عطا فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت مادی وسائل کی مرہونِ منت نہیں بلکہ ربانی تجلیات کا ظہور ہے۔

''اسمِ گرامی 'ذُو عِزٍّ' اس ابدی سرفرازی کا عنوان ہے جو مٹائے نہیں مٹتی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حقیقی عزت جھوٹے پروپیگنڈوں یا عارضی طاقت میں نہیں، بلکہ حق کی بندگی میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'عزیزِ برحق' ہیں جن کے دامن سے وابستہ ہوکر غلاموں نے بھی وہ وقار پایا کہ دنیا کے تاجداران کے قدموں کی دھول کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنانے لگے۔''

سَیِّدُنَا ذُوْ فَضْلٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فضل واحسان کرنے والے

یہ ’’مرکبِ اضافی‘‘ ہے، جس میں ’’ذو‘‘ (والا) اور ’’فضل‘‘ (زیادتی، احسان، نیکی، اور وہ کمال جو دوسروں سے بڑھ کر ہو) شامل ہے۔ لغتِ عرب میں ’’فضل‘‘ اس عطیے کو کہتے ہیں جو واجب نہ ہو بلکہ محض کرم اور مہربانی سے دیا جائے۔ ’’ذُوفَضْلٍ‘‘ کا مطلب ہے ’’بڑے فضل، احسان اور کمال والا۔‘‘

اس سے مراد وہ ہستی ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے انعامات کی انتہا ہو اور جو خود پوری کائنات کے لیے اللہ کا سب سے بڑا فضل ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ’’صاحبِ فضل‘‘ ہیں جن کے ذریعے کائنات کو ہدایت، نور اور رحمت کی دولت ملی۔

اللہ نے گزشتہ انبیاء کو الگ الگ کمالات دیے (کسی کو معجزہ، کسی کو حسن، کسی کو قوت)، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ’’ذُوفَضْلٍ‘‘ ہیں جن کی ذات میں تمام انبیاء کے کمالات کو جمع کر دیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حسنِ یوسف، دمِ عیسیٰ اور یدِ بیضا کے تنہا وارث ہیں۔

قرآنِ مجید میں ارشاد ہے:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا

’’بے شک اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا کہ ان میں اپنا رسول بھیجا۔‘‘

(سورۃ آل عمران: آیت 164)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ’’ذُوفَضْلٍ‘‘ ہیں جن کی آمد ہی انسانیت کے لیے سب سے بڑی نعمت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سراپا فضل ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ کمالات عطا فرمائے جو کسی اور نبی یا فرشتے کے حصے میں نہیں آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افضل الانبیاء ہیں کیونکہ

معراج کی رات جو افضلیت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا ہوئی وہ کسی اور کو نہیں ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صاحبِ جود وعطا ہیں، ایک حدیث میں آتا ہے کہ ''أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي'' جس کا ترجمہ ہے ''تقسیم کرنے والا میں ہوں اور عطا (دینے والا) اللہ ہے''۔ (صحیح بخاری اور صحیح مسلم) روزِ قیامت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام، محمود پر فائز ہو کر گناہوں کی بخشش کروانا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل احسان کا کمال ہوگا۔

قرآنِ کریم فرماتا ہے: ''وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا'' (اور اللہ کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہت بڑا فضل ہے) النساء: ۱۱۳۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب اس لیے ہوا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے تاقیامت انسانیت اللہ کے فضل وکرم سے فیضیاب ہوتی رہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''عدل'' یہ ہے کہ جتنا حق ہوا تنا دیا جائے، اور ''فضل'' یہ ہے کہ حق سے بڑھ کر عطا کیا جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات امت کے لیے سراپا فضل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی شفاعت سے گناہگاروں کو ان کے استحقاق سے کہیں زیادہ عطا فرمائیں گے۔

''اسمِ گرامی 'ذُو فَضْلٍ' اس بارشِ کرم کا عنوان ہے جس نے بنجر انسانیت کو گلزار بنا دیا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ ہم اللہ کے فضل سے کبھی محروم نہیں ہو سکتے جب تک ہمارا رشتہ اس ہستی سے جڑا ہے جو خود 'فضلِ الٰہی' کا مظہرِ اتم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سلطانِ عطا' ہیں جن کے در سے شاہ وگدا سبھی فیض پاتے ہیں اور جن کی بندگی ہی انسان کو اللہ کے فضل کا حقدار بناتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُطَاعٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جن کی اطاعت کی جائے

''مُطاع'' اسم مفعول ہے، جس کا مطلب ہے'' وہ ہستی جس کی اطاعت کی جائے'' یا ''جس کا حکم مانا جائے''۔لغتِ عرب میں'' طاعت'' خوشی اور رغبت کے ساتھ کسی کی پیروی کرنے کو کہتے ہیں۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ'' کامل مقتدا'' ہستی ہیں جن کی پیروی اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کی تمام مخلوقات پر فرض کر دی ہے۔''مُطَاع'' وہ رسول ہے جس کا حکم دراصل اللہ کا حکم ہے اور جس کی نافرمانی اللہ کی نافرمانی ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس'' قانونی وروحانی حاکمیت'' کو ظاہر کرتا ہے کہ ایمان کی تکمیل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے چون وچرا اطاعت میں پوشیدہ ہے۔

اس سے مراد وہ ذاتِ گرامی ہے جس کی فرمانبرداری اللہ نے زمین وآسمان کی ہر مخلوق پر واجب کر دی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ''مُطاع'' ہیں جن کی اطاعت درحقیقت اللہ ہی کی اطاعت ہے۔

سوری النساء آیت 80 میں فرمایا گیا:

مَّن يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَن تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا۔

''جس نے رسول کی اطاعت کی، اس نے حقیقت میں اللہ ہی کی اطاعت کی؛ اور جس نے منہ پھیرا، تو ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔''

دوسرے مقام پر فرمایا:

وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا (النور؛ ۵۴) (اگر انکی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اطاعت کرو گے تو ہدایت یافتہ بن جاؤ گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے سامنے کائنات کی ہر چیز سرِ تسلیم خم کرتی ہے۔فرشتے ہوں، جنات ہوں یا نباتات و جمادات، سب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشارے کے منتظر رہتے ہیں۔

حضرت عمر بن خطاب ؓ سے روایت ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، اگر موسیٰؑ بھی زندہ ہوتے تو ان کو میری اتباع کے بغیر کوئی چارہ نہ ہوتا (مسند احمد)

شبِ معراج میں سدرۃ المنتہیٰ پر حضرت جبرائیلؑ کا رک جانا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آگے بڑھنا ثابت کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالمِ بالا کے بھی ''مُطاع'' ہیں۔ زمین پر درختوں کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلانے پر چل کر آنا اور چاند کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشارے پر دو ٹکڑے ہونا اس اسم کی عملی گواہی ہے۔

''اسمِ گرامی 'مُطَاع' اس مرکزی اقتدار کا عنوان ہے جس کے گرد ایمان کا طواف ہوتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دعویٰ اس وقت تک ادھورا ہے جب تک زندگی کے ہر شعبے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت (اتباع) کو مقدم نہ کر لیا جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'فرمانروا' ہیں جن کی اطاعت ہی بندے کو اللہ کی رضا کی منزل تک پہنچاتی ہے اور جن کے قدموں کے نشانات پر چلنا ہی کامیابی کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا مُطِیعٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اللہ کے سب سے زیادہ فرمانبردار بندے

''مُطیع'' کا لغوی مطلب ہے ''فرمانبردار'' یا ''حکم ماننے والا''۔ اس کے لغوی معنی ہیں ''فرمانبردار''، ''اطاعت گزار''، ''حکم ماننے والا'' اور ''وہ جو اپنی مرضی کو اپنے محبوب یا آقا کی مرضی کے تابع کر دے۔''

اس سے مراد وہ ذاتِ اقدس ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے احکامات کی بجا آوری میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ آپ ﷺ اللہ کے وہ مطیع بندے ہیں جن کی اطاعت کو اللہ نے اپنی اطاعت قرار دیا (مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ)۔ ''جس نے رسولؐ کی اطاعت کی بے شک اس نے اللہ کی اطاعت کی'' (النساء:80)

جہاں آپ ﷺ تمام کائنات کے لیے ''مُطَاع'' (جن کی اطاعت کی جائے) ہیں، وہاں اپنے رب کے حضور آپ ﷺ سب سے بڑے ''مُطِیع'' ہیں۔ یہ نام آپ ﷺ کے اس مقامِ عبدیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ ﷺ کا اٹھنا، بیٹھنا، سونا، جاگنا اور کلام کرنا سب اللہ کے حکم کے تابع تھا۔

آپ ﷺ ''مطیع'' اس لیے ہیں کہ آپ ﷺ کی زندگی کا ہر سانس اللہ کے ذکر اور اس کی اطاعت میں گزرا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میری آنکھیں سوتی ہیں مگر میرا دل نہیں سوتا''۔ یہ بیداری دراصل بندگی اور اطاعت کی بیداری تھی۔

سورہ الانعام (آیت 162) حضورِ اکرم ﷺ کے اسمِ مبارک ''مُطِیعٌ'' (ﷺ) کی وہ عظیم الشان شرح ہے جو براہِ راست کلامِ الٰہی سے ثابت ہے۔

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (162)

(آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیجیے: بے شک میری نماز اور میری قربانیاں (سب مناسکِ حج و عبادت) اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔) راتوں کو اتنے طویل قیام کرنا کہ پاؤں مبارک پر ورم آجائے اور دن کو استغفار کی تکرار کرتے رہنا اور اس پر یہ فرمانا کہ ''کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟'' یہ اطاعت کی وہ انتہا ہے جہاں بندہ اپنے آپ کو مٹا دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ○ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى

اور نہ وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں، وہ تو صرف وحی ہے جو اتاری جاتی ہے۔

(النجم: ۳، ۴) اور اسی حکمتِ عملی کے تحت تبلیغِ دین کے دوران پیش آنے والی تکالیف کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر حال میں حکمِ الٰہی کو مقدم رکھا، یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ مطیع کا عملی اظہار ہے۔

اس آیت میں یہ واضح فرما دیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرضی کے خلاف ایک لفظ بھی اپنی زبان پر نہیں لاتے۔ اللہ نے سورۃ المائدہ: آیت 67 میں حکم دیا کہ: ''اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف نازل کیا گیا اسے پہنچا دیجیے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حکم کی ایسی اطاعت فرمائی کہ خطبہ حجۃ الوداع میں لاکھوں کے مجمعے سے گواہی لی کہ ''اے اللہ! گواہ رہنا میں نے تیرا پیغام پہنچا دیا۔''

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی منشائے الٰہی کے تابع تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی اپنی خواہشِ نفس سے کوئی بات نہیں کی بلکہ وہی کیا جو اللہ کا حکم ہوا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''مطیع'' وہی ہوتا ہے جس کا ''ارادہ'' اللہ کے ''ارادے'' میں فنا ہو جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس لیے ''مطیع'' ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرضی اللہ کی مرضی سے الگ

نہیں۔ جب آپ ﷺ نے فرمایا ''یا اللہ! میں تیرے سامنے حاضر ہوں'' تو یہ پکار ایسی تھی کہ پھر کائنات میں کسی اور کی پکار کی گنجائش نہ رہی۔

اور مطیع کا یہ مقام جہاں بندے کی مرضی اللہ کی رضا میں فنا ہو جائے حاصل کرنے کے بعد بندے کو مقامِ مطاع عطا ہوتا ہے جہاں اس ہستی کی اطاعت لازم قرار دے دی جاتی ہے کیونکہ حضور ﷺ کائنات کے سب سے بڑے مطیع ہیں اس لیے آپ ﷺ کو بلد ترین مقامِ مطاع عطا فرمایا گیا ہے۔

''اسمِ گرامی 'مُطِیع' اس بندگیِ صادقہ کا عنوان ہے جس نے انسان کو فرشتوں سے بلند کر دیا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ کائنات کا 'مُطَاع' (سردار) وہی بن سکتا ہے جو اپنے رب کا سچا 'مُطِیع' بن جائے۔ آپ ﷺ وہ 'فرمانبردارِ اعظم' ہیں جن کی اطاعتِ الٰہی ہی دراصل کائنات کی بقا کا راز ہے اور جن کے نقشِ قدم پر چل کر ہی بندہ اپنے خالق کا محبوب بن سکتا ہے۔''

سَیِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

وہ بلند مرتبہ جو سچائی اور اخلاص کی بنیاد پر حاصل ہو

یہ ایک ''مرکبِ اضافی'' ہے۔ ''قدم'' کے معنی پاؤں، مرتبہ یا آگے بھیجی ہوئی چیز کے ہیں، اور ''صدق'' کے معنی سچائی اور پختگی کے ہیں۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کائنات کی وہ ''صادق'' ہستی ہیں جن کا مقامِ شفاعت اور درجۂ قرب اللہ کے ہاں بالکل اٹل اور سچا ہے۔ ''قَدَمَ صِدْقٍ'' وہ رسول ہے جس کی پیروی انسان کو لغزشوں سے بچاتی ہے اور جس کا وسیلہ اللہ کی بارگاہ میں کبھی رد نہیں ہوتا۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس ''ابدی سچائی'' کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی وہ اصل خیر ہیں جو انسان کو رب تک پہنچاتی ہے۔

وہ بلند مرتبہ جو سچائی پر مبنی ہو، یا وہ ہستی جو اللہ کی بارگاہ میں سب سے آگے اور سب سے زیادہ سچی ہو۔

أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِندَ رَبِّهِمْ ...سورہ یونس (آیت 2)

(کیا لوگوں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ہم نے انھی میں سے ایک مرد (کامل) پر وحی بھیجی کہ لوگوں کو ڈر سناؤ اور ایمان والوں کو خوشخبری دو کہ ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچائی کا مقام (قدمِ صدق) ہے؟)

تفسیرِ مظہری میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ بلند مرتبہ ہے جو کبھی زائل نہیں ہوگا، اور وہ ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

مفسرین (جیسے حضرت ابنِ عباسؓ اور امام مجاہدؒ) فرماتے ہیں کہ اس آیت میں ''قدمِ

صدق'' سے مراد حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مقامِ شفاعت ہے۔ یعنی ایمان والوں کے لیے اللہ کے ہاں سب سے پختہ وسیلہ اور سچی سفارش حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔

''قَدَمَ صِدْقٍ'' سے مراد وہ ''سچی سفارش'' ہے جو قیامت کے دن صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی فرمائیں گے۔ یہ وہ قدم ہے جو میدانِ حشر میں مومنوں کو سہارا دے گا اور انھیں جنت کی طرف لے جائے گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہر قدم سچائی پر مبنی تھا۔ بچپن سے لے کر وصال تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو بھی قدم اٹھایا، وہ عدل، صدق اور رضائے الٰہی کے لیے تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''قَدَمَ صِدْقٍ'' ہیں جن کے نقشِ قدم پر چلنا ہی صراطِ مستقیم ہے۔

اس طرح پیشوائی اور سیادت کے اعتبار سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مقام صدق پر فائز ہیں تخلیق کے اعتبار سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نورِ اول ہے اور مرتبے کے لحاظ سے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم امام الانبیاء ہیں۔

''اسمِ گرامی 'قَدَمَ صِدْقٍ' اس اٹل حقیقت کا عنوان ہے کہ نجات کا راستہ صرف اور صرف ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ہو کر گزرتا ہے۔ یہ نام ہمیں یقین دلاتا ہے کہ جس کا تعلق اس 'صادق و امین' نبی سے جڑ گیا، اس کا قدم دنیا و آخرت کی کسی آزمائش میں نہیں ڈگمگائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'سچی بشارت' ہیں جن کی پیروی انسان کو فنا سے نکال کر ابدی بقا کے راستے پر ڈال دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا رَحْمَةٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مجسم رحمت، سراپا رحمت

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسمِ مبارک ''رَحْمَةٌ'' (سراپا رحمت) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کا وہ جوہرِ خاص ہے جس نے کائنات کے ذرّے ذرّے کو اپنی آغوش میں لے رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنی ربوبیت کو تمام جہانوں کے لیے عام فرمایا (رَبِّ الْعَالَمِينَ)، وہیں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت کو بھی تمام جہانوں کے لیے عام فرما دیا (رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ)۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے صرف ''رحیم'' نہیں بلکہ خود ''رَحْمَة'' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ علمِ بلاغت کی رو سے جب کسی ہستی کو صفت کے بجائے خود ''عینِ صفت'' قرار دیا جائے، تو اس کا مطلب ہے کہ وہ ہستی سر سے پاؤں تک وہی صفت بن چکی ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف رحم کرنے والے نہیں، بلکہ ''سراپا رحمت'' ہیں۔

سورہ الانبیاء (آیت 107)

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ

(اور (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ میں رحمت مجسم بن کر آیا ہوں جو اللہ کی طرف اہل جہان کے لیے ایک ہدیہ ہے۔

یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''عالمگیر شفقت'' کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت صرف مسلمانوں کے لیے نہیں، بلکہ کافر، منافق، حیوانات، نباتات اور جمادات تک

کے لیے ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تشریف آوری سے دنیا سے وہ عذاب ٹل گئے جو پہلی قوموں پر آیا کرتے تھے۔ جب تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا میں موجود ہیں اور جب تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت پر عمل ہوتا رہے گا، اللہ اس امت پر عمومی عذاب نازل نہیں فرمائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''رحمت'' ہیں جو امت اور غضبِ الٰہی کے درمیان حائل ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مومنین کے لیے دنیا میں رحمت ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذریعے انھیں ہدایت نصیب ہوئی اور آخرت میں رحمت ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ علماء کے نزدیک اللہ کی صفت رحمانیت کا سب سے پہلا اور کامل ظہور ''حقیقتِ محمد یہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' ہے۔ اور کائنات کا ذرّہ ذرّہ اس لیے قائم ہے کہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رحمت کا سایہ حاصل ہے۔

''اسمِ گرامی 'رحمت' اس ٹھنڈی چھاؤں کا عنوان ہے جس نے جلتی ہوئی انسانیت کو سکون بخشا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام سختی کا نہیں بلکہ سراسر نرمی اور محبت کا دین ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'بارانِ رحمت' ہیں جن کے قدموں کی برکت سے بنجر دل آباد ہوئے اور جن کی غلامی کا رشتہ ہی انسان کو رب کی رحمتوں کا مستحق بناتا ہے۔''

سَیِّدُنَا بُشْرٰی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی طرف سے انسانیت کے لیے بھیجی گئی خوشخبری

لفظ ''بُشریٰ'' کے معنی ہیں ''خوشخبری'' یا ''وہ خبر جو سننے والے کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑا دے''۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ ''خوش نصیب خبر'' ہیں جس کا انتظار صدیوں سے انسانیت کر رہی تھی۔ ''بُشْرٰی'' وہ رسول ہے جس کی آمد کی خوشخبری تمام سابقہ انبیاء نے اپنی امتوں کو دی تھی۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''مژدہِ جانفزا'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجودِ مسعود ہی دراصل اللہ کی طرف سے اہلِ زمین کے لیے سب سے بڑی خوشخبری ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''بشریٰ'' ہیں جن کا انتظار صدیوں سے انسانیت کر رہی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی رحمت کی وہ خوشخبری ہیں جو گناہگاروں کو بخشش کی، مظلوموں کو انصاف کی اور بھٹکے ہوئے لوگوں کو منزل کی نوید سناتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری ذاتِ مبارکہ مومنین کے لیے بشارت ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لینا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر چلنا دلوں کو وہ فرحت بخشتا ہے جو کسی دنیاوی دولت سے حاصل نہیں ہوسکتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مایوس انسانیت کو یہ خوشخبری دی کہ اللہ کی رحمت اس کے غضب پر غالب ہے۔

اس اسمِ مبارک کی جڑیں قدیم انبیاء کی پیش گوئیوں میں ملتی ہیں۔ سیدنا آدمؑ سے لے کر سیدنا عیسیٰؑ تک ہر نبی نے اپنی قوم کو یہ ''بشریٰ'' سنائی کہ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائیں

گے جو کائنات کے دکھوں کا مداوا کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام الہامی کتابوں کی اصل ''خوشخبری'' ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی بشارت دیتے ہوئے فرمایا تھا:

''وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ''

ترجمہ: ''اور ایک ایسے رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو میرے بعد آئیں گے، جن کا نام احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہوگا۔'' (الصّف:6)

خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''میں اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کی دعا ہوں اور عیسیٰ (علیہ السلام) کی بشارت (بشریٰ) ہوں۔''

علماء نے اسمِ ''بشیر'' اور ''بشریٰ'' میں لطیف فرق بیان کیا ہے۔

بَشِيرٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس ہستی کو کہتے ہیں خوشخبری سناتی ہے اور بُشْرٰی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) وہ ہستی ہے جو بذاتِ خود مجسم خوشخبری ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود ہی انسانیت کے لیے سب سے بڑا انعام اور خوشی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جہالت اور ظلم میں ڈوبی ہوئی انسانیت کو صراطِ مستقیم اور کامیابی کی نوید سنائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مغفرت اور جنت کی بشارتیں عطا فرمائیں، گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشارتِ الہیٰ کا وہ مظہر ہیں جنھوں نے ناامیدی کو امید میں بدل دیا۔

''اسمِ گرامی 'بشریٰ' اس ابدی مسرت کا عنوان ہے جس کا ظہور صبحِ بہار کی مانند ہوا۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ اسلام سراسر خیر اور خوشی کا پیغام ہے، ڈر یا خوف کا نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'خوشخبریِ اعظم' ہیں جس نے کائنات کے اداس چہرے پر مسکراہٹ بکھیر دی اور جن کی غلامی کا مژدہ ملتے ہی انسان دنیا و آخرت کے تمام خوف سے آزاد ہوجاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا غَوْثٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

فریادرس، جو پکارنے والے کی پکار سنتے ہیں

لفظ ''غوث'' کا لغوی مطلب ہے ''فریادرس''، ''مددگار'' یا ''وہ ہستی جسے انتہائی سختی اور مصیبت کے وقت پکارا جائے''۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''غوثِ اعظم'' ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے تمام کائنات کی فریادرسی کے لیے مبعوث فرمایا۔ اگرچہ حقیقی مددگار اللہ ہی کی ذات ہے، مگر اللہ نے اپنی مخلوق کی مدد کا وسیلہ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات کو بنایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کائنات کی وہ ''اعظم فریادرس'' ہستی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کی مدد کے لیے مرکز بنایا۔ ''غَوْث'' وہ رسول ہے جس کا در ہر پریشان حال کے لیے کھلا ہے، خواہ وہ دنیاوی تکالیف ہوں یا اخروی نجات۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس ''کائناتی دستگیری'' کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی وہ اصل وسیلہ ہیں جن کے ذریعے اللہ کی مدد بندوں تک پہنچتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صفتِ ''غوثیت'' کا یہ عالم ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نہ صرف انسانوں بلکہ چرند، پرند اور حیوانات کی فریاد بھی سنتے اور ان کی دادرسی فرماتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا در وہ ہے جہاں ہر پکارنے والے کی پکار سنی جاتی ہے اور ہر سائل کی جھولی بھری جاتی ہے۔

میدانِ محشر میں جب تمام انبیاء ''نفسی نفسی'' کہہ رہے ہوں گے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی وہ ''غوث'' ہوں گے جو امت کی فریادرسی کرتے ہوئے سجدے میں گر جائیں گے اور امت کی بخشش کروائیں گے۔ اسمِ غوث کا تعلق دراصل اسمِ رحمت سے ہے، رحمت صفت ہے اور غوث اس صفت کا عملی ظہور ہے جو کسی دکھی انسان کی پکار پر اسے سہارا دیتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'غوث' اس ابدی دستگیری کا عنوان ہے جو کبھی تنہا نہیں چھوڑتی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب دنیا کے تمام سہارے ٹوٹ جائیں اور کوئی راستہ نظر نہ آئے، تو اس 'مرجعِ خلائق' کی طرف متوجہ ہو جاؤ جسے اللہ نے رحمت اور مدد کا سمندر بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ وہ 'فریادرس' ہیں جن کی پکار پر اللہ کے فرشتے بھی آسمان سے اتر آتے ہیں اور جن کا دامن تھام لینے والا کبھی بے یار و مددگار نہیں رہتا۔''

سَیِّدُنَا غَیْثٌ (ﷺ)

رحمت کی بارش کی طرح فائدہ پہنچانے والے

عربی لغت میں ''مطر'' اس بارش کو کہتے ہیں جو خواہ عذاب کی ہو یا رحمت کی مگر ''غیث'' اس بارش کو کہتے ہیں جو قحط کے بعد برسے اور جس سے پودے اور سبزہ اگنے لگے۔ یہ لفظ ''نفع بخش بارش'' کے لیے مخصوص ہے۔

آپ ﷺ وہ روحانی ''غیث'' ہیں جن کی تشریف آوری سے کائنات کا قحط ختم ہوا۔ آپ ﷺ کی لائی ہوئی ہدایت وہ بارش ہے جس نے دلوں کی بنجر زمین کو ایمان کی ہریالی سے بھر دیا۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ﷺ کائنات کی وہ ''روحانی بارش'' ہیں جس نے جہالت کے قحط میں ڈوبی ہوئی انسانیت کو نئی زندگی بخشی۔ ''غَیْث'' وہ رسول ہے جس کی تعلیمات نے مرجھائے ہوئے دلوں کو معرفتِ الٰہی سے ہرا بھرا کر دیا۔ یہ نام آپ ﷺ کی اس ''حیات آفریں'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ جس طرح بارش زمین کی پیاس بجھاتی ہے، اسی طرح آپ ﷺ کا وجودِ مسعود روحوں کی پیاس بجھانے کا واحد ذریعہ ہے۔

جس طرح بارش رنگ، نسل اور مقام کا فرق کیے بغیر ہر زمین پر برستی ہے، آپ ﷺ کی رحمت بھی عام ہے۔ آپ ﷺ کا وجودِ مسعود وہ بادل ہے جو پیاسی انسانیت پر برسا اور انھیں ابدی زندگی (ایمان) کی مٹھاس عطا کی۔ ''غیث'' میں یہ تاثیر ہوتی ہے کہ وہ مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے، بالکل اسی طرح آپ ﷺ کے کلام نے مردہ دلوں کو زندہ کر دیا۔

عرب کا معاشرہ جہالت کی وجہ سے ایک خشک ریگستان بن چکا تھا جہاں انسانیت دم توڑ رہی تھی۔ آپ ﷺ جب ''غیثِ رحمت'' بن کر برسے، تو اسی ریگستان سے ابوبکرؓ، عمرؓ،

عثمانؓ اور علیؓ جیسے ہدایت کے گلاب مہکنے لگے۔ آپ ﷺ کی دعا سے نہ صرف ظاہری بارشیں ہوئیں (جیسے استسقاء کے واقعات)، بلکہ باطنی علم کی ایسی بارش ہوئی جس سے آج بھی پوری دنیا سیراب ہورہی ہے۔

''غیث'' صرف پانی نہیں بلکہ اپنے ساتھ رزق اور برکت لاتا ہے۔ آپ ﷺ وہ ''مبارک غیث'' ہیں کہ جہاں آپ ﷺ کے قدم پڑے وہاں خیر و برکت کی ریل پیل ہو گئی۔ (جیسے حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے گھر اور مدینہ منورہ میں برکات کا ظہور)۔

علماء نے غوث اور غیث میں ایک لطیف فرق بتایا ہے کہ غوث اس ہستی کو کہتے ہیں جس کی طرف مصیبت میں رجوع کیا جائے اور غیث اس رحمت، مدد یا بارش کو کہتے ہیں جو پکارنے پر فوراً پہنچ کر پیاس بجھائے۔

''اسمِ گرامی 'غیث' اس ابرِ کرم کا عنوان ہے جو ناامیدی کے موسم میں امید بن کر برسا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایمان کوئی خشک فلسفہ نہیں بلکہ ایک ایسی ہریالی ہے جو عشقِ رسول ﷺ کی بارش سے پیدا ہوتی ہے۔ آپ ﷺ وہ 'سلطانِ باراں' ہیں جن کی یاد روح کی تپش کو ختم کر دیتی ہے اور جن کی پیروی انسان کے وجود کو اخلاق کے پھولوں سے مہکا دیتی ہے۔''

سَیِّدُنَا غِیَاثٌ (ﷺ)

بے سہاروں کا سہارا اور مددگار

لفظ ''غیاث'' کا لغوی مطلب ہے ''فریاد رسی کرنے والا''، ''سختی دور کرنے والا'' یا ''وہ ہستی جس کے ذریعے مدد حاصل کی جائے''۔

'غیاث' کا لغوی معنی ہے ''شدید ضرورت کے وقت پہنچنے والی فریاد رسی'' یا ''وہ ہستی جس کے ذریعے مدد حاصل کی جائے''۔ یہ لفظ 'غوث' سے زیادہ گہرا اور وسیع ہے، کیونکہ 'غیاث' اس مدد کو کہتے ہیں جو اس وقت پہنچے جب انسان بالکل ناامید ہو چکا ہو اور کوئی دوسرا راستہ باقی نہ رہے۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ﷺ کائنات کی وہ ''واحد جائے پناہ'' ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی فریاد رسی کے لیے مبعوث فرمایا۔ ''غِیَاث'' وہ رسول ہے جس کی طرف ہر وہ شخص دوڑتا ہے جو زمانے کے مظالم سے تھک چکا ہو۔ یہ نام آپ ﷺ کی اس ''سایہ دار'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ ﷺ ہی وہ وسیلہ ہیں جن کے ذریعے بندوں کی پکار اللہ کی بارگاہ میں سنی جاتی ہے۔

آپ ﷺ وہ ''غیاثِ کائنات'' ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات (انسانوں، جنوں، اور یہاں تک کہ حیوانات) کی تنگی اور پریشانی کو دور کرنے کا وسیلہ بنایا ہے۔

اگرچہ حقیقی ''غیاث المستغیثین'' (فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والا) اللہ تعالیٰ ہے، لیکن نبی کریم ﷺ اللہ کی عطا سے وہ مظہرِ غیاث ہیں جنھیں اللہ نے اپنی مخلوق کی مشکل کشائی کا وسیلہ بنایا ہے۔ یعنی جن کوئی ٹوٹا ہوا دل آپ ﷺ کو پکارتا ہے تو آپ ﷺ کی توجہ اسے سنبھال لیتی ہے۔ قرآن میں اللہ نے فرمایا:

''وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ''

ترجمہ: ''اور انھیں (منافقین کو) کسی بات کا برا نہ لگا سوائے اس کے کہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنے فضل سے انھیں غنی (مالا مال) کر دیا تھا۔'' (سورہ التوبہ: 74)

یہ آیت ثابت کرتی ہے کہ اللہ کا فضل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے سے ہی تقسیم ہوتا ہے۔

''غوث'' اور ''غیاث'' میں ایک لطیف فرق یہ ہے کہ ''غیاث'' میں شدتِ ضرورت کا پہلو زیادہ نمایاں ہے۔ جب کوئی پیاس سے تڑپ رہا ہو یا ڈوب رہا ہو اور اسے فوری بچاؤ کی ضرورت ہو، تو اس وقت پہنچنے والی مدد کو ''غیاث'' کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جو دنیا اور آخرت کی ہر کڑی گھڑی میں امت کی دستگیری فرمانے والے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف انسانوں کے لیے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات کے لیے غیاث ہیں، جانوروں کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فریاد کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ان کی تکالیف کو دور کرنا سیرت کا ایک روشن باب ہے۔

میدانِ محشر کی تپش میں جب نفسی نفسی کا عالم ہوگا اور لوگ پریشانی میں ہر نبی کے پاس جائیں گے، تب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ ''غیاث'' ثابت ہوں گے جو امت کو اپنی کملی کے سائے میں لیں گے اور اللہ کے حضور شفاعت فرما کر اس کی سختی کو دور کریں گے۔ دنیاوی زندگی میں بھی، جب کبھی کسی مظلوم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی تمام تر توانائیاں اس کی دادرسی کے لیے وقف کر دیں۔

''اسمِ گرامی 'غیاث' اس ابدی دستگیری کا عنوان ہے جو کبھی کسی کو تنہا نہیں چھوڑتی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب زندگی کے طوفان انسان کو گھیر لیں، تو اسے اس 'مرجعِ خلائق' کی طرف رجوع کرنا چاہیے جسے اللہ نے کائنات کے لیے سہارا بنا کر بھیجا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'نجات دہندہ' ہیں جن کی یاد غموں کا مداوا ہے اور جن کا دامن تھام لینے والا کبھی ناامید نہیں ہوتا۔''

سَیِّدُنَا نِعْمَةُ اللهِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی طرف سے دیا گیا انعام

'نعمت' کا لغوی معنی ہے ''خوشگوار چیز، بخشش یا انعام''۔ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہیں (جیسے ہوا، پانی، زندگی)، لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 'نِعْمَةُ الله' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''عظیم ترین انعام'' ہیں جس کے ذریعے باقی تمام نعمتوں کی قدر و پہچان ملی اور جس کے صدقے ایمان و ہدایت کی دولت میسر آئی۔

اللہ نے دین کی تکمیل کو اپنی نعمت کی تکمیل سے جوڑا: ''اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ''۔ (سورۃ المائدہ: آیت 3) گویا جب تک رسالتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اظہار نہ ہوا، اللہ کی نعمتیں ادھوری تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنے سے نعمتوں کی معراج ہوگئی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی وہ نعمتِ کبریٰ ہیں جس کا بدل کائنات میں کوئی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں فرمایا: ''يَعرِفُونَ نِعمَتَ اللهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا'' (وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں) (النحل: ۸۳)

مفسرین کے نزدیک یہاں نعمت سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہے، کیونکہ اللہ نے اپنی باقی نعمتوں کا ذکر تو فرمایا مگر احسان نہیں جتایا، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کو مومنین پر اپنا احسانِ عظیم قرار دیا: ''لَقَدْ مَنَّ اللهُ عَلَى الْمُؤمِنِينَ اِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا'' (آل عمران: ۱۶۴)

بے شک اللہ نے ایمان والوں پر بڑا احسان فرمایا جب ان میں سے ایک رسول مبعوث فرمائے جو انھی میں سے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس تمام نعمتوں کی اصل ہے،

کائنات میں ہدایت، ایمان، عقل اور زندگی جیسی جتنی بھی نعمتیں ہیں وہ حضور ﷺ کی تشریف آوری کی بدولت ممکن ہوئیں اس لیے آپ ﷺ کو نعمۃ اللہ العظمیٰ (اللہ کی سب سے بڑی نعمت) کہا جاتا ہے۔

کائنات کی تمام نعمتیں (رزق، صحت، زندگی) فانی ہیں، لیکن حضور ﷺ کی صورت میں جو نعمت ہمیں ملی وہ دائمی اور ابدی ہے۔ آپ ﷺ وہ نعمت ہیں جو دنیا میں ہدایت، قبر میں انیس اور آخرت میں شفاعت کا ذریعہ ہے۔ آپ ﷺ کی صورت میں اللہ نے ہمیں جینے کا ڈھنگ، بولنے کا سلیقہ اور خالق کو پہچاننے کا نور عطا فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے تھے: ''محمد ﷺ اللہ کی وہ نعمت ہیں جو زمین والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجی گئی''۔ آپ ﷺ کا وجودِ مسعود وہ نعمت ہے جس نے غلاموں کو عزت، عورتوں کو مقام اور معاشرے کو امن بخشا۔

اسمِ گرامی 'نِعْمَةُ اللهِ' اس خدائی تحفے کا عنوان ہے جس نے کائنات کی تقدیر بدل دی۔ یہ نام ہمیں بتاتا ہے کہ حضور ﷺ کی ذات محض ایک شخصیت نہیں بلکہ اللہ کے احسانِ عظیم کا مجسم روپ ہے۔ آپ ﷺ وہ 'سلطانِ نعمت' ہیں جن کے در کا سوالی کبھی خالی نہیں رہتا اور جن کی محبت کا شکر ادا کرنا ہی دراصل بندگی کی معراج ہے۔''

سَیِّدُنَا هَدِیَّةُ اللهِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی طرف سے بھیجا گیا انمول تحفہ

لفظ ’’ہدیہ‘‘ کا مطلب ہے ’’تحفہ‘‘ یا ’’وہ عطیہ جو کسی کو بغیر کسی معاوضے اور صلے کے عزت ومحبت کے طور پر دیا جائے‘‘۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ ’’مبارک سوغات‘‘ ہیں جسے خالقِ کائنات نے اہلِ زمین کو اپنی خاص محبت کے اظہار کے طور پر عطا فرمایا۔ ’’هَدِيَّةٌ‘‘ وہ رسول ہے جس کی آمد کا مقصد انسانیت کو محرومیوں سے نکال کر فیوض و برکات سے مالا مال کرنا تھا۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ’’عطیہِ خداوندی‘‘ والی حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ بے مثل تحفہ ہیں جس کا شکر ادا کرنا کائنات کی ہر مخلوق پر لازم ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود فرماتے ہیں: ’’إِنَّمَا أَنَا رَحْمَةٌ مُهْدَاةٌ‘‘ (بے شک میں تو اللہ کی طرف سے بھیجا گیا تحفۂ رحمت ہوں)۔ (مستدرک حاکم) ’’ہدیہ‘‘ اور ’’صدقہ‘‘ میں فرق یہ ہے کہ صدقہ ضرورت مند کو دیا جاتا ہے، جبکہ ہدیہ کسی معزز کو پیار اور اکرام کے لیے دیا جاتا ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مومنین کے لیے بطورِ تحفہ منتخب فرمایا۔

تحفہ دینے والے کی عظمت اس کے تحفے سے پہچانی جاتی ہے۔ کائنات کے رب نے جب کائنات کو سب سے قیمتی چیز دینی چاہی، تو اپنی سب سے پیاری تخلیق یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بطورِ ہدیہ بھیج دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ تحفہ ہیں جس نے زندگی کو معنی، روح کو قرار اور انسان کو وقار بخشا۔

کائنات کی ہر چیز اللہ کی ملکیت ہے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وہ خاص عنایت ہے جس پر اللہ نے ’’احسان‘‘ کا لفظ استعمال کیا۔ جس طرح ایک قیمتی تحفہ گھر کی رونق بدل دیتا ہے،

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد نے اس دنیا کی تقدیر اور رونق بدل دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی غلامی اللہ کی طرف سے ملنے والا وہ انعام ہے جس پر جتنا فخر کیا جائے کم ہے۔

''اسمِ گرامی 'ہدیہ' اس عظیم حقیقت کا عنوان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات کائنات پر بوجھ نہیں بلکہ رب کا بھیجا ہوا سب سے حسین 'گفٹ' ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب ہمیں کوئی قیمتی تحفہ ملتا ہے تو ہم اسے آنکھوں سے لگاتے اور اس کی قدر کرتے ہیں؛ تو اس 'ہدیہِ الٰہی' کی قدر کا حق یہ ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسوہِ حسنہ کے مطابق ڈھال لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'تحفہِ بے بہا' ہیں جس کی قیمت کائنات کی کوئی شے ادا نہیں کرسکتی۔''

سَیِّدُنَا عُرْوَۃُ وُثْقٰی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ مضبوط سہارا جو کبھی نہ چھوڑے

''عروہ'' کے لغوی معنی ہیں ''کڑا''، ''حلقہ'' یا وہ ''مضبوط دستہ'' جسے پکڑا جائے۔

''وُثقیٰ'' کے معنی ہیں ''نہایت مضبوط'' یا ''نا قابلِ شکست''۔

جس طرح ایک زنجیر کا کڑا دوسری کڑیوں کو جوڑتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''عروہ'' ہیں جو زمین کو آسمان سے اور مخلوق کو خالق سے جوڑتے ہیں۔ اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کا وہ ''مضبوط ترین سہارا'' ہیں جسے تھامنے والا کبھی گمراہ نہیں ہوسکتا اور نہ ہی وہ کبھی ناکام ہوسکتا ہے۔ ''عُرْوَۃُ الْوُثْقٰی'' وہ رسول ہے جس کی غلامی اور جس کا دامنِ محبت بندے کو اللہ کی رضا کے ساتھ پختگی سے جوڑ دیتا ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''مرکزی پناہ گاہ'' کو ظاہر کرتا ہے کہ زندگی کے تلاطم اور فتنوں کے دور میں نجات کا واحد راستہ ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستگی ہے۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے سورہ البقرہ (آیت 256) میں فرمایا

... فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انفِصَامَ لَهَا وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (256)

''...تو جو کوئی شیطان (باطل) کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لائے، اس نے یقیناً ایسا مضبوط سہارا (عروہِ وُثقیٰ) تھام لیا جس کے لیے کبھی ٹوٹنا نہیں؛ اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔''

مفسرینِ کرام فرماتے ہیں کہ اس ''مضبوط حلقے'' سے مراد کلمہِ طیبہ اور صاحبِ کلمہ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے، جن کی پیروی اللہ تک پہنچنے کا واحد اور مضبوط ترین راستہ ہے۔

کائنات کے تمام سہارے فانی ہیں اور ٹوٹ سکتے ہیں، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی کا رشتہ وہ ''عروہ وثقیٰ'' ہے جو دنیا سے لے کر آخرت تک مومن کا ساتھ دیتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ وسیلہ ہیں جو بندے کو اس کے خالق سے اس طرح جوڑ دیتے ہیں کہ پھر کوئی شیطانی قوت اسے الگ نہیں کر سکتی۔ دنیا کے تمام رشتے اور سہارے وقت کے ساتھ کمزور ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رشتہ وہ ''وثقیٰ'' (انتہائی مضبوط) ہے جو قبر، حشر اور پل صراط پر بھی ٹوٹنے والا نہیں۔

جس طرح ایک ڈوبتا ہوا انسان اگر کسی مضبوط چٹان یا کڑے کو تھام لے تو وہ لہروں کی نذر ہونے سے بچ جاتا ہے، اسی طرح فتنوں کے اس سمندر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت وہ ''عروہ وثقیٰ'' ہے جسے تھامنے والا باطل کی لہروں میں نہیں بہتا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اسی کڑے کو تھاما تو وہ زمین کے حکمران بن گئے اور آخرت کے کامیاب ٹھہرے تمام بزرگانِ دین نے اسی ''مضبوط حلقے'' سے فیض پایا۔ تو انھیں دنیا و آخرت کی کامیابی نصیب ہوئی

''اسمِ گرامی 'عروۃ الوثقیٰ' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ انسان کی نجات کسی فلسفے میں نہیں بلکہ ایک ہستی کے دامن سے وابستہ ہونے میں ہے۔ یہ نام ہمیں یقین دلاتا ہے کہ جس نے اپنا ہاتھ 'دستِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' میں دے دیا، اس نے کائنات کا سب سے محفوظ سہارا پالیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مضبوط گرفت' ہیں جو اپنے غلام کو لغزشوں کے غار سے نکال کر قربِ الٰہی کے آسمانوں تک لے جاتی ہے۔''

سَیِّدُنَا صِرَاطُ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اللہ کی خوشنودی تک پہنچنے کا واحد راستہ

لفظ ''صراط'' کے معنی ہیں ''راستہ''، اور ''صراط اللہ'' کا مطلب ہے ''اللہ کا راستہ''۔ عربی میں ایسے چوڑے، صاف اور سیدھے راستے کو کہتے ہیں جس پر چلنے والا منزل سے نہ بھٹکے۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس وہ ''زندہ جاوید راستہ'' ہے جس پر چل کر انسان اپنے خالق تک پہنچ سکتا ہے۔ ''صِرَاطُ اللّٰهِ'' وہ رسول ہے جس کا اسوہ، جس کی سنت اور جس کی تعلیمات ہی اصل میں وہ شاہراہ ہے جو گمراہی کے گڑھوں سے بچا کر جنت کی منزل تک لے جاتی ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس ''ہادیِ برحق'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نقشِ قدم سے ہٹ کر کوئی دوسرا راستہ اللہ کی رضا تک نہیں پہنچاتا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے

... وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ... ﴿٥٣﴾ (سورہ الشوریٰ، آیت:52-53)

(...اور بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (اے حبیبؐ!) ضرور صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت فرماتے ہیں؛ (یعنی) اللہ کے راستے کی طرف، جس کے لیے وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے...)

مفسرین فرماتے ہیں کہ اگرچہ صراطِ مستقیم سے مراد اسلام ہے لیکن اسلام ایک نظریاتی راستہ ہے جبکہ اسکی عملی اور مجسم صورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے اس لیے علماء فرماتے ہیں کہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نقشِ قدم پر چل پڑا وہ درحقیقت ''صراط اللہ'' پر گامزن

ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مجسم راستہ ہیں جس پر چل کر بندہ اپنے رب کو پا تا ہے۔

دنیا میں بہت سے راستے ہیں جو بظاہر پرکشش معلوم ہوتے ہیں، لیکن وہ منزل سے دور کر دیتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صراطِ الٰہیٰ'' ہیں جہاں بھٹکنے کا کوئی ڈر نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنا ہی حقیقت میں اللہ کے حکم پر چلنا ہے۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ اللہ نے اپنی ذات تک پہنچنے کے لیے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجود کو شاہراہ بنا دیا ہے؛ جو اس شاہراہ سے ہٹ گیا وہ منزل سے بھٹک گیا۔

جس طرح ایک مسافر کسی انجان ملک میں کسی تجربہ کار رہنما کے پیچھے چل کر باحفاظت اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہے، اسی طرح یہ دنیا ایک اجنبی جگہ ہے اور آخرت ہماری منزل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صراط'' ہیں جن کے پیچھے چلنے والا موت کی گھاٹیوں اور محشر کی ہولناکیوں سے گزر کر جنت کے دروازے تک پہنچ جائے گا۔، اسی لئے اللہ کی محبت پانے کے لیے ''صراطِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم '' پر چلنا شرط ہے۔ قرآن کہتا ہے: ''قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ'' (اے نبی! کہہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو)۔ آل عمران: 31

''اسمِ گرامی 'صراطِ اللہ' اس ابدی حقیقت کا عنوان ہے کہ راستہ وہی معتبر ہے جو منزل (اللہ) تک پہنچا دے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محض ایک رسم نہیں بلکہ زندگی کا وہ سفر ہے جس کا ہر قدم ہمیں اپنے رب کے قریب کر دیتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'شاہراہِ نجات' ہیں جس پر چلنے والا کبھی تھکتا نہیں اور جس کی منزل اللہ کا دیدار اور اس کی دائمی جنت ہے۔''

سَیِّدُنَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وہ سیدھا راستہ جس میں کوئی ٹیڑھ نہیں

''صراط'' کا مطلب ہے''راستہ'' اور''مستقیم'' کا مطلب ہے''بالکل سیدھا''۔ ایسا راستہ جو اپنی منزل تک پہنچانے کے لیے مختصر ترین اور واضح ہو۔ لغوی طور پر اس کا مطلب ہے ''وہ سیدھا راستہ جو منزلِ مقصود (اللہ کی رضا) تک پہنچانے میں مختصر ترین اور واضح ترین ہو۔'' اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس وہ ''مجسم ہدایت'' ہے جس پر چلنے والا کبھی بھٹک نہیں سکتا۔ ''صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ'' وہ رسول ہے جس کا قول، فعل اور خاموشی (سنت) حق و باطل کے درمیان ایک ایسی لکیر ہے جو واضح طور پر جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس" ہادیِ برحق" حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ کائنات میں نجات کی جتنی بھی راہیں ہیں، وہ سب ادھوری ہیں؛ کامل اور سیدھا راستہ صرف اسوہِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

سورۃ فاتحہ میں ہم ہر نماز میں ''اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ'' کی دعا مانگتے ہیں۔ مفسرینِ کرام (جیسے حضرت جابرؓ اور دیگر) فرماتے ہیں کہ اس سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لایا ہوا دین ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ شاہراہِ ہدایت ہیں جو بندے کو سیدھا اللہ کی رضا اور جنت تک لے جاتی ہے۔ اسی طرح سورۃ یٰس میں بھی فرمایا گیا ہے کہ: ''اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (3) عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ''(4)

(یٰس: ۳) ''بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسولوں میں سے ہیں اور سیدھے راستے پر ہیں۔''

کائنات میں بہت سے راستے افراط و تفریط (کمی یا زیادتی) کا شکار ہو جاتے ہیں، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت ''اعتدال'' کا نمونہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صراطِ مستقیم'' ہیں جو دنیا اور آخرت، جسم اور روح، اور فرائض و حقوق کے درمیان ایک کامل توازن

پیدا کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے والا کبھی ٹھوکر نہیں کھاتا کیونکہ یہ راستہ وحیِ الٰہی سے منور ہے۔

جس طرح ایک مسافر اگر سیدھی سڑک چھوڑ کر پگڈنڈیوں پر نکل جائے تو وہ تھک بھی جاتا ہے اور بھٹک بھی جاتا ہے، اسی طرح انسانیت جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ کو چھوڑ کر فلسفوں اور نظریات کی پگڈنڈیوں پر چلی، وہ تباہی کا شکار ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا ہر لمحہ چاہے وہ تجارت ہو، جنگ ہو، گھر ہو یا مسجد صراطِ مستقیم کی ایک عملی تصویر ہے۔ ''صراطِ مستقیم'' دو نقطوں (بندہ اور خالق) کے درمیان مختصر ترین فاصلہ ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''شاہراہِ مستقیم'' ہیں جس پر چل کر بندہ بہت جلد اپنے رب کا قرب پا لیتا ہے۔ علماء کا کہنا ہے کہ صراطِ مستقیم صرف ایک سڑک کا نام نہیں بلکہ ایک حالت کا نام ہے جو اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیدا ہوتی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مرکز ہیں جن سے ہٹ کر ہر راستہ گمراہی کی طرف جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'صراطِ مستقیم' اس سچائی کا عنوان ہے جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہدایت صرف معلومات کا نام نہیں بلکہ ایک ہستی کی پیروی کا نام ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'راستہ' ہیں جس کی ابتدا 'اتباع' ہے اور جس کی انتہا 'دیدارِ الٰہی' ہے۔ جو اس سیدھے راستے سے ہٹ گیا وہ خواہشات کے جنگل میں کھو گیا، اور جس نے اس شاہراہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قدم رکھ دیا وہ بامراد ہو گیا۔''

سَیِّدُنَا ذِکْرُ اللہِ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اللہ کی یاد کا ذریعہ اور خود ذکرِ الٰہی

لفظ ''ذکر'' کا مطلب ہے ''یاد''، ''چرچا'' یا ''بیان''۔عربی لغت میں ذکر کے چند بنیادی مفہوم ہیں۔ ذکر کا مطلب ہے کسی ہستی کو دل میں بسانا اور یاد کرنا، اور فراموش نہ کرنا۔ ذکر کا مطلب ہے کسی چیز کا باعث عزت ہونا۔ ذکر کا ایک مطلب کسی کا زبان اور اس کی صفات بیان کرنا بھی ہے۔اس لیے سیدنا ذکر ایک ایسی ہستی ہیں جو کائنات میں اللہ کی یاد کا سب سے بڑا ذریعہ ہوں اور جنکا وجود ہی اللہ کی یاد دلانے والا ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کا وہ ''ذکر'' ہیں جو کبھی خاموش نہیں ہوتا۔قرآنِ کریم سورہ الطلاق (آیت 10-11) میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''قَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ ذِکْرًا ﴿۱۰﴾ رَّسُوْلًا یَّتْلُوْا عَلَیْکُمْ اٰیٰتِ اللّٰہِ'' (بیشک اللہ نے تمھاری طرف ایک ذکر اتارا ہے، یعنی وہ رسول جو تم پر اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں)۔ یہاں مفسرین کے مطابق اللہ نے خود اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''ذکر'' قرار دیا ہے۔

قرآنِ کریم نے خود کو بھی ''ذکر'' کہا ہے: (اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ)۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''خلقہ القرآن'' (مجسم قرآن) ہیں، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی ''ذکرِ اللہ'' ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کی یاد کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔اللہ نے اپنے ذکر کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذکر کے ساتھ ایسا جوڑ دیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ''ذکرِ الٰہی'' ہیں کہ جب تک کوئی شخص اپنی زبان سے ''محمد رسول اللہ'' نہ کہے، اس کا ''لا الہ الا اللہ'' (ذکرِ خدا) مکمل نہیں ہوتا۔اللہ نے اذان، نماز اور کلمہ میں اپنے ذکر کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ذکر جوڑ دیا۔کہ کائنات کی کوئی اذان، کوئی نماز اور کوئی کلمہ تب تک مکمل نہیں ہوتا جب تک اللہ کے نام کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا

نام نہ آئے۔ ''وَ رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ'' کے تحت اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چرچے کو قیامت تک کے لیے سربلند کر دیا ہے۔ حدیث مبارکہ میں ہے کہ ''بہترین وہ لوگ ہیں جنھیں دیکھ کر اللہ کی یاد آ جائے'' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ اس صفت کی اعلیٰ ترین مثال ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نشست و برخاست، کلام و خاموشی، ہر ادا اللہ کی یاد دلاتی ہے۔

صحابہ کرامؓ کی زندگی اس اسم کی عملی تفسیر تھی۔ وہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رخِ انور کو دیکھتے تو انھیں اللہ یاد آ جاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس ''ذکرِ الٰہی'' کی مجلس ہوتی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اٹھنا، بیٹھنا، کلام کرنا اور خاموشی سب کچھ اللہ کی یاد میں ڈوبا ہوا تھا۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سراپا ''ذکرِ خدا'' تھے۔ اسی لیے علماء نے فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذکرِ حقیقی ہیں یعنی جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلتا ہے اس کا دل خود بخود اللہ کی یاد کا مرکز بن جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'ذکرِ اللہ' اس حقیقت کا عنوان ہے کہ خالق اور مخلوق کے درمیان رابطے کی مضبوط ترین کڑی ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جو زبان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر سے تر رہتی ہے، وہ کبھی اللہ کی یاد سے خالی نہیں ہو سکتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'یادِ الٰہی' کا مجسم روپ ہیں جس کی خوشبو سے کائنات کا گوشہ گوشہ مہک رہا ہے اور جس کا تذکرہ ہی بندگی کی اصل روح ہے۔''

سَیِّدُنَا سَیْفُ اللّٰہِ (ﷺ)

باطل کو کاٹ دینے والی اللہ کی تلوار

لفظ ''سیف'' کے معنی ہیں ''تلوار''، اور ''سیف اللہ'' کا مطلب ہے ''اللہ کی تلوار''۔

آپ ﷺ اللہ کی وہ ''تلوار'' ہیں جو باطل کو کاٹنے کے لیے اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے نیام سے نکلی اور جس کے ذریعے کفر و شرک کی تاریکیوں کا خاتمہ ہوا۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ﷺ کائنات کی وہ ''قاطعِ کفر'' ہستی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے شرک اور ظلم کی بنیادیں کاٹنے کے لیے مبعوث فرمایا۔ ''سَیْفُ اللّٰہِ'' وہ رسول ہے جس کی دعوت اور جس کا جہاد حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچ دیتا ہے۔ یہ نام آپ ﷺ کی اس ''غالب'' اور ''فاتحانہ'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ ﷺ اللہ کا وہ ہتھیار ہیں جس کے سامنے کوئی باطل طاقت ٹھہر نہیں سکتی۔

اگرچہ تاریخی طور پر یہ لقب حضرت خالد بن ولیدؓ کو عطا کیا گیا، لیکن حقیقت میں تمام انبیاء اور مجاہدین کی قوت کا منبع حضور ﷺ کی ذات ہے۔ آپ ﷺ وہ شمشیرِ برہاں ہیں جس نے ظلم و ستم کے اندھیروں کو چاک کیا اور عدل و انصاف کا اجالا پھیلایا۔ آپ ﷺ کی شخصیت میں جہاں رحمت کا کمال تھا وہاں باطل اور ظلم کے خلاف آپ ﷺ اللہ کی وہ تلوار تھے جس کے سامنے کوئی کھڑا نہ ہو سکتا تھا۔ آپ ﷺ کا رعب مہینوں کی مسافت سے دشمن پر حاوی ہو جاتا تھا۔

آپ ﷺ کی یہ ''تلوار'' صرف ظاہری جنگوں تک محدود نہ تھی، بلکہ آپ ﷺ کی زبانِ مبارک اور قرآنِ کریم اللہ کی وہ تلواریں تھیں جنھوں نے کفر کے دلائل کو پاش پاش کر

دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جلال ایسا تھا کہ بڑے بڑے جابر حکمران آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام سن کر لرز جاتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جہاد کے ذریعے انسانیت کو انسانوں کی بندگی سے نکال کر اللہ کی بندگی میں داخل کیا۔

نبوت کا پہلا ستون سچائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''صادق'' ہیں جن کی سچائی کو دیکھ کر لوگوں نے بن دیکھے رب پر ایمان لایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کردار آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کی سب سے بڑی دلیل تھا۔ ''صادق'' ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں ذرہ برابر تبدیلی کے بغیر اسے امت تک پہنچا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سینۂ مبارک سچائی کا وہ سمندر ہے جہاں جھوٹ کا گزر ممکن نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا یہ کمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو فرمایا، اسے کر کے دکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاموشی بھی سچ تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو بھی سچ۔ مذاق میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے حق کے سوا کچھ نہ نکلا۔

''اسمِ گرامی 'صادق' اس پاکیزہ صفت کا عنوان ہے جو دشمنوں کو بھی اعتراف پر مجبور کر دیتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام کی عمارت 'سچائی' پر قائم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سچے رہبر' ہیں جن کی ہر بات ابدی حقیقت ہے اور جن کی پیروی انسان کو جھوٹ کی تاریکیوں سے نکال کر ابدی سچائی کے نور میں لے آتی ہے۔''

سَیِّدُنَا مُصَدِّقٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تصدیق کرنے والے

لفظ ''مصدق'' اسمِ فاعل ہے، جس کے معنی ہیں ''تصدیق کرنے والا'' یا ''سچا قرار دینے والا۔''

اسمِ گرامی 'صادق' اس پاکیزہ صفت کا عنوان ہے جو دشمنوں کو بھی اعتراف پر مجبور کر دیتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام کی عمارت 'سچائی' پر قائم ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سچے رہبر' ہیں جن کی ہر بات ابدی حقیقت ہے اور جن کی پیروی انسان کو جھوٹ کی تاریکیوں سے نکال کر ابدی سچائی کے نور میں لے آتی ہے۔قرآنِ کریم میں کئی مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ صفت بیان ہوئی: سورہ البقرہ (آیت 101)

وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ...

''اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے ایک رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لائے جو ان (کتابوں) کی تصدیق فرمانے والے (مصدق) ہیں جو ان کے پاس تھیں، تو ان اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا...''

نیز فرمایا

ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ (آل عمران:۸۱)

پھر تمھارے پاس وہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئے جو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والے ہیں، جو تمھارے پاس ہیں، اس کے ساتھ ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گزشتہ تمام رسولوں کی بھی تصدیق فرمائی۔

قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

بَلۡ جَآءَ بِالۡحَقِّ وَ صَدَّقَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ (الصفٰت: ۳۷)

بلکہ وہ حق کو لے کر آئے ہیں اور پہلے رسولوں کی تصدیق فرماتے ہیں۔

آپ ﷺ کا ''مصدق'' ہونا دین کی اکملیت کی دلیل ہے۔

اگر حضور ﷺ تشریف نہ لاتے اور پچھلے انبیاء کی گواہی نہ دیتے، تو دنیا آج ان کی عظمت اور پاکیزگی سے اس طرح واقف نہ ہوتی۔ آپ ﷺ نے حضرت عیسیٰؑ پر لگے الزامات کی نفی کی اور حضرت موسیٰؑ کی شان بیان فرمائی۔

صدیوں کے گزرنے کے ساتھ آسمانی کتابوں میں جو تحریف (تبدیلی) ہو گئی تھی، آپ ﷺ نے آ کر بتایا کہ ان میں ''سچ'' کیا ہے۔ آپ ﷺ وہ ''مصدق'' ہیں جنھوں نے اصل دینِ ابراہیمی اور دینِ موسوی وعیسوی کو دنیا کے سامنے واضح فرمایا۔

آپ ﷺ نے نہ صرف اپنی زبان سے حق کی تصدیق کی بلکہ اپنے عمل سے ثابت کر دکھایا کہ اللہ کا دین کیا ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ وہ ''مصدق'' ہیں جن کی تصدیق کے بغیر کسی کا ایمان مکمل نہیں ہوتا۔ جب تک کوئی شخص آپ ﷺ کی رسالت کی تصدیق نہیں کرتا، اس کا اللہ کی توحید پر ایمان بھی اسے نفع نہیں دیتا۔

''اسمِ گرامی 'مصدق' اس عالمگیر سچائی کا عنوان ہے جو تمام انبیاء کو ایک لڑی میں پرو دیتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام پچھلے ادیان کا دشمن نہیں بلکہ ان کی اصل روح کا محافظ ہے۔ آپ ﷺ وہ 'امینِ اعظم' ہیں جن کی مہرِ نبوت نے کائنات کے ہر سچ کی تصدیق کر دی اور ثابت کر دیا کہ ہدایت کا ہر راستہ 'درِ مصطفیٰ ﷺ' سے ہو کر ہی گزرتا ہے۔''

سَیِّدُنَا صِدقٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پچھلے انبیاء اور آسمانی کتابوں کی تصدیق کرنے والے

عربی لغت میں ''صدق'' کا مطلب ہے کسی بات کا حقیقت کے عین مطابق ہونا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محض ''صادق'' (سچ بولنے والا) نہیں بلکہ خود ''صدق'' (سچائی) کہا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فعل اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر ادا سچائی کی وہ انتہا ہے جہاں شک کا گزر بھی ممکن نہیں۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے اس لفظ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد اور مقام سے جوڑا ہے:

وَقُل رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ

''اور عرض کیجیے: اے میرے رب! مجھے (جہاں بھی لے جا) سچائی کے ساتھ داخل فرما اور سچائی کے ساتھ باہر لا۔'' (سورۃ الاسراء:80)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بدترین دشمنوں نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''الصادق'' (سچا) تسلیم کیا۔ مکہ کے مشرکین اپنا مال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس امانت رکھتے تھے کیونکہ انھیں معلوم تھا کہ یہ ''سیدنا صدق'' کبھی جھوٹ نہیں بول سکتے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچائی صرف زبان تک محدود نہ تھی، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر عمل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کی تصدیق کرتا تھا۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، وہی کر کے دکھایا۔ قرآن پاک میں سورۃ القمر کی آیات 54 اور 55 میں فرمایا گیا ہے کہ: إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ ﴿54﴾ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿55﴾ ''کہ وہ باغات اور نہروں میں ہوں گے اور کسی بڑی عزت والی جگہ پر، ایسے بادشاہ (اللہ) کے پاس جو اقتدارِ

مطلق کا مالک ہے''

جنت کے سب سے بلند مقام کو قرآن نے ''مَقْعَدِ صِدْقٍ'' (سچائی کی نشست) کہا ہے، اور اس مقام کے اصل حقدار اور سردار ''سیدنا صدق'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی ہیں۔

گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سچ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکات سچ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معاملات سچ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے سچ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشادات سچ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات سچ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سراپا سارے کا سارا سچ پر مبنی تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام (قرآن) ''صدق'' ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اس کا عملی ثبوت۔ ''صدق'' ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں قول اور فعل کے درمیان بال برابر بھی فرق نہیں پایا جاتا۔

دنیا کی ہر چیز بدل سکتی ہے، فلسفے اور نظریات بدل سکتے ہیں، مگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لایا ہوا ''صِدق'' (دین) قیامت تک کے لیے اٹل اور غیر تبدیل شدہ حقیقت ہے۔

''اسمِ گرامی 'صِدق' اس پاکیزہ حقیقت کا عنوان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ہی حق کی سب سے بڑی پہچان ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایمان کی بنیاد زبان سے سچ بولنے پر نہیں بلکہ 'سراپا سچ' بن جانے پر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مجسمِ حق' ہیں جن کی زندگی کا ہر ورق گواہی دیتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ ابدی سچائی ہیں جس کی تلاش میں انسانیت صدیوں سے بھٹک رہی تھی۔''

سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام رسولوں کے امام اور سردار

عربی میں ''سید'' اس ہستی کو کہتے ہیں جو اپنی قوم کا سردار ہو، جس کی اطاعت کی جائے، جو سخاوت اور حلم میں سب سے بڑھ کر ہو اور جو مصیبت کے وقت پناہ گاہ ہو۔

یہ ''مرسل'' کی جمع ہے، یعنی وہ تمام برگزیدہ ہستیاں جنھیں اللہ نے رسالت دے کر مبعوث فرمایا۔

اسی طرح اسمِ مبارک کا مجموعی مفہوم تمام رسولوں کے سردار، امام اور پیشوا ہوا۔

قرآنِ مجید میں یہ لفظ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی کے طور پر آیا ہے ''إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ'' (سورۃ یٰس :3)۔

ترجمہ: ''بے شک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) رسولوں (المرسلین) میں سے ہیں۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا: ''أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ'' (میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور یہ میں فخر کے طور پر نہیں کہتا)۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ سیادت محض انتظامی نہیں بلکہ فضیلت کی بنیاد پر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جتنے کمالات الگ الگ انبیاء کو عطا فرمائے (مثلاً حضرت موسیٰؑ کا جلال، حضرت عیسیٰؑ کا جمال، حضرت ابراہیمؑ کی خلت)، وہ تمام کے تمام تنہا ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جمع کر دیے گئے۔

واقعہِ معراج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''سید المرسلین'' ہونے کی سب سے بڑی عملی دلیل ہے۔ جب مسجدِ اقصیٰ میں تمام انبیاء و رسل جمع ہوئے، تو جبریلِ امین علیہ السلام نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مصلّٰیِ امامت پر کھڑا کیا اور تمام انبیاء نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ یہ کائنات کا وہ منظر تھا جس نے ثابت کر دیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اصل مقتدیٰ اور تمام

رسولوں کے امام ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام رسولوں کے سردار اس لیے بھی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ مکمل ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت تمام سابقہ شریعتوں کی ناسخ اور مکمل ترین شکل ہے۔ میدانِ حشر میں تمام اولوالعزم رسول نفسی نفسی فرما رہے ہونگے تو اس وقت سید المرسلین ہی ہوں گے جو امتی امتی فرما کر شفاعت کا آغاز کریں گے۔

''اسمِ گرامی 'المرسلین' اس عظمت کا عنوان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات تمام آسمانی ہدایت کا نچوڑ ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اب نجات صرف اسی راستے میں ہے جو 'سید المرسلین' نے دکھایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'آفتابِ رسالت' ہیں جس کے طلوع ہونے کے بعد پچھلے تمام چراغوں کی روشنی اسی ایک نور میں ضم ہوگئی ہے اور اب قیامت تک ہدایت کا سفر اسی ضیاباری میں طے ہوگا۔''

سَیِّدُنَا اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ (ﷺ)

پرہیزگاروں کے پیشوا

''امام''یعنی وہ ہستی جو سب سے آگے ہو، جس کی پیروی کی جائے اور جس کے نقشِ قدم پر چل کر منزل حاصل ہو۔

اور ''متقین''، ''متقی'' کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں وہ لوگ جو اللہ کی ناراضگی سے بچتے ہیں اور تقویٰ (پرہیزگاری) اختیار کرتے ہیں۔

اس اسمِ گرامی کا مجموعی مفہوم پرہیزگاروں کے قائد اور رہبر ہوگا۔

آپ ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: ''أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَإِمَامُ الْمُتَّقِينَ'' (میں اولادِ آدم کا سردار اور متقین کا امام ہوں)۔

تقویٰ کا اعلیٰ ترین درجہ یہ ہے کہ انسان کا ہر سانس اللہ کی مرضی کے مطابق ہو۔ حضور ﷺ تقویٰ کے اس مقام پر فائز ہیں جہاں آپ ﷺ کی زندگی کا ہر لمحہ بندگی کا نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے صرف تقویٰ کی تعلیم نہیں دی، بلکہ عملی طور پر وہ زندگی گزار کر دکھائی کہ قیامت تک آنے والے ہر متقی کے لیے آپ ﷺ کی سنت ہی واحد راستہ ہے۔

آپ ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو چاہے وہ راتوں کو رو رو کر عبادت کرنا ہو، دشمنوں کو معاف کرنا ہو، یا بھوک میں پیٹ پر پتھر باندھنا ہو تقویٰ کی انتہا ہے۔ صحابہ کرامؓ، جو خود تقویٰ کے مینار تھے، فرماتے تھے کہ جب کبھی ہمیں کسی معاملے میں تقویٰ کی حقیقت جاننی ہوتی تو ہم حضور ﷺ کے عمل کی طرف دیکھتے۔ آپ ﷺ تقویٰ کے وہ امام ہیں جنھوں نے عمل سے بتایا کہ بازار میں، مسجد میں، جنگ کے میدان میں، گھر کی تنہائی میں الغرض زندگی کے ہر شعبے میں تقویٰ کو کیسے برقرار رکھنا ہے۔

''اسمِ گرامی 'امام المتقین' اس ابدی حقیقت کا عنوان ہے کہ عظمت کا راستہ صرف تقویٰ سے ہو کر گزرتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم اللہ کا قرب چاہتے ہیں تو ہمیں اس 'امام' کی اقتدا کرنی ہوگی جس نے بندگی کا حق ادا کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'ہادیِ برحق' ہیں جن کی پیروی انسان کو نفس کی غلامی سے نکال کر تقویٰ کے اس مقام پر فائز کر دیتی ہے جہاں اللہ کی رضا اسے نصیب ہوتی ہے۔''

سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

چمکتی ہوئی پیشانیوں اور روشن ہاتھ پاؤں والوں کے سالار

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسمِ مبارک ''قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ'' (نورانی چہروں اور چمکدار ہاتھ پاؤں والوں کے سالار) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس خصوصی شان کو ظاہر کرتا ہے جو قیامت کے دن صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے لیے مخصوص ہوگی۔ یہ اسمِ مبارک جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیادت کا بیان ہے، وہاں امتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایک عظیم خوشخبری بھی ہے۔

حدیثِ مبارکہ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''میری امت قیامت کے دن اس حال میں آئے گی کہ وضو کے اثر سے ان کی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہوں گے'' (صحیح بخاری و مسلم)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی چمک کی بنیاد پر اپنی امت کو لاکھوں کے مجمع میں پہچان لیں گے۔

اگرچہ یہ لقب احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے، لیکن اس کی اصل قرآن کی اس آیت میں پنہاں ہے جہاں مومنین کے نور کا تذکرہ ہے:

... یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰهُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَبِاَیْمَانِهِمْ ... (سورہ التحریم:۸)

جس دن اللہ (اپنے) نبی کو اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو رسوا نہیں کرے گا، ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں طرف دوڑ رہا ہوگا

گویا وہ لشکر جس کے اوپر اور چاروں اطراف اللہ کے نور کی برسات ہو رہی ہوگی یقینا یہ کوئی عام لوگ تو ہوں گے نہیں بلکہ تقویٰ کے اعلیٰ درجے پر فائز ہوں گے۔ ان لوگوں کی خوش

نصیبی کا عالم کیا ہوگا کہ جن پر ایک کرم تو خدا کے نور کی صورت میں برس رہا ہوگا اور دوسرے ان کے رہنماو سالار حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود ہوں گے۔

''اسمِ گرامی 'قائد الغر المحجلین ' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ غلامِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پہچان مٹی میں مل کر بھی ختم نہیں ہوتی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ سنتِ نبوی (وضو ونماز) کی پیروی ہی وہ زیور ہے جو آخرت کی تاریکی میں ہمیں اپنے 'قائد' سے ملوائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'نورانی سالار' ہیں جن کا جھنڈا اتھامنے والے وہ خوش نصیب ہوں گے جن کے چہرے رب کے حضور سجدوں کی وجہ سے چمک رہے ہوں گے۔''

سَیِّدُنَا خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ (ﷺ)

انتہائی رحم فرمانے والی ذات (اللہ) کے دوست

خلیل، یہ لفظ ''خُلّت'' سے نکلا ہے، جس کے معنی ایسی دوستی کے ہیں جو روح کے ریشے ریشے میں سما جائے اور دل کے گوشے گوشے کو بھر دے۔ خلیل وہ دوست ہوتا ہے جس کے لیے دل میں کسی دوسرے کی جگہ باقی نہ رہے۔

الرحمن اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام جو بے انتہا رحم کرنے والا ہے۔

یعنی خلیل الرحمٰن، رحمن کا وہ خاص دوست جس کی محبت اللہ کے پورے وجودِ بندگی پر محیط ہو۔

اگرچہ ''خلیل'' کا لقب عام طور پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے مشہور ہے، لیکن احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہے کہ حضور ﷺ کو بھی یہ مقام حاصل ہے۔ آپ ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا خلیل بنایا ہے جیسے ابراہیم (علیہ السلام) کو خلیل بنایا تھا''۔

علماء فرماتے ہیں کہ ''خلیل'' وہ ہے جو اللہ کے لیے سب کچھ چھوڑ دے، اور ''حبیب'' وہ ہے جس کے لیے اللہ (اپنی مشیئت کے مطابق) کائنات کو سنوار دے۔ آپ ﷺ میں خُلّتِ ابراہیمی اور محبتِ محمدی دونوں جمع ہیں۔

امام قسطلانی ؒ فرماتے ہیں کہ اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنا کر ''آگ'' (نمرود کی آگ) سے بچایا، اور محمد ﷺ کو خلیل وحبیب بنا کر ان کی امت کو ''آگ'' (جہنم) سے بچا لیا۔

آپ ﷺ کی پوری زندگی ''خلیل الرحمن'' ہونے کی گواہی ہے۔ آپ ﷺ نے اللہ کی خاطر ہجرت کی، تکلیفیں اٹھائیں اور مال و جان کی پرواہ نہ کی۔ جواباً اللہ تعالیٰ نے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ قرب عطا کیا کہ معراج کی رات سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے بلا کر اپنا دیدار کروایا اور براہِ راست کلام فرمایا اور قیامت تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند فرمایا۔

''اسمِ گرامی 'خلیل الرحمان' اس والہانہ عشق اور بندگی کا عنوان ہے جو رب اور بندے کے درمیان انتہا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایمان کا اصل جوہر اللہ سے ٹوٹ کر محبت کرنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس دوست' ہیں جن کی وساطت سے ہمیں رحمن کی پہچان ملی اور جن کے نقشِ قدم پر چل کر ایک گناہ گار بندہ بھی اللہ کا محبوب بن سکتا ہے۔''

سَیِّدُنَا بَرٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نہایت نیکوکار اور مہربان

لفظ ''بَرّ'' کا مادہ ''بِرّ'' ہے، جس کے معنی ہیں ''انتہائی نیکی''، ''سچائی'' اور ''وسیع احسان''۔

عربی میں ''بَرّ'' اس شخص کو کہتے ہیں جو بہت زیادہ نیکی کرنے والا، والدین کا فرمانبردار اور مخلوق کے ساتھ بھلائی کرنے والا ہو۔ 'بِرّ' اس وسعت کو کہتے ہیں جس نیکی اور احسان کی کوئی حد نہ ہو۔

یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام بھی ہے (البَرُّ)، اور جب یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے استعمال ہوتا ہے تو اس سے مراد وہ ہستی ہے جو اللہ کی تمام مخلوق میں سب سے زیادہ ''نیک و پارسا'' اور ''سراپا احسان'' ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ''بَرّ'' ہونا کثیر الجہتی ہے:

بَرٌّ بِالْعِبَاد (بندوں پر شفیق): آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی امت کے لیے اتنے مہربان ہیں کہ ان کی تکلیف آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر شاق گزرتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی بھلائی اور انھیں دوزخ سے بچانے کی فکر میں گزاری۔

بَرٌّ بِالْوَالِدَیْن (والدین کے فرمانبردار): اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین بچپن میں ہی وصال فرما گئے تھے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی رضاعی ماں (حضرت حلیمہ سعدیہؓ) اور دیگر بزرگوں کے ساتھ جو سلوک فرمایا، وہ ''بِرّ'' (نیکی) کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔

سچائی اور وفاداری: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے عہد کے پکے اور معاملے کے کھرے تھے، یہی نیکی (بِرّ) کا خاصہ ہے۔

قرآنی وروحانی نکتہ:

قرآن فرماتا ہے: ''لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ'' (تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک وہ چیز خرچ نہ کرو جو تمھیں محبوب ہے)۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اللہ کی راہ میں اپنی جان، مال اور وقت سب کچھ قربان کر دیا، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی ''بَرِّ مطلق'' ہیں۔

''اسمِ گرامی 'بَرّ' اس بے پایاں خیر کا عنوان ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات سے کائنات کو نصیب ہوئی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایمان کا لبِ لباب 'خیر خواہی' اور 'احسان' ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'سچے اور نیکوکار رہبر' ہیں جن کی پیروی انسان کے اخلاق کو اتنا بلند کر دیتی ہے کہ وہ زمین پر اللہ کی رحمت کا نمائندہ بن جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مَبَرٌّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نیکیوں کا سرچشمہ

لفظ ''مَبَرّ'' کا مادہ بھی ''بِرّ'' (نیکی) ہی ہے۔لغوی طور پر اس کے دو معنی اہم ہیں:

نیکی کا منبع: وہ ہستی یا مقام جہاں سے نیکیاں پھوٹتی ہوں۔

وہ مقام یا وہ ہستی جہاں تمام نیکیوں اور بھلائیوں کا اجتماع ہو۔''مَبَرٌّ'' اس ذات کو کہتے ہیں جس کا ہر قول، ہر فعل اور ہر خاموشی سراپا نیکی اور خیر بن جائے۔

انتہائی پارسا: وہ ذات جو ہر قسم کے عیب سے پاک اور نیکیوں میں سب سے فائق ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جن کی اتباع خود ''نیکی'' بن جاتی ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ وہ مرکز ہے جہاں سے کائنات کو نیکی، سچائی اور احسان کی تعلیمات ملیں۔گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف نیک (بَرّ) نہیں بلکہ نیکی کا مجسمہ (مَبَرّ) ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''مَبَرٌّ'' اس لیے ہیں کہ دنیا میں جتنی بھی نیکیاں (نماز، روزہ، سچائی، عدل، خدمتِ خلق) پائی جاتی ہیں، ان کا رستہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے ہو کر گزرتا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیکیوں کی وہ ''جائے وقوع'' ہیں جہاں سے ہدایت کے چشمے ابلتے ہیں۔

اللہ کی رضا پانے کے جتنے بھی نیک اعمال ہیں، ان کی قبولیت کا مرکز ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کے بغیر کوئی بھی عمل ''بِرّ'' (نیکی) کے درجے تک نہیں پہنچ سکتا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''مَبَرّ'' اس ہستی کو کہتے ہیں جس کا دیدار اور جس کا ذکر ہی انسان کے اندر نیکی کا جذبہ پیدا کر دے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت کا اثر یہ تھا کہ بڑے بڑے گناہگار اور ظالم لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ انور کو دیکھ کر ''ابرار'' (نیکوکاروں) کی صف میں شامل ہو گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیکی کا وہ سرچشمہ ہیں جن کی تعلیمات پر عمل کے بغیر نیکی کا وجود ہی ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر نیکی بنا دیا گیا ہے۔ جس کی تکرار اللہ تعالیٰ خود اسکے فرشتے بھی کرتے ہیں اور ایمان والوں کو بھی اس کی تلقین فرمائی گئی۔

''اسمِ گرامی 'مبرّ' اس ابدی حقیقت کا عنوان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کے وہ مرکزِ خیر ہیں جہاں سے نیکی کی تقسیم ہوتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم اپنی زندگی کو 'بِرّ' (نیکی) سے بھرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس 'مبرّ' (نیکی کے مقام) یعنی ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جڑنا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سراپا احسان' رہبر ہیں جن کی بارگاہِ اقدس سے آج بھی انسانیت کو جینے کا سلیقہ اور اللہ کی رضا کی خیرات مل رہی ہے۔''

سَیِّدُنَا وَجِیہٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نہایت باوقار اور وجاہت والی شخصیت

لفظ ''وجیہ'' کا مادہ ''وجہ'' (چہرہ) ہے۔لغوی طور پر اس کے معنی ہیں:

باعزت اور باوقار، وہ شخص جو صاحبِ جاہ وجلال ہو۔

خوبصورت، جس کا چہرہ انور پرکشش اور روشن ہو۔

ذی مرتبہ، وہ جس کی بات مانی جائے اور جس کا معاشرے میں ایک مقام ہو۔لغتِ عرب میں ''وجاہت'' اس مرتبے کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے انسان لوگوں کی نظروں میں محترم اور پسندیدہ بن جائے۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی وہ ''سب سے زیادہ وجیہ'' ہستی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے ظاہری حسن اور باطنی ہیبت و وقار کے اعلیٰ ترین درجے پر فائز فرمایا۔ ''وَجِیہٌ'' وہ رسول ہے جسے دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جائیں اور دل میں رعب و محبت پیدا ہو جائے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''مقبولیتِ عامہ'' والی حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی بارگاہ میں بھی وجیہ (عزت والے) ہیں اور مخلوق کی نظر میں بھی سب سے بلند مرتبہ ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جو دنیا اور آخرت دونوں میں اللہ کے ہاں سب سے زیادہ معزز اور صاحبِ مرتبہ ہیں۔قرآنِ کریم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے بھی یہ لفظ استعمال ہوا، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''وجاہت'' تمام انبیاء سے بڑھ کر ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے محبوبِ اعظم ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''وجیہ'' ہونا دو پہلوؤں پر مشتمل ہے

ظاہری وجاہت: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حسن و جمال ایسا تھا کہ دیکھنے والے کی نظر ٹھہر نہ پاتی۔حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے چودھویں کے چاند کو دیکھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے چہرہِ انور کو دیکھا، تو مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ چاند سے کہیں زیادہ روشن نظر آیا۔

باطنی و معنوی وجاہت: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ الٰہی میں اتنی وجاہت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کے لیے ہاتھ اٹھا دیں، اللہ اسے رد نہیں فرماتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجاہت ہی قیامت کے دن شفاعت کی بنیاد بنے گی۔

کفارِ مکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجاہت اور رعب سے اس قدر متاثر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اونچی آواز میں بات کرنے کی ہمت نہ رکھتے تھے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ''وجاہتِ نبوت'' ہی تھی جس نے عرب کے سرکشوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں میں جھکا دیا۔

''اسمِ گرامی 'وجیہ' اس ہمہ گیر شخصیت کا عنوان ہے جہاں حسن اور ہیبت ایک جگہ جمع ہو گئے ہیں۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حقیقی عزت اللہ کی اطاعت میں ہے، کیونکہ اللہ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بندگی کے صلے میں وہ وجاہت عطا فرمائی جس کے سامنے دنیا کے تمام تخت و تاج ہیچ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'روشن چہرے' والے رہبر ہیں جن کی بارگاہ میں جھکنے والا دنیا و آخرت میں وجیہ اور معزز بن جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا نَصِیۡحٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خالص خیر خواہی کرنے والے

لفظ ''نصیح'' کا مادہ ''نصح'' ہے، جس کے لغوی معنی ہیں ''خلوص'' اور ''صفائی''۔

عربی میں ''نصیح'' اس مخلص خیر خواہ کو کہتے ہیں جو کسی دوسرے کے لیے وہی پسند کرے جو وہ اپنے لیے کرتا ہے اور اسے ہر قسم کے نقصان سے بچانے کی فکر کرے۔ عربی زبان میں یہ لفظ اس شہد کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جو بالکل خالص ہو اور اس درزی کے لیے بھی جو پھٹے ہوئے کپڑے کو سی کر جوڑ دیتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جنھوں نے اللہ کے دین کو خالص کر کے بندوں تک پہنچایا اور ہر موڑ پر امت کی وہ رہنمائی فرمائی جو ان کی دنیا اور آخرت کی کامیابی کی ضامن ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصیحت میں ڈانٹ ڈپٹ نہیں بلکہ درد اور تڑپ شامل ہوتی تھی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''نصیح'' ہونا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جبلت میں شامل تھا۔ قرآنِ کریم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس تڑپ کا ذکر یوں فرمایا گیا: ''لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ'' (اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! شاید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی جان کھو دیں گے اس غم میں کہ یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے) (الشعرا: ۳)۔

ایک مخلص نصیح (خیر خواہ) کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو کفر و شرک کی دلدل سے نکالا اور انھیں جنت کا راستہ دکھایا، چاہے اس کے بدلے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتھر مارے گئے یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی راہ میں کانٹے بچھائے گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا: ''میری اور تمھاری مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ جلائی اور پروانے اس میں گرنے لگے، اور وہ انھیں آگ سے بچانے کے لیے پکڑ پکڑ کر

پیچھے کر رہا ہے، میں بھی تمھیں تمھاری کمروں سے پکڑ پکڑ کر آگ سے بچا رہا ہوں‘‘۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ’’نصیح‘‘ ہونے کی کامل تصویر ہے۔

’’اسمِ گرامی ’نصیح‘ اس لازوال ہمدردی کا عنوان ہے جو خالق کو مخلوق سے جوڑتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایمان کا اصل جوہر دوسروں کے لیے دل میں بھلائی رکھنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ’سچے ہمدرد‘ ہیں جن کی نصیحتیں محض الفاظ نہیں بلکہ روح کی شفا ہیں، اور جن کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ہی انسانیت کی اصل فلاح ہے۔‘‘

سَیِّدُنَا نَاصِحٌ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نصیحت کرنے والے اور سیدھی راہ دکھانے والے

لفظ ''ناصح'' اسمِ فاعل ہے، جس کے معنی ہیں ''نصیحت کرنے والا'' یا ''خیر خواہی کرنے والا''۔ یعنی وہ ہستی نصیحت کرے، کھوٹ سے پاک مشورہ دے اور جس کا مقصد صرف اور صرف دوسرے کی بھلائی ہو۔

اگرچہ نصیح اور ناصح کا مادہ ایک ہی لفظ نصح (خیر خواہی) ہے لیکن علماء نے ان کے معانی میں ایک لطیف فرق بتایا ہے کہ ناصح سے مراد وہ ہستی ہے جو نصیحت کر رہی ہو یہ لفظ کسی خاص وقت یا کسی خاص معاملے میں خیر خواہی کرنے کے لیے بھی بولا جا سکتا ہے جبکہ نصیح سے مراد ہو ہستی ہے جس کی فطرت اور جبلت میں خیر خواہی رچی بسی ہو اور وہ ہمیشہ اور ہر حال میں جاری و ساری ہو۔

انبیاء کرام علیہم السلام کی بنیادی صفت ہی ''نصح'' (نصیحت) رہی ہے۔ قرآن میں کئی انبیاء کے حوالے سے ذکر ہے کہ انھوں نے فرمایا: ''وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ'' (اور میں تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوں) (العراف: ۶۸)۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس صفت کو کمال تک پہنچایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نصیحت میں شفقت تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مخاطب کے حال کو دیکھ کر بات فرماتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نصیحت میں حکمت تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بات دل میں اتر جانے والی ہوتی تھی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نصیحت میں جامعیت تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے زندگی کے ہر شعبے (عبادات، معاملات، اخلاقیات) کے بارے میں بہترین مشورے عطا فرمائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دین کا خلاصہ ہی خیر خواہی کو قرار دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

''الدِّينُ النَّصِيحَةُ'' (دین تو نام ہی خیر خواہی کا ہے)۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری زندگی اس بات کی گواہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی کسی کو ایسا مشورہ نہیں دیا جس میں اس کا نقصان ہو، بلکہ ہمیشہ وہ راستہ دکھایا جو دنیا میں سکون اور آخرت میں فلاح کا باعث ہو۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ناصح (طبیبِ روحانی) ہیں جو مریض کو کڑوی دوا شہد میں ملا کر دیتا ہے تا کہ اسے شفا ملے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ناصح ہیں جنھوں نے جہالت کے معاشرے کو اپنی نرم خوئی اور حکیمانہ نصیحتوں سے گلزار بنا دیا۔

''اسمِ گرامی 'ناصح' اس بے لوث محبت کا عنوان ہے جو ایک ہادی کو اپنی امت سے ہوتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اصل دانائی ہے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر ہمارا کوئی دوسرا خیر خواہ نہیں ہوسکتا۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس ہمدرد' ہیں جن کی ہر بات میں ہماری دنیا کی فلاح اور آخرت کی نجات کا راز پوشیدہ ہے۔''

سَیِّدُنَا وَکِیْلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

امت کے معاملات میں اللہ کے ہاں وکیل

لفظ ''وکیل'' کا مادہ ''وکل'' ہے، جس کے معنی ہیں ''کام سپرد کرنا'' یا ''کارسازی کرنا''۔

وکیل وہ ہستی ہے جس پر مکمل بھروسہ کیا جائے اور جو اپنے موءکل کے معاملات کو اس سے بہتر طریقے سے سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ جو کسی کے کام اپنے ذمے لے لے، اس کی طرف سے دفاع کرے اور اس کے معاملات کو سنوار دے۔

اگرچہ ''وکیلِ مطلق'' اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، جیسا کہ قرآن کریم میں (حسبنا اللہ ونعم الوکیل) فرمایا گیا ہے۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے امت کا ایسا ''وکیل'' بنا کر بھیجا ہے جو دنیا میں ان کی ہدایت کا ضامن اور آخرت میں ان کی شفاعت کا کفیل ہے۔ قرآن میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی امت پر ''حریص'' (بھلائی کی تڑپ رکھنے والا) کہا گیا، جو وکیل کی بہترین صفت ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''وکیل'' ہونا امت کے لیے ایک بہت بڑا سہارا ہے:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام امت کے امورِ دین کے وکیل ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کا پیغام ہم تک پہنچانے اور ہمیں صراطِ مستقیم پر چلانے کی مکمل ذمہ داری (وکالت) نبھائی۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی قیامت کے وکیل ہوں گے جب میدانِ محشر میں کوئی کسی کا پرسانِ حال نہ ہوگا، تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کی وکالت فرمائیں گے اور اللہ کے حضور ان کا مقدمہ پیش کر کے انھیں بخشوائیں گے۔

جس طرح ایک موکل اپنے وکیل پر بھروسہ کر کے مطمئن ہو جاتا ہے، اسی طرح ایک امتی جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کو اپنا لیتا ہے اور اپنا معاملہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کر دیتا ہے، تو

وہ دنیاوآخرت کے خوف سے آزاد ہو جاتا ہے۔

لیکن یہاں ایک نقطہ قرآن نے واضح فرما دیا۔

آپ ﷺ صرف ان کے وکیل ہیں جنھوں نے آپ ﷺ اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر ایمان لایا اور آپ ﷺ کی پیروی کی۔

قرآن پاک مین ارشاد ہے کہ:

اَرَءَیتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنتَ تَكُونُ عَلَیهِ وَكِیلًا

کیا آپ ﷺ نے اسے بھی دیکھا جو اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنائے ہوئے ہے کیا آپ ﷺ اس کے زمہ دار ہو سکتے ہیں؟۔(الفرقان:۴۳)

اور فرمایا

اِنَّاۤ اَنزَلنَا عَلَیكَ الكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالحَقِّ ۚ فَمَنِ اهتَدٰى فَلِنَفسِهٖ ۚ وَمَن ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیهَا ۚ وَمَاۤ اَنتَ عَلَیهِم بِوَكِیلٍ

آپ ﷺ پر ہم نے حق کے ساتھ یہ کتاب لوگوں کے لیے نازل فرمائی ہے پس جو شخص راہ ہدایت پر آجائے اس کے اپنے لیئے نفع ہے اور جو گمراہ ہو جائے اس کی گمراہی کا وبال اس پر ہے آپ ﷺ ان پر ذمہ دار نہیں۔

''اسمِ گرامی 'وکیل' اس لازوال تحفظ کا عنوان ہے جو ایک امتی کو اپنے نبی ﷺ سے ملتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم تنہا نہیں ہیں، بلکہ کائنات کی سب سے معتبر ہستی ہماری پشت پناہ ہے۔ آپ ﷺ وہ 'رحیم سرپرست' ہیں جن کی وکالتِ عظمیٰ کے صدقے میدانِ محشر میں گناہ گاروں کی لاج رکھی جائے گی اور جن کا نام ہی بے سہاروں کے لیے سب سے بڑا سہارا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُتَوَکِّلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہر حال میں صرف اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے والے

لفظ ''متوکل'' کا مادہ ''توکل'' ہے، جس کے معنی ہیں ''بھروسہ کرنا'' یا ''اپنا معاملہ کسی دوسرے کے سپرد کرنا''۔

متوکل وہ ہستی ہے جو اسباب کے استعمال کے باوجود نتیجہ صرف اللہ کی ذات پر چھوڑ دے اور ہر حال میں اسی کو حقیقی کارساز مانے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے وہ بندے ہیں جنھوں نے توکل کا حق ادا کر دیا۔

صحیح بخاری کی روایت کے مطابق، سابقہ آسمانی کتب (تورات) میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ صفت بیان کی گئی تھی: ''أَنْتَ عَبْدِي وَرَسُولِي، سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ'' (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے بندے اور رسول ہیں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام 'متوکل' رکھا ہے)۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ ط إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ

پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارادہ پختہ ہو جائے تو اللہ پر بھروسہ کریں بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ (آل عمران؛ ۱۵۹)

عطا بن یسارؒ سے روایت ہے کہ میں عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے ملا۔ میں نے ان سے کہا کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال جو تورات میں مزکور ہے مجھ سے بیان کریں، تو انھوں نے کہا اچھا۔

اللہ کی قسم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعض صفات تورات میں وہی مزکور ہیں جو قرآن کریم میں ہیں۔

اے پیغمبر ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو گواہ بنا کر بھیجا اور خوشخبری سنانے والا، اور ڈرانے والا اور ان پڑھ لوگوں یعنی غریبوں کو بچانے والا، آپ ﷺ میرے بندے ہیں پیغام پہنچانے والے ہیں،، ہم نے آپ ﷺ کا نام متوکل رکھا ہے، آپ ﷺ اکھڑ ہیں نہ سخت دل، نہ بازاروں میں غل مچانے والے اور نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے بلکہ معاف کرنے والے اور بخشنے والے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس پیغمبر ﷺ کو دنیا اے نہیں اٹھائیں گے جب تک ٹیڑھی شریعت کو اس سے سیدھا نہ کر لے یعنی لوگ لا الہ الا اللہ نہ کہنے لگیں اس کے سبب سے اندھیں آنکھیں اور بہرے کان اور غلاف چڑھے دل کھول نہ دے۔
(صحیح البخاری؛ ۲۱۲۵) توکل کا مطلب ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا نہیں بلکہ اپنی پوری کوشش کے بعد نتیجہ اللہ پر چھوڑ دینے کا نام ہے۔ حضور ﷺ اس صفت کے کامل ترین مظہر ہیں۔

آپ ﷺ کا توکل بزدلی یا بے عملی کا نام نہیں تھا، بلکہ آپ ﷺ تدبیر پوری فرماتے (مثلاً ہجرت کے وقت غارِ ثور میں چھپنا) لیکن دل میں یقین صرف اللہ پر ہوتا۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ میں ہمیں توکل کے مثالیں جابجا نظر آتی ہیں

مثلاً غارِ ثور کے مقام پر جب دشمن سر پر پہنچ گئے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ پریشان ہوئے، تو آپ ﷺ نے نہایت اطمینان سے فرمایا: ''لاتحزن ان اللہ معنا'' (غم نہ کرو، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے)۔ یہ ایک ''متوکل'' کا وہ اطمینانِ قلب تھا جس نے تاریخ کا دھارا بدل دیا۔ غزوہ احد یا حنین میں جب قدم اکھڑنے لگے تو آپ ﷺ تن تنہا پہاڑ کی طرح ڈٹ گئے یہ آپ ﷺ کے اس توکل کا ثبوت تھا کہ فتح و نصرت صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ کئی کئی روز تک گھر میں چولہا نہ جلتا لیکن آپ ﷺ کی پیشانی ہر کبھی شکن نہ آئی یہ آپ ﷺ کا توکل ہی تھا جو آپ ﷺ کو ہر حال میں غنی رکھتا۔ آپ ﷺ وہ ''متوکل'' تھے جو فرماتے

تھے کہ اگر تم اللہ پر ویسا توکل کرو جیسا حق ہے، تو تمھیں پرندوں کی طرح رزق دیا جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ متوکل ہیں جنھوں دنیا کو بتایا کہ اسباب کی غلامی سے نکل کر حبیب کی بندگی کیسے کی جاتی ہے۔

''اسمِ گرامی 'متوکل' اس قلبی سکون کا عنوان ہے جو صرف اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے سے ملتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب اسباب ناپید ہو جائیں تو ایمان کا چراغ 'توکل' سے روشن ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'عظیم بندے' ہیں جنھوں نے ثابت کیا کہ جس کا وکیل اللہ ہو، اسے دنیا کی کوئی طاقت مغلوب نہیں کر سکتی اور جس کا سہارا 'ربِ کائنات' ہو، وہ کبھی تنہا نہیں ہوتا۔''

سَیِّدُنَا کَفِیْلٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اُمت کی ذمہ داری لینے والے اور ضمانت دینے والے

لفظ ''کفیل'' کا مادہ ''کفل'' ہے، جس کے معنی ہیں ''ذمہ داری اٹھانا'' یا ''ضمانت دینا''۔

عربی میں ''کفیل'' اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی دوسرے کی ضرورتوں کی کفالت کرے یا کسی کے قرض یا جان کی ضمانت لے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جنھوں نے اللہ کے حضور اپنی امت کی ہدایت اور نجات کی ''کفالت'' فرمائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے دکھوں کو بانٹنے والے اور ان کی کمزوریوں کا بوجھ اٹھانے والے کفیل ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''کفیل'' ہونا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمتِ عالم کا خاصہ ہے:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غریبوں کے کفیل تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں اعلان فرمایا تھا کہ ''جو شخص قرض چھوڑ کر مرے اور اسے ادا کرنے کا سامان نہ ہو، تو اس کا قرض ادا کرنا میری ذمہ داری (کفالت) ہے''۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُمت کے کفیل ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف امت کی مادی ضرورتوں کے نہیں بلکہ روحانی تربیت اور جہنم کی آگ سے بچانے کے بھی کفیل ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لایا ہوا دین انسانیت کی فلاح کا ضامن ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کے لیے وہ دعائیں فرمائیں اور وہ قربانیاں دیں کہ امت کو جہنم کی آگ سے بچانے کے کفیل بن گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یتیموں کے کفیل تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یتیم کی کفالت کرنے والے کو جنت میں اپنے ساتھ ہونے کی بشارت دی، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود یتیموں کے سب سے بڑے سرپرست تھے۔

جس طرح ایک بچہ اپنے کفیل (والدین) کے ہوتے ہوئے بےفکر رہتا ہے، اسی طرح جس مسلمان کا ''کفیل'' محمد عربی ﷺ کی ذات بن جائے، وہ دنیاوی تنگیوں اور آخرت کے حساب و کتاب سے بےفکر ہو جاتا ہے کیونکہ اسے کائنات کے سب سے سچے ضامن کا سہارا حاصل ہوتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'کفیل' اس بے پایاں شفقت کا عنوان ہے جو ایک شفیق باپ کو اپنی اولاد سے ہوتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اتباعِ رسول ﷺ میں ہی اصل تحفظ ہے، کیونکہ جس کے وکیل اور کفیل خود محمد مصطفیٰ ﷺ بن جائیں، اسے نہ دنیا میں کوئی ڈر ہے اور نہ آخرت میں کوئی خوف۔ آپ ﷺ وہ 'رحیم سرپرست' ہیں جنھوں نے امت کے ہر دکھ کو اپنا دکھ سمجھا اور ان کی فلاح کی ذمہ داری اپنے ذمۂ کرم پر لی۔''

سَیِّدُنَا شَفِیقٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سب سے زیادہ شفقت کرنے والے

لفظ ''شفیق'' کا مادہ ''شَفق'' ہے، جس کے معنی ہیں ''ایسی محبت جس میں ڈر شامل ہو''۔ شفق اس خوف یا تڑپ کو بھی کہتے ہیں جو کسی عزیز یا پیارے کو تکلیف میں دیکھ کر دل میں پیدا ہو۔

شفیق وہ ہستی ہے جو کسی سے اتنی محبت کرے کہ اسے ذرا سی تکلیف پہنچنے کے خیال سے بھی لرز جائے اور اسے ہر نقصان سے بچانے کی فکر میں رہے۔

قرآنِ کریم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفت کو ان الفاظ میں بیان فرمایا: سورہ التوبہ (آیت 128)

یہ آیت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفتِ شفقت کا قرآنی خلاصہ ہے:

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾

(بے شک تمھارے پاس تمھی میں سے وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لائے جن پر تمہارا تکلیف میں پڑنا بہت گراں گزرتا ہے، جو تمھاری بھلائی کے بہت چاہنے والے ہیں اور مومنوں پر نہایت شفیق (رؤف) اور مہربان ہیں۔)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''شفیق'' ہونا کائنات کے ہر ذرے کے لیے تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت سے انتہائی شفقت فرماتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو اٹھ کر اپنی امت کے گناہگاروں کے لیے روتے تھے کہ کہیں وہ عذابِ الٰہی کی گرفت میں نہ آجائیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کمزوروں اور ناتوانوں پر شفقت فرماتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھاتے ہوئے کسی بچے کے رونے کی آواز سنتے تو نماز مختصر فرما دیتے تاکہ اس کی ماں کو پریشانی نہ ہو، یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفقت کی انتہا تھی۔ حتا کہ اگر سجدہ کی حالت میں نواسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر آجاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ لمبا کر دیتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یتیموں کے سر پر ہاتھ رکھنے اور بیواؤں کی مدد کرنے کو جنت کی ضمانت قرار دیا۔ طائف کے میدان میں لہولہان ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے بددعا نہ فرمائی بلکہ ان کی ہدایت کی درخواست کی یہ شفیقِ اعظم ہونے کی دلیل ہے۔

حیوانات پر شفقت: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیاسے کتے کو پانی پلانے پر بخشش کی خوشخبری دی اور چڑیوں کے انڈے اٹھانے پر صحابہؓ کو ٹوکا۔

شفقت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب دل میں دوسروں کے لیے تڑپ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''شفیقِ اعظم'' ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر ہماری ان خطاؤں اور ان کے نتائج پر بھی ہے جن سے ہم خود بے خبر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفقت ہمیں جہنم کے گڑھوں سے بچانے والی ڈھال ہے۔

''اسمِ گرامی 'شفیق' اس لازوال ممتا اور پدری شفقت کا عنوان ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی امت سے ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے اتنی محبت کرتا ہے کہ ہماری ذرا سی تکلیف بھی ان کے قلبِ اطہر پر گراں گزرتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'محسنِ اعظم' ہیں جن کی آغوشِ رحمت میں ہر گناہ گار اور پریشان حال کے لیے پناہ اور سکون موجود ہے۔''

سَیِّدُنَا مُقِیمُ السُّنَّۃِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سنت (الٰہی طریقے) کو قائم اور رائج کرنے والے

مُقِیم: قائم کرنے والا، رواج دینے والا، یا کسی چیز کو اس کی اصل حالت میں مضبوطی سے کھڑا کرنے والا۔

السُّنَّۃ: وہ راستہ یا طریقہ یا ڈھنگ جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود عمل فرمایا اور امت کو اس کی ترغیب دی۔

یعنی وہ ہستی جنھوں نے دینِ حق کے عملی طریقے کو کائنات میں نافذ کیا اور اسے مٹنے سے بچانے کے لیے بنیادیں فراہم کیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث ہی اسی لیے فرمایا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھٹکی ہوئی انسانیت کو صراطِ مستقیم پر قائم کر دیں، قرآنِ پاک میں ارشاد ہے کہ: لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (سورۃ الاحزاب: ۲۱) بے شک تمھارے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''مقیم السنۃ'' ہونا دین کی بقا کا ضامن ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ قرآن کی عملی تفسیر ہے اللہ نے قرآن نازل فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے جینے کا طریقہ (سنت) سکھایا۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سنت کو قائم نہ فرماتے، تو ہمیں نماز کی رکعتیں، حج کے مناسک اور زندگی کے آداب معلوم نہ ہوتے۔

باطل کا خاتمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جاہلیت کی رسموں کو مٹایا اور ان کی جگہ ''سنتِ الٰہی'' کو قائم فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف وعظ نہیں کیا، بلکہ ایک پاکیزہ معاشرہ تعمیر کر کے دکھایا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''مقیم السنۃ'' وہ ہے جو مردہ دلوں میں اپنی سنت کی محبت پیدا کر کے انھیں دوبارہ زندہ کر دے۔ حدیثِ مبارکہ ہے: ''جس نے میری سنت سے محبت کی اس

نے مجھ سے محبت کی، اور جو مجھ سے محبت کرے گا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا"۔

سورہ الحشر (آیت 7)

یہ آیت ''مقیم السنۃ'' کے منصب کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

...وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا...

''...اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) تمھیں عطا فرمائیں اسے لے لو، اور جس سے تمھیں منع فرمائیں اس سے رک جاؤ...''

اور یقینا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حکم ربّ کے مطابق ہوتی ہے، اس لیے مقیم السنۃ کا مقصد دین الٰہی کو خاتم کرنا یعنی اللہ کی سنت کو قائم کرنا ہوا جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہی کی، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مقیم السنۃ ہوئے۔

''اسمِ گرامی 'مقیم السنۃ' اس ضابطۂ حیات کا عنوان ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہمیں عطا فرمایا۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام محض دعووں کا نام نہیں بلکہ 'اتباعِ سنت' کا نام ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'عظیم معمار' ہیں جنھوں نے بندگی کی ایسی شاہراہ تعمیر کر دی جس پر چلنے والا کبھی بھٹک نہیں سکتا اور جس کا ہر نقشِ قدم کامیابی کی منزل کی طرف لے جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا مُقَدَّسٌ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پاک اور برتر ٹھہرائے گئے

لفظ ''مقدس'' کا مادہ ''قدس'' ہے، جس کے معنی ہیں ''پاکیزگی'' اور ''برکت''۔

مقدس، وہ ہستی جو پاک کی گئی ہو، جو سراپا طہارت ہو اور جس کی نسبت سے دوسری چیزیں بھی پاک ہو جائیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے پیدائش سے لے کر وصال تک ہر اس شے سے پاک رکھا جو مقامِ نبوت کے شایانِ شان نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسمِ اطہر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نسب، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خیالات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح سب ''مقدس'' ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''مقدس'' ہونا کائنات کے لیے برکت کا باعث ہے:

طہارتِ باطن: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قلبِ مبارک اللہ کے نور کا مرکز ہے، جہاں ماسوائے اللہ کی کوئی جگہ نہیں۔

طہارتِ ظاہر: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پسینہ مبارک خوشبو دیتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم پر کبھی مکھی نہیں بیٹھتی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا۔ یہ سب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''مقدس'' ہونے کی نشانیاں ہیں۔

تطہیرِ کائنات: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مقدس ہستی ہیں جنھوں نے آ کر زمین کو شرک کی گندگی سے پاک کیا اور انسانوں کے نفوس کا تزکیہ فرما کر انھیں مقدس بنا دیا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''مقدس'' وہ ہے جس کی طرف منسوب ہو کر میلا بھی اجلا ہو جائے۔

ہم جیسے گناہگار امتی جب اس مقدس آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی اختیار کرتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں، تو اللہ اس کی برکت سے ہمارے گناہوں کی نجاست دور فرما دیتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'مقدس' اس نورانی حقیقت کا عنوان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات ہر انسانی کمزوری سے بالاتر ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے دل کا پاک ہونا ضروری ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'آئینۂ صفاتِ خداوندی' ہیں جنھیں دیکھ کر انسان کو پاکیزگی کی حقیقت سمجھ آتی ہے اور جن کے ذکر کی برکت سے گناہ گاروں کے دل بھی مصفیٰ و مصلیٰ ہو جاتے ہیں۔''

سَیِّدُنَا رُوحُ الْقُدُسِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پاکیزہ روح کے حامل

روح وہ لطیف شے جس سے زندگی وابستہ ہے۔اور القدس پاکیزگی، اللہ کی ذات، یا وہ مقام جو ہر نقص سے پاک ہو۔

اس طرح ''رُوحُ الْقُدُسِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)'' کا مجموعی مفہوم وہ ''پاکیزہ روح'' جو کائنات کی زندگی کا اصل سبب ہے اور جو اللہ کے نورِ خالص سے پیدا کی گئی ہے۔

صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح کو اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے پیدا فرمایا (حدیث: ''اول ما خلق اللہ نوری'')۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ روح ہیں جس سے پوری کائنات کو زندگی ملی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''روح القدس'' ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات کی جان ہیں صوفیاء فرماتے ہیں کہ جس طرح جسم روح کے بغیر مردہ ہے، اسی طرح یہ کائنات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور (روح) کے بغیر بے جان ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ روح ہیں جس کی برکت سے کائنات کا نظام چل رہا ہے۔قرآن کریم میں روح القدس کا لقب بنیادی طور پر حضرت جبرائیلؑ کے لیے استعمال ہوا ہے لیکن علماء کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس لقب کے مصداق ہیں کیونکہ حضرت جبرائیلؑ وحی لانے والے ہیں لیکن وہ وحی جس قلبِ اطہر پر نازل ہوئی وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مبارک اس قدر پاکیزہ اور مقرب تھی کہ اللہ کے کلام (وحی) کو براہِ راست قبول کرنے کی صلاحیت رکھتی تھی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید کے لیے خود اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ

رکھا، جس طرح اللہ نے عیسیٰؑ کی تائید روح القدس سے فرمائی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو خود تمام روحوں کے سردار ہیں۔

''اسمِ گرامی 'روح القدس' اس نورانی جوہر کا عنوان ہے جو کائنات کے وجود کی بنیاد ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات محض ایک تاریخی شخصیت نہیں بلکہ ایک ابدی روحانی حقیقت ہے جو ہر دور میں مردہ دلوں کو زندگی بخشتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس روح' ہیں جن کی خوشبو سے گلشنِ ہستی مہک رہا ہے اور جن کی نسبت سے ہی انسان کو حقیقی روحانی ارتقاء نصیب ہوتا ہے۔''

سَیِّدُنَا رُوحُ الْحَقِّ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حق کی روح اور جان

روح، زندگی کی اصل، لطافت، اور وہ قوت ہے جو کسی شے کو متحرک رکھے۔

الحق، اللہ تعالیٰ کا نام، اور وہ سچائی ہے جو کبھی زائل نہیں ہوتی۔

اس اسم مبارکہ کا مجموعی مفہوم یہ ہوا کہ وہ ہستی جو اللہ کے دین (حق) کی روح ہے، اور جس کی گواہی اور وجود ہی سچائی کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ علماء تحقیق کے مطابق روح الحق وہ لقب ہے جسکا تذکرہ گزشتہ آسمانی کتابوں میں آنے والے آخری رسول کی بشارت کے طور پر کیا گیا ہے۔ حضرت عیسیٰؑ نے خوشخبری دی تھی کہ میرے بعد ''روح الحق'' تشریف لائیں گے جو تمھیں تمام سچائیوں کی راہ دکھائیں گے اور گواہی دیں گے۔ (انجیل یوحنیٰ: باب ۱۴: آیت ۱۶، ۱۷)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''روح الحق'' ہونا نبوت کے کمال کی علامت ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کو ''حق'' کی آمد قرار دیا:

''وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا'' (سورہ الاسراء: 81)

''اور فرما دیجیے کہ حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا۔'' اس آیت کی رو سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''رُوحِ حق'' ہیں، یعنی وہ طاقت اور زندگی جس کے آنے سے کفر اور جھوٹ کے مردہ ڈھانچے گر گئے۔

جس طرح روح کے بغیر جسم مردہ ہے، اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کے بغیر ''حق'' کی پہچان ناممکن ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آ کر بتایا کہ معبودِ حقیقی کون ہے اور زندگی کا

اصل مقصد کیا ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حق کی پہچان کرائی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے باطل کی نفی کی اور حق کو قائم کیا، جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں فاتح بن کر داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان پر یہی کلمات تھے: ''جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ'' (حق آ گیا اور باطل مٹ گیا)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات باطل کے لیے موت اور حق کے لیے زندگی بن کر آئی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر بات، ہر فعل اور ہر خاموشی ''حق'' ہے، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روحِ حق کہا جاتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کبھی کسی خطا یا باطل کا صدور ممکن نہیں۔

اہلِ معرفت کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مبارک کو ''رُوحُ الْحَقِّ'' اس لیے کہا جاتا ہے کہ کائنات کی تمام حقیقتیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے ظاہر ہوئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ (جو کہ 'الحق' ہے) کی صفات کے کامل مظہر ہیں۔ جس طرح جسم روح کے بغیر مردہ ہے، اسی طرح دین اور کائنات کی سچائی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے بغیر ادھوری ہے۔

''اسمِ گرامی 'روحِ حق' اس غیر متزلزل حقیقت کا عنوان ہے جو تمام انبیاء کا مقصود تھی۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ حق کی پہچان صرف اور صرف ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستگی میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'سچی پکار' ہیں جس نے انسانیت کو وہم و گمان کی وادیوں سے نکال کر یقین کی منزل عطا فرمائی، اور جن کا اسوہ ہی وہ واحد راستہ ہے جو انسان کو سچائی کی معراج تک لے جاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقِسْطِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عدل وانصاف کی روح اور پیکرِ انصاف

روح، زندگی کی بنیاد، قوت اور لطافت۔

عربی زبان میں ''قسط'' کے دو اہم معنی ہیں عدل وانصاف، مساوات اور حقدار کو اس کا حق دینا، قرآن کریم میں قسط کا لفظ ترازو اور توازن کے لیے بھی استعمال ہوا ہے۔

حقوق کی ایسی تقسیم کہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔

وہ پیمانہ جس سے سچ اور جھوٹ، کھرے اور کھوٹے میں تمیز کی جائے۔

جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''رُوْحُ الْقِسْطِ'' کہتے ہیں، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''انصاف کی روح'' ہیں؛ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر عدل کا تصور ہی مردہ ہے۔

یعنی وہ ہستی جو عدل وانصاف کی جان ہے اور جس کے ذریعے دنیا میں ظلم کا اندھیرا ختم ہوا اور انصاف کا نور پھیلا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روح القسط ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف انصاف کا درس ہی نہیں دیا بلکہ ایسا معاشرہ قائم کیا جہاں ایک عام انسان بھی وقت کے حکمران سے اپنا حق مانگ سکتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''روح القسط'' ہونا معاشرتی نظام کی بقا کی دلیل ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مساوات قائم کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کالے کو گورے پر اور عربی کو عجمی پر فضیلت کے بت توڑ کر تقویٰ اور عدل کو معیار بنایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عدل اپنوں اور بیگانوں کے لیے برابر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واضح فرمایا کہ ''اگر (بالفرض) میری بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اس کے بھی ہاتھ کاٹنے کا حکم دیتا''۔ یہ ''قسط'' (انصاف) کی وہ روح ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاشرے میں پھونکی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سود کو حرام قرار دے کر اور زکواۃ کا نظام رائج کر کے دولت کا توازن قائم کیا تاکہ غریب کا حق اسے باعزت طریقے سے مل سکے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مزدور کی مزدوری پسینہ سوکھنے سے پہلے ادا کرنے کا حکم دیا اور عورتوں، یتیموں اور غلاموں کو وہ حقوق دیے جن کا تصور جاہلیت کے دور میں محال تھا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''روح القسط'' اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کائنات کے ظاہری و باطنی نظام میں توازن پیدا فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد سے قبل انسانیت افراط و تفریط کا شکار تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے آ کر عدل کا وہ راستہ دکھایا جو سیدھا اللہ کی رضا کی طرف جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'روحِ قسط' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ امن صرف انصاف سے ہی ممکن ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم دنیا میں سکون چاہتے ہیں تو ہمیں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بتائے ہوئے 'میزانِ عدل' کو اپنانا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ 'عادلِ برحق' ہیں جن کی عدالت میں شاہ و گدا برابر ہیں اور جن کا اسوۂ حسنہ ہی انسانیت کو ظلم کی زنجیروں سے نجات دلا کر حقیقی فلاح کی راہ دکھاتا ہے۔''

سَیِّدُنَا کَافٍ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اللہ کی مدد سے اپنی امت کے لیے کافی

لفظ ''کافی'' (جو گرامر کی رو سے ''کافٍ'' لکھا جاتا ہے) کا مادہ ''کفایت'' ہے، جس کے معنی ہیں ''پورا پڑ جانا''، ''حاجت روا ہونا'' یا ''کسی دوسری چیز کی ضرورت نہ چھوڑنا''۔ یعنی وہ ہستی جو کافی ہو جائے ضرورتوں کو پورا کرے مصیبتوں کو ٹال دے اور اپنے پیچھے آنے والوں کی حفاظت کرے۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس ''مبارک'' شخصیت کو ظاہر کرنا ہے جس سے وابستگی انسان کو ابدی طور پر ''سعادت مند'' (خوش بخت) بنا دیتی ہے۔ ''سَعْدُ اللّٰہِ'' وہ رسول ہیں جن کی آمد سے کائنات کی نحوستیں ختم ہوگئیں اور خیر و برکت کے دروازے کھل گئے۔

یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس ''فاتحانہ'' اور ''بابرکت'' حیثیت کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی وہ اصل ''نیک بختی'' ہیں جسے پا لینے والا کبھی نا امید یا ناکام نہیں ہوتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ''سعدُ اللہ'' ہونا تخلیقِ کائنات کا مقصدِ اصلی ہے۔

جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پایا، اس نے سب کچھ پا لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اتباع ہی وہ واحد راستہ ہے جو انسان کو اللہ کی رضا اور جنت کی دائمی خوش بختی تک پہنچاتا ہے۔

ہمیں ''امتِ محمدیہ'' میں پیدا کیا جانا اللہ کی طرف سے ''سعد'' (خوش نصیبی) کی سب سے بڑی علامت ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صدقے ہی امت کو ''خیرِ امت'' کا لقب ملا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد سے کائنات کا مقدر چمک اٹھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انسانیت کو

ذلت کے گڑھوں سے نکال کر عزت کے ایوانوں تک پہنچا دیا، جو کہ اللہ کی دی ہوئی عظیم ترین سعادت ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ''سعدُ اللہ'' وہ نور ہے جو جس دل میں داخل ہو جائے، وہاں سے مایوسی اور اندھیرا ختم ہو جاتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی وہ مسرت ہیں جس پر اللہ خود درود بھیجتا ہے اور فرشتوں میں فخر فرماتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'سعد اللہ' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ حقیقی کامیابی اور خوش بختی مادی وسائل میں نہیں بلکہ بندگیِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پوشیدہ ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم اپنی زندگیوں سے نحوست اور بے برکتی کو ختم کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں اس 'سرچشمۂ سعادت' سے جڑنا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس بخت' ہیں جن کا نام لینے سے بگڑی ہوئی تقدیریں سنور جاتی ہیں، اور جن کی پیروی ہی دراصل دنیا و آخرت کی ابدی کامرانی پانے کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا سَعْدُ الْخَلْقِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام مخلوق کے لیے خوش نصیبی کا باعث

سَعْد کے معنی عربی میں خوش بختی، برکت، کامیابی اور ایسی مسرت کے ہیں جو انسان کو بلندیوں کی طرف لے جائے۔

الْخَلْق یعنی تمام مخلوقات (انسان، جنات، فرشتے، حیوانات، نباتات اور جمادات)۔

سَعْدُ الْخَلْقِ، وہ ہستی جن کے وجود سے پوری مخلوق کی قسمت جاگ اٹھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے کائنات اندھیروں اور جہالت میں ڈوبی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد نے پوری تخلیق کو ایک مقصد اور ایک نئی زندگی عطا کی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''سعدُ الخلق'' ہونا کائنات کے ہر ذرے کے لیے انعام ہے

پوری کائنات کے لیے خوش خبری: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد پر نہ صرف مکہ کی گلیوں نے بلکہ آسمانوں اور زمینوں نے بھی خوشی منائی۔ شجر و حجر نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کیا، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ان کا اصل ''سردار اور محسن'' تشریف لا چکا ہے۔

مظلوموں کا سہارا: انسانیت کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وہ سعادت بنی جس نے غلاموں کو عزت، عورتوں کو حقوق اور یتیموں کو سرپرستی عطا کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنے سے مخلوقِ خدا کو ظالموں کے پنجے سے نجات ملی۔

حیوانات اور نباتات پر کرم: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جانوروں پر رحم کی تعلیم دی اور کٹے ہوئے درخت (ستوانِ حنانہ) کے دکھ کو محسوس فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوری مخلوق کے لیے ''سعد'' (خوش نصیبی) بن کر آئے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ کائنات کی تخلیق کا خمیر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے اٹھا ہے۔ لہٰذا،

مخلوق کی اصل خوشی اور اس کی فطرت کی تکمیل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں پوشیدہ ہے۔ جس نے ''سعدُ الخلق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کو پہچان لیا، وہ کائنات کے اصل راز سے واقف ہو گیا۔

''اسمِ گرامی 'سعد الخلق' اس کائناتی حقیقت کا عنوان ہے کہ پوری خلقِ خدا کی بقا اور خوش بختی ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں پوشیدہ ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم کائنات میں امن اور اپنی زندگیوں میں برکت چاہتے ہیں، تو ہمیں اس 'سرچشمہِ سعادت' کی اتباع کرنی ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس بخت' ہیں جن کا وجودِ مسعود ہی خالق کی طرف سے مخلوق کے لیے سب سے بڑا انعام ہے، اور جن کی غلامی ہی دراصل دارین کی دائمی خوش بختی پانے کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا خَطِیْبُ الْاُمَمِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام امتوں کے خطیب (قیامت کے دن)

''الخَطِیب'' عربی زبان میں خطبہ سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں وعظ کرنے والا، یعنی وہ بلند پایہ مقرر یا کلام کرنے والا جو مجمع کے سامنے حقائق کو واضح کرے اور جس کے کلام میں تاثیر ہو۔ خطیب اس فصیح و بلیغ شخص کو کہتے ہیں جو مجمع کے سامنے کھڑے ہو کر دلنشین اور مؤثر گفتگو کرے۔

الاُمَم: یہ ''امت'' کی جمع ہے، جس میں آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک آنے والی تمام قومیں شامل ہیں۔

سابقہ انبیاء اپنی اپنی امت کی طرف بھیجے گئے اور ان کے مخاطب ان کی اپنی اقوام ہی تھیں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطیب الامم ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت اور پیغام کسی ایک قبیلے اور قوم کے لیے نہیں بلکہ قیامت تک آنے والی اقوام اور نسلوں کے لیے ہے۔ خطبہ حجۃ الوداع آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطیب الامم ہونے کی عملی اور تاریخی دستاویز ہے، جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رنگ و نسل اور طبقوں کی تمیز مٹا کر پوری انسانیت کو ایک عالمگیر منشور دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ خَطِیْبُ الْاُمَمِ: وہ ہستی ہیں جو روزِ محشر تمام انسانیت کی طرف سے اللہ کی بارگاہ میں کلام فرمائے گی۔ جب تمام انبیاء ''نَفسی نَفسی'' فرما رہے ہوں گے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''اَنَا لَهَا'' (اس شفاعت کے لیے میں ہوں) فرما کر تمام امتوں کے وکیل اور خطیب بن کر سامنے آئیں گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''خطیب الامم'' ہونا نبوت کا کمالِ بیان ہے۔

قیامت کے دن جب حساب کتاب کا مرحلہ آئے گا اور لوگ پریشان ہوں گے، تو

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ ہستی ہوں گے جو اللہ کی حمد وثنا بیان کریں گے اور ایسی فصیح گفتگو فرمائیں گے کہ کائنات نے کبھی نہ سنی ہوگی۔

اس اسمِ مبارک کا مفہوم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''عالمگیر دعوت'' کو ظاہر کرنا ہے جو کسی ایک نسل یا زبان تک محدود نہیں۔ ''خَطِيْبُ الْاُمَمِ'' وہ رسول ہے جس کا خطاب رہتی دنیا تک کی تمام انسانیت کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس ''منفرد خطابت'' کا عنوان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے توحید کا پیغام اتنی تاثیر سے بیان فرمایا کہ اس نے رہتی دنیا تک کے لیے پچھلے تمام باطل نظریات کا خاتمہ کر دیا۔ میدانِ محشر میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ واحد ہستی ہوں گے جو تمام انبیاء اور ان کی امتوں کے سامنے اللہ کی حمد وثنا کا ''خطبہ'' ارشاد فرمائیں گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ خطیب ہیں جو قیامت کے دن سابقہ انبیاء کی گواہی دیں گے اور ان کی امتوں کے معاملات کو سلجھانے میں مدد فرمائیں گے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تمام حکمتیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک پر جاری فرما دی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطبہ (کلام) دلوں کی زمین کو زندہ کر دیتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ''زبانِ حق'' ہیں جن کا بولنا خود رب کا بولنا ہے۔

''اسمِ گرامی 'خطیب الامم' اس ابدی فصاحت کا عنوان ہے جو وحیِ الٰہی کے نور سے منور ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ بہترین کلام وہ ہے جو انسانیت کو اس کے اصل مقصد سے جوڑ دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس ترجمان' ہیں جن کی پکار نے صدیوں کی خاموشی کو توڑ کر کائنات کو توحید کے نعرے سے آشنا کیا، اور جن کے کلماتِ طیبہ ہی دراصل تمام امتوں کے لیے دنیا میں فلاح اور آخرت میں شفاعت کا واحد رستہ ہیں۔''

سَیِّدُنَا عَلَمُ الْهُدٰی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہدایت کا پرچم اور نشان

عربی لغت میں ''عَلَم'' (عین اور لام کے زبر کے ساتھ) اس جھنڈے یا بلند نشان کو کہتے ہیں جسے دیکھ کر قافلے اپنا راستہ تلاش کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ بلند پہاڑ جو دور سے دکھائی دے اور مسافر اسے دیکھ کر راستہ معلوم کریں، اسکے علاوہ علم کسے چیز کی پہچان کو بھی کہتے ہیں جو اسے دوسروں سے ممتاز کردے۔ الھدی کے معنی ہدایت، راستہ دکھانا، اور منزل تک پہنچانا ہے۔ قدیم زمانے میں پہاڑوں کی چوٹیوں پر آگ جلائی جاتی تھی یا بلند نشان لگائے جاتے تھے تاکہ مسافر بھٹک نہ جائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''علم الہدیٰ'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کائنات میں ہدایت کا سب سے بلند اور روشن نشان ہیں۔ گمراہی کی تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے انسانوں کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وہ ''بلند نشان'' ہے جسے دیکھ کر ہر کوئی ہدایت کا راستہ پاسکتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''عَلَمُ الْهُدٰی'' ہونا دین کی بقا کی ضمانت ہے۔

جس طرح ریگستان میں اونچا پہاڑ یا بلند جھنڈا مسافروں کو راستہ دکھاتا ہے، اسی طرح فتنوں کے دور میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت وہ ''عَلَم'' (نشان) ہے جو حق اور باطل کے درمیان فرق واضح کردیتی ہے۔

جھنڈا (عَلَم) ہمیشہ اونچا رکھا جاتا ہے۔ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو وہ بلندی عطا فرمائی کہ قیامت تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کا نام سربلند رہے گا۔

جس طرح لشکر اپنے جھنڈے کے گرد جمع ہوتا ہے، اسی طرح پوری امتِ مسلمہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی پر متحد ہوتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ مرکز ہیں جو بکھری ہوئی

انسانیت کو ایک لڑی میں پرو دیتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین والوں کے لیے بھی ''علم الہدیٰ'' ہیں اور آسمان والوں (فرشتوں) کے لیے بھی عظمتِ الٰہی کا نشان ہیں۔

عارفین فرماتے ہیں کہ ہدایت کی بہت سی قسمیں ہیں، لیکن ''عَلَمُ الْهُدٰى'' وہ اصل ہدایت ہے جو براہِ راست اللہ تک لے جاتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ بلند نشان ہیں کہ جس نے اپنی نظر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جمالی، اسے کبھی بھٹکنے کا خوف نہیں رہتا۔

''اسمِ گرامی 'علم الہدیٰ' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ ہدایت کی ہر راہ ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف مڑتی ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ فتنوں کے دور میں جب راستے دھندلا جائیں، تو ہمیں اس 'روشن نشان' کی طرف دیکھنا چاہیے جو چودہ سو سال سے پوری آب و تاب کے ساتھ لہرا رہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ 'مقدس مینار' ہیں جن کی روشنی کے بغیر انسانیت کبھی اپنی منزلِ مقصود تک نہیں پہنچ سکتی، اور جن کی اتباع ہی دراصل صراطِ مستقیم پر ثابت قدمی کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا کَاشِفُ الْکُرَبِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تکلیفوں، مصیبتوں اور پریشانیوں کو دور کرنے والے

عربی لغت میں ''ک، ش، ف'' دور کرنے یا ہٹانے والے، کھول دینے والے کو کہتے ہیں، (جیسے بادلوں کے ہٹنے سے سورج ظاہر ہو جائے) اور ''کرب'' (کربۃ کی جمع) ایسی سخت بے چینی اور مصیبت کو کہتے ہیں جس سے انسان کا دم گھٹنے لگے۔ لغت عرب میں ''کرب'' اس غم کو کہتے ہیں جو انسان کے دل کو اپنی گرفت میں لے لے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''کاشف الکرب'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو پوری کائنات کے لیے ''رحمت'' بنا کر بھیجا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی دعا، توجہ، اور شریعت کے ذریعے انسانوں کی دنیاوی اور اخروی پریشانیاں دور فرماتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مسیحا ہیں جنھوں نے کفر و شرک کی تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی سسکتی انسانیت کو ہدایت کی روشنی دے کر ابدی کرب سے نجات دلوائی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''کاشف الکرب'' ہونا تاریخ اور حقیقتِ ایمان سے ثابت ہے

صحابہ کرامؓ جب بھی کسی قحط، بیماری یا جنگی مشکل یا پریشانی میں گھر جاتے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاتھ اٹھاتے اور ابھی ہاتھ نیچے نہ آتے کہ آسمان سے رحمت برس جاتی اور مشکل حل ہو جاتی۔

جاہلیت کے دور میں انسانیت جس ذہنی اور روحانی گھٹن (کرب) میں مبتلا تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کلمہِ حق کے ذریعے اسے آزادی اور سکونِ قلب عطا فرمایا۔

قیامت کے دن جب سورج سوا نیزے پر ہوگا اور لوگ پسینے میں ڈوبے ہوئے سخت بے چینی (کرب) میں ہوں گے، تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ ریز ہو کر شفاعت فرمائیں گے اور

اللہ آپ ﷺ کے صدقے اس کرب کو دور فرما کر حساب کتاب شروع کرے گا۔ انسانی روح کا سب سے بڑا کرب خالق سے دوری ہے، آپ ﷺ نے معرفتِ الٰہی کا راستہ دکھا کر روحوں کو سکون (اطمینانِ قلب) عطا فرمایا۔

حدیثِ مبارکہ میں آتا ہے کہ جو شخص کثرت سے درود پڑھتا ہے، اللہ اس کے غموں کو دور کر دیتا ہے اور اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ گویا آپ ﷺ کا نام لینا ہی دکھوں کا علاج ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ حقیقت میں ہر مشکل کو دور کرنے والا اللہ ہے، لیکن اللہ نے اپنے محبوب ﷺ کو وہ مقام عطا فرمایا ہے کہ آپ ﷺ کا نام لینے اور درود پڑھنے سے ہی پریشانیاں بھاگ جاتی ہیں۔ آپ ﷺ اللہ کی رحمت کے وہ دروازے ہیں جہاں سے گزر کر ہر غم خوشی میں بدل جاتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'کاشف الکرب' اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ انسانیت کا ہر دکھ ذاتِ مصطفیٰ ﷺ سے وابستگی میں ہی ختم ہوتا ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب زندگی کی تلخیاں حد سے بڑھ جائیں، تو ہمیں اس 'غمگسارِ عالم' ﷺ کی طرف رجوع کرنا چاہیے جن کے در سے کوئی سائل خالی نہیں گیا۔ آپ ﷺ وہ 'مقدس مسیحا' ہیں جن کے نام کی برکت ہی دراصل دنیا کی بے چینیوں کا علاج اور آخرت کے ہولناک کرب سے نجات کا واحد ذریعہ ہے۔''

سَیِّدُنَا رَافِعُ الرُّتَبِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مومنوں کے درجات کو بلند کرنے والے

عربی لغت میں ''رَافِع'' بلند کرنے والے کو کہتے ہیں اور ''رُتَب'' (رتبہ کی جمع) درجات اور مقام کو کہا جاتا ہے۔ رافع الرتب اس ہستی کو کہا جاتا ہے جو نہ صرف خود کو بلند ترین مراتب پر فائز ہو بلکہ اپنی اتباع کرنے والوں کے درجات کو بھی اللہ کے بارگاہ میں بلند کرنے ذریعہ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے نیچوں کو اونچا کر دیا اور گمناموں کو دو جہاں میں نامور بنا دیا۔

''رَافِعُ الرُّتَبِ'' وہ ہستی جو اللہ کے اذن سے بندوں کے درجات بلند فرماتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت وہ کیمیا ہے جو مٹی کو سونا اور غلاموں کو تاجدار بنا دیتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''رافع الرتب'' ہونا تاریخ کے آئینے میں واضح ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے قبل انسان انسان کا غلام تھا، پتھروں کے آگے سر جھکاتا تھا، کبھی آگ کی پرستش کرتا تھا، کبھی سورج کو سجدے کرتا تھا تو کبھی اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے بتوں کو پوجتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گری ہوئی انسانیت کو وہ مقام عطا کیا کہ فرشتے بھی ان کے آگے سر جھکانے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''کالا گورے پر فوقیت نہیں رکھتا سوائے تقویٰ کے''، اس ایک جملے نے کروڑوں انسانوں کے رتبے بلند کر دیے۔

حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جیسے صحابہ، جن کا دنیاوی بظاہر کوئی بڑا مقام نہ تھا، جب ''رافع الرتب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کے دامن سے وابستہ ہوئے تو عالی مرتبت ہو گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کو ماں، بہن، بیٹی اور بیوی کی صورت میں وہ عزت اور مقام

دیا جو تاریخِ انسانی میں اس سے پہلے کبھی تصور بھی نہیں کیا گیا تھا۔

قیامت کے دن آپ ﷺ اپنی شفاعت کے ذریعے گناہگاروں کو جنت کے اعلیٰ درجات تک پہنچائیں گے۔ آپ ﷺ ہی کے صدقے مومنین کو اللہ کا دیدار اور قرب نصیب ہوگا۔

عارفین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے ذکر کو بلند فرملایا (وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ) اور اب قانونِ قدرت یہ ہے کہ جو بھی آپ ﷺ کے ذکر میں مگن رہتا ہے، اللہ اس کا رتبہ دونوں جہانوں میں بلند فرما دیتا ہے۔ آپ ﷺ وہ سیڑھی ہیں جس پر قدم رکھ کر بندہ عرشِ الٰہی تک کی معرفت پالیتا ہے۔

''اسمِ گرامی 'رافع الرتب' اس ابدی حقیقت کا عنوان ہے کہ عزت اور بلندی صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت میں ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ اگر ہم اپنے کردار اور مقام کو بلند کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں اس 'سرچشمہِ رفعت' ﷺ سے جڑنا ہوگا۔ آپ ﷺ وہ 'مقدس رہبر' ہیں جن کے نام کی نسبت ہی انسان کو معتبر بنا دیتی ہے، اور جن کے نقشِ قدم پر چلنا ہی دراصل دنیا و آخرت کی حقیقی بلندی پانے کا واحد راستہ ہے۔''

سَیِّدُنَا عِزُّ الْعَرَبِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عرب کے لیے باعثِ فخر اور عزت

عربی میں ''عز'' کا مطلب ہے وہ ہستی جس کی وجہ سے کسی قوم یا گروہ کو عزت، غلبہ اور وقار حاصل ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''عز العرب'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اہل عرب، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے پہلے بکھرے ہوئے، جاہل اور دنیا کی نظر میں معمولی تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے دنیا کے امام اور تہذیب وتمدن کے علمبردار بن گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے عربوں کی کوئی سیاسی یا سماجی اہمیت نہ تھی، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت نے انھیں قیصر وکسریٰ کا وارث بنا دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''عِزُّ الْعَرَبِ'' ہونا تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔

عرب کی پہچان ان کی شاعری یا جنگجویانہ مزاج سے نہیں بلکہ ''محمدِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کے نام سے ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی وہ شخصیت ہیں جنھوں نے ریگستان کے چرواہوں کو جہان کا امام بنا دیا۔

لسانی عزت: اللہ نے عربی زبان کو اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے چنا اور اسی زبان میں قرآن اتارا۔ اس طرح عربی زبان اور اہل عرب کو رہتی دنیا تک ایک ابدی عزت اور تقدس عطا کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرب میں جنم لے کر اس خطے کو وہ مقام دیا کہ آج دنیا کا ہر مسلمان اپنی نماز میں اس زبان (عربی) کو استعمال کرتا ہے اور حج وعمرہ کے لیے اس زمین کا رخ کرتا ہے۔ عرب کی اصل عزت تیل یا دولت سے نہیں، بلکہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عربوں کو جاہلیت کے جھوٹے فخر سے نکال کر ''ایمان کی اصل

عزت“ سے آشنا کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سکھایا کہ حقیقی عزت نسل یا نسب میں نہیں بلکہ تقویٰ اور اللہ کی بندگی میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ نے مخلوق میں سے قریش کو چنا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو اور مجھے بنی ہاشم میں سے چنا“۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس اپنے قبیلے اور قوم کے لیے ابدی عزت کا باعث بنی۔

اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوری کائنات کے لیے رحمت ہیں، لیکن عربوں کے لیے یہ خاص اعزاز ہے کہ اللہ نے ان کے درمیان سے اپنا آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ عرب کی تاریخ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تذکرے کے بغیر نامکمل ہے۔

عارفین فرماتے ہیں کہ اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ”عزالعرب“ ہیں، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ عزت زمان و مکان کی قید سے آزاد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرب کے لیے عزت بنے تو عجم کے لیے ”فخرِ عجم“ بنے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ نور ہیں جس نے جس مٹی کو چھولیا، اسے سونا بنادیا۔

”رافع الرتب“ اور ”عزالعرب“ کا ربط:

رافع الرتب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوری انسانیت کے رتبے بلند کیے۔

عزالعرب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس قوم اور زبان کو خاص عزت بخشی جسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی وحی اور پیغام کے لیے منتخب فرمایا۔

”اسمِ گرامی ’عزِ العرب‘ اس ابدی سچائی کا عنوان ہے کہ قوموں کی اصل عزت ان کے جغرافیے یا وسائل میں نہیں بلکہ ان کے اسوۂ حسنہ اور اپنے ہادی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفاداری میں پوشیدہ ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب تک عرب اور عجم کے مسلمان ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن سے وابستہ رہے، دنیا ان کے قدموں میں رہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ’مقدس وقار‘ ہیں جن کی نسبت ہی مٹی کے ذروں کو ثریا کی بلندی عطا کرتی ہے، اور جن کی غلامی ہی دراصل حقیقی خودداری اور ابدی سرخروئی پانے کا واحد راستہ ہے۔“

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تنگی کے بعد آسانی اور کشادگی لانے والے

عربی لغت میں ''فَرَج'' کے معنی ہیں تنگی کے بعد آسانی، غم کے بعد خوشی، اور بند راستوں کا کھل جانا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''صاحبُ الفرج'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کائنات کے لیے سب سے بڑی ''کشادگی'' ثابت ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آ کر انسانیت کو کفر کی تنگی، جہالت کے اندھیروں اور ظلم کی زنجیروں سے نکال کر اسلام کی وسعت اور عدل وانصاف کے سکون سے روشناس کرایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''صاحبِ فرج'' ہونا کائنات کے ہر دور کے لیے خوش خبری ہے۔

''الفرج'' اس خوشی کو کہتے ہیں جو کسی بڑی مصیبت کے ٹل جانے پر حاصل ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانوں کو ابدی ہلاکت (جہنم) سے بچنے کا راستہ دکھا کر انھیں دائمی ''فرج'' (خوشی) کی راہ دکھائی۔

ظہورِ قدسی سے پہلے دنیا کفر و جہالت کی جس تنگی میں مبتلا تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آ کر توحید اور انصاف کی وہ راہ دکھائی کہ پوری انسانیت نے سکھ کا سانس لیا۔

صحابہ کرامؓ پر جب بھی کوئی کٹھن وقت آتا، وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک اشارۂ ابرو سے اللہ تعالیٰ ان کی تنگی کو ''فرج'' (آسانی) میں بدل دیتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو وہ دعائیں سکھائیں جو غموں کو خوشی میں بدل دیتی ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ نامی خود ایک ایسی کلید (چابی) ہے جو ہر بند دروازے کو کھول دیتی ہے۔

جب حشر کے میدان میں نفسی نفسی کا عالم ہوگا اور لوگ تنگی محسوس کریں گے، تو آپ ﷺ کا مقامِ شفاعت ہی وہ مقام ہوگا جہاں سے تمام مخلوق کے لیے ''فرج'' اور فیصلے کی راہ نکلے گی۔

عارفین فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ خود اللہ کی طرف سے عالمِ انسانیت کے لیے ''فرجِ عظیم'' (سب سے بڑی آسانی) ہیں۔ جس دل میں حضور ﷺ کی محبت داخل ہو جائے، وہاں تنگیِ قلب باقی نہیں رہتی۔ آپ ﷺ وہ کنجی ہیں جو بند نصیبوں کے تالے کھول دیتی ہے۔

''کاشف الکرب'' اور ''صاحب الفرج'' کا فرق:

علماء فرماتے ہیں کہ کاشف الکرب: اس کا تعلق تکلیف کو ہٹانے سے ہے۔

صاحبُ الفرج: اس کا تعلق تکلیف کے بعد راحت وخوشی دینے سے ہے۔

''اسمِ گرامی 'صاحب الفرج' اس کائناتی سچائی کا عنوان ہے کہ تپتی دوپہروں کے بعد بادلوں کا سایہ ذاتِ مصطفیٰ ﷺ کی عنایت ہے۔ یہ نام ہمیں سکھاتا ہے کہ مومن کبھی ناامید نہیں ہوتا، کیونکہ اس کا ہادی وہ ہے جو ہر بند دروازے کو کھولنے کی کنجی (مفتاح) لے کر آیا ہے۔ آپ ﷺ وہ 'مقدس محسن' ہیں جن کی غلامی میں آنے کے بعد زندگی کی کوئی تنگی مستقل نہیں رہتی، اور جن کی پیروی ہی دراصل دنیا کی بے چینیوں سے نجات اور آخرت کی ابدی راحت پانے کا واحد راستہ ہے۔''

....

خاتمۃ الباب: تجلیاتِ اسماء اور فضائل درود وسلام

اسماءِ مبارکہ کی ان نورانی تجلیات کے مطالعہ اور ورد کے بعد، ایک صاحبِ ایمان کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنی زبان اور قلب کو اس کلمۂ خیر سے معطر رکھے جو کائنات کا سب سے مقبول وظیفہ ہے، یعنی درودِ پاک (ﷺ)۔ جو محض ایک جملہ نہیں بلکہ اللہ کی رحمتوں کے خزانے کی کنجی ہے۔

درودِ پاک ﷺ کے جلی فضائل:

1۔اللہ کی سنت کی پیروی: کائنات میں بہت سے احکام ایسے ہیں جو اللہ نے بندوں کو دیے مگر خود نہیں کیے۔ لیکن درود وسلام وہ واحد عمل ہے جس کے بارے میں اللہ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَ سَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا (الاحزاب: 56) ''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر خوب درود وسلام بھیجو۔'' یہ آیت پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ درود پڑھنے والا اس وقت اللہ کی سنت پر عمل کر رہا ہوتا ہے۔ یعنی درودِ پاک ﷺ ایک ایسی عبادت ہے جس میں اللہ، فرشتے اور بندہ ایک ہی مرکز پر جمع ہوتے ہیں۔

2۔رحمتوں کا نزول: حضور ﷺ نے فرمایا: ''جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ مٹا دیتا ہے اور اس کے دس درجات بلند فرما دیتا ہے۔'' گویا ایک لمحے کی توجہ سے انسان اپنی دنیا اور آخرت کی کایا پلٹ سکتا ہے۔

3۔غموں سے نجات اور گناہوں کی معافی: حضرت ابی بن کعبؓ نے جب عرض کیا کہ ''میں اپنا سارا وقت آپ ﷺ پر درود پڑھنے میں گزاروں گا''، تو آپ ﷺ نے مژدہ سنایا: ''پھر یہ تمھارے غموں کے لیے کافی ہوگا اور تمھارے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔''

آج کے اضطراب بھرے دور میں درودِ پاک ہی وہ حصار ہے جو انسان کو ذہنی و قلبی سکون عطا کرتا ہے۔

4.قبولیتِ دعا کی ضمانت: عارفین فرماتے ہیں کہ دعا زمین اور آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کہ اس کے اوّل و آخر درود نہ پڑھا جائے۔ اللہ تعالیٰ اتنا کریم ہے کہ وہ دو مقبولِ بارگاہ عملوں (یعنی درود) کے درمیان مانگی گئی دعا کو کبھی رد نہیں فرماتا۔

5.قیامت کی قربت اور شفاعت: میدانِ محشر میں جب ہر کوئی نفسی نفسی پکار رہا ہوگا، حضور ﷺ کے سب سے قریب وہ شخص ہوگا جس نے دنیا میں سب سے زیادہ درود پڑھا ہوگا۔ یہ وہ مبارک عمل ہے جو بندے کو بارگاہِ نبوی ﷺ میں باریابی کا شرف عطا کرتا ہے اور اسے شفاعتِ کبرا کا حقدار بناتا ہے۔

ان اسماءِ مبارکہ کا ورد اور درود و سلام کی کثرت دراصل اپنے نامۂ اعمال کو منور کرنے کا ذریعہ ہے۔ یہ وہ نور ہے جو قبر کی تنہائی میں کام آئے گا اور پلِ صراط پر روشنی بن کر ساتھ چلے گا۔ جب بندہ کثرت سے درود پاک ﷺ کا ورد کرتا ہے، تو اللہ اس کے گھر اور کاروبار میں وہ برکتیں نازل فرماتا ہے جو عقلِ انسانی سے بالاتر ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان اسماء کے انوار سے اپنے قلوب کو منور کرنے اور کثرتِ درود و سلام کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔

•••••••••••••••••••••••••

التجائے قبولیت

اختتامیہ

الحمد للہ! اللہ رب العزت کا بے پایاں احسان اور کرم ہے کہ اس نے مجھ جیسے گناہگار اور بے مایہ انسان کو اپنے محبوبِ مکرم، شفیعِ معظم، جنابِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک اور مقدس اسماء کی تفہیم و تشریح کی سعادت عطا فرمائی۔

یہ کتاب "تفہیمِ اسمائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم" محض الفاظ کا مجموعہ نہیں، بلکہ انوارِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس سمندر میں غوطہ زنی کی ایک ادنیٰ سی کوشش ہے جس کی وسعتوں کا کوئی کنارہ نہیں۔ میں نے کوشش کی ہے کہ ہر اسمِ گرامی کی لغوی، شرعی اور روحانی حقیقت کو عام فہم انداز میں بیان کروں تاکہ قاری کے دل میں صاحبِ اسماء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت اور محبت کے نئے چراغ روشن ہوں۔

تحقیق کا یہ سفر جہاں میرے لیے علمی بالیدگی کا باعث بنا، وہیں اس نے میری روح کو وہ تسکین عطا کی جو کسی اور دنیاوی کام میں میسر نہیں۔ اس کام کی تکمیل میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ خالصتاً اللہ کا فضل اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نظرِ عنایت ہے، اور اگر کہیں کوئی لغزش یا کمی رہ گئی ہے تو وہ میری اپنی علمی کمزوری ہے۔

دعا

اے اللہ! تیرے پاک نام کے صدقے اور تیرے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ان مقدس ناموں کے وسیلے سے، جن کی تشریح کی میں نے اس کتاب میں کوشش کی ہے، میری اس ادنیٰ سی کاوش کو اپنی بارگاہِ الٰہی میں قبول ومنظور فرما۔

اے باری تعالیٰ! اس کتاب کو میرے لیے، میرے والدین، میری اہلیہ اور میری اولاد (شرمین، ہادیہ، اور عبدالمعز) کے لیے توشۂ آخرت اور ذریعۂ نجات بنا۔ میرے قلم میں وہ تاثیر پیدا فرما کہ جو بھی ان مبارک ناموں کی تفہیم کو پڑھے، اس کا دل عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منور ہو جائے۔

یا رب العزت! مجھے، میرے والدین، اہل وعیال اور تمام عزیز اقربا اور دوست احباب اور ان سب کے متعلقین کو اپنی رحمتوں کے سائے میں رکھ۔ ہماری علمی اور عملی کوششوں میں برکت عطا فرما اور ہمیں تا حیات دینِ متین اور ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا خادم بنائے رکھ۔

اے رحیم وکریم مالک! ان بابرکت اسما کے وسیلے سے اس کے پڑھنے والوں، سمجھنے والوں اور یاد کرنے والوں کو ان کا روحانی فیض عطا فرما اور ان کی مشکلات کو دور فرما، ان کی ضروریات کو پورا فرما، ان کے ایمان ویقین میں پختگی عطا فرما، ان کے علم واعمال میں اخلاص شامل فرما، ان کی کمیوں کوتاہیوں کو دور فرما، ان پر برکات کا نزول فرما اور ان کے سینوں کو عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نور سے منور فرما اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار نصیب فرما، ان صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوشنودی عطا فرما اور ان کی سیرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیروی کرنے کی توفیق عطا فرما۔

اے مالکِ کائنات! بعد از مرگ قبر کے اندر آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار نصیب فرما اور

قیامت کے دن جب ہر کوئی نفسی نفسی کے عالم میں ہوگا، اس وقت ان مبارک اسماء کے صاحب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت ہمیں نصیب فرمانا اور ہمیں ان کے قدموں میں جگہ عطا فرمانا۔

آمین بجاہ سید المرسلین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

فہیم اسلم

خادمِ نعلینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مارچ 2026ء

مآخذِ استدلال

حوالہ جات

مآخذِ استدلال

اسمائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تحقیق اور ان کے حقائق کی تفہیم کوئی آسان مرحلہ نہ تھا، بلکہ یہ ایک ایسے بے کنار سمندر میں غوطہ زنی کے مترادف تھا جس کی گہرائیوں کا ادراک مجھ جیسے عاجز اور کم علم کے لیے ممکن نہ تھا۔ یہ ایک ایسا نورانی راستہ ہے جہاں بڑے بڑے اہلِ علم کے قدم ڈگمگا جاتے ہیں۔ اس کٹھن مگر بابرکت سفر میں قدم قدم پر مستند رہنمائی کی ضرورت تھی، چنانچہ اس کم مایہ نے اپنی علمی پیاس بجھانے اور معلومات کی درستی کے لیے چند معتبر اور بنیادی مآخذ سے استفادہ کیا ہے۔

اس تحقیق کی بنیاد قرآنِ حکیم کے آفاقی ارشادات، معتبر تفاسیر اور سیرتِ طیبہ کی مستند کتب پر رکھی گئی ہے۔ بالخصوص اسمائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے جن شاہکار تصانیف نے مشعلِ راہ کا کام کیا، ان میں امام قاضی عیاضؒ کی شہرہ آفاق کتاب ''الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ''، ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ کی گراں قدر تصنیف ''فلسفہ اسمائے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' اور محمد ایوب سپرا کی علمی کاوش ''اسمائے الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' شامل ہیں۔

خوش قسمتی سے آج کا دور جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل وسائل کا دور ہے، جس نے کتب کی دستیابی اور نایاب علمی مواد تک رسائی کو بے حد آسان بنا دیا ہے۔ اس ٹیکنالوجی کی بدولت نہ صرف قدیم نسخوں تک رسائی ممکن ہوئی بلکہ مختلف مآخذ سے مواد کا موازنہ کرنے اور تحقیق کو درست سمت دینے میں بھی بھرپور مدد ملی۔

ان کے علاوہ دیگر قدیم و جدید علمی مراجع، جن کی تفصیل ذیل میں دی جا رہی ہے، سے بھی جا بجا حوالہ جات اکٹھے کیے گئے ہیں تاکہ یہ تحقیق علمی استناد کے تقاضوں پر

پوری اتر سکے۔

ذیل میں ان کتب کی تفصیل دی جا رہی ہے جن کے علمی فیضان سے اس تحقیق کے دوران استفادہ کیا گیا:

القرآن الکریم (اردو تراجم و تفاسیر):

الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ (اردو ترجمہ): مصنف: امام قاضی عیاضؒ

فلسفہ اسمائے رسول ﷺ: مصنف: ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ

اسمائے الرسول ﷺ: مصنف: محمد ایوب سپرا

تفسیر ابن کثیر (اردو): مصنف: عماد الدین ابن کثیر

قصص الانبیاء (اردو): مصنف: امام ابن کثیر

صحیح البخاری و صحیح مسلم (اردو تراجم): مؤلفین: امام بخاریؒ و امام مسلمؒ

جواہر البحار (اردو خلاصہ/تراجم): مصنف: علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانی

مستدرک حاکم: مصنف امام حاکم نیشاپوری

انجیلِ مقدس شامل ہیں

اعترافِ بندگی

اسمائے نبی ﷺ کی تفہیم اور ان کے حقائق کی جستجو کے اس طویل سفر میں، مَیں نے اپنی بساط بھر یہ کوشش کی ہے کہ جہاں جہاں ممکن ہو، ہر اسم اور لقب کے ساتھ مستند حوالہ جات درج کر دیے جائیں، تاکہ علمی استناد برقرار رہے اور قاری کے لیے اطمینان کا باعث ہو۔

تاہم، اس حقیقت کا اعتراف بھی لازم ہے کہ بشری تقاضوں کے پیشِ نظر، حد درجے کی کوشش اور عرق ریزی کے باوجود اگر کہیں کوئی کوتاہی، لغزش یا علمی سقم رہ گیا ہو، تو وہ قطعاً غیر ارادی ہے اور میری کم علمی کا نتیجہ ہے۔ مَیں اپنی ہر ایسی خطا اور نادانستہ کوتاہی پر قادرِ مطلق، اللہ رب العزت کی بارگاہِ اقدس میں توبہ اور معافی کا خواستگار ہوں، جس کے قبضۂ قدرت میں تمام علوم کی کنجیاں ہیں۔

میری دعا ہے کہ باری تعالیٰ اس ادنیٰ سی کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے میرے لیے اور میری نسلوں کے لیے توشۂ آخرت بنا دے۔ آمین۔

دعا گو

فہیم اسلم

گوشۂ ابجدی

ریاض دلائل (ترتیبِ کتابی)

نسیمِ کمالات (صفاتی گروہ بندی)

گلزارِ ابجد (حروفِ تہجی کی ترتیب)

وضاحتِ ترتیبِ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (قاری کے لیے رہنمائی)

قارئینِ کرام کی سہولت اور اسماء مبارکہ کی گہرائی تک رسائی کو آسان بنانے کے لیے، اس کتاب کے اختتامی حصے کو تین مختلف فہرستوں میں تقسیم کیا گیا ہے، تاکہ ہر ذوق کا حامل شخص اپنی ضرورت کے مطابق مطلوبہ اسمِ مبارک تک پہنچ سکے۔

ریاضِ دلائل (ترتیبِ کتاب)

اس فہرست میں اسماء گرامی کو اسی ترتیب سے درج کیا گیا ہے جس ترتیب سے وہ کتاب کے متن اور ''دلائل الخیرات'' میں موجود ہیں۔ یہ ان قارئین کے لیے ہے جو کتاب کے مطالعے کے تسلسل کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔

نسیمِ کمالات (صفاتی زمرہ بندی)

یہ اس کتاب کا سب سے منفرد حصہ ہے جہاں اسماءِ طیبہ کو ان کے مفہوم اور صفات کے لحاظ سے آٹھ (8) بڑے گروپوں میں بانٹ دیا گیا ہے (مثلاً رحمت، نصرت، طہارت وغیرہ)۔ یہ ترتیب ان لوگوں کے لیے مشعلِ راہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی خاص صفت کے انوار کو ایک جگہ یکجا دیکھنا چاہتے ہیں۔

امید ہے کہ یہ سہ طرفہ ترتیب آپ کے لیے فہمِ اسماء کے دریچے وا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

گلزارِ ابجد (حروفِ تہجی کی ترتیب)

یہ فہرست حروفِ تہجی (الف تا ی) کے اعتبار سے مرتب کی گئی ہے۔ اگر آپ کو کسی مخصوص اسمِ مبارک کی تشریح تلاش کرنی ہو، تو آپ اس کے پہلے حرف کے ذریعے اسے باآسانی ڈھونڈ سکتے ہیں۔ ہر نام کے سامنے اس کا سیریل نمبر درج ہے تاکہ اصل متن تک رسائی ممکن ہو۔

نسیمِ کمالات (صفاتی گروہ بندی)

1۔صفاتی گروپ: حمد، بندگی و تعلق باللہ
گروپ کی صفت/مفہوم: اللہ کی کثرت سے حمد، اس سے خاص راز و نیاز اور کامل بندگی۔
(1) مُحَمَّدٌ، (2) اَحْمَدُ، (3) حَامِدٌ، (4) مَحْمُوْدٌ، (29) عَبْدُ اللهِ، (30) حَبِیْبُ اللہِ، (31) صَفِیُّ اللهِ، (32) نَجِیُّ اللهِ، (33) كَلِیْمُ اللهِ، (60) مَدْعُوٌّ، (61) مُجِیْبٌ، (62) مُجَابٌ، (83) مُطِیْعٌ، (91) هدِیَّةُ اللهِ، (95) ذِكْرُ اللهِ، (96) سَیْفُ اللهِ، (97) حِزْبُ اللهِ، (121) خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ، (125) نَصِیْحٌ، (127) وَكِیْلٌ، (128) مُتَوَكِّلٌ

....

2۔صفاتی گروپ: نبوت، رسالت و ختمِ نبوت
گروپ کی صفت/مفہوم: منصب رسالت، سابقہ انبیاء کی پیروی اور نبوت کا مکمل ہونا۔
(9) عَاقِبٌ، (16) رَسُوْلٌ، (17) نَبِیٌّ، (18) رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ، (21) مُقْتَفٍ، (22) مُقَفِّی، (23) رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ، (26) اِكْلِیْلٌ، (34) خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ، (35) خَاتَمُ الرُّسُلِ، (41) نَبِیُّ الرَّحْمَةِ، (42) نَبِیُّ التَّوْبَةِ، (44) مَعْلُوْمٌ، (100) مُجْتَبٰی، (102) اُمِّیٌّ، (118) قَدَمُ صِدْقٍ، (139) مُبَلِّغٌ، (165) مُلَقَّبٌ، (181) صَاحِبُ الْخَاتَمِ، (182) صَاحِبُ الْعَلَامَةِ، (196) خَطِیْبُ الْاُمَمِ

3۔صفاتی گروپ: ہدایت، نور وعلم
گروپ کی صفت/مفہوم: جہالت مٹانا، اللہ کی طرف بلانا اور صراطِ مستقیم کی رہنمائی۔
(53) نُوْرٌ، (54) سِرَاجٌ، (55) مِصْبَاحٌ، (56) ھدًی، (57) مَھْدِیٌّ، (58) مُنِیْرٌ، (59) دَاعٍ، (74) مُبِیْنٌ، (84) قَدَمُ صِدْقٍ، (92) عُرْوَةٌ وُثْقٰی، (93) صِرَاطُ اللهِ، (94) صِرَاطٌ مُسْتَقِيْمٌ، (98) اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ، (134) رُوْحُ الْحَقِّ، (135) رُوْحُ الْقِسْطِ، (145) هادٍ، (146) مُھْدٍ، (155) عَلَمُ الْاِيْمَانِ، (156) عَلَمُ الْيَقِيْنِ، (157) دَلِيْلُ الْخَيْرَاتِ، (197) عَلَمُ الْھُدٰی

....

4۔صفاتی گروپ: رحمت، شفقت وخیر خواہی
گروپ کی صفت/مفہوم: تمام جہانوں کے لیے رحمت، امت کے لیے تڑپ اور نرم خوئی۔
(24) رَسُوْلُ الرَّاحَةِ، (43) حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ، (63) حَفِیٌّ، (85) رَحْمَةٌ، (86) بُشْرٰی، (88) غَيْثٌ، (90) نِعْمَةُ اللهِ، (125) نَصِيْحٌ، (126) نَاصِحٌ، (130) شَفِيْقٌ، (146) مُھْدٍ، (187) رَؤُوْفٌ، (188) رَحِيْمٌ، (189) اُذُنُ خَيْرٍ، (201) صَاحِبُ الْفَرَجِ

5۔صفاتی گروپ: طہارت، حسن و جمال
گروپ کی صفت/مفہوم: ظاہری و باطنی پاکیزگی، حسنِ سیرت اور نفیس شخصیت۔
(12) طَاهِرٌ، (13) مُطَهَّرٌ، (14) طَيِّبٌ، (107) اَبُوْ الطَّاهِرِ، (108) اَبُوْ الطَّيِّبِ، (109) اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ، (132) مُقَدَّسٌ، (133) رُوْحُ الْقُدُسِ، (160) صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ، (186) مُطَهِّرُ الْجَنَانِ، (190) صَحِيْحُ الْاِسْلَامِ، (192) عَيْنُ النَّعِيْمِ، (193) عَيْنُ الْغُرِّ

....

6۔صفاتی گروپ: شفاعت، جزا و فریادرسی
گروپ کی صفت/مفہوم: گنہگاروں کی بخشش، نجات کا ذریعہ اور مصیبت میں دستگیری۔
(5) اَحِيْدٌ، (7) مَاحٍ، (8) حَاشِرٌ، (37) مُنْجٍ، (46) شَاهِدٌ، (47) شَهِيْدٌ، (48) مَشْهُوْدٌ، (49) بَشِيْرٌ، (50) مُبَشِّرٌ، (51) نَذِيْرٌ، (52) مُنْذِرٌ، (87) غَوْثٌ، (89) غِيَاثٌ، (104) اَجِيْرٌ، (111) شَفِيْعٌ، (140) شَافٍ، (144) سَائِقٌ، (151) فَاتِحٌ، (158) مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ، (159) مُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ، (161) صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ، (162) صَاحِبُ الْمَحْمُوْدِ، (198) كَاشِفُ الْكُرَبِ

صفاتی گروپ: عظمت، سیادت و القابات
گروپ کی صفت/مفہوم: بلند درجات، سرداری، مخصوص القابات، کنیت اور اللہ کی عطا کردہ طاقت۔
(10) طٰهٰ، (11) یٰسٓ، (15) سَیِّدٌ، (20) جَامِعٌ، (25) کَامِلٌ، (27) مُدَّثِّرٌ، (28) مُزَّمِّلٌ، (38) مُذَکِّرٌ، (40) مَنْصُوْرٌ/مُظَفَّرٌ، (45) شَهِیْرٌ، (67) قَوِیٌّ، (71) مُکَرَّمٌ، (72) مَکِیْنٌ، (77) ذُوْ قُوَّةٍ، (78) ذُوْ حُرْمَةٍ، (79) ذُوْ مَکَانَةٍ، (80) ذُوْ عِزٍّ، (81) ذُوْ فَضْلٍ، (82) مُطَاعٌ، (103) مُخْتَارٌ، (105) جَبَّارٌ، (106) اَبُوْ قَاسِمٍ، (110) عِزُّ الْعَرَبِ، (120) قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ، (124) وَجِیْهٌ، (147) مُقَدَّمٌ، (148) عَزِیْزٌ، (149) فَاضِلٌ، (150) مُتِمٌّ، (163) صَاحِبُ الْقَدَمِ، (167) صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ، (168) صَاحِبُ السَّیْفِ، (169) صَاحِبُ الْفَضِیْلَةِ، (170) صَاحِبُ الْاِزَارِ، (171) صَاحِبُ الْحُجَّةِ، (172) صَاحِبُ السُّلْطَانِ، (173) صَاحِبُ الرِّدَاءِ، (174) صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ، (175) صَاحِبُ التَّاجِ، (176) صَاحِبُ الْمِغْفَرِ، (177) صَاحِبُ اللِّوَاءِ، (178) صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ، (179) صَاحِبُ الْقَضِیْبِ، (180) صَاحِبُ الْبُرَاقِ، (183) صَاحِبُ الْبُرْهَانِ، (184) صَاحِبُ الْبَیَانِ، (185) فَصِیْحُ اللِّسَانِ، (191) سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ، (199) رَافِعُ الرُّتَبِ، (200) عِزُّ الْعَرَبِ

صفاتی گروپ: کردار، سچائی و معاملات
گروپ کی صفت/مفہوم: سچائی، امانت، انصاف، حسنِ سلوک اور ثابت قدمی کی صفات۔
(6)وَحِيۡدٌ، (19)قَيِّمٌ، (36)مُحۡيٍ، (39)نَاصِرٌ، (64)عَفُوٌّ، (65)وَلِيٌّ، (66)حَقٌّ، (68)اَمِيۡنٌ، (69)مَاۡمُوۡنٌ، (70)كَرِيۡمٌ، (73)مَتِيۡنٌ، (75)مُؤَمِّلٌ، (76)وَصُوۡلٌ، (99)مُصۡطَفٰى، (101)مُنۡتَقٰى، (112)صَالِحٌ، (113)مُصۡلِحٌ، (114)مَهَيۡمِنٌ، (115)صَادِقٌ، (116)مُصَدِّقٌ، (117)صِدۡقٌ، (119)اِمَامُ الۡمُتَّقِيۡنَ، (122)بَرٌّ، (123)مَبَرٌّ، (129)كَفِيۡلٌ، (131)مُقِيۡمُ السُّنَّةِ، (136)كَافٍ، (137)مُكۡتَفٍ، (138)بَالِغٌ، (141)وَاصِلٌ، (142)مَوۡصُوۡلٌ، (143)سَابِقٌ، (152)مِفۡتَاحٌ، (153)مِفۡتَاحُ الرَّحۡمَةِ، (154)مِفۡتَاحُ الۡجَنَّةِ، (166)صَاحِبُ الۡخُلُقِ، (194)سَعۡدُ اللّٰهِ، (195)سَعۡدُ الۡخَلۡقِ

گلزارِ ابجد (حروفِ تہجی کی ترتیب)

تہجی نمبر	اسمِ نبی ﷺ	کتابی نمبر
1	سَیِّدُنَا اَبُو اِبْرَاهِیمَ (ﷺ)	109
2	سَیِّدُنَا اَبُو قَاسِمٍ (ﷺ)	106
3	سَیِّدُنَا اَبُو الطَّیِّبِ (ﷺ)	108
4	سَیِّدُنَا اَبُو الطَّاهِرِ (ﷺ)	107
5	سَیِّدُنَا اَحِیدٌ (ﷺ)	5
6	سَیِّدُنَا اَحْمَدُ (ﷺ)	2
7	سَیِّدُنَا اَجِیرٌ (ﷺ)	104
8	سَیِّدُنَا اِکْلِیلٌ (ﷺ)	26
9	سَیِّدُنَا اِمَامُ الْمُتَّقِینَ (ﷺ)	119
10	سَیِّدُنَا اَمِینٌ (ﷺ)	68
11	سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ (ﷺ)	102
12	سَیِّدُنَا اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ (ﷺ)	98
13	سَیِّدُنَا اُذُنُ خَیْرٍ (ﷺ)	189
14	سَیِّدُنَا بَالِغٌ (ﷺ)	138
15	سَیِّدُنَا بَرٌّ (ﷺ)	122
16	سَیِّدُنَا بَشِیرٌ (ﷺ)	49
17	سَیِّدُنَا بُشْرٰی (ﷺ)	86
18	سَیِّدُنَا تَاهِرٌ (ﷺ)	12
19	سَیِّدُنَا جَامِعٌ (ﷺ)	20
20	سَیِّدُنَا جَبَّارٌ (ﷺ)	105
21	سَیِّدُنَا حَامِدٌ (ﷺ)	3
22	سَیِّدُنَا حَبِیْبُ اللهِ (ﷺ)	30
23	سَیِّدُنَا حَاشِرٌ (ﷺ)	8
24	سَیِّدُنَا حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ (ﷺ)	43
25	سَیِّدُنَا حِزْبُ اللهِ (ﷺ)	97
26	سَیِّدُنَا حَفِیٌّ (ﷺ)	63
27	سَیِّدُنَا حَقٌّ (ﷺ)	66
28	سَیِّدُنَا خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ (ﷺ)	34
29	سَیِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ (ﷺ)	35
30	سَیِّدُنَا خَطِیْبُ الْاُمَمِ (ﷺ)	196
31	سَیِّدُنَا خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ (ﷺ)	121
32	سَیِّدُنَا دَاعٍ (ﷺ)	59

33	سَیِّدُنَا دَلِیْلُ الْخَیْرَاتِ (ﷺ)	157
34	سَیِّدُنَا ذُوْ حُرْمَةٍ (ﷺ)	78
35	سَیِّدُنَا ذُوْ عِزٍّ (ﷺ)	80
36	سَیِّدُنَا ذُوْ فَضْلٍ (ﷺ)	81
37	سَیِّدُنَا ذُوْ قُوَّةٍ (ﷺ)	77
38	سَیِّدُنَا ذُوْ مَكَانَةٍ (ﷺ)	79
39	سَیِّدُنَا ذِكْرُ اللهِ (ﷺ)	95
40	سَیِّدُنَا رَافِعُ الرُّتَبِ (ﷺ)	199
41	سَیِّدُنَا رَؤُوْفٌ (ﷺ)	187
42	سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ (ﷺ)	188
43	سَیِّدُنَا رَحْمَةٌ (ﷺ)	85
44	سَیِّدُنَا رَسُوْلٌ (ﷺ)	16
45	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ (ﷺ)	18
46	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ (ﷺ)	24
47	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ (ﷺ)	23
48	سَیِّدُنَا رُوْحُ الْحَقِّ (ﷺ)	134
49	سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقُدُسِ (ﷺ)	133
50	سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقِسْطِ (ﷺ)	135
51	سَیِّدُنَا سَابِقٌ (ﷺ)	143
52	سَیِّدُنَا سَائِقٌ (ﷺ)	144
53	سَیِّدُنَا سِرَاجٌ (ﷺ)	54
54	سَیِّدُنَا سَعْدُ اللهِ (ﷺ)	194
55	سَیِّدُنَا سَعْدُ الْخَلْقِ (ﷺ)	195
56	سَیِّدُنَا سَیِّدٌ (ﷺ)	15
57	سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْكَوْنَیْنِ (ﷺ)	191
58	سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ (ﷺ)	118
59	سَیِّدُنَا سَیْفُ اللهِ (ﷺ)	96
60	سَیِّدُنَا شَافٍ (ﷺ)	140
61	سَیِّدُنَا شَاهِدٌ (ﷺ)	46
62	سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ (ﷺ)	111
63	سَیِّدُنَا شَفِیْقٌ (ﷺ)	130
64	سَیِّدُنَا شَهِیْدٌ (ﷺ)	47
65	سَیِّدُنَا شَهِیْرٌ (ﷺ)	45
66	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْإِزَارِ (ﷺ)	170
67	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرَاقِ (ﷺ)	180
68	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ (ﷺ)	183
69	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبَیَانِ (ﷺ)	184
70	سَیِّدُنَا صَاحِبُ التَّاجِ (ﷺ)	175

71	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْحُجَّةِ (ﷺ)	171
72	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ (ﷺ)	181
73	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ (ﷺ)	174
74	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَاءِ (ﷺ)	173
75	سَیِّدُنَا صَاحِبُ السُّلْطَانِ (ﷺ)	172
76	سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیْفِ (ﷺ)	168
77	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ (ﷺ)	161
78	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ (ﷺ)	182
79	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ (ﷺ)	201
80	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضِیْلَةِ (ﷺ)	169
81	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَدَمِ (ﷺ)	163
82	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَضِیْبِ (ﷺ)	179
83	سَیِّدُنَا صَاحِبُ اللِّوَاءِ (ﷺ)	177
84	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمَحْمُوْدِ (ﷺ)	162
85	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ (ﷺ)	176
86	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ (ﷺ)	178
87	سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ (ﷺ)	167
89	سَیِّدُنَا صَالِحٌ (ﷺ)	115
90	سَیِّدُنَا صَحِیْحُ الْاِسْلَامِ (ﷺ)	112
91	سَیِّدُنَا صِدْقٌ (ﷺ)	190
92	سَیِّدُنَا صَفِیُّ اللّٰهِ (ﷺ)	117
93	سَیِّدُنَا صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ (ﷺ)	31
94	سَیِّدُنَا صِرَاطُ اللّٰهِ (ﷺ)	93
95	سَیِّدُنَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ (ﷺ)	94
96	سَیِّدُنَا طَاهِرٌ (ﷺ)	12
97	سَیِّدُنَا طٰهٰ (ﷺ)	10
98	سَیِّدُنَا طَیِّبٌ (ﷺ)	14
99	سَیِّدُنَا عَاقِبٌ (ﷺ)	9
100	سَیِّدُنَا عَبْدُ اللّٰهِ (ﷺ)	29
101	سَیِّدُنَا عَدْلٌ (ﷺ)	135
102	سَیِّدُنَا عُرْوَةٌ وُّثْقٰی (ﷺ)	92
103	سَیِّدُنَا عَزِیْزٌ (ﷺ)	148
104	سَیِّدُنَا عَفُوٌّ (ﷺ)	64
105	سَیِّدُنَا عَلَمُ الْاِیْمَانِ (ﷺ)	155
106	سَیِّدُنَا عَلَمُ الْهُدٰی (ﷺ)	197
107	سَیِّدُنَا عَلَمُ الْیَقِیْنِ (ﷺ)	156
108	سَیِّدُنَا عَیْنُ النَّعِیْمِ (ﷺ)	192
109	سَیِّدُنَا عَیْنُ الْغُرِّ (ﷺ)	193

110	سَیِّدُنَا عِزُّ الْعَرَبِ (ﷺ)	200
111	سَیِّدُنَا غَوْثٌ (ﷺ)	87
112	سَیِّدُنَا غِیَاثٌ (ﷺ)	89
113	سَیِّدُنَا غَیْثٌ (ﷺ)	88
114	سَیِّدُنَا فَاتِحٌ (ﷺ)	151
115	سَیِّدُنَا فَاضِلٌ (ﷺ)	149
116	سَیِّدُنَا فَصِیْحُ اللِّسَانِ (ﷺ)	185
117	سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ (ﷺ)	120
118	سَیِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ (ﷺ)	84
119	سَیِّدُنَا قَوِیٌّ (ﷺ)	67
120	سَیِّدُنَا قَیِّمٌ (ﷺ)	19
121	سَیِّدُنَا کَافٍ (ﷺ)	136
122	سَیِّدُنَا کَامِلٌ (ﷺ)	25
123	سَیِّدُنَا کَاشِفُ الْکُرَبِ (ﷺ)	198
124	سَیِّدُنَا کَفِیْلٌ (ﷺ)	129
125	سَیِّدُنَا کَلِیْمُ اللهِ (ﷺ)	33
126	سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ (ﷺ)	70
127	سَیِّدُنَا مَاحٍ (ﷺ)	7
128	سَیِّدُنَا مَأْمُوْنٌ (ﷺ)	69
129	سَیِّدُنَا مَبَرٌّ (ﷺ)	123
130	سَیِّدُنَا مُبَشِّرٌ (ﷺ)	50
131	سَیِّدُنَا مُبَلِّغٌ (ﷺ)	139
132	سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ (ﷺ)	74
133	سَیِّدُنَا مُتَوَکِّلٌ (ﷺ)	128
134	سَیِّدُنَا مَتِیْنٌ (ﷺ)	73
135	سَیِّدُنَا مُجَابٌ (ﷺ)	62
136	سَیِّدُنَا مُجْتَبٰی (ﷺ)	100
137	سَیِّدُنَا مُجِیْبٌ (ﷺ)	61
138	سَیِّدُنَا مَحْمُوْدٌ (ﷺ)	4
139	سَیِّدُنَا مُحْیٍ (ﷺ)	36
140	سَیِّدُنَا مُخْتَارٌ (ﷺ)	103
141	سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ (ﷺ)	27
142	سَیِّدُنَا مَدْعُوٌّ (ﷺ)	60
143	سَیِّدُنَا مُذَکِّرٌ (ﷺ)	38
144	سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ (ﷺ)	28
145	سَیِّدُنَا مَشْهُوْدٌ (ﷺ)	48
146	سَیِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ (ﷺ)	158
147	سَیِّدُنَا مُصَدِّقٌ (ﷺ)	116

148	سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی (ﷺ)	99
149	سَیِّدُنَا مُصْلِحٌ (ﷺ)	113
150	سَیِّدُنَا مُطَاعٌ (ﷺ)	82
151	سَیِّدُنَا مُطَهَّرٌ (ﷺ)	13
152	سَیِّدُنَا مُطَهِّرُ الْجَنَانِ (ﷺ)	186
153	سَیِّدُنَا مُطِیْعٌ (ﷺ)	83
154	سَیِّدُنَا مُظَفَّرٌ (ﷺ)	40
155	سَیِّدُنَا مَعْلُوْمٌ (ﷺ)	44
156	سَیِّدُنَا مُقَدَّسٌ (ﷺ)	132
157	سَیِّدُنَا مُقَدَّمٌ (ﷺ)	147
158	سَیِّدُنَا مُقَفِّیْ (ﷺ)	22
159	سَیِّدُنَا مُقِیْلُ الْعَثَرَاتِ (ﷺ)	159
160	سَیِّدُنَا مُقِیْمُ السُّنَّةِ (ﷺ)	131
161	سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ (ﷺ)	21
162	سَیِّدُنَا مُكَرَّمٌ (ﷺ)	71
163	سَیِّدُنَا مَكِیْنٌ (ﷺ)	72
164	سَیِّدُنَا مُلَقَّبٌ (ﷺ)	137
165	سَیِّدُنَا مُلَقَّبٌ (ﷺ)	165
166	سَیِّدُنَا مَنْصُوْرٌ (ﷺ)	40
167	سَیِّدُنَا مُنْجٍ (ﷺ)	37
168	سَیِّدُنَا مُنْذِرٌ (ﷺ)	52
169	سَیِّدُنَا مُنْتَقٰی (ﷺ)	101
170	سَیِّدُنَا مُنِیْرٌ (ﷺ)	58
171	سَیِّدُنَا مَهْدِیٌّ (ﷺ)	57
172	سَیِّدُنَا مُهْدٍ (ﷺ)	146
173	سَیِّدُنَا مُؤَمِّلٌ (ﷺ)	75
174	سَیِّدُنَا مَوْصُوْلٌ (ﷺ)	142
175	سَیِّدُنَا مُهَیْمِنٌ (ﷺ)	114
176	سَیِّدُنَا مِصْبَاحٌ (ﷺ)	55
177	سَیِّدُنَا مِفْتَاحٌ (ﷺ)	152
178	سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ (ﷺ)	154
179	سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الرَّحْمَةِ (ﷺ)	153
180	سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ (ﷺ)	1
181	سَیِّدُنَا نَاصِحٌ (ﷺ)	126
182	سَیِّدُنَا نَاصِرٌ (ﷺ)	39
183	سَیِّدُنَا نَبِیٌّ (ﷺ)	17
184	سَیِّدُنَا نَبِیُّ التَّوْبَةِ (ﷺ)	42
185	سَیِّدُنَا نَبِیُّ الرَّحْمَةِ (ﷺ)	41

186	سَیِّدُنا نَجِیُّ اللهِ (ﷺ)	32
187	سَیِّدُنا نَصِیحٌ (ﷺ)	125
188	سَیِّدُنا نِعمَةُ اللهِ (ﷺ)	90
189	سَیِّدُنا نُورٌ (ﷺ)	53
190	سَیِّدُنا نَذِیرٌ (ﷺ)	51
191	سَیِّدُنا وَاصِلٌ (ﷺ)	141
192	سَیِّدُنا وَجِیهٌ (ﷺ)	124
193	سَیِّدُنا وَحِیدٌ (ﷺ)	6
194	سَیِّدُنا وَصُولٌ (ﷺ)	76
195	سَیِّدُنا وَکِیلٌ (ﷺ)	127
196	سَیِّدُنا وَلِیٌّ (ﷺ)	65
197	سَیِّدُنا هَادٍ (ﷺ)	145
198	سَیِّدُنا هُدًی (ﷺ)	56
199	سَیِّدُنا هَدِیَّةُ اللهِ (ﷺ)	91
200	سَیِّدُنا یٰس (ﷺ)	11

اختتامی دعا

''اے دو جہاں کے مالک! تیرے حبیبِ مکرم، شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجے گئے درود و سلام کے ان مبارک نذرانوں کے صدقے، ہماری اس حقیر سی کاوش کو اپنی بارگاہِ صمدیت میں شرفِ قبولیت عطا فرما۔ الٰہی! ان کلماتِ خیر کو ہمارے قلوب کی جلا، روح کی تسکین اور نزع کے کٹھن مراحل میں ثابت قدمی کا ذریعہ بنا دے۔ ہمارے گناہوں کے سیاہ دفتروں کو اپنی رحمتِ بے پایاں سے دھو ڈال اور ہمیں دارِ فانی سے ایمانِ کامل کے ساتھ رخصت فرما۔ بروزِ محشر، ہمیں صاحبِ لواء الحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور حوضِ کوثر سے وہ سیرابی نصیب کرنا جس کے بعد کبھی پیاس نہ لگے۔ اے اللہ! ہماری دنیا کو عافیت سے اور آخرت کو مغفرت کے نور سے منور فرما، اور ہمیں ان نفوسِ قدسیہ کے زمرے میں شامل کر جن پر تیرا انعام و اکرام ہوا، بے شک تو ہی دعا سننے والا اور سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔ آمین۔''